زمانہ قدیم کی عبرانی سریانی اور عربی نایاب دعوات مثلاً دعوت برہتیہ دعوت جلجلوتیہ دعوت جلجلۃ الہوا دعوت قسم ناصور دعائے فرشتہ دعائے بشمخ دعائے عجیب الاثر حاضری مطلوب اور تسخیر مطلوب کے اعمال اسمائے شمحیثہ اور دعوت صمدیہ کی تشریح شرح وضاحت اور ان کے نایاب ترین اعمال ازسال ہاتف اور تسخیر ارواح کے صدری اعمال اور طلسمات ابن عربی وابن سینا پر مبنی ایک ایسی تحقیق جسے آنے والی کئی صدیوں تک یاد رکھا جائے گا۔ روحانی علوم و فنون کے وہ مخفی خزینے جن کی مشتاقانِ رُوحانیت کو برسوں سے تلاش تھی۔

کلیدِ رُموزِ مخفی

تصنیف وتالیف

حضرت خواجہ علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب

قادری، قلندری، ابوالعلائی، منعمی، جہانگیری

سجادہ نشین: دربارِ عالیہ حضرت خواجہ بابا پیر صوفی بہادر علی قادری رحمۃ اللہ علیہ

ادارہ فیضانِ رُوحانیہ پاکستان®

محلہ اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ پنجاب

www.roohaniyat.com

زمانہ قدیم کی عبرانی، سریانی اور عربی نایاب دعوات مثلاً دعوت برھتیہ، دعوت جلجلوتیہ۔ دعوت خلخلۃ الھوا، دعوت قسم ناصور، دعائے قرشیہ، دعائے بشمخ، دُعائے عجیب الاثر، حاضری مطلوب اور تسخیر مطلوب کے اعمال اسمائے شمخیثہ اور دعوت صمدیہ کی تشریح شرح وضاحت اور ان کے نایاب ترین اعمال۔ ارسال ہاتف اور تسخیر ارواح کے صدری اعمال اور طلسمات بن عربی و ابن سیناء پر مبنی ایک ایسی تحقیق جسے آنے والی کئی صدیوں تک یاد رکھا جائے گا۔ رُوحانی علوم و فنون کے وہ مخفی خزینے جن کی مشتاقان رُوحانیت کو برسوں سے تلاش تھی۔

کلیدِ رُمُوزِ مَخفِی

﴿ تصنیف و تالیف ﴾

حضرت خواجہ علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب
قادری، قلندری، ابو العلائی، منعمی، جھانگیری
سجادہ نشین: دربارِ عالیہ حضرت خواجہ بابا پیر صوفی بہادر علی قادری رحمۃ اللہ علیہ

ادارہ فیضان رُوحانیہ پاکستان
محلّہ اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ پنجاب
www.roohaniyat.com

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

انتباہ: اس کتاب کا کوئی بھی حصہ یا اقتباس نقل کرنے کے لیے مصنف یا ادارے کی باقاعدہ تحریری اجازت کے بغیر ممنوع ہے، اگر اس قسم کی کوئی بھی صورت حال ظہور پذیر ہوتی ہے تو قانونی کاروائی کا حق محفوظ ہے۔

قانونی مشیر: دیوان مصداق احمد ایم اے انگلش ایل ایل بی۔ ایڈووکیٹ ہائیکورٹ

میاں محمد اکمل وٹو ایم اے ایل ایل بی۔ ایڈووکیٹ ہائیکورٹ

نام کتاب	☆	کلید رموزِ مخفی
مصنف	☆	علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری
کمپوزنگ	☆	پیرزادہ شہزادہ ظہیر احمد قادری
ڈویلپمنٹ ایڈیٹر	☆	پیر صوفی محمد انور ندیم قادری
ایڈیشن	☆	اول
سن اشاعت	☆	اگست 2012ء
تعداد	☆	ایک ہزار
صفحات	☆	432
قیمت	☆	500/= روپے
مطبع	☆	اکبر امین پرنٹرز ایبک روڈ۔ لاہور

ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان کی ممبر شپ اختیار کرنا درحقیقت روحانی علوم وفنون کی اشاعت میں مدد دینا ہے۔

براہ راست کتب منگوانے کا ایڈریس

ادارہ فیضانِ رُوحانیہ پاکستان (رجسٹرڈ) اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ پنجاب پاکستان

Website:www.roohaniyat.com

E-mail:ghulamsarwarshabab@hotmail.com

درود وسلام خواجہ کائنات حضور پُرنور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ اَحْمَدُکَ صَلِّ عَرُوْسَ طٰہٰ۔

ترجمہ: اے اللہ میں تیری حمد بیان کرتا ہوں طٰہٰ کے دُولہے پر درود بھیج۔

بے نقطہ درود پاک جو حروف صوامت سے ترتیب دیا گیا ہے۔ جو پہلی مرتبہ ہماری تصنیف "کلیدِ رمُوزِ مخفی" کی زینت بن رہا ہے۔

والسلام

پیر صوفی غلام سرور شباب قادری قلندری

سجادہ نشین: دربارِ عالیہ حضرت خواجہ بابا پیر صوفی بہادر علی قادریؒ

آستانہ عالیہ: قادریہ، قلندریہ، چشتیہ، ابوالعلائیہ، منعمیہ، جہانگیریہ

اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ پنجاب پاکستان

0333-6974734:0300-4967412

اظہارِ تشکر

ہم اپنے ان تمام مشفق و مہربان احباب اور تلامذہ کے صمیم قلب سے سپاس گزار ہیں جنہوں نے ''ادارہ فیضانِ روحانیہ پاکستان'' کی باقاعدہ ممبر شپ اختیار کی اور رُوحانی علوم و فنون کی ترویج و ترقی اور اشاعت میں ہمارے ساتھ شامل ہوئے۔

تلامذہ معاونین

1 دلاور خان۔ ملاکنڈ۔ صوبہ سرحد
2 محمد اشتیاق احمد۔ لاہور
3 عبدالکریم بھٹی۔ کراچی
4 ملک عبدالحمید۔ مظفر گڑھ
5 سید عثمان علی گردیزی۔ چتوکی
6 ریحان احمد۔ ملتان
7 صوفی صالح محمد قادری۔ گوادر
8 قاری محمود احمد رائے۔ کراچی
9 ایاز احمد میمن۔ ڈرو ضلع ٹھٹھہ
10 محترمہ یاسمین صاحبہ۔ کراچی
11 سید آصف اقبال۔ سوات
12 سید غلام مرتضیٰ۔ لاہور
13 محمد رفیق الرحمن۔ گوجرانوالہ
14 راجہ شاہد حسین۔ ضلع غذر۔ شمالی علاقہ
15 ابراہیم خان۔ گلگت
16 ڈاکٹر روزی مند باچا۔ بونیر۔ صوبہ سرحد
17 محترمہ سیدہ طوبیٰ فرید صاحبہ۔ کراچی
18 ذکر الرحمن۔ کراچی
19 محمد بخش۔ ڈیرہ غازی خان
20 غلام فرید۔ حیدر آباد۔ سندھ
21 سید انوار مجتبیٰ۔ ملتان
22 ساجد حسین قادری۔ صادق آباد
23 مولوی فلک شیر۔ پاکپتن شریف
24 غلام نبی فیاضی۔ رینالہ خورد۔ اوکاڑہ
25 حکیم احسان اللہ مجاہد۔ نارووال
26 محمد ضمیر احمد۔ انڈیا
27 رئیس احمد جاوید۔ کراچی
28 شبیر احمد۔ راولپنڈی
29 خالد محمود۔ صادق آباد
30 مولانا محمد ادریس۔ ساہیوال
31 محمد صدیق۔ جہلم
32 مولوی احمد گل۔ کراچی

انتساب

ولی کامل، صوفی باصفاء، شہبازِ لامکاں، سرتاجِ صوفیاء، پیشوائے سالکاں، امام عارفاں

اپنے جدِ امجد دادا حضور

حضرت خواجہ بابا پیر صوفی بہادر علی قادری رحمۃ اللہ علیہ کے نام کرتا ہوں

بعد از وصال بھی اُن کا رُوحانی فیض میرے لیے خضرِ راہ ہے۔

☆☆☆☆☆

صبح و مساء رہتا ہے نگاہوں میں ، تیرا رُوئے تابانی
ہر دم رہتی ہے سرور کی زباں پہ ، تیری مدح خوانی
اُس روز سے تاجور سبھی ، تعظیم کرتے ہیں میری
جس روز سے عطاء ہوا ہے ، اعزازِ دربانی
بخشش ہے تیری جامِ عرفاں، مقدر پہ ہوں بڑا ہی نازاں
اے راہ نمائے کاملاں ، صوفی بہادر علی قادریؒ

خاک پائے اولیاء اللہ

علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب
قادری، چشتی، قلندری، ابوالعلائی، منعمی، جہانگیری
سجادہ نشین: دربار عالیہ حضرت خواجہ بابا پیر صوفی بہادر علی قادری رحمۃ اللہ علیہ
0333-6974734:0300-4967412

اجازۃ عملیات

ملوک سبعہ، ان کی ذریات یا العفریات میں سے کسی کی بھی خدمت حاصل کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ کسی کی رہنمائی حاصل کریں۔ اکابر علمائے طلسمات و مخفیات اور ماہرین روحانیات وعملیات نے چلہ کشی کے حقائق پر مشتمل وظائف و دعوات کے سلسلہ کے جملہ قسم کے اعمال اور ان کی بجا آوری کے لئے جن شرائط وآداب کو ضروری قرار دیا ہے ان میں سے اجازۃ عمل یعنی عمل کے لئے کسی ماہر عامل کی اجازت کو لازمی اور شرط اول کے طور پر بیان کیا ہے۔ بنابریں اربابِ علم وفن اور قارئین کرام کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ اگر وہ کلیدِ رموزِ مخفی، فیضان القرآن، روسحر حصہ اول، روسحر حصہ دوم، روسحر حصہ سوئم، چھومنتر، آسیبی قوتوں سے نجات، مصباح الارواح، روحانی خطوط، فیضان الحروف اور عکسِ لوح محفوظ، عجائباتِ تسخیر الارواح کے مندرجات اور روحانی اعمال ومجربات کے لئے چلہ کشی اور ریاضت کا ارادہ رکھتے ہوں تو سب سے پہلے علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری ماہر علوم مخفی وروحانی مصنف مذکورہ کتب سے اجازۃ عملیات حاصل کرلیں تاکہ شب وروز کی محنت اکارت نہ جائے۔ اساتذہ سے رہنمائی اور اجازت حاصل کرلینے کے بعد طالب کامیابی وکامرانی حاصل کرنے کے علاوہ رجعت سے بھی محفوظ رہتا ہے اور بے استاد ہمیشہ ناکام ونامراد رہتا ہے۔

پیر زادہ شہزادہ ظہیر احمد قادری
صدر مجلس مشاورت
ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان (رجسٹرڈ) اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ
فون نمبر:0092-333-6974734

ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان

''ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان'' کے قیام کا مقصد روحانی علوم وفنون کی تحقیقات و تعلیمات اور اشاعت ہے۔ تاکہ اسلاف کا یہ عظیم ورثہ ضائع ہونے سے بچایا جاسکے۔ یہاں روحانی علوم وفنون سینوں میں دفن رہتے ہیں۔ یہاں کفر کے فتوے انکی ترویج وترقی میں رکاوٹ بنتے ہیں۔ علاوہ ازیں قومی سرمایہ اتنا مختصر ہے کہ ساری عمر ورق گردانی پر بھی حرف صرف پر ذہن ٹھوکریں کھاتا ہے۔ ان حالات میں لازمی ایک وقت ایسا آنا تھا۔ جب کہ علم اور صاحب علم دونوں معدوم ہوجاتے۔ عوام روحانی علم سے بدظن اور خواص غیر مطمئن نظریہ رکھتے یہ وہی زندگی کا ہمیں نصیب ہورہا ہے۔ وطنِ عزیز پاکستان میں سرکاری سرپرستی تو ان علوم وفنون کی بالکل نہیں ہے اور نہ ہی کوئی پرائیویٹ طور پر ایسا جامع ادارہ وجود میں آیا ہے۔ جو تشنگانِ فن کی طلب کو پورا کرسکے۔ پرائیویٹ طور پر اکیلا فرد ایسا صاحبِ حیثیت اور دلچسپی لینے والا نہیں ہے۔ جو طالب علم کی مدد کرے۔ اس طرح مستحق حضرات علم کی تلاش میں عمر بھر سرگرداں رہتے ہیں۔ انفرادی طور پر کوئی شخص اس لئے کامیاب نہیں ہوتا کہ رہبری کرنیوالا نہیں ملتا۔ پاکستان میں ایک عرصے سے ایسے ادارے کی ضرورت بڑی شدت سے محسوس کی جارہی ہے۔ لہٰذا ''ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان'' ان علوم وفنون کی متعارف کرانے اور ان کے علوم کو مادی علوم کے مقابلہ میں لانے اور اس فن کے بلند پایہ مقام کو واضح کرنے نیز صدیوں سے سربستہ علوم وفنون کی تعلیمات واشاعت اور فن کی بے لوث خدمت کیلئے ان علوم کی عام اشاعت کا آغاز کرچکا ہے۔ ادارہ کی ممبرشپ کا باقاعدہ سلسلہ شروع کیا جاچکا ہے۔ آپ بھی ادارہ کی ممبرشپ اختیار کرکے مخفی، طلسماتی، فلکیاتی اور روحانی علوم کی تکمیل وترقی اور اشاعت کے لئے ہمارے ساتھ شامل ہوسکتے ہیں۔

صدر مجلس مشاورت
پیر زادہ شہزادہ ظہیر احمد قادری
ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان رجسٹرڈ اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ

آپ بھی

''ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان'' کی ممبرشپ اختیار کرکے روحانی و مخفی علوم وفنون کی اشاعت میں ہمارے ساتھ شامل ہوسکتے ہیں۔

ادارہ کے اغراض ومقاصد یہ ہیں۔

1۔ مخفی علوم وفنون کی تعلیمات، تحقیقات اور اشاعت اور ترقی کے لئے کوشاں۔

2۔ روحانی علوم فنون پر کتب کی اشاعت کرنا۔

3۔ ادارہ ہذا کے تمام ممبران کو شائع کردہ کتب پر ڈاک خرچ فری۔

4۔ ادارہ کے تمام ممبران کو شائع کردہ کتب کے جملہ اعمال کی ان کے پوچھنے پر بلا فیس راہنمائی کرنا

5۔ روحانی علوم کو مادی علوم کے مقابلہ میں لانے کی کوشش کرنا۔

6۔ مخفی علوم پر کانفرنس اور سیمینار منعقد کرانے کی کوشش کرنا۔

7۔ روحانی علوم کی تعلیم وتربیت کے لئے تدریسی اداروں کے قیام کی کوشش کرنا۔

اگر آپ ان اغراض ومقاصد سے اتفاق کرتے ہیں تو آج ہی درج ذیل پتہ پر جوابی لفافہ بھیج کر ادارہ کا ممبرشپ فارم مفت حاصل کریں۔

منگوانے کا پتہ:

ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان (رجسٹرڈ)

اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ

فون: 0300-4967412

افشائے راز

از: مؤلف ''کلید رموزِ مخفی'' علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری، قلندری

بے علم انسان حیوان کی طرح ہوتا ہے ہر حیوان کو اپنے حال سے واسطہ ہوتا ہے نہ اسے مستقبل کی تجویز کی فکر نہ اِسے ماضی کا احساس ہوتا ہے بے علم انسان ناعاقبت اندیش ہوتا ہے اور موت کے بعد خالی برتن کی طرح ہوتا ہے۔ اس وقت برتن میں نہ کوئی چیز (عمل) ڈالی جاسکتی ہے نہ اس سے کچھ نکل سکتا ہے وہ رُوحانی دنیا میں ایسے شخص کی طرح خالی ہاتھ جاتا ہے جو بیرون ملک دولت کمانے کے لیے گیا ہو، اور کافی عرصہ گزارنے کے بعد خالی ہاتھ واپس آجائے۔

دنیا میں انسان کو اچھے اعمال کی دولت کمانے کے لیے بھیجا گیا ہے، جو اِسے رُوحانی دنیا میں ہمیشہ کام آتی ہے اور ختم نہیں ہوتی، بے علم انسان موت کے وقت ایسے ہی پچھتاتا ہے جیسے وہ اپنی زندگی میں بہت اچھے مواقع کھو چکا ہو مگر اب گزرا وقت کسی قیمت پر واپس نہیں آسکتا پھر بھی کہا جاسکتا ہے کہ اب پچھتائے کیا ہو جب چڑیاں چگ گئیں کھیت۔

ہر انسان کے اندر دو قسم کا علم پایا جاتا ہے ایک رُوحانی دوسرا فنی علم ہے فنی علم میں زندگی کے مختلف شعبوں کا تعلق ہے۔ اس طرح ہر علم کا حصول محنت، لگن، تجربہ سے متعلق ہے۔ علم کے میدان میں دو انسانوں کا واسطہ پڑتا ہے ایک صاحب علم اور دوسرا طالب علم، صاحب علم کے پاس علم ہوتا ہے اور طالب علم، علم حاصل کرنا چاہتا ہے۔ ہر صاحب علم زندگی کی دشوار گھاٹیوں سے گزر کر صاحب علم بنتا ہے۔ زندگی کی دشوار گھاٹیاں محنت، لگن، ادب واحترام، فرمانبرداری اور خدمت گزاری سے عبور ہوتی ہیں۔ اس کے بعد رُوحانی یا فنی علم کے مطلوبہ مقام پر پہنچا جاتا ہے۔ طالب علم کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے استاد یا رُوحانی رہبر کی ہر آزمائش میں پورا اترنے کی کوشش کرے اس کے ادب واحترام کو ملحوظ رکھے، فرمانبرداری کو اپنا شعار بنا کر اتنا قریب ہو جائے کہ استاد خوش ہو کر اپنے سینے کے راز افشا کرنے لگے۔ ہر صاحب علم کے اندر دوسرے شخص کو علم منتقل کرنے کا ایک معیار ہوتا ہے کسی نے حصول رقم کا معیار بنایا ہوتا ہے کسی کے پاس

ادب واحترام اور فرمانبرداری کا معیار ہے کسی کے پاس وقت کا معیار ہے کہ شاگرد سے دو چار سال خدمت کراتا ہے کسی نے راز کے بدلے راز کا معیار بنایا ہے جب شاگرد اپنے استاد کے معیار پر پورا اترتا ہے تو استاد اپنے سینے کے رازوں سے روشناس کر دیتا ہے۔ جو شاگرد ذہین و فطین ہوتا ہے وہ اپنی عقل مندی اور فراست سے استاد کے معیار کی ایسی چابی لگاتا ہے جس سے استاد کے سینے کے راز خود بخود باہر آجاتے ہیں، اس طرح شاگرد اپنے مقصد میں کامیاب و کامران ہو جاتا ہے۔

ہم نے "**کلید رموزِ مخفی**" میں جیسا کہ نام سے ظاہر ہے بے شمار خفیہ راز کی چابی آپ کے ہاتھوں میں دے کر ان رازوں کو آشکار کر دیا ہے۔ افشائے راز کے بعد اب یہ آپ کا کام ہے کہ آپ ان علومِ مخفیہ سے خیر کا کام لیتے ہیں یا شر کا کام۔ علم کوئی بھی منفی نہیں ہوا کرتا، انسان کی طرزِ فکر منفی یا مثبت ہوتی ہے۔ ہمارا مقصد آنے والی نسلوں ان علوم سے متعارف کرانا ہے۔ ہم نے اپنا فرض پورا کر دیا ہے کہ جن علوم پر صدیوں سے گرد جمی ہوئی تھی اور عام لوگوں کے ساتھ خواص کی بھی ان علوم تک رسائی نہ تھی۔ آج آپ اس علمی خزانے کے وارث بن رہے ہیں۔

انسان کچھ ظاہری علم و فن منقل کرتے کرتے کسی حد تک ادھورا سا سیکھ لیتا ہے مگر کسی علم اور فن میں کمال حاصل کرنے کے لیے کسی ماہر استاد کی شاگردی کرنا ضروری ہے۔ جیسا کہ دنیا کے تمام علوم و فنون استاد اور رہبر کے بغیر نہیں سیکھے جاسکتے اسی طرح رُوحانی اور مخفی علوم بھی بغیر کامل رہبر کی رہنمائی کے نہیں سیکھے جاسکتے۔ اس لیے ضروری ہے کہ "کلید رموز مخفی" سے فیض یابی کے لیے پہلے کسی عامل کامل کی شاگردی اختیار کریں ورنہ سخت رجعت میں گرفتار ہو جائیں گے۔

خیر اندیش

پیر صوفی غلام سرور شباب قادری

اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ پنجاب پاکستان

یہ علوم دودھاری تلوار ہیں

عصرِ حاضر کی معروف روحانی شخصیت، عظیم محقق اسلامی وروحانی، دُرویش لاثانی، ماہر علومِ روحانی مصنف "مکاشفاتِ اسرار، مکاشفاتِ نُور، جامع مکاتیب رسول ﷺ"

جناب **ابوبہلول فقیر غلام الرسول عانلی نقشبندی** صاحب

سرزمین سندھ سے "**کلیدِ رموزِ مخفی**" کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار فرماتے ہیں

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔ اَلحَمدُلِلّٰہِ الَّذِی جَعَلَ العِلمَ سُلَّمًا اِلٰی مَعَارِجِ المَعلُومِ۔ وَالمَعلُومَ فَضلاً مُسَلَّمًا عِندَ عِصَابَةِ المَنطُوقِ وَالمَفهُومِ وَسَرَّحَ اَبصَارَ البَصَائِرِ فِی رِیَاضِ الفُنُونِ وَالمَعَارِفِ۔ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ العُلَمَاءِ سَنَدِ الفُضَلَاءِ تَاجِ الکُمَلَاءِ مُحَمَّدِ النَّبِیِّ المُصطَفٰی اَحمَدَ الاُمِّیِّ المُجتَبٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصحَابِہٖ وَبَارَکَ وَسَلَّمَ۔

امابعد! روحانی علوم کی بھی ایک عجیب دنیا ہے، جس میں اسرار و رموز بھی ہیں تو مسائل کے پہاڑ بھی ہیں، یہ علوم جتنے تر نوالہ سمجھے جاتے ہیں، اتنے آسان نہیں ہیں۔ ان علوم میں بہت ریاضت کرنا پڑتی ہے، اپنے خیالات کے بے لگام گھوڑے کو قابو میں رکھنے کے لئے ارتکاز توجہ کی مشقیں کی جاتی ہیں، اعداد و حروف کا فلسفہ سمجھا جاتا ہے، دعوات کی کیفیت اور ماہیت کا علم ہونا، ریاضات کے شرائط پر عبور ہونا یہ سب اس روحانی علوم کی دنیا میں سفر کرنے کے لئے مبادیات میں شامل ہیں۔ واضح ہو کہ عملیات کا ایک مستقل علم و فن ہے، اناڑیوں کا اس علم میں داخل ہونا ممنوع ہے۔ تاوقتیکہ مکمل رہنمائی حاصل نہ ہو بالخصوص ریاضات میں آدمی مار کھا جاتا ہے۔ اس وجہ سے یہ سارا علم سیکھنے کے لئے کسی کامل استاد کی بہت ضرورت ہوتی ہے۔ اس لئے ضروری یہ ہے کہ پہلے کسی کامل روحانی رہبر کی شاگردی اختیار کی جائے پھر روحانی دنیا میں پہلا قدم رکھا جائے تاکہ کامیابی حاصل ہو سکے۔ بغیر اجازۃ عملیات حاصل کئے یہ راستہ انتہائی پُر خطر ہے۔

میں نے اپنے کھیلنے کودنے والے دن سخت ریاضات میں گزارے تھے، اور میری

تربیت بہت ہی سخت تھی جس میں نرمی کا گزر ہی نہیں تھا۔ میری وہ تربیت روحانی علوم کے سوا بھی علوم دینیہ میں میرے بہت کام آئی ہے۔ وہ گھنٹوں کی نشستیں، وہ یکسوئی کے ساتھ ایک ہی خیال پر قائم ہو جانا، سب انہی ریاضات کی بدولت حاصل ہوا، جس کی بناء پر میں آج بھی بارہ سے لے کر سولہ گھنٹوں تک بغیر کوئی تکلیف محسوس کیے اپنا کام کرتا رہتا ہوں، میں اتنا نہیں تھکتا، جتنا کسی عام آدمی کو تھکن چاہیے۔ سالہا سال گزرے میں ایک عام آدمی کی سی نیند کبھی نہیں سویا، چاہے گرمی ہو یا سردی، موسم ابر آلود ہو یا گرد آلود میرا کام میرا شوق آج بھی اسی نہج پر قائم ہے، جو لڑکپن کے زمانے میں تھا، جب میں نے دھمہ بینی سے لے کر ایک گھنٹے تک بلا پلک جھپکائے شمس بینی کی ریاضات کی تھیں، دھمہ بینی سے لے کر اس شمس بینی تک پہنچنے کا دورانیہ لگ بھگ تین سال کا تھا، ان تین سالوں میں میں کبھی بھی مایوس یا بددل نہیں ہوا کہ اتنا عرصہ گزر چکا ہے، اب تک ریاضت کیوں مکمل نہیں ہوئی۔ یہ سفر بھی گویا سنگلاخ چٹانوں میں ننگے پاؤں سفر کرنے کے مترادف تھا، اسی طرح دیگر ریاضات نے مجھے پختہ بنا کر چھوڑا، کندن بننے کے لئے آتشِ عشق سے بہر صورت گزرنا پڑتا ہے۔

لوگ اس بات کے شاکی پائے جاتے ہیں کہ ریاضات کرتے ہیں مطلوبہ فوائد حاصل نہیں ہوتے۔ امیں حیران ہوں کہ بازار سے کتاب خرید کر بغیر کسی رہنمائی کے ریاضت کیسے کی جاتی ہے۔ ابتدائی طور پر ریاضت بہت ضروری ہوتی ہے، اس کے لئے پھر ارتکاز توجہ کی بڑی ضرورت ہوتی ہے۔ جب تک ارتکاز نہیں ہوتا، تب تک ممکن ہی نہیں ہوتا کہ کوئی اپنا مقصود پالے۔ شاذ و نادر ہی ایسا ہوتا ہے کہ کوئی شخص کسی عمل میں بنیادی تربیت کے سوا ہی کامیاب ہو جائے، اگر اس طرح ہوتا ہے، تو ایسے اشخاص دو اقسام کے ہوتے ہیں۔ سادہ سے روحانی اعمال میں وہ شخص کامیاب ہوتا ہے جو ایک تو بہت ہی سادہ سا مومن بندہ ہو جو کسی بغض و عناد کو سینے میں نہیں پالتا، اسی سے روحانیات بہت جلد مانوس ہو جاتی ہیں، سادگی بذات خود ایک وہبی ریاضت جیسی ہے جو بندے کو فطرت کی طرف سے عطا ہوتی ہے۔

اعمال شر و سحر اور جنات میں وہ شخص جلد کامیاب ہو جاتا ہے جس کی حیثیت مجسم شر ہو، شیطانی قوتیں اسے مزید گمراہ کرنے کے لئے اس کے اعمال میں اس کی معاون بن جاتی ہیں اور وہ شخص سدا اپنی گمراہی میں مگن اور اپنے اعمال خبیثہ پر نازاں شرافت کی راہوں سے دور کشاں کشاں چلا جاتا ہے تا وقتیکہ موت کا پنجہ آ کر اسے دبوچ لیتا ہے۔

اس علوم مخفیہ کی دنیا میں وہ وقت زیادہ احتیاط کا ہوتا ہے جب کوئی قوت حاصل ہوتی ہے، پھر دیکھا گیا ہے کہ قوت حاصل ہونے کے بعد آدمی خیر و شر کی تمیز بھول جاتا ہے، اور اپنی قوت کے بل بوتے پر کبھی کسی کی ہوس کاری میں مدد کرتا ہے تو کبھی کسی کا گھر اجاڑنے میں فخر محسوس کرتا ہے۔ یہ علوم دو دھاری تلوار ہیں، جس کا جیسا دقوف ہوتا ہے، ویسا ہی وہ عمل کرتا ہے۔

قرآنی آیات سے عمل کرنے والا کبھی شر کا کام نہیں کر سکتا، اسی طرح سحر کرنے والا خیر کا کام نہیں کر سکتا۔ یہ علوم مخفیہ اس وجہ سے کہے جاتے ہیں کہ ان کے کھلے عام مدارس نہیں ہوتے، اور کھلے عام مدارس اس وجہ سے نہیں ہوتے کہ یہ جمہور کے مزاج کے مطابق نہیں ہیں، گو کہ باقی تمام سبجیکٹ پڑھنے سے آدمی کسی معاملے میں استاد خیل نہیں ہوتا، جتنا کہ ان علوم میں۔ جمہور اس سلسلے میں دوغلہ پن اختیار کرتا ہے، ایک طرف تو وہ اپنی روشن خیالی کا دعویٰ کرتے ہوئے ان علوم کی دیگر لوگوں کے سامنے مذمت کرتا ہے، دوسری طرف وہ اس بات کا متلاشی رہتا ہے کہ کوئی آئے اور آ کر ان کے مسائل سلجھا دے۔ بس اسی رسہ کشی کی وجہ سے یہ علوم باقاعدہ پنپ نہیں پائے، محض چند لوگوں تک ہی محدود رہے، اور جن لوگوں تک محدود رہے وہ بھی اب اٹھتے جاتے ہیں۔

ہماری تعلیم میں یہ بات شامل تھی کہ ریاضت کے لئے نگرانی اور استاد کی ضرورت ہوتی ہے، باقی شفاء کے اعمال و خیر کے اعمال کے لئے خواہ مخواہ بھی کسی کی اجازت کی ضرورت نہیں ہوتی۔ کتابوں سے بھی بے شک علم ملتا ہے بشرطیکہ کتاب لکھنے والا بندہ مخلص ہو۔ اور جو ریاضت وہ اپنی کتاب میں لکھتا ہے، اول تو وہ اس کا عامل ہوتا کہ اس عمل کے مراحل سے واقف ہو، جس کی

بنا پر وہ تمام ممکنہ خطرات وخدشات سے آگاہی دیتا ہو، یا پھر ایسا عامل ہو جو خود باضابطہ طور پر ریاضت کر چکا ہو، اور ریاضات کے لوازمات سے اپنے تجربات کی بنیاد پر آگاہ ہو۔ اسے پتہ ہو کہ کس قسم کی عبارات کس نہج کے ساتھ بیان ہوتی ہیں تو اس کی تاثیر ظاہر ہوتی ہے، ایسا کوئی شخص ایسے اعمال وریاضات کو بھی اپنی کتب میں شامل کرسکتا ہے جن کی صحت پر اسے غایت درجہ تک پورے اخلاص کے ساتھ یقین ہو کہ ہاں! یہ ریاضت جو میں دے رہا ہوں، وہ کرنے والا واقعی فائدہ حاصل کرے گا۔ ایسے اشخاص کی کتابوں میں درج کیے گئے اعمال قابل وثوق ہوتے ہیں۔

شموس الانوار، غایۃ الحکیم، سر المکتوم، منبع اصول الحکمۃ بھی اسی قبیل کی کتابیں ہیں ایک کتاب یوسف ہندی کی الشجرۃ النعمانیہ ہے جسے اس معاملے میں اہمیت حاصل ہے۔ علوم کی عام کتابوں میں چاہے وہ عربی میں لکھی ہوئی ہوں یا ہندی میں فارسی میں لکھی ہوئی ہوں یا کسی بری و بنگالی زبان میں وہ سب تقریباً سابقہ کتب کا ناقص چربہ ہوتی ہیں۔ جو محض ٹوٹکوں پر مشتمل ہوتی ہیں۔ اور ریاضات و درست اعمال کا کوئی حتمی قانون ان میں نظر نہیں آتا۔

برادرم علامہ حکیم **پیر صوفی غلام سرور شباب قادری**، ایک دلربا شخصیت کے مالک ہیں، ان کا روحانی علوم سے صرف شوق کا واسطہ نہیں ہے بلکہ جنون کی حد تک عشق ہے، روحانی علوم کے شوق نے ان سے بڑی سخت منزلیں طے کرائی ہیں۔ اور وہ ان سب سے پوری بردباری سے اپنا سفر طے کرتے ہیں، علوم کے بڑے دلدادہ ہیں۔ علم لینے میں ان میں مستقل مزاجی ہے، جلدی ہار نہیں مانتے اور یہی استقامت علوم روحانیہ کا جوہر ہے جو ہر کس و ناکس کو حاصل نہیں ہوتا۔ ان کی کتاب "**کلیدِ رموزِ مخفی**" کا مسودہ میں نے دیکھا، مجھے بڑی خوشی حاصل ہوئی، کہ انہوں نے تقریباً قدیم ادوار میں معروف ساری بڑی عزیمتیں اور ان کی ریاضتیں دی ہیں، بالخصوص دعائے برہتیہ اور دعائے جلجلوتیہ ایسی دعوات ہیں، اگر کسی کے شعور میں بیٹھ جائیں، اور وہ کماحقہ ان کی ریاضات کرے تو یقیناً فائدے میں رہے گا، باقی تمام دعوتوں پر فرداً فرداً تو بات نہیں کی جاسکتی لیکن یہ دونوں دعوات اس علم کے لوازمات میں شامل ہیں، اور روحانی

علوم کا دعویٰ کرنے سے پیشتر ان دعوات کی ریاضت وفوائد سے آگاہی بہت ضروری ہوتی ہے، اس کتاب میں جس ترتیب کا لحاظ رکھا گیا ہے وہ بھی بہت ہی خوب ہے۔

کبھی وہ مجھ سے شکایت کرتے تھے کہ آپ کی کتابیں مشکل ہوتی ہیں، آج لوگ ان سے شکایت کریں گے کہ "**کلیدِ رموزِ مخفی**" کافی مشکل کتاب ہے۔ یہ کتابیں مشکل نہیں ہوتیں، مشکل تو علم کا اسلوب ہوتا ہے، ہم لوگوں کو جو اردو، فارسی اور عربی کی کتابوں میں اسلوب نظر آتا ہے، جن میں رطب و یابس سبھی بھرا ہوا ہوتا ہے، اسی اسلوب سے ہٹ کر اگر کوئی علم دیا جاتا ہے تو لوگ جلدی میں اس کو ہضم نہیں کرسکتے۔ اور ان کے شعور میں یہ بات بٹھانے کے لئے ایک لمبا عرصہ درکار ہے۔

موجودہ زمانے میں جب نوادرات تاریخ کی کوکھ سے ابل پڑے ہیں، تو دیگر اسلامی کتب کے ساتھ ساتھ ان دعوات کے بھی مخطوطے دریافت ہوئے ہیں، جن میں ہم یہ دیکھتے ہیں کہ فی زمانہ جو دعوات کی عبارات ہم تک پہنچی ہیں، ان میں کمال کی درستگی ہے، یعنی یوں کہا جاسکتا ہے کہ یہ دعوات پوری ایمانداری کے ساتھ صدہا سال گزرنے کے باوجود پوری صحت کے ساتھ نقل ہوتی آئی ہیں۔ اور یہ اپنے متفرق مخطوطوں میں بھی کمال کی یکسانیت رکھتی ہیں۔ اس وجہ سے کہا جاسکتا ہے کہ یہ پچھلے زمانے میں بھی ایک ہی صورت میں مروج بھی تھیں تو معروف بھی تھیں۔ اور آج بھی ان کی یہی کیفیت باقی ہے۔ اردو زبان میں موجود روحانی علوم میں ان دعواتِ شہیرہ کو یکجا کرنے پر اور احسن طریقے پر پیش کرنے پر میں اپنے بھائی علامہ حکیم **پیر صوفی غلام سرور شباب قادری** صاحب کو مبارکباد دیتا ہوں۔ اور دعا گو ہوں کہ اللہ ان کے علم میں مزید اضافہ فرمائے۔ تاکہ وہ لوگوں کی علمی خدمت اسی طرح پوری تندہی کے ساتھ کرتے رہیں۔ آمین

الراجی رضی الرحمٰن

ابو بہلول غلام الرسول عاقلی نقشبندی۔ الغزالی لائبریری، لاڑکانہ

مخفی علوم کے خزانے

جناب ڈاکٹر **خالد مقبول عارف**، قادری، قلندری، چشتی، نقشبندی، سہروردی، شاذلی

چیف ایڈیٹر: ماہنامہ خزینہ روحانیت، ماہنامہ خزینہ علم وعمل لاہور

"**کَلِیدِ رمُوزِ مَخفِی**" کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار فرماتے ہیں۔

تمام تعریفیں اس ذاتِ کبریائی کے واسطے جو ہمارا پیدا کرنے والا ہے۔ اور کروڑوں درود وسلام ازل سے ابد تک ہمارے آقائے دوجہاں ﷺ پر نازل ہوتے رہیں، جن کی اُمت میں اللہ جل شانہ نے ہمیں بھیج کر ہم پر بہت بڑا احسان فرمایا۔

اما بعد! میرے نہایت ہی شفیق اور مہربان استاذ ماہر علوم مخفی عزت مآب حضرت علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری، قلندری، چشتی، ابوالعلائی، منعمی، جہانگیری صاحب مدظلہٗ کی نئی تصنیف "**کَلِیدِ رمُوزِ مَخفِی**" کا بندے نے مطالعہ کیا۔ کتاب کے بارے میں بہت انتصار سے ایک جملہ کہوں تو بے جا نہ ہوگا کہ حقیقت میں یہ "خزائن مخفی" ہے یعنی غیبی اور مخفی دنیا کے خزانے۔ حقیقت میں اللہ تعالیٰ ہی بندوں کو چنتا ہے اور ان سے کام لیتا ہے۔ حضرت والا کو بھی اللہ تعالیٰ نے مخفی علوم کی اشاعت کے لیے چنا ہوا ہے۔ جس فراخ دلی سے حضرت ایسے ایسے مخفی علوم کے خزانے عوام کے سامنے لا رہے ہیں، وہ یقیناً بڑے حوصلے اور جوان ہمتی کا کام ہے۔ عاملین تو ایسے اعمال بتاتے نہیں، یہاں تک کہ اپنی اولاد کو بھی محروم رکھتے ہیں اور سینے میں لے کر دنیا سے چلے جاتے ہیں۔ جب کہ حضرت غلام سرور شباب قادری صاحب اس مشن پر کئی سالوں سے کام کر رہے ہیں اور حضرت موصوف کی ایک درجن سے زیادہ تصانیف اس پر شاہد ہیں کہ کیسے کیسے علوم کے خزانے شائع ہو چکے ہیں۔

"**کَلِیدِ رمُوزِ مَخفِی**" کی سب سے بڑی اور اہم خوبی یہ ہے کہ اس میں زمانہ قدیم کی عبرانی، سریانی اور عربی زبان کے انتہائی نایاب اعمال دیئے گئے ہیں۔ مختلف اعمال کی دعوت اور ان کی مکمل تشریح دی گئی ہے جو اس کتاب کی خصوصیت ہے۔ تمام عزیمتوں اور عبارات

پر اعراب لگائے گئے ہیں تاکہ پڑھنے والے کو کوئی مشکل نہ ہو۔ اور یہ کام کوئی آسان کام نہیں۔ بڑی بڑی عملیات کی کتب میں اعراب نہ لگے ہونے کی وجہ سے عمل پڑھنے میں لوگ غلطی کرتے ہیں۔ کچھ لوگ جان بوجھ کر اعراب نہیں لگاتے تاکہ پڑھنے والا ان سے رابطہ کرے۔ جب کہ اس کتاب میں اعراب کا لگا ہونا، اس بات کی دلیل ہے کہ حضرت موصوف نے کس جذبہ کے تحت یہ کتاب شائع فرمائی ہے۔ یہاں "**کَلِیدِ رمُوزِ مَخفِی**" پر ایک طائرانہ نظر ڈالتے ہیں۔ کتاب کل بارہ ابواب پر مشتمل ہے۔ اور ہر باب میں مخفی دنیا کے عجیب وغریب رازوں کو ظاہر کیا گیا ہے۔

پہلے باب میں "دُعائے برھتیہ" کا بیان ہے جو عاملین وکاملین کا عمل ہے۔ اس کتاب میں کئی روایات سے یہ دُعا دی گئی ہے۔ ساتھ ہی مکمل تشریح کی گئی ہے تاکہ عام قاری بھی سمجھ سکے۔ ہر ایک اسم کے اعمال تفصیل سے دیئے گئے ہیں جو شاید آج سے پہلے کبھی اس طرح ایک ہی جگہ اکٹھے نہ کیے گئے ہوں۔

دوسرے باب میں "دعوتِ الجلجلوتیہ" کا بیان ہے۔ یہ بھی عاملین وکاملین کے اعمال میں سے ہے۔ اس دُعا کے جتنے بھی سریانی الفاظ ہیں، ان کے متبادل عربی اسماء دیئے گئے ہیں۔ یہ دُعا اشعار کے ساتھ دی گئی ہے اور ساتھ ہر شعر کے مختلف اعمال بھی دیئے گئے ہیں۔ مزید ہر اسم کے اعمال نے اس کتاب کی افادیت کو کئی گنا بڑھا دیا ہے۔

تیسرے باب میں "دعوتِ الھوا" بیان ہے، جو ایک نایاب عمل ہے۔ اور اس عمل کے کئی طرح کے خواص واعمال اور مکمل طریقہ ریاضت بھی دیا ہے۔

چوتھا باب "اسمائے شمخیثیہ" پر مشتمل ہے جو ایک نایاب عملی خزانہ ہے۔ یہ سریانی اسماء ہیں۔ ان کا عربی اور اردو ترجمہ بھی دیا گیا ہے۔ ہر اسم کی صفت اور خاصیت دی گئی ہے۔ پھر ان کی کئی تسبیحات بھی دی گئی ہیں۔

پانچویں باب میں "دُعائے قرشیہ" کا ذکر ہے جو ایک خاص دُعا ہے جو حضرت عیسیٰ

علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ اِس دُعا کی مکمل تفصیل کے ساتھ سریانی اسماء کے عربی معانی اور اس دُعا کی دعوت کا طریقہ اور کئی خواص دیئے گئے ہیں۔

چھٹے باب میں ''اسماء روساء اربعہ'' کا ذکر ہے۔ یہ چار اسم ہیں۔ اِن کے عجیب وغریب اعمال چھٹے باب میں دیئے گئے ہیں۔

ساتویں باب میں ''عزیمت قسم ناصور'' اور اس کے عجیب وغریب اور نایاب اعمال درج کئے گئے ہیں۔

آٹھویں باب میں ''دعوتِ صمدیہ'' کی تفصیل اور اس کے خواص دیئے گئے ہیں۔

نویں باب میں مخفی دنیا کے چند نایاب اعمال دیئے گئے ہیں۔

دسویں باب میں صرف ایک نایاب دُعا درج کی گئی ہے یعنی ''دُعائے عجیب الاثر''

گیارواں باب ارسال ہاتف پر مشتمل ہے۔ مثلاً ہاتف سے ہر قسم کی خبر حاصل کرنا۔ کسی دشمن پر ہاتف بشکل چیتا بھیجنا۔ ہاتف کو کسی پر مسلط کر کے کام لینا۔ کسی جابر ظالم پر ہاتف بھیجنا۔ تسخیر مسر موط التمساح بصورت مگرمچھ۔ روحانیت سے چیزیں منگوانا۔ عفاریت کے ذریعے کوئی چیز اُچک لینا۔ جیسے اعمال درج کئے گئے ہیں۔

بارواں طلسمات پر ترتیب دیا گیا ہے۔ جس میں تیس طلسمات منسوبہ ابن العربی وابن سینا درج کئے گئے ہیں جن سے عجیب وغریب کام لئے جاتے ہیں۔ تمام طلسمات کی عزیمتیں بھی کتاب میں موجود ہیں۔

حضرت موصوف نے واقعی چھپے ہوئے رازوں چابی مشتاقانِ روحانی علوم کے لئے اس کتاب کی شکل میں پیش کر دی ہے۔ آج کل مبتدی عامل تو کیا، بڑے بڑے عامل بھی اِن اعمال سے ناواقف ہیں۔ ان نایاب اعمال کو ایک جگہ جمع کر کے مکمل تشریح، اصل عمل اعراب کے ساتھ اور مختلف اعمال وخواص کے ساتھ شائع کرنا، ایک بہت بڑا علمی کارنامہ ہے۔ اور یہ کتاب روحانی علوم کی دنیا میں ایک سنگِ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ جس کے لیے جتنی بھی تعریف کی

جائے کم ہے۔ مجھے اس پر فخر ہے کہ میرے نہایت ہی شفیق اور مہربان استاذ عزت مآب حضرت علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری صاحب سے ایک زمانہ فیض یاب ہو رہا ہے۔ اگر کسی نے روحانی علوم وفنون میں رہنمائی حاصل کرنا ہو تو حضرت موصوف سے رابطہ کریں۔ انشاء اللہ دامن گوہر مراد سے بھر جائے گا۔

افسوس ہے کہ حکومت روحانی علوم اور اس موضوع پر شائع ہونے والی کتب کی سرپرستی نہیں کرتی، اگر روحانی علوم پر شائع ہونے والی کتب کا تقابلی موازنہ کیا جائے تو بے شک لاثانی تصنیف ''**کلیدِ رموزِ مخفی**'' اول انعام کی حقدار ہوگی۔ حکومت اور اہل ثروت حضرات کو مخفی علوم کی اشاعت وترویج میں کوشاں حضرت موصوف کے کام کو سراہنے کے ساتھ ساتھ مالی تعاون بھی کرنا چاہئے تا کہ یہ کام مزید آسانی سے آگے بڑھتا رہے۔

اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ حضرت موصوف اسی طرح مخفی علوم کو ہمارے جیسے مبتدیوں کے سامنے لاتے رہیں اور اللہ تعالیٰ غیب سے اپنی خاص مدد ونصرت کا معاملہ فرمائے تا کہ یہ تمام کام باآسانی ہوتا رہے۔ میری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ موصوف کو ہر طرح کی پریشانیوں سے محفوظ فرمائے اور حضرت صاحب کا سایہ ہم جیسوں کے اوپر قائم ودائم رکھے۔ آمین ثم آمین

والسلام

خادم العلماء والعاملین

ڈاکٹر خالد مقبول عارف

لاہور

گُل ہائے عقیدت

استاذ العاملین ،عظیم محقق ،معروف رُوحانی کالم نگار، رُوحانی وجسمانی معالج

حکیم سرفراز احمد زاھد

(ایم اے پولیٹیکل سائنس) ماہر علوم جفر وعلوم مخفی ، فاضل طب والجراحت

ملتان شریف سے "کلید رموز مخفی" کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار فرماتے ہیں۔

لاکھوں کروڑوں درود وسلام نبی رحمت ﷺ کی ذات متبرک پر جن کے جلوہ افروز ہونے پر اس جہاں میں علم کی کرنیں پھیلیں اور نورانی روشنی سے حصول علم کا شوق پیدا ہوا، لیکن اس سے قبل اللہ رب العزت نے انسان کو زمین پر اپنا خلیفہ بنایا اور اسے دوسری تمام مخلوقات پر برتری بخشی ۔اور ساتھ ہی اسے ''اشرف المخلوقات'' کا درجہ بھی عطا فرما دیا۔اس کا مطلب یہ ہوا کہ انسان دوسری مخلوقات سے مختلف معاملات میں افضل اور برتر ہے۔مثال کے طور پر ایک انسان یہ جانتا ہے کہ اچھائی کیا ہے اور برائی کیا ہے؟ اسے یہ بھی معلوم ہے کہ دنیا میں عزت وشرف کے ساتھ رہنے کے لیے کیا کرنا چاہئے اور کن چیزوں سے بچنا چاہئے؟ وہ ایسا کیوں کرتا ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اسے اس کے خالق نے وہ صفت عطا فرمائی ہے کہ وہ نیک وبد میں فرق کر سکتا ہے اور وہ فضیلت علم کی ہے۔علم کی فضیلت کو ساری دنیا مانتی اور تسلیم کرتی ہے۔پوری دنیا کے مذاہب نے اس حقیقت کو تسلیم کیا ہے۔مگر علم کی ترغیب اور تاکید جتنی زیادہ ہمارے مذہب اسلام میں پائی جاتی ہے اتنی کسی دوسرے مذہب میں نہیں ملتی۔ بلاشبہ یہ کہنا بالکل بجا ہوگا کہ تعلیم وتدریس اسلام کا اہم جزو ہے اور علم کی مدد سے انسان کے لیے اچھی اور صالح زندگی گزارنے کی رہ ہموار ہوتی ہے۔ اگر ہم دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ قرآن پاک کا نزول ہی علم کے ذریعے ہوا۔

قرآن پاک میں اللہ رب العزت کا ارشاد ہے۔

''اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ۔ خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ۔ اِقْرَأْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ۔ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ۔ عَلَّمَ الْإِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ۔''

ترجمہ: اپنے پروردگار کا نام لے کر پڑھو جس نے (جہان کو) پیدا کیا۔ جس نے انسان کو خون کی پھٹکی سے بنایا۔ پڑھو تمہارا پروردگار بڑا کریم ہے۔ جس نے قلم کے ذریعے سے علم سکھایا۔ اور انسان کو وہ باتیں سکھائیں جن کا اسے علم نہیں تھا۔ (سورہ علق آیت 1 تا 5)

یہ وحی الٰہی تھی جو سب سے پہلے جبریل آمین کے ذریعے رسول کریم ﷺ پر نازل کی گئی۔ گویا اس طرح جو پیغام سب سے پہلے دیا گیا وہ یہ تھا کہ انسان لکھے اور پڑھے اور اچھی اور عمدہ تعلیم وتربیت حاصل کرے۔ تاکہ اللہ تعالیٰ کا نیک اور فرمانبردار بندہ بن جائے۔ اور اس طرح ایک صالح اسلامی معاشرے کے قیام کی راہ ہموار ہو سکے۔ قرآن پاک میں ارشاد پاک ہوا۔

''الَّذِيْنَ آمَنُوا مِنكُمْ وَالَّذِيْنَ أُوتُوا الْعِلْمَ دَرَجَاتٍ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيْرٌ۔''

ترجمہ: جو لوگ تم میں سے ایمان لائے ہیں اور جن کو علم عطا کیا گیا ہے اللہ تعالیٰ ان کے درجے بلند کرے گا اور اللہ تمہارے سب کاموں سے واقف ہے۔

(سورہ المجادلہ آیت 11)

فضلیت علم اور حصول علم کی اہمیت کو سمجھنے کے لیے بہت سی احادیث بھی موجود ہیں۔ خود نبی کریم ﷺ معلم تھے آپ نے پوری حیات مبارکہ درس وتدریس کے لیے وقف کیے رکھی۔ ایک حدیث میں ارشاد ہوا۔

''عابد پر عالم کو ایسی فوقیت حاصل ہے جیسے چاند کو تاروں پر بلاشبہ علماء پیغمبروں کے وارث ہیں۔''

اسلام کی تعلیمات کہتی ہیں کہ قرآن حقیقی علم ہے جبکہ دوسرے علوم معلومات کے درجے ہیں اور ان معلومات کو اپنی اپنی استعداد کے مطابق حاصل کرو۔ علمائے اسلام نے جہاں علوم وفنون کی انواع واقسام کی بحث کی ہے وہاں اساس یہ رکھی ہے کہ سب کی غایت مسائل حل کرنا ہے ۔انسان اور اس کی دنیا کائنات اور حیات وممات کے بارے میں بے شمار سوالات ہیں، مطالبات ہیں۔ انہی جوابات کی خاطر الگ الگ علوم وفنون معرضِ وجود میں آئے۔ علوم وفنون کا اختلاف بجا

سہی لیکن مقصد ایک ہی ہے۔ابوالحسن عامری نے ''الاعلام بالمناقب الاسلام'' میں علم کی مقصدیت اور افادیت یوں بیان فرمائی ہے کہ

''علم کے معنی ہیں کہ آدمی کسی شے یا حقیقت کو اس طرح اخذ کرے، جس طرح وہ پائی جاتی ہو، اس میں خطا نہ کرے۔ایک علم وہ ہے جو دینی افراد کی مِلک ہے، دوسرا فلسفے کا علم ہے۔ دینی علوم کے ماہر مانے ہوئے فلسفی ہوتے ہیں۔ہر پیغمبر فلسفی ہوتا ہے لیکن ہر فلسفی پیغمبر نہیں ہوتا''

ابوالحسن عامری نے دینی علوم کی تین قسمیں کی ہیں۔ایک علم حدیث ہے جو حواس خمسہ پر تکیہ کرتا ہے۔انہی سے ان کا حسی شعور ہوتا ہے۔دوسری قسم دینی فلسفے کی ہے جس کا تعلق دانش سے ہے۔تیسری قسم فقہ کی ہے، اس میں پہلے دونوں علوم کا شعور شامل ہوتا ہے۔ان کے لیے علم اللسان ہے جو تینوں کے کام آتا ہے۔فلسفیانہ علوم کی بھی تین قسمیں ہیں، علم طبیع کا تعلق حسی شعور سے ہے۔علم مابعدالطبیعات دانش سے متعلق ہے۔ریاضی میں دانش اور حسی شعور دونوں شامل ہوتے ہیں، منطق ان تینوں کے کام آتی ہے۔

عوام الناس کا قاعدہ ہے کہ وہ لفظ ''علم'' کو ہر کاروبار کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ عطائی کبھی اسے ان خیالات کے لیے استعمال کرتے ہیں جو عطائیت کے لیے کارآمد ہو۔مثلاً پرندوں کی اُڑان سے فال لیتے ہیں اور پیش گوئی کرنے کو علم کہتے ہیں۔ابوالحسن عامری کے نزدیک بعض خواص کے علوم ہیں۔انہیں عوام تک نہ پہنچانا چاہیے۔ورنہ وہ تباہ کن نتائج پیدا کریں گے۔ان میں سحریات، عملیات، گنڈے، تعویذ اور کیمیا شامل ہیں۔اس کے نزدیک یہ نعمت خداوندی ہے کہ آدمی کو علوم کی طلب ودیعت ہوتی ہے۔البتہ اکتساب علم وفن کے باب میں اس کی صلاحیت محدود ہے۔ممکن نہیں کہ وہ تمام علوم پر عبور حاصل کر سکے۔فطرتِ انسانی اور مختلف علوم میں پُراسرار طریقے سے رشتہ قائم ہے۔

قرآن پاک کائنات کے تمام قوانین اور علوم کا سرچشمہ ہے۔سارے علوم کا اجمالی بیان ہے۔قرآن پاک کے مضامین معنویت کے اعتبار سے دو بڑے حصوں میں تقسیم کیے جاتے

ہیں۔ایک حصہ ان اصول وقوانین پر مشتمل ہے جو ایک فلاحی معاشرے کے لیے ضروری ہیں۔ دوسرا حصہ جو قرآن کا ایک بڑا حصہ ہے اِن فارمولوں اور قوانین سے بحث کرتا ہے جن کے اوپر اللہ تعالیٰ نے کائنات کو تخلیق فرمایا ہے۔علم کا تعلق لاشعور سے ہے، کوئی بھی لاشعوری علم اِس وقت حاصل ہوتا ہے جب طالب علم شعوری واردات وکیفیات سے خود کو نبرد آزما کرلے۔لاشعوری علوم کو سمجھنے کے لیے لازم ہے کہ ہم اپنی نفسانی خواہشات اور زندگی کے ظاہرہ عوامل پر ضرب لگا کر دنیوی دِل چسپیاں کم سے کم کردیں۔

قرآن پاک میں اس علم کو ''علم الکتاب'' کہہ کر متعارف کرایا گیا ہے۔خصوصاً یہ حضرت سلیمان کے واقعہ میں مذکور ہے۔یہ علم الکتاب ان کائناتی قوانین اور فارمولوں کا نام ہے، جن کے تحت کائنات زندہ اور متحرک ہے۔اس علم کو حاصل کر کے کوئی انسان تسخیر کائنات کے فارمولوں سے واقف ہوجاتا ہے جس کی مثال حضرت سلیمان علیہ سلام کے واقعہ میں قرآن نے بیان کی ہے۔اس علم سے واقف ہو کر انسان وسائل کا محتاج نہیں رہتا بلکہ وسائل اس کے تابع ہوجاتے ہیں، وہ وسائل پر اشاروں سے حکمرانی کرسکتا ہے۔

سری علوم کو کیسے سمجھا جائے اور ان علوم سے کس طرح استفادہ کیا جائے؟ اس کی دو طرزیں ہیں۔ایک رحمانی اور دوسری استدراجی۔اگر اطلاع میں تعمیر ہے تو یہ علم رحمانی ہے اور اگر معانی میں تخریب ہے تو سیدنا حضور اکرم ﷺ کے ارشاد کے مطابق استدراج ہے۔رحمانی اور شیطانی دونوں گروہوں کی طرزِ فکر اور کلمہ طریق جدا جدا ہیں اور یہ کلمہ طریق طرزِ فکر کو متحرک کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔بابلیوں کے دور سے ذریت ابلیس نے دیواہ اور کالی داہ کو ابھی تک کلمہ طریق مانا ہوا ہے، اور وہ اس منسوخی کو جو دورِ پیغمبر آخرالزمان ﷺ کے ذریعے ہوئی تسلیم نہیں کرتے۔خلاصہ یہ ہے کہ یہ علم کی حیثیت ایک ہے لیکن اس کے اندر معانی داخل ہونے کے بعد علم کی حیثیت دو طرزوں میں تقسیم ہوجاتی ہے۔ایک طرزِ فقراء اور اہل اللہ کی طرز ہے۔اور دوسری طرز شیطان اور ذریت ابلیس کی طرز ہے۔وہ علم اہل اللہ کا ہو یا ذریت ابلیس کا، انقلابات زمانہ

کے ساتھ بے شمار شعبوں میں تقسیم ہوتا ہے، اور ہر شعبے کا الگ الگ نام رکھ دیا گیا مثلاً علم نجوم، علم جفر، علم الاعداد، ہپناٹزم، ٹیلی پیتھی، علم چہرہ شناسی، علم ید الفراست، علم حاضرات و تسخیرات، سحر جادو، سائنسی علوم اور اس طرح سے بہت سے دیگر علوم۔

سری علوم میں مطالعہ کائنات کا دوسرا قدم ارضی تھا یعنی کیمیا گری یعنی ادنیٰ دھاتوں کو سونا بنانے کی کوشش کرنا۔ دراصل یہ بھی علوم سری کا حصہ ہے۔ بابل، فارس، مصر، اسکندریہ سے حاصل کردہ علوم کو مسلمانوں نے دو حصوں میں تقسیم کر دیا تھا۔ ایک خفیہ یعنی پُر اسرار اور سری علوم اور دوسرے جلیہ یعنی ظاہری علوم مثلاً طبیعات، ریاضی وغیرہ۔ خفیہ یا سری علوم کو حسین علی واعظ الکاشفی کی زبان میں ہم پانچ ذیلی علوم میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

1۔ علم کیمیا: ادنیٰ دھاتوں کو سونا بنانے کا علم۔ 2۔ علم لیمیا یعنی جادوگری وغیرہ

3۔ علم ہیمیا یعنی روحانی علوم۔ 4۔ علم سیمیا یعنی بصیرت یا فراست

5۔ علم ریمیا یعنی شعبدہ بازی اور کمالات کا علم

ان تمام علوم کے ابتدائی حرف مل کر "کُلہٗ سِر" تشکیل کرتے ہیں۔ جس کا مطلب ہے تمام مخفی یا سری علوم۔ شیخ بہاؤ الدین عاملی نے بھی اس تقسیم کو تسلیم کیا ہے۔ ان علوم میں سے علم جفر مسلمانوں میں زیادہ مقبول رہا ہے۔ علم جفر کی دو اقسام ہیں، ایک علم الخبار جس میں عربی حروف ابجد کی قیمتیں متعین کر کے مستقبل بینی کی جاتی ہے۔ دوسرا علم الآثار جس سے مسائل کو حل کیا جاتا ہے۔ اس علم کا آغاز حضرت علی ابن ابی طالبؓ نے کیا تھا۔ اس کی وسعت قرآن کے حروف مقطعات کی تشریح سے لے کر آج روحانی الفاظ اور منتروں تک کو محیط ہے۔ بارہویں صدی ہجری یعنی اٹھارویں صدی عیسوی میں صوفی عبدالغنی النابلوسی نے بھی ایک کتاب لکھی اس میں تمام اقسام کے سحر اور عملیات جن کا علم جفر کے ساتھ گہرا ربط تھا اور اس میں دیگر اوہام اور شکوک وغیرہ کا تعلق بھی تھا، ان سری علوم کی اپنی علامتیں اور زبان ہے، جن کی تشریح بے حد مشکل ہے۔

روحانی اعمال کا وہ حصہ جو دنیاوی حل وعقد کے لیے ہوتا ہے۔ اگر اس کے ذریعے

اپنے معاملات میں رہنمائی حاصل کی جائے تو اس میں کوئی قباحت نہیں ہے، لیکن ایک بات تشریح طلب ہے کہ رُوحانی رُوح سے ہے اور رُوح کیا ہے؟ رُوحانی اعمال میں موکلات، ہمزاد کا ذکر اکثر آتا ہے، لیکن یہ موضوع پھیلتا ہی جا رہا ہے۔ جتنا اسے سمیٹنے کی کوشش کرتا ہوں اتنا ہی پھیل رہا ہے یہی حالت رہی تو جو کچھ لکھنا ہے اس کی وقعت ختم ہو جائے گی۔ اس لیے اس تشریح کو اسی جگہ تمام کر کے زیرِ تبصرہ کتاب "کلید رموزِ مخفی" کی طرف آتا ہوں۔

سری علوم میں دعوات کا علم اپنے اندر ایک خاص وصف رکھتا ہے۔ حضرت فقیر نور محمد سروری قادریؒ علم دعوات کے بارے میں فرماتے ہیں۔ "دُعا اور دعوت کے معنی دُعا کرنے یا کسی کو بلانے کے ہیں۔" دُعا یا کلام کے ذریعے جب غیب کی باطنی لطیف نوری مخلوق کو بلایا جائے اور اسے اپنے پاس حاضر کر کے اس سے استمداد اور اعانت حاصل کی جائے اور اُن کے ذریعے دینی اور دنیوی امور، مشکلات اور مہمات حل کیے جائیں اس کو دعوت کہتے ہیں۔ تمام دعوتوں اور دُعاؤں کا اصل مرجع اور معاد اللہ تعالیٰ مجیب الدعوات کا اعلیٰ دربار اور عالی سرکار ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ "تم مجھ سے دُعا مانگو میں اسے قبول کروں گا"

"شمس العارفین" میں فرمایا گیا ہے کہ جو شخص علم دعوت کو توجہ کے ساتھ ارواح کو تصرف میں لانے کے واسطے پڑھے، تو تمام اولیاء، انبیاء اور مومنوں کی روحیں اس کے ارد گرد حلقہ باندھیں۔ ان کی مدد سے پھر علم دعوت پڑھے گا ایسی دعوت ایک قدم میں مشرق سے مغرب تک اپنے حامل کے قبضے میں لے آتی ہے، اور اس کو مستجاب الدعوات کہتے ہیں۔ پھر شرح دعوت کے باب میں فرمایا کہ یہ وہ دعوت ہے کہ جس کے پڑھنے سے تمام پوشیدہ خزانے نکال کر صرف کر سکتے ہیں اور مشرق سے لے کر مغرب تک تمام بادشاہ حلقہ بگوش غلام اور مرید اور تابع ہو جاتے ہیں۔ اور یہ وہ دعوت ہے کہ اسمِ اعظم کا ورد پڑھ کر اگر کنکر یا مٹی کے ڈھیلے پر دم کیا جائے تو وہ سونا چاندی بن جائے۔ علم دعوت سے تمام ورد وظائف جاری ہو جاتے ہیں اور کلام الٰہی وجود میں تاثیر پیدا کرتا ہے، اور نفع دیتا ہے اور دل کو جمعیت بخشتا ہے اور تمام مخلوق اس کی طرف رجوع کرتی ہے۔"

جملہ علم وعلوم دعوت سے معلوم ہوجاتے ہیں۔ دعوت کی چار قسمیں ہیں۔ دعوت دم ستارہ خاکی۔ دعوت دم ستارہ بادی۔ دعوت دم ستارہ آتشی۔ دعوت دم ستارہ آبی۔ اس قسم کی دعوت سے لوگوں کے درمیان موافقت، حب، عداوت، یکتائی، جدائی اور قتل ممات وزندگی حیات کے کام کئے جاتے ہیں، لیکن اس قسم کی دعوت کا پڑھنا عامل بے توفیق کا کام ہے۔ کامل وہ ہے کہ اگر چاہے دعوت پڑھنے سے نحس کو سعد بنالے اور قہر وجلالت سے پڑھے تو نحس سعد اسعد کو ایک ہی لپیٹ میں لے لے۔ ایسے عامل کو شمار عدد ابجد حساب بروج وکواکب اور وقت سعد ونحس کی احتیاج نہیں رہتی۔ سلطان العارفین فرماتے ہیں نفسانی آدمی کو چاہئے کہ ہرگز دعوت پڑھنے کی جرات نہ کرے، اور عامل کامل ہستی کی اجازت کے بغیر کوئی چلہ، خلوت وریاضت اختیار نہ کرے۔ ورنہ رجعت لازم ہوجائے گی۔ دعوت پڑھنے کے بہت طریق ہیں۔ یہ اولیاء اللہ اور قادری بزرگوں کا شیوہ اور وصف ہے کہ وہ بہت باہمت ہوتے ہیں۔

زیر تبصرہ کتاب میں زمانہ قدیم کی ایسی ہی لازوال دعوات جو عبرانی، سریانی اور عربی زبانوں میں تھیں بڑی شرح اور وضاحت کے ساتھ تحریر کردی گئی ہیں مثلاً دعوت برہتیہ، دعوت جلجلوتیہ، دعوت طلطلۃ الھواء، دعوت قسم ناصور، دعائے دہر دشیہ، دعائے قرشیہ، دعائے شیخ، دعائے عجب الآثار وغیرہ اور ان کی روحانیت کی تسخیر اور دنیاوی مسائل میں استعمال کے طریق بھی تفصیلاً بیان کئے گئے ہیں۔ یاد رہے کہ تمام اہل علم اور ماہرین روحانیت جانتے ہیں کہ ان دعاؤں اور دعوات سے قدمائے ماضی میں کام کیا ہے ان میں سے سب سے معتبر نام حضرت شیخ محی الدین ابن عربیؒ، محی الدین ابوالعباس علی بن بونیؒ، ابن طلحۃ العدویؒ، عبدالرحمان بسطامیؒ، شیخ نصیر الدین طوسیؒ، شیخ بہاؤ الدین عاملیؒ، سید حسین افلاطیؒ، شیخ صدوقؒ، حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ، الحاج التلمسانی المغربیؒ، حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ، سید عبدالفتاح طوخی مصری اور موجودہ زمانہ کے حضرت شفیق رام پوریؒ، حضرت کاش البرنیؒ اور علامہ رفیق زاہدؒ ہیں۔ حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ نے دعائے شیخ وقرشیہ کی دعوت کے بارے میں بڑی شرح وبسط سے لکھا ہے۔ لیکن پھر

بھی تشنگی رہی ہے جو عاملین وکاملین کی اسی تشنگی کو دور کرنے کے لیے اور ان دعوات کی ریاضت وتسخیرات کو عام فہم زبان میں پیش کرنے کے لیے افلاطونِ زمان، ارسطوئے دوراں، ماہر روحانیت، محسنِ انسانیت اور عصر حاضر کے عظیم روحانی سکالر حضرت علامہ پیر صوفی غلام سرور شباب قادری مدظلہ العالی نے بیڑا اُٹھایا اور قلم کو حرکت دی اور حرکت بھی ایسی دی کہ بحرِ رُوحانیت میں ایک طلاطم پیدا ہوگیا۔ اتنی تفصیل اور شرح کو جو کئی کتب اکٹھی کرنے پر بھی نہیں ملتی تھی ایک چند سو صفحات کی کتاب میں سمو دیا جیسے سمندر کو کوزہ میں بند کر دیا ہو، نام بھی کیا خوب رکھا ہے۔

کلید رموز مخفی کیا ہے؟ دعوات کی ریاضتوں کا ایک خوبصورت گل دستہ ہے، جس کی خوشبو چار دانگ عالم میں پھیلی ہوئی ہے۔ آپ کی یہ تصنیفِ جلیلہ رُوحانی تجربات کا نچوڑ، حکمائے قدیم اور علمائے مخفیات کے رُوحانی اسرار وطلسمات کا مجموعہ ہے۔ دنیائے روحانیت کے حکیمانہ، مدبرانہ لطائف واسرار کا خزینہ اور فن کے علمی وعملی عجائبات وغرائبات کا گنجینہ ہے۔

کلید رموز مخفی سری اور روحانی علوم کے عجائبات کا مہکتا ہوا گلستان ہے۔ حقائق ودقائق دعوات کا عظیم الشان روحانی انسائیکلوپیڈیا ہے۔ علمائے سابقین کے علمی وفنی اسرار ورموز پر مشتمل نایاب کتب کا ایک نادر ونایاب ذخیرہ ہے۔ چونکہ کسی بھی کتاب کی عظمت ومقبولیت کا انحصار اس کے مصنف کی علمی وفنی قابلیت پر ہوتا ہے، لیکن یہ مصنف تو کسی تعارف کا محتاج ہی نہیں ہے۔ حضرت غلام سرور شباب صاحب کے قلم سے اس ایٹمی دور میں ایک سے ایک بڑھ کر ایٹمی شاہکار اپنی آب وتاب سے چمکتا دمکتا ہوا منظرِ عام پر آتا ہے اور حاسدین واشتہاری عاملین کی اس شاہکار کو دیکھ کر سٹی گم ہوجاتی ہے اور نبض رُک جاتی ہے۔

عامل باعمل، صوفی باصفا، فاضل علوم مخفی، پیر طریقت جناب حضرت علامہ پیر صوفی غلام سرور شباب قادری مدظلہ العالی مصنف ''کلید رموز مخفی'' کی علمی شخصیت برصغیر پاک وہند میں ہی محتاج تعارف نہیں بلکہ دنیا کے تمام براعظموں میں موصوف کے نام کا ڈنکا بج رہا ہے۔ محترم المقام رُوحانی سلسلہ کی متعدد معرکۃ الآرا کتابوں کے مصنف ہیں۔ جن کے بارے میں احباب اچھی

طرح واقف ہیں۔ موصوف میرے رُوحانی بھائی اور محترم و مکرم دوست ہیں۔ میں حیران ہوتا ہوں بلکہ آج تک سمجھ ہی نہیں سکا کہ اِن میں کون سا رُوحانی تابکاری مادہ ہے جو اِن کو بروقت متحرک رکھتا ہے، اور یہ اپنی علمی و رُوحانی مصروفیات سے تالیف و تصنیف کا وقت کیسے نکال لیتے ہیں۔ میں نے بڑی کوشش کی ہے کہ وہ گُر مجھے بتا دیں مگر ہر دفعہ بچ کر نکل جاتے ہیں۔ میں بانگِ دہل اِس بات کا اقرار کرتا ہوں کہ اِس کتاب کے منظرِ عام پر آنے سے عاملین و کاملین کی علمی پیاس کافی حد تک بجھ جائے گی اور تشنگی دور ہو جائے گی۔ اور شائقین رُوحانیت اِس نادر و نایاب طلسماتی و رُوحانی فیوض و برکات کے اسرارِ مکنونہ اور رموزِ مکتومہ کے بے پایاں سمندر کو حاصل کرنے کے بعد یہ محسوس کریں گے کہ وہ ایک گنجِ مخفی کو حاصل کر چکے ہیں۔

دُعا گو ہوں کہ اللہ رب العزت بصدقہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے ان کو صحت و تندرستی اور عمرِ خضری عطا فرمائے، تاکہ یہ اسی طرح آئندہ بھی انسانیت کی فلاح کے لیے کام کرتے رہیں ان کی ہمت کاوش اور عظمت کو سلام پیش کرتا ہوں۔

"گر قبول افتد زہے عز و شرف"

دُعا گو

حکیم سرفراز احمد زاہد

رحمان کالونی، اللہ شافی چوک۔ ملتان

23 اپریل 2012ء بمطابق 2 جمادی الثانی 1433ھ

پُر اسرار علوم کے رازوں کی چابی

فقیر سائیں صوفی سردار خان قادری

درگاہ حضرت صوفی فقیر سائیں خدا بخش قادریؒ

بھاگ ناڑی ضلع بولان بلوچستان سے اپنے خیالات کا اظہار فرماتے ہیں

تمام تعریفیں خدائے بزرگ و برتر کے لیے اور لاکھوں کروڑوں درود و سلام خواجہ کائنات شہنشاہِ دوعالم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر اور آپ کی آل پاک پر، جن کی بدولت دنیا علم سے روشناس ہوئی۔

امابعد! ہر وجود پہلے عالم باطن یعنی رُوحانی دنیا میں موجود ہوتا ہے جب قدرت اس کا اظہار چاہتی ہے تو اِس دنیا کے مادی اسباب پیدا کر کے اِسے مادی دنیا یعنی عالم ظاہر میں بھیج دیتی ہے۔ اِس کا مطلب یہ ہوا کہ اس مادی دنیا کا ہر وجود پہلے عالم باطن میں موجود ہوتا ہے اس لحاظ سے ایک وجود کے دو وجود ہوئے، ایک رُوحانی دنیا کا وجود، دوسرا مادی دنیا کا وجود۔

جیسا کہ قرآنِ پاک سے بھی واضح ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کا وجود پہلے عالم باطن میں تخلیق ہوا، جب اس کا اظہار چاہا تو اِسے مادی دنیا میں بھیج دیا گیا اِسی طرح قرآن پاک بھی پہلے عالم باطن میں تھا جو اس وقت مادی دنیا میں ضوفشاں ہے۔ ہر وجود پہلے الفاظ کی شکل میں لوحِ محفوظ میں ہوتا ہے اِسے عالم باطن کی کتابِ مبین کہا گیا ہے۔ ہر لفظ کی تین اشکال ہیں ایک لفظی دوسری وجودی تیسری معنوی شکل۔ لفظی شکل جب وجودی شکل میں ظاہر ہوتی ہے تو اس کا اظہار معنوی شکل اختیار کر لیتا ہے جیسا کہ ایک لفظ درخت ہے جب اس کا وجود سامنے آتا ہے تو اس کی ذاتی شکل و صورت معنوی شکل میں ڈھل جاتی ہے پھر معنوی شکل کے خواص کا اظہار ہوتا ہے۔ اس طرح ایک لفظ کی پانچ اشکال ہوئیں پہلے عالم باطن کی شکل دوسری عالم ظاہر کی شکل تیسری لفظی شکل چوتھی وجودی شکل پانچویں معنوی شکل، اس طرح ہر شکل ایک ایک وجود رکھتی ہے۔

انسان کے منہ سے نکلے ہوئے الفاظ خیالات کی تصویر ہیں اور خیالات وہ لہریں ہیں

جو دماغ سے اُٹھتی ہیں یہ لہریں ارادی اور غیر ارادی ہوتی ہیں جو کسی تاثیر سے خالی نہیں، دُعائیہ اور تعریفیہ الفاظ سے دوسرا شخص خوش ہوتا ہے جیسا کہ شاباش کا لفظ طالب علم کا حوصلہ بلند کر دیتا ہے کسی مریض کے سرہانے تشفی کے الفاظ تسکین کا باعث بن جاتے ہیں اور مریض بول اُٹھتا ہے کہ آپ کے آنے سے میری تکلیف کم ہوگئی ہے۔

گالی گلوچ اور نفرت آمیز الفاظ سے دوسرا شخص غضب ناک ہو جاتا ہے گالی کوئی تلوار، رائفل نہیں بلکہ چند الفاظ کا مجموعہ ہے جو ایک شخص کے ادا کردہ الفاظ دوسرے شخص کو ضرور متاثر کرتے ہیں یہی الفاظ کی قوت اور تاثیر ہے ہر لفظ جذباتی قوت کا ایک یونٹ یا ایٹم ہے جس کے پیچھے کوئی مخفی طاقت ضرور کارفرما ہے آواز اور الفاظ یہ دونوں مخفی قوت کے ماٰخذ ہیں۔

جب عام شخص کے الفاظ میں قوت اور تاثیر ہے تو کیا الہامی الفاظ میں قوت اور تاثیر نہیں ہو سکتی؟ یقیناً الہامی الفاظ میں اتنی طاقت اور تاثیر ہے جن سے ہر قسم کی امراض اور پریشانیاں ختم ہو جاتی ہیں۔

علم ایک ایسی قوت ہے جو کائنات کو مسخر کرتی ہے عبادات وہ توانائی ہے جو حدود زمان و مکان کو توڑ کر اللہ تعالیٰ کے قریب کر دیتی ہے عبادت سے دل مسخر ہوتے ہیں اسرارِ غیب کھلتے ہیں ۔کائنات کی وسعتیں سمٹ جاتی ہیں علم سے دماغ کو جلا اور عبادت سے رُوح کو نور عطا ہوتا ہے، انسان کو فرشتوں پر برتری علم کے باعث ہے۔

روحانی و مخفی علوم جنہیں سری علم بھی کہا جاتا ہے وہ علم ہے جس سے حجاب کے پردے کھل جاتے ہیں، زمین کے دفینے نظر آنے لگتے ہیں۔ آئندہ درپیش واقعات کی فلم دیکھی جاتی ہے اسی علم سے ایک پاک ہستی بیک وقت کئی مقامات پر موجود ہو سکتی ہے۔ اسی علم سے پرندوں کی آواز سمجھی جاتی ہے۔ اسی علم کی طاقت سے آنکھ جھپکنے سے پہلے حضرت سلیمان علیہ السلام کے سامنے ملکہ سبا کا تخت لایا گیا ان تمام واقعات کی قرآن پاک کی سورہ کہف اور سورہ نمل سے تصدیق ہوتی ہے۔

عزت مآب عالی جناب پیر طریقت علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری سرکار دامت برکات کی تصنیف جلیلہ ''کلید رموزِ مخفی'' کے اندر کچھ ایسے ہی پُر اسرار طلسماتی و رُوحانی علوم کے رازوں کو آشکار کیا گیا ہے۔ زمانہ قدیم کی نایاب ترین عربی، عبرانی اور سریانی دعوات اور دُعاؤں کا مجموعہ کتاب کی شکل میں پیش کیا ہے۔ اور نہ صرف دعوات تحریر فرمائی ہیں بلکہ ان کی شرح اور وضاحت ریاضات کے طریق اور شعبہ ہائے زندگی کے مختلف مسائل کے حل کے لیے بہت سارے اعمال درج فرمائے ہیں۔ جہاں یہ کتاب ایک عام قاری کے لیے علوم مخفی کا ایک بیش بہا علمی خزانہ ہے وہاں عاملین و کاملین کے لیے بھی ایک نایاب رُوحانی تحفہ ہے۔ ایک ایسی کتاب جو ہزاروں کتب سے بے نیاز کرنے والی کتاب ہے۔

میری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مصنف موصوف کو دین و دنیا کی نعمتوں سے مالا مال فرمائے اور قارئین کو اس کتاب کے جملہ اعمال سے استفادہ کی توفیق عطا فرمائے۔ ایک بات یاد رکھنے والی اور بڑی لازم ہے کہ جس طرح دنیا کے تمام تر فنون بغیر استاد کی رہنمائی کے آدمی نہیں سیکھ سکتا اسی طرح رُوحانیت اور رُوحانی و سری علوم بغیر استاد کے حاصل کرنا نہ صرف مشکل ہے بلکہ ناممکن ہے۔ روحانی علوم و فنون کی تعلیمات کے حصول کے لیے کسی عامل کامل شخصیت کی باقاعدہ شاگردی اختیار کرنا اشد ضروری ہے۔ ورنہ رجعت ہو جانا لازمی امر ہے۔ جو افراد بغیر استاد کی رہنمائی کے ان علوم کی دنیا میں قدم رکھتے ہیں انہیں سوائے پریشانی اور وقت کی بربادی کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ اگر یہ رہنمائی مصنف سے حاصل کی جائے تو سب سے بہتر اور افضل ہے۔ میرا مشورہ یہی ہے کہ کلید رموز مخفی کے جملہ اعمال سے استفادہ کے لیے پیر صاحب موصوف سے اجازۃ عملیات حاصل کریں۔

دُعا گو

خادم الفقراء فقیر سردار خان قادری

بھاگ ناڑی ضلع بولان بلوچستان

حضرت کی تمام تصنیفات اپنا ایک الگ مقام رکھتی ھیں

حضرت خواجہ مولانا صوفی محمد ایوب علی خان

قادری جہانگیری خوشحالی سروری

کرناٹک بھارت سے اپنے خیالات کا اظہار فرماتے ھیں

اس وقت ہمارے مطالعہ میں ''کلید رموزِ مخفی'' کا مسودہ ہے، جو ایک ایسی شخصیت کی تصنیف ہے جو عامل وکامل اور صاحبِ شریعت وطریقت بھی ہے اور صاحبِ تصانیفِ کثیرہ بھی حضرت جہاں ایک عظیم محقق، مصنف ومؤلف ہیں وہیں عامل باعمل اور پیر طریقت بھی ہیں۔ آپ کا اسمِ گرامی حضرت علامہ پیر طریقت رہبر شریعت قاطع کفر وبدعت حامی اہل سنت شیخ الکامل حضور قبلہ غلام سرور شباب قادری، قلندری، منعمی، جہانگیری ابوالعلائی۔ جن کی درجنوں کتب منظر عام پر آچکی ہیں مثلاً ردِ سحر جو تین حصوں پر مشتمل ہے۔ فیضان القرآن، فیضان الحروف، رُوحانی خطوط، آسیبی قوتوں سے نجات، مصباح الارواح، عکس لوح محفوظ، ریکی ہیلنگ کورس، پیرانامل علوم کا خلاصہ، معراج معرفت، شاہراہ طریقت جو عوام وخواص کے لیے باعثِ تسکین قلب ونظر ثابت ہوئی ہیں۔

اس وقت جو کتاب آپ کے ہاتھوں میں ہے وہ ''کلید رموز مخفی'' ہے۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس میں حضرت موصوف نے بے شمار مخفی رازوں کو آشکار فرمایا ہے۔ ایک ایک راز گنج بے بہا ہے۔ یہ کتاب آپ کو ہزاروں کتب سے بے نیاز کردے گی۔ حضرت کی تمام تصنیفات اپنا ایک الگ مقام رکھتی ہیں۔ جس سے تمام دنیا فیضیاب ہو رہی ہے اور ہمیشہ ہوتی رہے گی۔

ہم اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دُعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو مقبول عام وخواص بنائے اور مصنف موصوف کے علم وعمل میں برکت فرمائے۔ آمین ثم آمین

خیر اندیش: صوفی محمد ایوب علی خان قادری، جہانگیری، خوشحالی، سروری

پینشن محلہ ہاسن سٹی۔ ناگ لکشمی کمپاؤنڈ، چوتھا کراس۔ کرناٹک۔ بھارت

باب نمبر 1

اس باب دعوت برھتیہ اور دعائے بشمخ کا تذکرہ کیا گیا ھے

1. دعوت برھتیہ کے اٹھائیس اسماء کے درست تلفظ اعراب کے ساتھ
2. اسمائے برھتیہ کے متبادل عربی اسمائے باری تعالیٰ
3. اسمائے برھتیہ کے منسوبی حروفِ ابجد اور منازل قمریہ
4. دعوت برھتیہ اور قدیم عاملین وکاملین کی روایات
5. دعائے بشمخ اور اس کی ریاضت
6. دُعائے بشمخ کے جملہ اعمال
7. دعوت برھتیہ منظوم
8. دعوت برھتیہ کے اٹھائیس اسماء اور ان کے خواص
9. دعوت برھتیہ کی ریاضت کا خاص طریقہ

دعوت برھتیہ

4۔ اگر کسی کو بہت زیادہ وسوسے پیدا ہوتے ہوں اور اس کی وجہ سے کام بگڑ جاتے ہوں۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ روزانہ شہد پر اس شعر کو تین مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد یہ پڑھے۔ "سُبْحَانَ الملك القدوس الخلاق الفعال اِن یشا یذھبکم وَیَاْت بخلقٍ حدیدٍ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللهِ بِعزیز۔ پھر سورہ الناس سات مرتبہ پڑھے اور شہد پر دَم کر دے اور صبح دوپہر شام تھوڑا تھوڑا کھا لیا کرے۔ چند یوم میں وسوسے ختم ہو جائیں گے۔

چوتھے شعر کے خواص و افعال

فَکُنْ یَا اِلٰہِیْ کَاشِفَ الضُّرِّ وَالْبَلَا

بِہِیْ خَلَا مِنِّیْ بِہَلْ بِہَلُہَلَتْ

1۔ جو اگر کوئی چاہے کہ اللہ تعالیٰ اُسے غموں، دُکھوں، پریشانیوں اور دشمنان کے شرر سے محفوظ رکھے۔ اور اللہ تعالیٰ کاروبار میں خیر و برکت اور روزی رزق میں اضافہ فرمائے تو اس شعر کو صبح و شام ایک سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ انشاء اللہ مندرجہ بالا مقاصد پورے ہوں گے۔

2۔ کسی کو اپنی محبت میں بے قرار کر کے اپنی طرف مائل کرنا اور فرمانبردار کرنا ہو تو مطلوب کا پختہ تصور رکھ کر اس شعر کو مغرب کے بعد چار سو مرتبہ پڑھا جائے۔ ایک ہفتہ تک مسلسل ریاضت کی جائے تو اُس کا دل خود بخود تمہاری محبت میں مائل ہو جائے گا۔

3۔ اگر کوئی چاہے کہ اللہ تعالیٰ اُس کے رزق میں آسانی پیدا فرمائے۔ یا حصول علم میں ترقی کی خواہش ہو، تو اس شعر کو ہر نماز کے بعد پچیس مرتبہ ہمیشہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ جملہ مقاصد پورے ہوں گے۔

4۔ اگر کوئی فرد چاہے کہ مال تجارت میں منافع کثیر ہو، گاہک اس کی طرف متوجہ ہوں، اور کاروبار میں خوب ترقی ہو۔ یا کوئی فرد سحر جادو سے معقود کر دیا گیا ہو تو، یا کسی کنواری لڑکی کی شادی نہ ہو رہی ہو تو ان تمام مقاصد کے لیے اس شعر کو بھوج پتر پر لکھ کر بطور تعویذ گلے میں ڈالا جائے

پانچویں شعر کے خواص و افعال

وَاَحْیِ اِلٰہِیْ الْقَلْبَ مِنْ بَعْدِ مَوْتِہٖ

بِذِکْرِکَ یَاقَیُّوْمُ حَقًّا تَقَوَّمَتْ

1۔ چوتھے اور پانچویں یعنی دونوں اشعار کو کسی پلیٹ میں مشک و زعفران اور ماء الورد کی روشنائی سے تحریر کر کے پھر آب زم زم سے دھو کر ایسے مریض کو پلایا جائے جو نسیان، خفقان قلب میں مبتلا ہو تو انشاء اللہ تعالیٰ اُسے شفا ہو گی۔

2۔ اگر کوئی مندرجہ بالا دونوں اشعار کو روزانہ پندرہ مرتبہ ہمیشہ پڑھتا رہے تو اللہ تعالیٰ اس کے دِل سے کھوٹ، حسد، بغض اور تکبر نکال دے گا اور اُسے اچھے اخلاق، قوت فہم اور علم حکمت عطا فرمائے گا۔

3۔ اگر کوئی ان دونوں اشعار کو ہمیشہ بکثرت پڑھتا رہے تو اللہ تعالیٰ اُسے گمنامی کے اندھیروں سے نکال کر شہرت بخشے گا۔ لوگوں میں عزت و احترام بڑھے گا۔

4۔ اگر کوئی مندرجہ ذیل نقش کو مشک و زعفران اور ماء الورد کی روشنائی سے پوست آہو یا بھوج پتر پر لکھے اور نقش کے چاروں طرف دونوں اشعار بھی لکھے جمعہ کے روز ساعت اول میں اور اسے اپنے پاس رکھے اور دونوں اشعار کو روزانہ اٹھارہ مرتبہ پڑھتا رہے تو اللہ تعالیٰ اُسے خلقت میں مشہور کر دے گا۔ روزی رزق میں اضافہ ہو گا۔ لوگوں کے دلوں عزت و احترام بڑھ جائے گا۔ اور ایک زمانہ اطاعت کے لیے حاضر ہو گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ق	ی	و	م
۴۹	۵۶	۵۱	.
و	م	ق	ی
۵۴	۵۲	۵۰	.
م	و	ی	ق
۵۳	۴۸	۵۵	.
ی	ق	م	و

5۔ جس کے پاس یہ نقش مبارک ہو۔ اللہ تعالیٰ اس کے دل کو زندہ کرے گا۔ اس نقش کا حامل اللہ تعالیٰ کی اطاعت پر کمر بستہ ہو گا۔ اور اس کا اخلاق بڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے ظاہر

و باطن کو منور فرمائے گا۔ اس کے رزق میں ترقی اور خیر و برکت ہوگی۔ اور وہ برائیوں سے بچا رہے گا۔ قمر زائد النور کے ایام میں کسی سوموار کے روز یا شرف قمر کے وقت یہ نقش زعفرانی روشنائی سے تحریر کیا جائے اور اس کے چاروں طرف ایک اس شعر بھی لکھا جائے۔ پھر عنبر کی خوشبو سے معطر کر کے پاس رکھا جائے اور حامل نقش کے لیے ضروری ہے کہ روزانہ القیوم کا ورد ایک سو چھپن مرتبہ کرے اور اس عمل کی مداومت کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ وہ سب کچھ حاصل ہوگا جس کا ذکر کیا گیا ہے۔ نقش مبارک یہ ہے۔

۸۷۶

ال	ق	ی	و	م
۳۱	۴۵	۴۲	۳۸	۰
ق	ی	و	م	ال
۴۳	۳۷	۳۲	۴۴	۰
ی	و	م	ال	ق
۳۶	۴۰	۴۷	۳۳	۰
و	م	ال	ق	ی
۴۶	۳۴	۳۵	۴۱	۰
م	ال	ق	ی	و

ساتویں شعر کے خواص و افعال

1۔ جو شخص اس شعر کو روزانہ ایک سو ساٹھ مرتبہ پڑھے اور اس پر ہمیشہ کاربند رہے تو اللہ تعالیٰ اس کے دل، یقین اور ایمان کو ہموار فرمائے گا۔ اس کے تمام کاموں میں آسانی، رزق

میں فراخی ہوگی، اور وہ اللہ کی اطاعت پر ثابت قدم رہے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے تمام کاموں کی حقیقتوں اور مخفی رازوں سے مطلع فرمائے گا۔ شعر یہ ہے۔

وَزِدْنِی یَقِیْنًا ثَابِتًا بِكَ وَاَتْقَا
بِحَقِّكَ یَا حَقُّ الْاُمُوْرِ تَیَسَّرَتْ

2۔ جو کوئی اس شعر کو ایک ہزار اسی مرتبہ روزانہ پڑھے اور اس عمل کو ہمیشہ جاری رکھے تو اللہ تعالیٰ اُسے اپنی اطاعت پر ثابت قدم رکھے گا۔ اور پوشیدہ رازوں پر مطلع فرمائے گا۔ اور تمام کاموں کی حقیقتوں کو ظاہر فرمائے گا۔

3۔ اس نقش مبارک کو ایسے وقت تحریر کریں جبکہ قمر ثابت بروج میں سے کسی برج میں ہو، اور اس نقش کے چاروں طرف شعر مندرجہ بالا ایک ایک مرتبہ تحریر کریں۔ پھر جس چیز کا استحکام مطلوب ہو، اس پر آویزاں کر دیں۔ مثلاً مکان، دفتر، کارخانہ جات وغیرہ انشاء اللہ ہمیشہ قائم و دائم رہے اور اسے کبھی زوال نہ آئے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۹	۳۳	۳۰	۲۶
۳۱	۲۵	۲۰	۳۲
۲۴	۲۸	۳۵	۲۱
۳۴	۲۲	۲۳	۱۹

4۔ حاکم افسر کی تسخیر اور مقدمات میں فتح یابی کے لیے مندرجہ ذیل نقش ہرن کی جھلی پر تحریر کریں اور اس کے طرف ایک ایک مرتبہ شعر بھی لکھیں اور پھر اس پر ایک سو آٹھ مرتبہ یہی شعر پڑھ کر دم کریں، اور اپنے پاس رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاکم حاجت پوری کرے گا اور مخالفت بالکل نہ کرے گا مقدمہ میں فتح ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۵	۴۰	۳۳
۳۴	۳۶	۳۸
۳۹	۳۲	۳۷

آٹھویں شعر کے خواص و افعال

وَصُبَّ عَلٰی قَلْبِیْ شَآئِبُ رَحْمَةٍ

بِحِکْمَةِ مَوْلَانَا الْحَکِیْمِ فَأُحْکِمَتْ

1۔ جو شخص ہر روز بلا ناغہ روزانہ چوہتر مرتبہ صبح و شام اس شعر کو پڑھتا رہے تو اللہ تعالیٰ اُسے صاحبِ حکمت اور صاحبِ کشف کر دے گا۔

2۔ جو فرد اس نقش کو لکھے اور اس کے چاروں طرف یہ شعر بھی لکھے اور پھر اسے اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ اُسے خلقت کے شر اور شیاطین و ظالم افراد کے شر سے محفوظ رکھے گا۔

۷۸۶

۸۵	۸۸	۹۱	۷۸
۹۰	۷۹	۸۴	۸۹
۸۰	۹۳	۸۶	۸۳
۸۷	۸۲	۸۱	۹۲

3۔ اگر کوئی اس شعر کو بکثرت روزانہ مسلسل پڑھتا رہے تو اللہ تعالیٰ اُسے حکمت و دانائی عطا فرمائے گا اور روحانی علوم کے دقائق، معانی، غرائب اور اشارات کے لطائف عطا فرمائے گا۔

4۔ اس نقش کو بدھ کے روز ساعت اول میں یا شرف عطارد میں لکھا جائے اور اس کے چاروں طرف شعر کو ایک ایک مرتبہ لکھا جائے۔ اور پھر اپنے پاس رکھا جائے۔ اور روزانہ شعر کو چند مرتبہ پڑھا جائے۔ حامل نقش کے اندر اللہ تعالیٰ حکماء کے اخلاق اور آداب پیدا فرمادے گا۔ اور

اُس کے دل اور زبان سے حکمت کے چشمے جاری ہوں گے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

م	ی	ک	ح
۱۹	۹	۳۹	۱۱
۱۰	۳۲	۸	۳۸
۹	۳۷	۱۱	۲۱

5۔ جو اس شعر کو روزانہ ہر نماز کے بعد ستر مرتبہ پڑھے اور رات کو اٹھتر مرتبہ پڑھے اور اس عمل کو مسلسل جاری رکھے یہاں تک کے اللہ تعالیٰ علوم رُوحانیہ کے حقائق و دقائق اور حکمت کے پوشیدہ راز اُس پر ظاہر فرمادے۔ شیطان اُس پر کبھی حاوی نہ ہو سکے گا۔

6۔ اگر یہی شعر کند ذہن بچے یا بڑے کو کسی صاف برتن پر مشک و زعفران سے لکھ کر پھر آب زم زم سے دھو کر پلایا جائے تو اُس کا حافظہ قوی ہو جائے گا۔

ناویں شعر کے خواص و افعال

1۔ اگر کوئی اس شعر کو ظالم کے پاس پڑھے تو ظالم اُس کے سامنے جھک جائے گا۔ اور اُسے کوئی تکلیف نہ پہنچا سکے گا۔ بلکہ اُس کی حاجت پوری کرے گا۔

اَحَاطَتْ بِنَا الْاَنْوَارُ مِنْ کُلِّ جَانِبٍ

وَھَیْبَةُ مَوْلَانَا الْعَظِیْمِ بِنَا عَلَتْ

1۔ جو کوئی کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کر کے حاضر کرنے کا ارادہ کرے تو مندرجہ ذیل نقش لکھے اور اس کے نیچے ایک مرتبہ شعر لکھے اور پھر مندرجہ ذیل عزیمت تحریر کرے۔ اور پھر اسے جاوی لوبان، مصطگی رومی اور کزبرہ کا بخور دے اور پھر شعر مع عزیمت کا ستر مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کرے اور اپنے پاس رکھے تو مطلوب جلد اُس کے پاس فرمانبردار ہو کر حاضر ہوگا۔ نقش اس طرح لکھا جائے گا۔ جو یہ ہے۔

٧٨٦

١٠٢٣	١٠٢٨	١٠٢١
١٠٢٢	١٠٢٤	١٠٢٦
١٠٢٧	١٠٢٠	١٠٢٥

اَحَاطَتْ بِنَا الْاَنْوَارُ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ۔ وَهَيْبَةُ مَوْلَانَا الْعَظِيْمِ بِنَا عَلَتْ تَرْهُوْشٍ۔ خَرْهُوْشٍ۔ بَرْهُوْشٍ اَحْلِبُوْا وَهِيْجُوْا قَلْب (نام مطلوب مع والدہ) اِلٰى مُحَبَّةِ (نام طالب مع والدہ) بِحَقِّ هٰذَا الْاَسْمَاءِ۔

2۔ جو شخص اس طلسم کو سفید کاغذ پر لکھے اور اس کے چاروں طرف شعر لکھے اور نیچے مندرجہ ذیل عزیمت لکھے پھر اس پر مطلوب کا پہنا ہوا کپڑا لپیٹ کر کندر اور کز برہ کا بخور روشن کر کے طلسم کو خوشبو دار روغن سے تر کر کے جلائے اور شعر کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور ہر سینکڑہ پر سات مرتبہ عزیمت کو پڑھے انشاء اللہ ایک ہی رات کے عمل سے مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔ طلسم یہ ہے۔

٧٨٦

١١	٢٩	٨٤
٣١٨	٧٤٨	ح٠٧
بیض	•	لطن

بِصَلْصَلٍ۔ بِطَلْطَلٍ۔ بِكَلْكَلٍ۔ بِمَا عَلَا عِلْجٍ وَبَعْدِهَا تَوَكَّلُوْا يَا خُدَّامُ الطِّلَسْمِ وَاَحْلِبُوْا وَخَلِّبُوْا قَلْب (نام مطلوب مع والدہ) اِلٰى مُحَبَّةِ (نام طالب مع والدہ)۔

3۔ جو کوئی اس شعر کو ایک مرتبہ لکھے پھر یہ طلسم لکھے۔ "ث دہ و ش حجج ددد ههه ووو ششش يَا خُدَّامُ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ وَالْبَيْتِ بِحَقِّهَا عَلَيْكُمْ وَحُرْمَتِهَا لَدَيْكُمْ اِحْلِبُوْا وَهَيِّجُوْا قَلْب (نام مطلوب مع والدہ) بِالْمَحَبَّةِ الصَّادِقَةِ۔ جمعرات کے دن سورج نکلنے سے

پہلے لکھے اور پھر اس پر شعر کو تین ہزار مرتبہ جمعہ کی رات کو پڑھے پھر ایسا روزانہ سات راتوں تک کرے۔ ساتویں رات لکھے ہوئے کو اپنے سر پر رکھے اور پڑھے صبح ہوتے ہی مطلوب عاجز اور فرمانبردار ہو کر حاضر ہوگا بے شک پہلے سخت دشمنی ہو۔ بعض اوقات ساتویں رات سے قبل ہی حاضر ہوگا مگر روزانہ لکھے ہوئے کو سر پر رکھ کر تلاوت کریں۔ دوران عمل بخور صندل اور جاوی کا روشن کریں۔

دسویں شعر کے خواص و افعال

1۔ جو شخص پڑھے اس کو روزانہ ستر مرتبہ پڑھے اور روزانہ پڑھتا رہے تو اللہ تعالیٰ اُسے گناہوں سے دُور رکھے گا اور اپنی اطاعت کی توفیق دے گا۔ شعر یہ ہے۔

فَسُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ يَا خَيْرُ بَارِئٍ
وَيَا خَيْرَ خَلَّاقٍ وَيَا خَيْرَ مَنْ بَعَثْ

2۔ جو فرد اس نقش کو لکھے اور اس کے چاروں طرف شعر کو ایک ایک مرتبہ لکھے شرف قمر کے اوقات میں اور نیچے جو بھی مقصد ہو وہ تحریر کر کے اپنے پاس رکھے تو جلد اُس کی حاجت پوری ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

ی	ر	با
۴	١١	١٩٧
١٩٩	٢	١٢

3۔ جو شخص اس نقش کو طائع بروج آتشی میں لکھے، چاروں طرف ایک ایک مرتبہ شعر بھی لکھے اور نقش کے مخصوص خانوں میں اپنا نام اور اپنی بیوی کا نام تحریر کرے۔ اور پھر اس نقش کو اپنے پاس رکھے اور اپنی بیوی سے جماع کرے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے اُس کی بیوی حاملہ ہو جائے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

غ	ل	ا	ق
۲	۹۹	۱۰۱	۲۹
۹۸	نام مرد	۳۲	۱۰۲
۳۱	۶۵۳	۱۹۷	نام عورت

گیارھویں شعر کے خواص وافعال

1۔ اگر کوئی اس شعر کو اس نقش کے چاروں طرف ایک ایک مرتبہ لکھے اور پھر اسے عود اور مشک کا بخور دے کر اپنے پاس رکھے اور روزانہ اسی شعر کو بکثرت پڑھتا رہے۔ تو اللہ تعالیٰ اُس کے رزق اور روزی میں اضافہ فرمائے گا۔ شعر اور نقش یہ ہے۔

أَفِضْ لِي مِنَ الْأَنْوَارِ فَيْضَةَ مُشْرِقٍ

غَلِيَّ وَأَحْيِ مَيِّتَ قَلْبِي بِطَطْغَتْ

۷۸۶

۳	۱۰	۵
۸	۶	۴
۷	۲	۹

2۔ اگر کسی کے خلاف مخالفین کا اتحاد ہو اور وہ دشمنی پر اتر آئے ہوں۔ تو اس شعر کو چند مرتبہ پڑھ کر دشمنان کی طرف پھونک دیں تو وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے منتشر ہو جائیں گے۔ خواہ کتنے ہی کیوں نہ ہوں اور تمہارے خلاف ان کا اتحاد قائم نہ رہے گا۔

3۔ اگر کوئی اس نقش کو لکھ کر اس کے نیچے تین مرتبہ یہی شعر لکھے اور لوبان کا بخور دے کر دشمن کے گھر یا اُس کی زمین میں دفن کر دے تو اُس کے شر سے محفوظ رہے گا اور دشمن پر اُسے فتح حاصل ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷	۲۵	۴۷۰	۵۸۰
۱۹	۳۳	۷۴	۴۶
۲۵	۵۴	۷۶	۵۷

4۔ اگر کوئی اس نقش کو ہرن کی جھلی پر لکھے اور پھر اس کے نیچے ایک مرتبہ شعر لکھے اور پھر اسے جاوی لوبان اور مصطگی رومی کا بخور دے یہ سب کام شرف قمر ساعتِ قمر میں سوموار کے دن کرے اور پھر اس پر اٹھارہ ہزار مرتبہ اس شعر کو پڑھ کر دم کرے آئندہ شرف قمر آنے سے پہلے پہلے ،اور پھر اسے اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ اُس کے دل کو نور ایمان سے منور فرمائے اور سے کرامات کا ظہور ہونا شروع ہو جائے۔ اور اللہ تعالیٰ اُسے علم وحکمت عطا فرمائے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ط	ی	ط	غ	ت
ی	ط	غ	ت	ط
ط	غ	ت	ط	ی
غ	ت	ط	ی	ط
ت	ط	ی	ط	غ

بارھویں شعر کے خواص وافعال

1۔ جو شخص اس شعر کو روزانہ پچپن مرتبہ پڑھے اور اپنے اوپر دم کر لیا کرے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہر طرح کے شر سے محفوظ رہے گا۔

2۔ جو شخص اس نقش کو لکھے اور اس کے چاروں طرف شعر کو ایک ایک مرتبہ اور نیچے دو مرتبہ لکھے اور پھر اس پر پچاس مرتبہ یہی شعر پڑھ کر دم کرے اور عود کا بخور دے کر اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ اُسے اونچے مرتبے پر پہنچا دے گا۔ اگر ملازمت ہے تو ترقی ہوگی۔ لوگوں میں عزت و

احترام بڑھ جائے گا۔ شعر اور نقش یہ ہے۔

اَلَاوَ اَلْبِسْـــــنِـــــــی ہَیْبَۃً وَجَلَالَۃً

وَکَفَّ یَـدُ الْاَعْـدَاءِ عَـنِّـی بِـغَـلْـمَهَـتُ

۷۸۶

غ	ل	م	ه	ت
ل	م	ه	ت	غ
م	ه	ت	غ	ل
ه	ت	غ	ل	م
ت	غ	ل	م	ه

3۔ اگر کوئی چاہے کہ اُس کا دشمنان پر غلبہ رہے اور مخلوق کی برائیوں اور حاسدین کی حسد سے محفوظ رہے۔ اور کسی کی طرف سے کوئی تکلیف نہ پہنچے تو اس نقش کو جمعہ کی صبح کے وقت لکھے اور شعر کو چاروں طرف ایک ایک مرتبہ لکھے۔ اور مصطگی رومی کا بخور دے کر اپنے پاس رکھے۔ تمام مقاصد پورے ہوں گے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲	۳۵	۳۲	۲۹
۳۳	۲۸	۲۳	۳۴
۲۷	۳۰	۳۷	۲۴
۳۶	۲۵	۲۶	۳۱

4۔ اگر کوئی شخص کسی ظالم دشمن فاسق فاجر کو ہلاک، بیمار یا کسی عذاب میں مبتلا کرنا چاہے تو مندرجہ ذیل کو ایک کوزہ گلی آب نارسیدہ پر سرکہ ملی سیاہ روشنائی سے تحریر کریں۔

"اَجِبْ یَا اَحْمَرُ بِدَمْلِیخٍ۔ دَمْلِیخٍ۔ وَبِحَقِّ الْمَلِکِ الْغَالِبِ اَمْرُہٗ عَلَیْکَ

سمسیائیلُ وَافْعَلْ کذا و کذا (یعنی یہاں مقصد کا نام لے) بِفُلَانِ الفلانی (یہاں اُس کا نام مع والدہ لے)۔ پھر شعر کو ایک مرتبہ پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ اسم (غَلْمَهَتُ) تلاوت کریں۔ مندرجہ ذیل دُعا کو دس مرتبہ تلاوت کریں۔ پھر اسی طریقہ سے لوٹا اس عمل کو دس مرتبہ بے شک ظالم دشمن پر جیسا تو چاہے گا عذاب ہوگا۔ دُعا یہ ہے۔

۱۔ یَـا رَبِّ یَـا خَـالِـقَ الْبَـرَایَـا
یَـا مَـنْ تَـعَـالٰـی عَـنِ الشَّبِیْـهِ
۲۔ یَـا کَـاشِفَ الـضُّـرِّ وَالْبَلَایَـا
یَـا مَـنْ اِلَـی الْـکَـرْبِ اِرْتَـجِیْـهِ
۳۔ یَـا مُـجْـزِلَ الْـفَـضْلِ وَالْـعَـطَـایَـا
فِـیْ کُـلِّ وَقْـتٍ لِسَـائِلِیْـهِ
۴۔ یَـا مُـنْـفِـذَ الْـحُـکْـمِ وَالْـقَـضَـایَـا
وَلَا اِعْـتِـرَاضًـا عَـلَـیْـهِ
۵۔ یَـا عَـالِـمَ الْـغَـیْـبِ وَالشَّـهَـادَۃِ
یَـا مَـنْ مُـصِـیْـرَ الْـوَرٰی اِلَـیْـهِ
۶۔ یَـا مَـنْ عَـلٰـی فَـضْـلِـهٖ مِـنْ اِعْـتِـمَـادِیْ
یَـا وَاحِـدًا لَا شَكَّ فِـیْـهِ
۷۔ یَـا مُـنْـجِـدِیْ عِـنْـدَ کُـلِّ کَـرْبٍ
یَـا مُـنْـجِـحًـا قَـصْـدَ قَـاصِـدِیْـهِ
۸۔ یَـا بَـاعِـثَ الـرُّسُـلِ یَـا اِلٰـهِـیْ
اَعِـدْ نَـارًا لِـجَـاهِـدِیْـهِ
۹۔ یَـا مُـنْـزِلَ الْـغَـیْـثِ بَـعْـدَ قَـنْـطٍ

عِنْدَ احْتِيَاجٍ لِطَالِبِيهِ

١٠- يَا جَاعِلَ الْيُسْرِ بَعْدَ عُسْرٍ

يَا مَانِحَ الْخَلْقِ مَا لَدَيْهِ

١١- قَدْ ضَاقَ صَدْرِي وَقَلَّ صَبْرِي

وَتَاهَ فِكْرِي وَأَيُّ تِيهِ

١٢- وَصِرْتُ فِي شِدَّةٍ وَكَرْبٍ

مِمَّا أُلَاقِي وَأَخْتَشِيهِ

١٣- وَقَدْ تَوَسَّلْتُ بِالتِّهَامِي

نَبِيِّكَ الصَّادِقِ النَّبِيهِ

١٤- مُحَمَّدٍ أَشْرَفِ الْبَرَايَا

مَنْ بِالْفَضْلِ مَادِحِيهِ

١٥- وَبِالْكِتَابِ الْعَزِيزِ أَدْعُوا

وَبِالَّذِي أَثْبَتُّ فِيهِ

١٦- مِنْ كُلِّ رُشْدٍ وَكُلِّ خَيْرٍ

تَحْيَا قُلُوبٌ لِسَامِعِيهِ

١٧- أَجِبْ سُؤَالِي وَانْظُرْ لِحَالِي

وَلَا تُخَيِّبْ مَا أَرْتَجِيهِ

١٨- وَعَافِ جِسْمِي بِحُسْنِ لُطْفٍ

مِنْ كُلِّ دَاءٍ يَكُونُ فِيهِ

١٩- وَخُذْ بِثَارِي فَأَنْتَ رَبٌّ

مُهَيْمِنٌ قَادِرٌ عَلَيْهِ

٢٠- مِمَّنْ تَعَدَّى عَلَيَّ ظُلْمًا

وَسَاءَنِي بِالْأَسَى الْكَرِيهِ

٢١- يَا رَبِّ حَقِّقْ خَلِّصْهُ مِنْهُ

قَرِيبًا وَسُقْ لِلْبَلَايَا إِلَيْهِ

٢٢- يَا رَبِّ مَنْ سَاءَنِي بِسُوءٍ

مِنْ غَيْرِ ذَنْبٍ فَغَرَّ عَلَيْهِ

٢٣- وَخُذْ بِثَارِي مِنْهُ سَرِيعًا

وَاجْعَلْ سِهَامَكَ تُصِيبُ فِيهِ

٢٤- يُضْحِي قَتِيلًا وَلَا يُوقَى

يُصْبِحُ عِبْرَةً لِنَاظِرِيهِ

٢٥- يَا غَارَةَ اللّٰهِ لَا تَحِيرِي

عَنْ قَصْمِ خَصْمِي وَمَنْ يَلِيهِ

٢٦- جِدِّي وَسُوقِي لَهُ الرَّزَايَا

وَلَا تَقُومِي بِنَاصِرِيهِ

٢٧- وَلَا تُبْقِي لَهُ جِدَالًا

وَكُلُّ بُنْيَانِهِ أَخْرِبِيهِ

٢٩- يَا قَاسِمَ الْمُعْتَدِينَ خُذْهُ

مِنْ كُلِّ جَانِبٍ يَرْكُنُ إِلَيْهِ

٣٠- وَافْعَلْ بِهِ مِثْلَ قَوْمِ نُوحٍ

إِذَا أَنْكَرُوا وَاعْتَدَوْا عَلَيْهِ

٣١- بِجَاهِ أَزْكَى الْوَرَى التِّهَامِي

نَبِیّكَ الصَّادِقِ الْوَجِیْهِ

۳۲۔مُحَمَّدٌ مَنْ اَتٰی بَشِیْرًا

قَدْ شَرَّفَ اللّٰهُ مُقْتَدِیْهِ

۳۳۔صَلَّی اللّٰهِ عَلَیْهِ اِلَا لٰهُ دَوْمًا

مُوَاصِلًا لَا انْقِطَاعَ فِیْهِ

۳۴۔وَآلِهِ الطَّاهِرِیْنَ جَمْعًا

وَكُلِّ صَحْبٍ وَتَابِعِیْهِ

5۔ جو شخص اپنے دشمنوں کی بربادی اور پریشانی اور ذلیل وخواری دیکھنا چاہے تو مذکورہ بالا شعر کو دس مرتبہ پڑھے اور ہر مرتبہ شعر پڑھنے کے بعد اسم (غَلْمَهْتْ) کو ایک سو مرتبہ تلاوت کریں۔ پھر اسم باری تعالیٰ (یَا قَهَّارُ) کو سات ہزار مرتبہ پڑھے اور پھر مندرجہ ذیل دعوت کو اکتالیس مرتبہ پڑھے۔ اور پڑھتے وقت کندر کا بخور روشن کرے۔ یہ عمل دس راتوں تک متواتر کرے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے دشمن تباہ وبرباد ہو جائے گا۔ عین ممکن ہے کہ ہلاک ہو جائے۔ مگر اللہ سے ڈرتے رہیں اور ناحق کسی کو تنگ نہ کریں۔ دعوت یہ ہے۔

"یَا بَارِکْیَاشٍ۔ کُلُّ شَیْءٍ دُوْنَ عَظَمَتِكَ ذَلِیْلٌ۔ بَرَاشٍ۔ کُلُّ شَیْءٍ دُوْنَ قُوَّتِكَ ضَعِیْفٌ۔ نَمُوْشٍ۔ هُوْکَشٍ۔ کُلُّ مُنْقَادٍ لِعَظَمَتِكَ۔ بَدْرَاوَشٍ۔ اَنْتَ اَرْسَلْتَ الْمَلٰئِكَةَ مِنْ عِنْدِكَ عَلَی الشَّیَاطِیْنِ۔ یَارِشٍ۔ مَارِشٍ۔ فَلَكَ الْحُکْمُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ۔ کُوْشٍ۔ اَنْتَ رَبِّیْ وَرَبُّ کُلِّ شَیْءٍ۔ کُوْشٍ۔ اَنْتَ اَهْلَکْتَ الْمُتَمَرِّدِیْنَ بِعَظِیْمِ قَدِیْمِ اَزَلِیَّتِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّا اِیَّاكَ تُبْقِیْ وَتُفْنِیْ کُلَّ شَیْءٍ۔ اِلٰهًا جَبَّارًا وَمَلِکًا قَهَّارًا حَیًّا فِیْ اَدْیَتِكَ اشمعطلمحا اَرْسِلْ لِیْ مَلٰئِكَةَ التَّصْرِیْفِ وَجَمِیْعَ الرُّوْحَانِیِّیْنَ وَخُدَّامَ الْاَیَّامِ اشمعطلمحا۔ حلهیس۔ یَا رَحْمٰنُ سَخِّرْ لِیَ الْمُلْكَ وَالْمَلَکُوْتَ وَاجْرِ بِمُرَادِیْ الْقَضَاءَ وَالْقَدَرَ فَقَدْ دَعَوْتُكَ بِالْاِسْمِ الَّذِیْ نَجَابِهٖ مَنْ نَجَا وَهَلَكَ بِهٖ مَنْ هَلَكَ یَا حَیُّ یَا

قَیُّوْمُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا مَالِكَ الْمُلْكِ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَلَوْ تَرٰی اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ مَّکَانٍ قَرِیْبٍ اَجِیْبُوْا یَا خُدَّامَ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ وَافْعَلُوْا افْعَلُوْا کذا وَکذا فَاِنْ فَعَلْتُمْ فَلَکُمُ الْکَرَامَةُ۔ وَاِنْ اَبَیْتُمْ اَوْ اَوْ تَهَا وَنْتُمْ اَوْ عَصَیْتُمْ فَقَدْ اَرْخَصْتُمْ فِیْ ذَالِكَ سَلَّطَ اللّٰهُ عَلَیْکُمُ الزَّعَازِعَ وَالْقَوَاذِفَ وَالصَّوَاعِقَ وَالْاَرْیَاحَ الْمُتَرَادِفَةَ۔ الوحا۔ العجل۔ الساعة۔"

تیرھویں شعر کے خواص وافعال

1۔ جو کوئی روزانہ بلاناغہ اس شعر کو پچیس مرتبہ پڑھے اور اس کو ہمیشہ جاری رکھے تو اللہ تعالیٰ اُس کے مرتبے کو بلند فرمائے، ہر طرح کے خوف، غم اور مشکلات سے نجات پائے گا۔ شعر یہ ہے۔

اَلَا وَاحْجُبْنِیْ مِنْ عَدُوٍّ وَظَالِمٍ

بِحَقِّ شَمَاخٍ اَشْمَخٍ سَلْمَةٍ سَمْتٍ

2۔ اگر کسی مرد کی شہوت بستہ کر دی گئی ہو، اور وہ اپنی بیوی سے جماع کرنے میں عاجز ہو تو ایسے فرد یا کسی پر سحر جادو کے اثرات بد ہوں۔ یہ نقش لکھا جائے اور اسے چاروں طرف شعر ایک ایک مرتبہ تحریر کریں۔ پھر میعہ سائلہ اور جاوی کا بخور دے کر اپنے پاس رکھے تو جملہ مقصد پورے ہوں گے۔ اور صحت کاملہ حاصل ہوگی۔ ساحر کا کوئی حربہ کامیاب نہ ہوگا۔ اور نہ ہی دشمن کا کوئی مکر وفریب کارگر ثابت ہوگا۔ اگر کوئی قیدی اپنے پاس رکھے تو قید سے نجات پائے۔ اور اگر کسی عورت کو دردِ زہ ہو مگر بچے کی پیدائش نہ ہو رہی ہو تو یہی نقش دردِ زہ والی عورت کے گلے میں ڈال دیں فوراً ولادت ہو جائے گی۔ نقش یہ ہے۔ ۷۸۶

۷۵	۸۰	۷۳
۷۴	۷۶	۷۸
۷۹	۷۲	۷۷

3۔ کسی دشمن کے ڈر خوف سے امن، تسخیر خلق اور لوگوں میں عزت واحترام حاصل کرنے کے لیے۔ اپنی حفاظت اور تمام آفات ارضی وسماوی سے تحفظ کے لیے یہ نقش ہرن کی جھلی پر لکھا جائے۔ اور اس کے چاروں طرف شعر ایک ایک مرتبہ تحریر کرے اسے صندل کو بخور دے کر اپنے پاس رکھیں تو جملہ فوائد حاصل ہوں گے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

شماخ	اشمخ	سامة سمت
٩٣٩	١٥٣١	٩٣٣
١٥٣٢	٩٣٢	٩٣٢

چودھویں شعر کے خواص وافعال

1۔ جو شخص اس شعر کو بلاناغہ روزانہ ساٹھ مرتبہ پڑھے اور اس عمل کو ہمیشہ جاری رکھے تو اللہ تعالیٰ اُسے غنی کر دے گا۔ روزی رزق میں کشادگی ہوگی۔ اور کاروبار میں ترقی ہوگی۔ اگر پانی پر دم کر کے زہریلے جانور کے ڈسے ہوئے کو پلائے تو فوراً درد تکلیف سے آرام آجائے گا۔ اگر اسی شعر کو کسی نئے برتن پر لکھ کر پھر عرق گلاب سے دھو کر ایسے مریض کو پلایا جائے جسے باؤلے کتے نے کاٹا ہو، یا سانپ، بچھو نے کاٹا ہو۔ جذام کے مریض کو روغن زیتون سے دھو کر مالش کیا جائے انشاء اللہ سب کو شفا ہوگی۔

2۔ اگر کوئی اس نقش کو لکھے اور اس کے چاروں طرف ایک ایک مرتبہ شعر اور نیچے ایک مرتبہ پوری سورہ فاتحہ شریف اور اسے روغن زیتون سے دھو کر اُس روغن کو کسی بھی زہریلے جانور کے ڈسے ہوئے پر لگانے سے شفا ہوگی۔ فالج، رعشہ، لقوہ کے مریض کو روغن کی مالش کی جائے تو وہ بھی صحت یاب ہو جائیں گے۔ اور دیگر لاعلاج امراض کے لیے یہی عمل دھو کر پینے اور پاس رکھنے سے مریض کو صحت حاصل ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

١٨	٣١	٢٨	٢٥
٢٩	٢٤	١٩	٣٠
٢٣	٢٦	٣٣	٢٠
٣٢	٢١	٢٢	٢٧

شعر مذکورہ یہ ہے۔

بِصَمْصَامِ مِهْرَاشٍ بِحَرْفِ مُطَلْسَمْ
بِمُهْرَاشِ طَمْطَامٍ بِهَا النَّارُ أَخْمَدَتْ

پندرھویں شعر کے خواص وافعال

بِنُورِ جَلَالٍ بَارِخٍ وَ شَرَنْطَسْطَخِ
بِقُدُّوسٍ بَرْهُوتٍ بِهِ الظُّلْمَةُ انْجَلَتْ

1۔ کسی بھی مریض پر پڑھ کر دم کرنے سے مریض کو شفا حاصل ہوگی۔ اگر یہی شعر لکھ کر درد شقیقہ والے کے سر پر باندھ دیں تو درد سے آرام ہوگا۔

2۔ اگر یہی شعر تین مرتبہ لکھ کر دھو کر کند ذہن کو پلایا جائے یا جس کی پنڈلیوں میں درد رہتا ہو اُسے پلایا جائے تو شفا ہوگی۔

3۔ جو فرد اس شعر کو روزانہ بکثرت تاحیات پڑھتا رہے تو کبھی بھی بیمار نہ ہوگا۔

ہمہ قسم کے سحر و جادو سے نجات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

۲۵۵۴	۲۵۶۸	۲۵۶۴	۲۵۶۱
۲۵۶۵	۲۵۶۰	۲۵۵۵	۲۵۶۷
۲۵۵۹	۲۵۶۲	۲۵۷۰	۲۵۵۶
۲۵۶۹	۲۵۵۷	۲۵۵۸	۲۵۶۳

بحق شَرنُطَسطَخ اَلْحَیُّ الْبَاقِیْ

مذکورہ نقش تحریر کر کے مسحور کے گلے میں ڈال دیں اور یہی نقش تحریر کر کے مریض کو پینے کو دیں۔ بہتر ہوگا کہ عرقِ گلاب کی ایک بڑی بوتل میں نقش ڈال دیا جائے تا کہ مریض مسحور صبح و شام اس سے پیتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چند ہفتوں میں تمام تر اثرات ختم ہو جائیں گے۔ اگر یہی نقش فتیلہ بنا کر چراغ میں خوشبودار روغن ڈال کر رات کو مریض کے سامنے روشن کریں تو مریض مسحور کو چراغ کی لَو میں سیاہ و سفید رنگ کے بادل کے ٹکڑے نظر آئیں گے۔ اگر مسحور پر آسیبی اثرات ہوں گے تو بدنِ مریض پر آسیب ظاہر ہو جائے گا۔ یہ عمل بڑا مفید اور قوی الاثر ہے۔ اس سے سحر و آسیب دونوں کا علاج کیا جا سکتا ہے۔

سولھویں شعر کے خواص و افعال

اَلَا وَاقِضْ یَا رَبَّاہُ بِالنُّوْرِ حَاجَتِیْ

وَیَا اَشْمَخْ خَلْبًا سَرِیْعًا قَدِانْقَضَتْ

1۔ جس شخص کے کاروباری حالات موقوف ہو جائیں اور اسباب ختم ہو جائیں وہ اس شعر کو روزانہ بلا ناغہ دن اور رات کو ایک ایک تسبیح پڑھا کرے اور اس عمل کو ہمیشہ جاری رکھے۔ اللہ تعالیٰ اُسے رنج و غم اور تمام دکھ درد سے نجات بخشے گا۔ اور روزی رزق میں اضافہ ہوگا۔ اور غیب سے مدد ہوگی۔ یہاں تک کہ اُس کے حالات بدل جائیں گے۔

2۔ اگر کسی نوجوان کنواری لڑکی کا نکاح نہ ہوتا ہو، یا رشتہ کے پیغام آتے ہوں مگر کہیں بات طے نہ ہوتی ہو۔ یا ایسی عورت جو بانجھ ہو اور حمل قرار نہ پاتا ہو۔ مندرجہ ذیل طلسم لکھ کر اس کے چاروں طرف یہ شعر لکھیں اور نیچے یہ آیت مبارکہ تحریر کریں اور تعویذ بنا کر گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ تعالیٰ جملہ مقصد پورے ہوں گے۔ طلسم اور آیت یہ ہے۔

۸ ۹ ۴ ۵ ۱ ۴ ـ ۶ ۵ ۸ ۹ ۷ ۶

۱ ۸ ۱ ۹ ۲ ۰ ۴ ۰ ۵ ۴ ـ ۱ ۷ ۱ ۵ ۱ ۴ ۸

"رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ"۔

3۔ اگر کوئی اسی شعر کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ ایک ہفتہ تک پڑھے اور جو بھی مشکل ہوگی اللہ تعالیٰ کے حکم سے پوری ہو جائے گی۔

اکیسویں شعر کے خواص و افعال

بِیَاہِ بِیَاہِ نَمُوْہِ اَصَالِیَا

عَالِیَا یَسِّرْ اُمُوْرِیْ بِصَلْصَلْتُ

1۔ اگر کوئی اس شعر کو روزانہ ایک تسبیح بلا ناغہ پڑھے اور لکھ کر اپنے پاس بھی رکھے تو اللہ تعالیٰ کے ہر کام میں بہتری کے اسباب پیدا فرمائے گا۔

2۔ اگر کوئی اسے لکھ کر گھر میں یا کاروبار کی جگہ پر آویزاں کرے۔ تو گھر میں خیر و برکت ہوگی۔ اور کاروبار میں ترقی ہوگی۔ اگر کشتی میں آویزاں کیا جائے تو غرق ہونے سے محفوظ رہے گی۔ اور اگر قیدی اپنے پاس رکھے تو قید سے جلد رہائی پائے گا۔

3۔ ایسی عورت جس کے بچہ پیدا ہونے میں دیر ہو رہی ہو تو مندرجہ ذیل لکھ کر اس کے نیچے ایک مرتبہ شعر اور پھر یہ آیت تحریر کریں اور اس طلسم کو عورت کے گلے میں ڈال دیں۔ ولادت میں آسانی ہو جائے گی۔ طلسم یہ ہے۔

۷۸۶

۷۳	۴	۶۳	۷۳
۱۴	۹۲	۸۹۲	۵۲
۹۴	۱۳	۷۴	۷۳
۳۶	۲۳۲	۳۲	۷۴

"وَاللّٰہُ مِنْ وَّرَائِھِمْ مُّحِیْطٌ بَلْ ھُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ۔فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔"

بائیسویں شعر کے خواص وافعال

اَلَا وَاکْفِنِیْ یَا ذَاالْجَلَالِ بِکَافِ کُنْ

بِنَصٍّ حَکِیْمٍ قَاطِعِ السِّرِّ الْمُسْبَلٰتِ

اس شعر میں بہت زیادہ راز مخفی ہیں۔(بِنَصٍّ حَکِیْمٍ قَاطِعِ السِّرِّ) کے اندر وہ تمام حروف مخفی ہیں جو قرآن حکیم کی مختلف سورتوں کے شروع میں حروف مقطعات کی صورت میں آئے ہیں۔انہیں حروف نورانیہ بھی کہا جاتا ہے۔جو کہ تعداد میں چودہ ہیں۔قدیم عاملیں وکاملین نے ان حروف سے کئی بامعانی جملے ترتیب دئے ہیں۔ان حروف پر ہماری ایک الگ تصنیف پانچ سو پچاس صفحات پر مشتمل ''عکسِ لوح محفوظ'' کے نام سے طبع ہو چکی ہے۔جس میں ان حروف کی زکات کے چودہ طریق ہم نے درج کئے ہیں۔ان حروف سے جو بامعانی جملے ترتیب دیے گئے ہیں وہ مندرجہ ذیل ہیں۔مزید تفصیل کے لیے ہماری تصنیف ''عکسِ لوح محفوظ'' کا مطالعہ کریں۔

حروف مقطعات کے بامعنی جملے

قرآن کریم کی سورتوں کے شروع میں کچھ حروف (الم ۔ حٰم۔ طٰہٰ۔ کھیعص) وغیرہ ایسے ہیں جن کا بظاہر کوئی ترجمہ نہیں ہوتا،انہیں حروف مقطعات کہتے ہیں۔علماء کرام کی تحقیق کے نتیجہ میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ اگر قرآن مجید کے تمام حروف مقطعات کو جمع کر کے مکررات

میں ان کو حذف کردیا جائے تو صرف چودہ حروف (ص ر ا ط ع ل ی ح ق ن م س ک ہ) باقی بچے ہیں جنہیں ملا کر پڑھنے سے صرف مندرجہ ذیل عبارت یا بامعنی جملہ بنتا ہے۔

(تفسیر کشاف از علامہ زمخشری)

صِرَاطُ عَلِیٍّ حَقٌّ نُّمْسِکُہٗ

ترجمہ:۔علیؑ کا راستہ حق ہے اسے مضبوطی سے تھام لوں۔

حضرت علی ابنِ ابی طالب کی شان

کسے را میسر نہ شد ایں سعادت = بہ کعبہ ولادت بہ مسجد شہادت

کھلی جو آنکھ تو پہلے چہرۂ حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا جلوۂ تاباں دیدۂ بینا عطاء کر گیا پھر خدا کا گھر دیکھا۔جو خدا کا گھر تھا وہ علی کا گھر بنا جو بیت اللہ تھا وہ بیت علی بن گیا۔گویا قیامت تک جوار بوں در کھربوں انسان خانہ خدا کا طواف کریں گے وہ علی کی جائے پیدائش کا بھی طواف کریں گے۔ خدا کے گھر میں پیدا ہوئے اور خدا کے گھر میں شہادت کا پیغام ملا۔دوستو! تاریخ انسانی اٹھا کر دیکھو اور مجھے بتاؤ کہ علیؑ سے پہلے کس کو یہ شرف حاصل ہوا اور علیؑ کے بعد یہ شرف کس کو حاصل ہوا وہ کون سا انسان ہے جس کی زندگی کا آغاز اور انجام اتنا حسین ہو جتنا حسین آغاز اور انجام حضرت علیؑ مرتضٰی کی زندگی کا ہوا۔

تاریخ نگار اور تبصرہ نگار عجب ستم اٹھاتے ہیں اور غلط کہتے ہیں کہ پہلے ایمان کون لایا پہلے مسلمان کون ہوا۔کہتے ہیں کہ خواتین میں سب سے پہلے حضرت خدیجہؓ ایمان لائیں۔مردوں میں حضرت ابو بکر صدیقؓ ایمان لائے غلاموں میں پہلے حضرت زیدؓ ایمان لائے اور بچوں میں حضرت علیؑ پہلے ایمان لائے مگر میں کہتا ہوں دوستو! علیؑ کے بارے میں انصاف کی بات کرو۔ مسلمان کا سوال تو اس کیلئے پیدا ہوتا ہے جو پہلے کسی اور مذہب پر ہو۔ایمان لانے سے پہلے بت پرست ہو، آتش پرست ہو، پہلے کسی اور کا کلمہ پڑھتا ہو اور پھر اپنے آقا اور مولا کا کلمہ پڑھے۔ نادان کہتے ہیں کہ علیؑ پہلے مسلمان تھے۔میں کہتا ہوں کہ علیؑ پہلے ہی سے مسلمان تھے۔علیؑ جس کا

نفس نفس توحید سے سرشار تھا، جس نے آنکھ توحید پر کھولی اور جس کے اباؤ اجداد بھی توحید کا علم زندگی میں بلند کرتے رہے، جنہوں نے شرک اور بت پرستی سے اپنا دامن آلودہ نہیں کیا، جنہوں نے اسلامی نظام اور غیر اسلامی نظام میں فرق واضح کیا جو خلافت اور ملوکیت میں حد فاصل تھا۔ جس نے بتایا کہ اصول پرستی اور امانت کو اسلامی نظام سیاست میں کیا مقام حاصل ہے۔ جس نے اپنے عمل سے بتایا بھائی اگر دشمن کے پاس بھی چلا جائے تو اس کا وظیفہ بیت المال سے بند نہ ہو۔ جس نے یہ بتایا کہ لوگ ساتھ چھوڑ دیں تو چھوڑ دیں مگر ضمیروں کو خریدنے کی کوشش نہ کرو۔ جس نے یہ بتایا کہ لوگ غلط کام پر قائم رہیں تو ان پر لعنت بھیجو صحیح بات پر ڈٹے رہو چاہے اس پر جان ہی کیوں نہ چلی جائے۔ جس نے مشکل ترین لمحات میں بھی بر صغیر پاک و ہند میں رہنے والے ہم بے کسوں کو فراموش نہیں کیا آپ نے سنا ہوگا کہ اکثر کہا جاتا ہے کہ سندھ کا فاتح محمد بن قاسم ہے۔ میں کہتا ہوں کہ ادھوری سچائی ہے یہاں پھر جناب امیر کے کارناموں کو چھپانے کی کوشش کی گئی ہے۔ آج تمام شیعہ، سنی مورخ اس بات پر متفق ہیں کہ سندھ کے صوبے پر سب سے پہلا اسلامی لشکر جناب امیر کے عہد میں بھیجا گیا اور صوبہ سندھ آپ کے زمانے میں فتح ہوا۔ اہل سندھ کو اس بات پر فخر کرنا چاہیے کہ یہ سندھ علی المرتضیٰ کا تھا۔ علامہ ابن قطیبہ جو قدیم مورخ اسلام ہیں۔ وہ لکھتے ہیں امام زین العابدین کی ایک زوجہ محترمہ سندھی تھیں۔ سندھ میں انہوں نے پہلی شادی کی تھی اور ان سے حضرت زید شہید یہیں پیدا ہوئے۔

میں مرید ہاں علی دا میرا پیشوا علی ہے۔ میرے پیر دا سوالی دنیا دا ہر ولی ہے

کچھ لوگوں نے مدینۃ العلم اور باب العلم سے اعراض کیا کہ آخر یہ حروف مقطعات کیا ہیں اور انہوں قیاس پر مبنی طرح طرح کی تعبیریں کیں۔ مثلاً قیاسی عالم کا خیال ہے کہ عرب میں یہ دستور تھا کہ کلام سے پہلے کچھ کہہ لیا کرتے تھے۔ چنانچہ وہی طریقہ اللہ تعالیٰ نے اختیار کیا ہے مگر سوال یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ طریقہ صرف اٹھائیس (۲۸) سورتوں میں کیوں اختیار کیا۔ باقی چھیاسی سورتوں یہ اہم ضرورت کیوں نظر انداز کی؟ حقیقتاً صورت حال یوں ہیں کہ مسلمات سے ہے کہ کسی سلطنت کے بادشاہ ارکانِ دولت کے مابین کچھ تحریریں کلام اور رموز میں ہوتے ہیں۔ جس کے ارشادات اور کنایات غیر لوگ نہیں سمجھ سکتے۔ یہی حقیقت یہاں مضمر ہے کہ کچھ رموز حروف مقطعات کی صورت میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ اور اوصیاء رسول ﷺ کے درمیان ہیں اور یہی اسمِ اعظم ہے۔ جنہیں ملا کر نبی اکرم ﷺ اور ان کے اوصیاء کرام اسمِ اعظم بتاتے ہیں۔ جس سے دعائیں قبول ہوتی ہیں اور بادشاہ حقیقی کے امور کی تعمیل و تکمیل ہوتی ہے۔ یہاں پر جناب امیر المومنین حضرت علی ابنِ ابی طالبؑ کے مندرجہ ذیل اشعار سے مدد لیتا ہوں۔ جو انسان سے مخاطب ہو کر فرماتے ہیں۔

دَوَاؤُكَ فِيكَ وَمَا تَشْعُرُو	وَدَاؤُكَ مِنْكَ وَلَا تَبْصِرُ
وَأَنْتَ الْكِتَابُ الْمُبِينُ الَّذِي	بِأَحْرُفِهِ يَظْهَرُ مُضْمَرُ
وَتَزْعَمُ أَنَّكَ جِرْمٌ صَغِيرٌ	وَفِيكَ انْطَوٰى الْعَالَمُ الْأَكْبَرُ

1۔ اے انسان تیرا علاج تیرے اندر ہی موجود ہے مگر اس علاج کا تجھے شعور نہیں اور تیرے امراض بھی تیری ہی وجہ سے ہیں مگر تجھے اس کی سوجھ بوجھ نہیں۔

2۔ (تجھے بتائے دیتا ہوں) اور اے انسان تو ایک ایسی روشن کتاب ہے کہ جس کے ایک ایک حرف سے الگ الگ چھپی ہوئی صفات کا ظہور ہوتا ہے۔

3۔ اور تو اپنے آپ کو چھوٹا سا جسم سمجھتا ہے حالانکہ تیرے اندر ایک بڑا عالم سمایا ہوا ہے۔

صِرَاطُ مِلكٍ يَسْحَقُّ عَنْهُ

''عنقریب ظاہر ہوگا اس کی قدرت کا صحیح راستہ''

محترمہ سیدہ سکندر زہرا زیدی صاحبہ اپنی تحقیقی کتاب ''نورالہدیٰ'' جو اسرار و رموز قرآن حروف تہجی پر ہے۔ صفحہ نمبر 23 پر مندرجہ بالا جملہ تحریر فرماتی ہیں اور اس کی وضاحت میں تحریر فرماتی ہیں کہ ''جو لوگ اس بات کو تسلیم نہیں کرتے کہ علی کا راستہ صحیح ہے۔ ان پر عنقریب ظاہر ہو جائے گا کہ کون سا راستہ صحیح ہے'' اور ایک طرح سے عبارت حضرت امام مہدیؑ کی شان میں بن گئی

کہ جب آپ کا ظہور ہوگا تو حق سامنے آجائے گا۔ میں نے جب غور کیا تو میں یہ دیکھ کر چونک گئی کہ شیعہ عقائد کے مطابق (ان حروف سے جو چودہ ہیں) پہلے جو عبارت بنی وہ پہلے امام حضرت علیؑ اور اس تصدیق کے لئے جو عبارت بنی وہ آخری امام حضرت مہدیؑ کی شان میں۔ ہوسکتا ہے کہ یہ عبارت لوگوں کو مہمل لگے لیکن میرے لئے تسکین کا باعث بنی ہے اور اسی عبارت کی لگن نے مجھے ان حروف مقطعات کی تحقیق پر اکسایا" موصوفہ اسی کتاب کے صفحہ نمبر 190 پر رقم الطراز ہیں کہ "ہر نبی نے اپنے وارث کے لئے دعا کی اور اللہ تعالیٰ نے انہیں وارث عطا کیا۔" اسی طرح حضرت محمد ﷺ نے بھی اپنے علم کا وارث حضرت علیؑ کو قرار دیا اور یہ قرآن مجید کے ان حروف کا ایک بڑا معجزہ ہے کہ اس کی عبارت اس بات کی گواہ بن گئی کہ علی صراط مستقیم پر چلنے والے ہیں اور آپ کا راستہ ہی صحیح ہے۔ مُلا محسن صاحب قبلہ کی اس عبارت کو آج تک کوئی رد نہیں کرسکا۔ میرے ذہن میں بھی یہ سوال پیدا ہوا کہ یہ بات درست ہے کہ ان حروف سے یہ عبارت بنتی ہے اور کیا یہ اس بات کی سند ہے کہ حضرت علیؑ کا راستہ ہی صحیح ہے اور قرآن کے شارع آپ ہیں؟ آپ کے علاوہ کیا اور کوئی اس منزل پر نہیں؟ ذہن گھومتا رہا اور آخر کار میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ اے پالنے والے اگر تو چاہے گا تو مجھے ان حروف سے ہی جواب دے گا۔ چنانچہ اچانک یہ عبارت میرے ذہن میں آئی۔

صِراطُ ملكٍ يَسحَقُّ عَنهُ

ترجمہ = "عنقریب ظاہر ہوگا اس کی سچائی کا راستہ"

اور یہ عبارت میرے نفس کی تسکین کا باعث بن گئی اور مُلا محسن صاحب قبلہ کی بات کی سند بھی ہے۔ اگر اس بات میں شک ہے تو عنقریب اس کا ثبوت مل جائے گا اور وہ یہ کہ جب امام زمانہ کا ظہور ہوگا اور حضرت امام مہدیؑ اسلام کے ظہور کے متعلق بے شمار روایات شیعہ وسنی موجود ہیں۔ مثلاً صحیح بخاری، جامع ترمذی، صحیح مسلم اور اصول کافی، تہذیب اسلام وغیرہ میں جیسا کہ سنن ابوداؤد جز چہارم میں ہے کہ حضرت ام المومنین ام سلمہؓ سے مروی ہے کہ "میں نے رسول ﷺ اللہ

سے سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا (حضرت امام) مہدی میری اولاد میں اور اولاد فاطمہؑ سے ہوگا" صحیح بخاری میں ہے کہ "کیا ہوگا اس وقت جب تم میں سے ابن مریم نازل ہوں گے اور تمہارا امام جو تم میں سے ہوگا" (صحیح بخاری جلد دوم ۴۷) سلسلہ راویاں سے حضرت عبیداللہ روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ "قیامت اس وقت نہیں آئے گی جب تک میرے اہل بیت میں سے ایک جس کا نام میرے جیسا ہوگا بادشاہ نہ ہو جائے گا۔" (جامع ترمذی جلد دوم ۱۵۳) تو گویا ملا محسن صاحب کی عبارت اس بات کی شاہد ہوتی ہے کہ علی کا رستہ صحیح ہے اور صراط مستقیم کی راہنمائی کرنے والے رسول ﷺ اللہ کے علی ہیں اور آخری ارشاد نبوی ﷺ کے مطابق حضرت امام مہدیؑ ہیں۔

(نور الہدیٰ از سیدہ سکندر زہرا زیدی صفحہ ۱۹۱)

طَرَقَ سَمعَكَ النَّصِيحَة

ترجمہ:۔ "وہ چلا تیری نصیحت سننے کیلئے"

یہ ایک اہم واقع کی طرف واضح اشارہ ہے۔ وہ کون تھا جو نصیحت سننے کے لئے چلا؟ میں اس جملے کو حضرت عمرؓ کی طرف منسوب کرتا ہوں کیونکہ حالتِ کفر میں جناب رسالت مآب ﷺ میں قتل کرنے سے باز نہیں آرہا تھا۔ تلوار لٹکائے آخری فیصلہ کرنے جا رہا تھا کہ یکا یک پاؤں پلٹے بہن اور بہنوئی کی مذمت کی، بہن کے استقلال نے عمرؓ کو سوچنے پر مجبور کر دیا

"پھر وہ چلا نصیحت لینے"

نصیحت بھی ملی اور وصیت بھی۔ پھر حضرت عمرؓ نے اپنی پوری زندگی اسلام کی نصرت میں لگادی ۲۲ر۲۲ر۲ لاکھ مربع میل پر اسلامی پرچم لہرایا۔ سکون ملا عوام خوش کفر خائف، اسلام کا بول بالا ہوا حضرت عمرؓ کا چرچا ہوا۔ قبر قبرت نبی ﷺ میں نہ ہے، اہل علم اور اہل دل ہی حضرت عمرؓ کی خوبیاں جانتے ہیں۔

مَنْ قَطَعَكَ صِلَةً لَرِيحًا (ریح)

ترجمہ:۔ "جس نے رشتہ توڑا۔ اس سے ہوا کی مانند ملتا رہ"

''جو تجھ سے قطع تعلق کرے۔اس سے ہوا کی مانند مل''

جس وقت حضرت عائشہؓ پر تہمت لگائی گئی۔تو حضور پُر نور ﷺ کے دل پر جو گزری وہ ہی جانتے ہیں۔تاہم حضور ﷺ انتہائی درگزر سے کام لیا۔حضرت ابو بکر صدیقؓ نے اپنے عزیز مسطحؓ کی امداد بند کر دی کیوں کہ وہ الزام تراشوں کے ساتھ تھا۔حضرت عائشہؓ کی شان میں اللہ تعالیٰ نے ان کی اس تہمت سے براءت فرمائی۔

ترجمہ: ''جن لوگوں نے بہتان باندھا ہے،تم ہی میں سے ایک جماعت ہے اس کو اپنے حق میں برا نہ سمجھنا۔بلکہ وہ تمہارے لئے اچھا ہے۔ان میں جس شخص نے گناہ کا جتنا حصہ لیا اس کیلئے اتنا وبال ہے اور جس نے ان میں سے اس بہتان کا بڑا بوجھ اٹھایا ہے اس کا عذاب بڑا ہوگا'' (سورۃ النور آیت ۱۱)

حضرت ابو بکرؓ نے کہا کہ واللہ میں آئندہ مسطح کو کچھ خرچہ نہیں دونگا۔مسطح حضرت ابو بکر صدیقؓ کے عزیزوں میں سے تھے اور غریب تھے۔حضرت ابو بکر خرچ سے ان کی مدد کرتے تھے۔ لیکن اتفاق سے اس بہتان کے تذکرے میں وہ بھی شامل ہو گئے جب حضرت ابو بکر صدیقؓ نے قسم کھائی کہ وہ مسطح کو خرچ نہیں دیں گے تو اللہ تعالیٰ نے آیت نازل فرمائی۔ترجمہ: ''اور جو لوگ تم میں سے صاحب فضل اور صاحب وسعت ہیں وہ اس بات کی قسم نہ کھائیں کہ رشتہ داروں اور محتاجوں اور وطن چھوڑ جانے والوں کو کچھ خرچ پات نہیں دیں گے۔ان کو چاہیے کہ معاف کر دیں اور درگزر کریں۔کیا تم پسند نہیں کرتے کہ خدا تم کو بخش دے؟ اور اللہ تو بخشنے والا مہربان ہے'' (سورۃ النور آیت ۲۲)

مَنْ قَطَعَكَ صِلْهُ لَرِيحاً

اسی واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔تفصیل کے لئے تفسیرات کا مطالعہ کریں ہم نے مختصر طور پر بتا دیا ہے۔

نَصٌّ حَكِيمٌ قَاطِعٌ لَهُ سِرٌّ

ترجمہ: ''حکیم کی نصیحت کے اس کا راز سے پردہ اٹھا''

مختصر معنی نص = نص قرآنی ہے قرآنی حکم ہے۔حکیم = دانا، حکمت والا

قاطع = قاطع، قطعہ کرنا، پردہ چاک کرنا۔لہ = اس کا، اس سے۔سِرٌّ = راز، بھید۔اس جملہ میں قرآن کریم پر غور و فکر کی دعوت ہے۔قرآن کریم قادر مطلق کا وہ نسخہ عظیم ہے جس پر پردوں کا غلاف چڑھا ہوا ہے۔متقی یہ بتاتا ہے مومن یہ بتاتا ہے ولی یہ بتاتا ہے شہید اور صدیق یہ بتاتا ہے مریضوں کیلئے شفا اور عاقلوں کیلئے علم و حکمت، خدا رسیدہ کیلئے ہدایت اور عوام و خواص کیلئے رشد و ہدایت۔خلاصہ یہ ہے کہ پوری زندگی کو سنوارنے کا خلاصہ اسی میں موجود ہے۔مگر یہ اس وقت ممکن ہے جب آپ قرآن پاک کے بارے میں غور و فکر کریں گے۔قرآن پاک وہ مقدس کتاب ہے جو جامع علوم ہے جیسا کہ ارشاد ربانی ہے۔وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِن وَرَقَةٍ إِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِي ظُلُمَاتِ الْأَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَلَا يَابِسٍ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ۔

ترجمہ = اور اسے جنگلوں اور دریاؤں سب چیزوں کا علم ہے اور کوئی پتا نہیں جھڑتا مگر وہ اس کو جانتا ہے اور زمین کے اندھیروں میں کوئی دانہ اور کوئی ہری یا سوکھی چیز نہیں مگر کتاب روشن میں (لکھی ہوئی) ہے۔(سورۃ الانعام آیت ۵۹) ارشاد باری تعالیٰ ہے۔أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ أَمْ عَلَىٰ قُلُوبٍ أَقْفَالُهَا۔ترجمہ: بھلا یہ لوگ قرآن میں غور نہیں کرتے یا (ان کے) دلوں پر قفل لگ رہے ہیں۔(سورۃ محمد آیت ۲۴) قرآن مجید میں ۲۹ مقامات پر حروف مقطعات کا استعمال ہوا ہے۔بظاہر تو یہ بامعنی حروف لگتے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ اپنے اندر بہت اسرار و رموز رکھتے ہیں۔یہ ہماری کوتاہی ہے کہ ہم ان کو سمجھ نہیں پاتے۔کلام پاک میں کوئی حرف ایسا نہیں جو اپنے اندر ایک خاص معنی و مفہوم نہ رکھتا ہو بلکہ زبر، زیر اور پیش تک اپنے اندر معنی رکھتے ہیں۔اس لئے اللہ تعالیٰ نے قرآن پر غور و خوص کا حکم دیا ہے۔چنانچہ ارشاد ہوا ہے کہ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ۔ترجمہ۔''اور بلاشبہ آسان بنا دیا ہے ہم نے اس قرآن کو نصیحت کیلئے۔کیا کوئی ہے

نصیحت قبول کرنے والا (القمر آیت نمبر ۱۷) دوسری جگہ ارشاد خداوندی ہے۔ اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ وَلَوْ کَانَ مِنْ عِنْدِ غَیْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِیْهِ اخْتِلَافًا کَثِیْرًا۔ ترجمہ۔ ''بھلا یہ قرآن میں غور کیوں نہیں کرتے۔ اگر یہ اللہ کے سوا کسی اور کا (کلام) ہوتا تو اس میں (بہت سا) اختلاف پاتے

(سورۃ النساء آیت ۸۲)

مَنْ یَقْطَعُ حِرْصُكَ سَهْلًا

ترجمہ۔ ''کون جو تیری خواہش (آرزو، مشن) کو آسانی سے روک سکے گا

(یہ کام تبلیغ رکنے کی نہیں)

جب حضور ﷺ نے تبلیغ دین شروع کی تو کفار مکہ، قریش مکہ نے آپ پر کون سی سختیاں اور مصائب نہ ڈھائے۔ آپ کے اخلاقِ عظیم اور دین کی حقانیت دیکھ کر کفرستان مکہ میں شمع رسالت کے پروانے پیدا ہو گئے۔ جنہوں نے اپنی زندگی تحفظ مصطفیٰ اور بقائے اسلام کیلئے وقف کر دی۔ حضرت عمرؓ نے رسالت مآب کو قتل کرنے کا منصوبہ بنالیا۔ بالآخر مشرف بہ اسلام ہوئے۔ خاندانی عظمت، پُر جلال شخصیت مصطفیٰ ﷺ کا پیکر بن کر خلافت دوم کا سہرا سجا کر جلوہ افروز ہوئے اور وہ کارہائے نمایاں سرانجام دیئے کہ اگر تاریخ اسلام سے ان ابواب کو نکال دیا جائے تو تاریخ اسلام اریک ہو جائے گی۔ خلافت راشدہ کی نمایاں خصوصیت انصرام مملکت ہے جو عمرؓ نے کام کئے یامت تک نہ کوئی کر پائے گا۔ پھر ہجرت حبشہ اور ہجرت مدینہ کا واقعہ پھر جنگ بدر، احد، خندق بوک، خیبر وغیرہ سب اس بات پر شہادت ہیں کہ مشن محمد مصطفیٰ ﷺ پایۂ تکمیل تک پہنچا تب اللہ عالیٰ کو تکمیل کی سند دینی پڑی۔ اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا۔ ترجمہ۔ ''آج مکمل کر دیا ہے میں نے تمہارے لئے تمہارا دین اور ری کر دی تم پر اپنی نعمت اور پسند کرلیا ہے تمہارے لئے اسلام کو بطور دین۔

(سورہ المائدہ آیت ۳)

(عکس لوح محفوظ)

تئیسویں شعر کے خواص وافعال

وَخَلِّصْنِیْ مِنْ کُلِّ هَوْلٍ وَّشِدَّةٍ
فَاَنْتَ رَجَاءٌ لِّلْعَالَمِیْنَ وَلَوْ طَغَتْ

1۔ اگر کوئی فرد کسی بڑی مصیبت میں گرفتار ہو، یا شدید مشکلات کا شکار ہو تو اس شعر کو روزانہ ایک تسبیح بلاناغہ پڑھے اور اس عمل کو جاری رکھے ہمیشہ کے لیے، بہت جلد اللہ تعالیٰ اُسے غموں کے اندھیروں سے نکال دے گا۔ مشکلات حل ہو جائیں گی۔ اور مصیبتیں ختم ہو جائیں گی۔

2۔ اگر کوئی مقدمات میں فتح یابی چاہیے۔ اور لوگوں کے دلوں میں اپنی محبت اور عزت واحترام چاہئے تو اس نقش کے چاروں طرف اس شعر کو ایک ایک مرتبہ لکھے اور پھر لوبان اور مقل ارزق کا بخور دے کر اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ مقصد پورا ہو گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۰	۸۳	۸۶	۷۳
۸۵	۷۴	۷۹	۸۴
۷۵	۸۸	۸۱	۷۸
۸۲	۷۷	۷۶	۸۷

3۔ اگر کوئی اس طلسم کو لکھے اور اس کے چاروں طرف شعر ایک ایک مرتبہ تحریر کرے اور نیچے یہ آیت ایک مرتبہ لکھے۔ اور پھر قیدی کے گلے میں ڈال دے تو وہ قید سے جلد رہائی پائے گا۔

۷۸۶

۷	۶۳	۴	۷۳
۲۵	۹۹۲	۹۲	۱۴
۷۳	۷۴	۱۳	۹۴
۷۴	۳۸	۲۲۸	۳۶

"اللّٰیہ یُنَجِّیْکُمْ مِنْهَا وَمِنْ کرب۔"

4۔ اگر کوئی اس نقش کو لکھے اور پھر اس کے چاروں طرف ایک ایک مرتبہ شعر لکھے اور پھر اسے عود کا بخور دے کر اس پر ایک ہزار مرتبہ یہی شعر پڑھ کر دم کر کے اپنے پاس رکھے۔ اور کسی جابر حاکم یا ظالم کے پاس جائے تو وہ اخلاق سے پیش آئے گا اور جو بھی حاجت ہوگی پوری کرے گا

۷۸۶

رب	نجني	من	القوم	الظالمين
القوم	الظالمين	رب	نجني	من
نجني	من	القوم	الظالمين	رب
الظالمين	رب	نجني	من	القوم
من	القوم	الظالمين	رب	نجني

5۔ اگر کوئی رات کو نیند میں ڈر خوف محسوس کرتا ہو۔ تو مندرجہ بالا نقش کو اپنے پاس رکھے۔ بے خوف ہو جائے گا اور نہ ڈر محسوس ہوگا نیند میں۔

6۔ اگر کوئی عرصہ سے بیمار ہو، اور طبیب اُس کے علاج سے عاجز آ گئے ہوں تو یہ شعر روزانہ طاق تعداد میں پڑھ کر اُس پر دم کیا جائے اور یہی لکھ کر دھو کر اُسے پلایا جائے۔ شفا ہوگی۔

چوبیسویں شعر کے خواص وافعال

وَصُبَّ عَلَیَّ الرِّزْقَ صُبَّةَ رَحْمَةٍ

فَاَنْتَ رَجَاءُ قَلْبِیَ الْكَبِیْرِ مِنَ الْحَبْثِ

1۔ اگر کوئی اس شعر کو روزانہ ایک تسبیح پڑھے اور عمل کو ہمیشہ جاری رکھے تو اللہ تعالیٰ اُسے ایسی جگہ سے رزق عطا فرمائے گا جہاں اُس کا گمان بھی نہ ہوگا۔ اور اللہ تعالیٰ مخلوق سے بے پرواہ کر دے گا۔ اور اُس کے ہر کام میں خیر ہی خیر ڈال دے گا۔

پچیسویں شعر کے خواص وافعال

وَصُمٌّ وَاَبْكُمْ ثُمَّ اَعْمٌ عَدُوُّنَا

وَاٰخِرُ سَهْمٍ یَا ذَاالْجَلَالِ بِحَوْسَمَتْ

1۔ اگر کوئی روزانہ اس شعر کو ایک تسبیح پڑھتا رہے تو اُس کے تمام مخالفین اور دشمنان کی زبان اُس کے خلاف بند رہیں گی۔ اور دشمنان کبھی اُس کے خلاف اتحاد قائم نہ کر سکیں گے۔

2۔ اگر کوئی دشمنان اور مخالفین کے نرغے میں آ گیا ہو، اور جان کا خطرہ ہو تو ایک مٹھی مٹی یا ریت پر اس شعر کو تین مرتبہ پڑھ کر اُس کی طرف پھینک دے اور آرام سے گزر جائے تمام دشمنان اندھیرے میں بند ہو جائیں گے۔ اور کوئی ضرر نہ پہنچا سکیں گے۔

3۔ اگر کوئی اس شعر کو مندرجہ ذیل طلسم کے ساتھ ایک مرتبہ لکھے اور پھر اپنے پاس رکھے تو حسدوں کے حسد اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔ اور کوئی بھی مخالف کبھی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ طلسم یہ ہے۔

حم معراص ح لہ ع ھدل عصمك م م اآا

۷ ۱ ٤ ۹ ۱ ٥ ٢٤ ۹۳ ۹٤ ۲۸ ۲۰

چھبیسویں شعر کے خواص وافعال

فَفِیْ حَوْسَمٍ مَعَ دَوْسَمٍ وَ بَرَایِمٍ

تَحَصَّنْتُ بِالْاِسْمِ الْعَظِیْمِ مِنَ الْغَلَتِ

1۔ اگر کوئی اس شعر کو تین مرتبہ لکھ کر ایسے فرد کے گلے میں ڈالے جس کی آنکھ میں پھولا ہو۔ یا آشوب چشم کو مریض ہو تو اللہ تعالیٰ اُسے شفا عطا فرمائے گا۔

2۔ اگر اسی شعر کو پانچ مرتبہ کسی برتن پر مشک و زعفران سے لکھ کر پھر ماء الورد سے دھو کر پلایا جائے۔ قولنج اور جوڑوں کے درد والے مریض کو اللہ تعالیٰ اُسے شفا عطا فرمائے گا۔

3۔ اور کوئی گھر سے بھاگ گیا ہو۔ یا کوئی فرد گھر سے کوئی چیز چوری کر کے بھاگ گیا

ہو۔ اور نا معلوم مقام کی طرف چلا گیا ہو تو اُس کے لیے جمعہ کے روز خطبہ کے وقت یا ہفتہ کی رات مغرب اور عشاء کے درمیان تین مرتبہ یہ شعر لکھا جائے اور آخر میں یہ عبارت تحریر کی جائے اور اسے اُس مکان یا گھر میں آویزاں کر دیا جائے جہاں سے وہ بھاگا ہو۔ پس جلد ہی واپس آجائے گا عبارت یہ ہے۔

"تَوَکَّلُوْا یَا خُدَّامَ ھٰذِہِ الْاَسْمَآءِ وَحَیِّرُوْا فلاں بن فلاں الْاٰبِقِ اَوْ سَرَقَ مَتَاعَ حَتّٰی یَرْجِعَ اِلٰی ھٰذَا الْمَکَانِ۔"

ستائیسویں شعر کے خواص وافعال

وَعَطِّفْ قُلُوْبَ الْعَالَمِیْنَ بِاَسْرِھِمْ
عَلَیَّ وَاَلْبِسْنِیْ قَبُوْلًا بِشَلْمَھَتْ

1۔ جو کوئی اس شعر کو ہرن کی جھلی پر مشک و زعفران سے لکھ کر پھر عود مصطگی کا بخور دے کر اپنے پاس رکھے اور پھر اسی شعر کو روزانہ ایک تسبیح پڑھتا رہے تو اللہ تعالیٰ اُس کے درجات کو بلند فرمائے۔ اور مخلوق کی نظروں میں محترم ٹھہرے۔ اور رزق اُس کا کشادہ ہو جائے گا۔

2۔ اگر کسی حاکم آفیسر یا کسی عدالت کے جج سے یا کسی جابر ظالم سے یا کسی حکومت کے وزیر سے کوئی غرض یا حاجت ہو تو اُس کا پختہ تصور کر کے جمعہ کی رات کو ایک ہزار مرتبہ یہ شعر پڑھیں اور اُس کے پاس چلے جائیں اور سامنے جا کر ایک مرتبہ یہی شعر پڑھ کر اُس پر دم کر دیں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے عزت و تعظیم کرے گا اور جو بھی حاجت ہو گی پوری کرے گا۔

3۔ اگر کوئی اس شعر کو ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھے اور ہر دس مرتبہ کے بعد نیچے دیا گیا درود پاک سات مرتبہ پڑھے اور ایک چلہ تک مسلسل بلا ناغہ عمل جاری رکھے اور روزانہ اکیس مرتبہ اس عمل کو جاری رکھے ایک سال نہ گزرے گا کہ اللہ تعالیٰ اُسے غنی کر دے گا۔ اور لوگوں کے دلوں میں اُس کی محبت بڑھ جائے گی۔ اور ایک زمانہ اُس کی خدمت کے لیے حاضر رہے گا۔

"بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُفْتَحُ لِیْ بِھَا اَبْوَابُ الرِّضَاءِ وَالتَّیْسِیْرِ وَتُغْلَقُ بِھَا عَنِّیْ اَبْوَابُ الشَّرِّ وَالتَّعْسِیْرِ وَتَکُوْنُ لِیْ بِھَا وَلِیًّا وَّنَصِیْرًا یَانِعْمَ الْمَوْلٰی وَیَانِعْمَ النَّصِیْرُ۔"

اٹھائیسویں شعر کے خواص وافعال

وَبَارِكْ لَنَا اَللّٰھُمَّ فِیْ جَمِیْعِ کَسْبِنَا
وَحَلَّ عُقُوْدَ الْعُسْرِ یَا اُیُوْہٍ اَرْمَخَتْ

1۔ جو شخص بلا ناغہ اس شعر کو روزانہ صبح کے وقت ایک تسبیح پڑھے تو اُس کے تمام عقدے حل ہوں۔ رزق میں فراوانی ہو گی۔ اور کاروبار میں خیر و برکت ہو گی۔ اور مشکلات آسان ہو جائیں گی۔

2۔ جو اس طلسم کو جمعرات کے دن صبح کے وقت ہرن کی جھلی پر لکھے اور اس کے چاروں طرف شعر ایک ایک مرتبہ تحریر کرے اور پھر اسے صندل کا بخور دے کر اپنے پاس رکھے تو اوپر بیان کیے گئے تمام فوائد حاصل ہوں اور اُس کی تمام حاجات پوری ہوں۔ طلسم یہ ہے۔

۷۸۶

۲۰	۴۰۰	۲۰	۸۰
۱۰	۹۰	۸	۲۰
۳	۸	۱۱۱	۴
ن	۸	۳	۸

3۔ اگر کوئی اس شعر کو تین مرتبہ لکھ کر دھو کر پی لیا کرے تو اُسے سفر میں تھکاوٹ نہ ہو گی

4۔ اگر کوئی اس شعر کو تین مرتبہ لکھ کر اپنے سامان میں یا مال تجارت میں رکھے تو اللہ تعالیٰ میں برکت ڈال دے گا۔ اور وہ شیاطین اور چوروں سے محفوظ رہے گا۔ اور اگر گھر میں آویزاں کرے تو گھر آفات ارضی و سماوی اور خبیث ارواح شیاطین وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔

انتیسویں شعر کے خواص وافعال

فَیَا هُوَ وَیَا یَاهُوَ وَیَا خَیْرَ بَارِیْ

وَیَا مَنْ لَنَا الْاَرْزَاقُ مِنْ جُوْدِهٖ نَمَتْ

1۔ جوکوئی اس شعر کو ہرن کی جھلی پر تین مرتبہ لکھے اور پھر اسے مصطگی اور صندل کو بخور دے کر اپنے پاس رکھے اور اس شعر کو روزانہ اکیس مرتبہ پڑھا کرے تو اللہ تعالیٰ اُس کے لیے ایسے اسباب پیدا فرمادے گا۔ کہ زیادتی رزق ہوگی خیر و برکت نازل ہوگی۔ مال و دولت میں اضافہ ہوگا اگر اسے کاروبار کی جگہ آویزاں کیا جائے تو گاہک بہت زیادہ آئیں گے۔ اگر چوپاؤں کے بٹھانے کی جگہ آویزاں کریں تو وہ بیماریوں سے محفوظ رہیں گے اور ان کی افزائش میں برکت ہوگی اور اللہ تعالیٰ اُن کو چوروں درندوں اور زہریلے جانوروں اور امراض سے تحفظ عطا فرمائے گا۔

2۔ اگر حاملہ اسے اپنے گلے میں ڈالے تو حمل گرنے سے محفوظ رہے گا۔ اور ولادت آسانی سے ہوگی۔

تیسویں شعر کے خواص وافعال

تَرُدُّ بِكَ الْاَعْدَاءُ مِنْ كُلِّ وَجْهَةٍ

وَبِالْاِسْمِ تَرْمِيْهِمْ مِنَ الْبُعْدِ بِالشَّتَتْ

1۔ جو شخص اس شعر کو دشمنوں کے سامنے تین مرتبہ پڑھے اور پھونک دے اُن کی طرف تو دشمنان کی زبان بند ہوجائے گی اور وہ کچھ خلاف نہ بول سکیں گے۔ اور اُن کے قدم اُکھڑ جائیں گے۔ اور آپ اُن کے شر سے محفوظ رہیں گے۔

2۔ اگر کوئی اس طلسم کو لکھے اتوار کے روز طلوع شمس کے فوراً بعد اور اس کے چاروں طرف شعر ایک ایک بار اور پھر اسے جاوی، کُزبرہ کا بخور دے کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو جنگ جدل اور مقابلہ بازی میں مخالف ثابت قدم نہ رہ سکے گا۔ اور آپ کی فتح ہوگی۔ طلسم یہ ہے۔

٧٨٦

٤٤٤	٧٧	٧١٠٠
٧٧٨	مطط	٤
٩٩٩	٣٠٠	٧٧٧

اکتیسویں شعر کے خواص وافعال

فَاَنْتَ رَجَائِیْ یَا اِلٰهِیْ وَسَیِّدِیْ

فَفَرِّقْ لِمِیْمِ الْجَیْشِ اِنْ رَامَ بِیْ غَلَتْ

1۔ جوکوئی اس شعر کو ہمیشہ تیس مرتبہ پڑھتا رہے اور اس طلسم کو لکھ کر اس کے چاروں طرف شعر کو ایک ایک مرتبہ لکھ کر اسے صندل کا بخور دے کر پاس رکھے تو ہمیشہ اپنے دشمنوں پر غالب آئے گا۔ اور مخالفین وحاسدین کے مکروفریب سے محفوظ رہے گا۔ طلسم یہ ہے۔

٧٨٦_٨_٣٠_١٠_٧٠_٢٠_ال ل ہ غ ال ب

بتیسویں شعر کے خواص وافعال

فَیَا خَیْرَ مَسْئُوْلٍ وَاَكْرَمَ مَنْ عَطٰی

وَیَا خَیْرَ مَاْمُوْلٍ اِلٰی اُمَّةٍ خَلَتْ

1۔ جوکوئی شخص اس شعر کو روزانہ ایک تسبیح پڑھتا رہے اور اس عمل کو ہمیشہ جاری رکھے تو اللہ تعالیٰ اُس کے لیے خیر و برکت کے دروازے کھول دے گا۔ اور اُس گناہوں سے دُور رکھے گا۔ اور اُس کی دُعائیں قبول ہوں گی۔

2۔ اگر کوئی مقروض اس شعر کو روزانہ ایک تسبیح پڑھے اور اس طلسم اور شعر کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تو جلد اُس کا قرض ادا ہونے کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔ اور اگر کوئی اسے اپنے پرس، بٹوہ میں یا جہاں وہ روپے رکھتا ہے وہاں رکھے تو اُن میں خیر و برکت ہوگی۔ طلسم یہ ہے۔

٧٨٦_١١٩حم ما و ١٥٢٤٥١٦_وو ع ٥٩٨٧٣_
کـــلا مهـــــــــطـــــــــلا_٤١١٧٧٨

تینتیسویں شعر کے خواص و افعال

بَـغْــدَادُ اِبْـرَامِ بِـسَـنْـدَادُ کَـاهِــرٍ

یِـهْـرَلَـةِ تَـبْـرِنْـزِ بِـلَامِ تَـکُـوْنَـتُ

1۔ جو اس طلسم کو لکھے اور اس کا ہر طرف ایک ایک مرتبہ یہ شعر تحریر کرے۔ اور پھر قسط اور لوبان کو بخور دے۔ اور دمہ، دردِ شقیقہ، اور ایسا فرد جسے بلا وجہ وسوسے آتے ہوں اُس کے گلے میں ڈال دیا جائے تو سب زائل ہو جائیں گے۔ طلسم یہ ہے۔

مــلــوخ خ خ ووو کـــالشـطـهـطـل عـهــد_٢٣_ســمـطـع_٢٨
١٨_مهـیـــــــطـــــــل_٢٥_١٢_وکـهــــــول_٧٢

چونتیسویں شعر کے خواص و افعال

سِـرَاجُ نُـفَـادُ الـنُّـوْرُ سِـرًّا بِـتَـاکِـرٍ

نُـفَـادُ سِـرَاجُ الـنُّـوْرِ نُـوْرًا فَـنُـوْرَتُ

1۔ اس خاتم کو لکھیں اور اس کے چاروں طرف شعر ایک ایک مرتبہ تحریر کریں۔ اور پھر اسے سندروس اور جاوی کا بخور دے کر اپنے پاس رکھیں۔ لوگوں میں مرتبہ بلند ہوگا۔ لوگ عزت و احترام سے پیش آئیں گے۔ خاندان اور قبیلے میں عزت بڑھے گی۔ اگر اسی خاتم کو ہفتہ کی رات اپنے سرہانے رکھ کر مندرجہ ذیل پڑھتے پڑھتے مقصد کا تصور رکھ کر سو جائیں۔

"اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ ھٰذِہِ الْاَسْمَاءِ الْعَظِیْمَۃِ الْبُرْھَانُ اَنْ تُرِیْنِیْ فِیْ مَنَامِیْ کَذَا وَ کَذَا۔"

تو خواب میں واضح طور پر آگاہی ہو جائے گی۔

2۔ اگر اس شعر کو کسی برتن پر مشک و زعفران اور ماء الورد کی روشنائی سے لکھیں اور پھر

آبِ زم زم سے دھو کر کند ذہن کو پلا دیں تو اللہ تعالیٰ اُس کا حافظہ تیز فرما دے گا۔ اور اُس کے دل کو منور کر دے گا۔

پینتیسویں شعر کے خواص و افعال

اَبَـارِیْـخُ نَـیْـرُوْحٍ وَنَـیْـرُوْحُ بَـرْخَـوَا

شَـمَـارِیْـخُ شَـبْـرَاحِ شَـرُوْحٍ تَـشَـمْـخَـتُ

1۔ جو اس شعر کو اس طلسم کے ساتھ لکھ کر اسے عود اور جاوی کا بخور دے کر اپنے پاس رکھے تو اُس کی فصاحت و بلاغت بڑھ جائے گی۔ اور اُس کا دِل منور ہو جائے گا نُورِ حکمت سے۔ طلسم یہ ہے۔

٧٨٦ســمـیـــطــمـــطـــع ح ح ح هـــا ه اه اهـــا

چھتیسویں شعر کے خواص و افعال

بِـیَـمْـلِـیْـخٍ شَـمَّـیَـاثَـا وَیَـانُـوْخُ بَـعْـدَهَـا

وَدَامِـیْـخُ یَـشْـمُـوْخٍ بِـهَـا الْـکُـوْنُ عَـطَـرَتُ

1۔ جو اس طلسم کو لکھے اور اس کے چاروں طرف شعر ایک ایک مرتبہ تحریر کرے اور پھر اسے حنتیت اور جاوی کا بخور دے کر کسی بانجھ عورت کے گلے میں ڈالے تو وہ حاملہ ہو جائے گی۔ اور اگر فالج یا رعشہ کے مریض کے گلے میں ڈالیں تو اُسے بھی شفا حاصل ہوگی۔ طلسم یہ ہے۔

٧٨٦

هی	١٣	طه	٦٤
٢٨	س	٣٦	طسم
الم	٣٨	الر	٢٤
٤٧	لمص	١٢٢	ص ر

2۔ اگر کسی مجنون کے علاج کے لیے اس شعر کو کسی برتن پر لکھیں زعفران و گلاب سے

اور پھر دھوئیں آب زم زم سے اور پلائیں مجنون کو۔ اسی طرح لکھیں دوبارہ اور دھوئیں رُوغن کدو سے اور پھر اس روغن سے ایک ایک قطرہ مجنون کے کانوں میں ڈالیں اور تھوڑا تھوڑا سر پر ملیں اور اس شعر کو لاتعداد مرتبہ پڑھ کر دَم کریں مجنون پر، اور رات کو سونے سے پہلے مجنون کے تکیہ میں دس گرام ایلوا خفیہ طور پر ڈال دیں۔ تا کہ وہ یہی تکیہ استعمال کرے۔ پس جب مجنون سو جائے گا تو اُسے نیند خوب آئے گی اور جب نیند سے بیدار ہوگا تو تندرست ہوگا۔

سینتیسویں شعر کے خواص وافعال

1۔ جو کوئی روزانہ نماز فجر کے بعد اس شعر کو ایک سو ایک مرتبہ پڑھتا رہے اور اس عمل کو ہمیشہ جاری رکھے تو اللہ تعالیٰ اُس کی کفالت کرے گا تمام تر تکالیف سے۔ اور اُس کی حاجات پوری ہوں گی۔ اللہ تعالیٰ اُس کی دُعاؤں کو شرف قبولیت بخشے گا۔

عَلٰی مَانَرُمُ حَقَّایَرُوْنَ بِقُنْضُبٍ

بِحَقِّ تَنَاوٍ یَوْمَ زَحْمٍ تَزَاحَمَتْ

2۔ جسے ہر وقت آخرت کا خوف اور موت کا ڈر رہتا ہو۔ اور دل میں وسوسے آتے ہوں یا وہم کا شکار ہو۔ ایسے فرد کے لیے مندرجہ ذیل نقش تحریر کریں اور اس کے چاروں طرف ایک ایک مرتبہ یہ شعر لکھیں۔ اور پھر چاندی کی تختی میں بند کر کے اُس کے گلے میں ڈال دیں۔

یا اللّٰہُ غالب علی امرہ یا اللّٰہُ

ب	ی	س	ح
س	ح	ب	ی
ح	س	ی	ب
ی	ب	ح	س

اٹھتیسویں شعر کے خواص وافعال

کَمَاهِ بِیَاهٍ مَعَ اَوَاهِ جَمِیْعُهَا

بِهَشُگَاخٍ هَشُگَاخٍ کَنُوْنٍ تَگَوَّنَتْ

1۔ جو کوئی اس شعر کو روزانہ ایک تسبیح پڑھا کرے اور عمل کو ہمیشہ جاری رکھے تو اللہ تعالیٰ اُس کے دِل کو نورِ معرفت سے منور فرمائے گا اور اُسے پاکیزہ زندگی عطا فرمائے گا۔ اور اُسے صراط المستقیم کی ہدایت بخشے گا۔

اُنتالیسویں شعر کے خواص وافعال

حُرُوْفٍ لِبَهْرَامٍ عَلَتْ وَتَشَامَخَتْ

وَاِسْمَا عَصَامُوْسٰی بِهَا الظُّلْمَةُ انْجَلَتْ

1۔ جو شخص اس کو لکھ کر تکیہ نیچے رکھے اور شعر کو پڑھتے پڑھتے سو جائے تو جو امر بھی معلوم رنا ہو خواب میں سب معلوم ہو جائے گا۔

2۔ اگر مطلوب کی حاضری چاہیں تو اس شعر کو مندرجہ ذیل کے ساتھ لکھیں اور پھر اسے مندل سرخ اور مصطگی کا بخور دے اپنے پاس رکھیں۔ مطلوب جلد حاضر ہوگا۔

"تَوَکَّلُوْا یَا خُدَّامَ هٰذِهِ الْحُرُوْفِ وَالْاِسْمِ بِجَلْبِ کذا و کذا اِلٰی کذا وَ کذا بِحَقِّهَا عَلَیْکُمْ وَ طَاعَتُهَا لَدَیْکُمْ۔

3۔ اگر علمی ترقی اور تعلیمی میدان میں نام پیدا کرنے کے لیے کسی طالب علم کو یہ طلسم اور اس کے چاروں طرف ایک ایک مرتبہ شعر لکھیں اور نیچے یہ دُعا تحریر کریں اور اُسے تا کہ وہ اپنے پاس رکھے تو مقصد پورا ہوگا۔ طلسم یہ ہے۔

٣٠	٨	ق	٢٠
٢	٢٠	٤	و
اللہ	وس	٢٠٥	٨
٣	وس	ھے	٢٠

"رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا"

4۔اس شعر میں اسمائے اعصائے موسیٰ علیہ السلام کا تذکرہ ہے اور اعصائے موسیٰ علیہ السلام پر کچھ اسماء قدیم عبرانی زبان تھے۔قدیم عبرانی سے ہم ترجمہ آپ کی نذر کرتے ہیں۔ان اسماء کے بارے میں اکثر مشائخ کا فرمان ہے کہ ان اسماء کو نا اہل اور جاہل سے مخفی رکھا جائے۔اور خاصان کو ان سے آگاہ کریں۔ان اسماء کے عجیب وغریب فوائد ہیں۔پہلے ہم اسمائے اعصائے موسیٰ علیہ السلام تحریر کرتے ہیں۔جو یہ ہیں۔

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔فَیُوْخٍ۔فَادِخٍ۔قَیُّوْمٍ۔قَادِرٍ۔شَلُوْخٍ۔شَالِخٍ۔دَیُوْمٍ۔صَالِحٍ۔نُوْرٍ۔صَادِقٍ۔اَرْشَخٍ۔شَلُوْخٍ۔شَالِخٍ۔نَارٍ۔مَنْتُوْخٍ۔نَادِخٍ۔شَامِخٍ۔عَظِیْمٍ۔رَحْمَا قَادِرٍ۔نُوْخٍ۔مَلُوْشٍ۔آہٍ۔یَاہُوْہٍ۔شَاہٍ۔شَلُوْشٍ۔وَھْدَخٍ۔شَرَاھِیَا۔شَرُوْ شَوْشٍ۔عَالٍ۔عَلِیٍّ۔قَوِیٍّ۔نَادِیْ کَبِیْرًا۔"

یوں تو ان اسماء کے بے شمار خواص ہیں مگر ہم یہاں چند ایک خواص تحریر کرتے ہیں۔اگر کوئی ان اسماء کو اس شعر کے ساتھ ہرن کی جھلی پر شرف شمس یا شرف مشتری کے وقت زعفران ومشک اور ماء الورد سے تیار کردہ روشائی سے تحریر کرے۔اور لکھتے وقت عود خالص کا بخور روشن کرے۔اور پھر اسے تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھیں تو دشمنان کے شر،حاسدین کے حسد۔ظالموں کے ظلم،سحر جادو سے تحفظ،وحشی جانوروں سے تحفظ ہوگا۔اگر مندرجہ بالا طریقہ کے مطابق لکھے ہوئے کو بانس کے اعصاء کے اندر ڈال دیں۔اور اُسے اپنے پاس محفوظ رکھیں سفر وغیرہ میں اس اعصاء کو اپنے ساتھ رکھیں جنگل میں اگر وحشی جانوروں کا سامنا ہو،یا چور،ڈاکو،یا درندے گھیر لیں تو اپنے اعصاء کو تین مرتبہ زمین پر ماریں اور اور یہ تلاوت کریں۔

"اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِبَرَكَةِ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ الْعَظِیْمَةِ الَّتِیْ كَانَتْ عَلٰی عَصَا مُوْسَی بْنِ عِمْرَانَ علیہ السلام وَضَرَبَ بِهَا الْبَحْرَ فَانْفَلَقَ وَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِیْمِ اَنْ تَحْبِسَ عَنِّیْ كذا وَكذا قِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَسْئُوْلُوْنَ۔"

پس وہ رُک جائیں گے اپنی جگہ پر اور ایک قدم بھی آگے نہ بڑھ سکیں گے۔اور آپ محفوظ رہیں گے اُن سے کے شر سے۔

5۔اگر سخت دِل محبوب کو حاضر کرنا ہو تو ان اسماء کو شعر کے ساتھ محبوب کے استعمال شدہ کپڑے پر لکھے اور پھر روغن زیتون سے تر کر کے چراغ میں روشن کرے۔محبوب حاضر ہو جائے گا

6۔اگر اسے ایک کاغذ پر لکھیں اور ساتھ عزیمت مقصد کی بھی تحریر کریں اور پھر اسے اپنے گھر میں ہوا کہ جگہ آویزاں کر دیں تو مطلوب جلد حاضر ہوگا۔

7۔اگر اسے لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر ظالم دشمن کے گھر میں چھڑک دیں تو وہ برباد ہو جائے گا۔

8۔اگر اسے سرخ مٹی کے سکورے پر ساتھ نام قرض خواہ کے لکھیں اور پھر اسے حمام کے آگ کے قریب دفن کر دیں تو اُسے سخت بخار ہو جائے گا۔اور اُس وقت تک نہیں اترے گا جب تک آپ سکورے کو ٹھنڈے پانی میں نہ رکھیں گے۔

9۔اسے ایک کاغذ پر لکھیں اور پھر دشمن کا نام مع والد اور مقصد بھی تحریر کریں۔اور اسے کسی پرندے کے پر کے ساتھ باندھ دیں۔پس دشمن کا عقل زائل ہو جائے گا اور وہ پاگلوں کی طرح پھرتا رہے گا اور خوف زدہ رہے گا۔جب تک پرندے کے پر کے ساتھ عمل رہے گا اُس کی

حالت ایسی ہی رہے گی۔

10۔اگر کسی کی بیوی نافرمان ہو، اور بار بار میکے روٹھ جاتی ہو، تو اس کو لکھے اُس کے پہنے ہوئے کپڑے پر ساتھ اس عزیمت کے اور پھر سندروس اور مقل ارزق کے ساتھ اسے آگ میں ڈال دے۔پس عورت حاضر ہو جائے گی فرمانبردار ہو کر اور کبھی مخالفت نہ کرے گی۔

یا خُدَّام هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ وَالْبَيْتِ بِحَقِّهَا عَلَيْكُمْ وَحُرْمَتِهَا لَدَيْكُمْ اِجْلِبُوْا وَهَيِّجُوْا قَلْبَ (نام مطلوب مع والدہ) بِالْمَحَبَّةِ الصَّادِقَةِ۔یا اس طرح لکھے۔

اَجْلِبُوْا وَهَيِّجُوْا قلب (نام مطلوب مع والدہ) الی مَحَبَّةِ (نام طالب مع والدہ) بِحَقِّ هٰذَا الْاَسْمَاءِ۔

(نوٹ) حاضری مطلوب کے تمام تر اعمال میں اسی طرح مقصد کی عزیمت تحریر کرنا ضروری ہے۔خواہ کسی عمل کے ساتھ لکھا ہو یا نہ لکھا ہو۔ ہر عمل کے ساتھ بار بار عزیمتیں نہیں لکھی گئیں۔

11۔اگر کوئی کسی کوزہ گلی آب نارسیدہ پر اسے لکھے اور پھر اُس پیس کر ظالم فاسق فاجر دشمن کے گھر میں ڈال دے وہ خواہ ایک ہو یا ایک سے زیادہ تو سب منتشر ہو جائیں گے اور تباہ و برباد ہو جائیں گے۔اور آپ کے خلاف کبھی کوئی نقصان دینے والا کام نہ کر سکیں گے۔

12۔اگر کوئی اسے لکھے اور ساتھ چور کا نام بھی لکھے اور پھر اسے خالی مشک میں ڈال کر ہوا بھر دے اور اُس کا منہ بند کر دے اور پھر اُسے اُس جگہ آویزاں کر دے جہاں سے چوری ہوئی ہے۔تو چور کا پیٹ پھول جائے گا۔اور اُس وقت تک صحت یاب نہ ہو سکے گا جب تک چوری شدہ مال واپس نہ کرے گا۔

13۔اگر کسی سحر جادو کے مریض یا کسی محسود یعنی جس پر حسد کیا گیا ہو۔یا ایسے مریض جو ڈر خوف میں مبتلا رہتے ہوں۔زعفران وگلاب سے لکھ کر آب زم زم سے دھو کر اُسے پلایا جائے اللہ تعالیٰ کے حکم سے صحت یاب ہوں گے۔

اکتالیسویں شعر کے خواص وافعال

تَفَقَّدَ کَوْکَبِی بِالْاِسْمِ نُوْرًا وَبَهْجَةً

مَدَى الدَّهْرِ وَالْاَيَّامِ يَا نُوْرَ جَلْجَلُتْ

1۔اگر کوئی رفعت عظمت دوسرے لوگوں میں چاہتا ہو، یا چاہئے کہ دوسروں پر اُس کا رُعب اور دبدبہ رہے، دیکھنے اور ملنے جلنے والے اُس سے محبت کریں تو اس شعر کو روزانہ ایک تسبیح پڑھے اور اس عمل کو ہمیشہ جاری رکھے جملہ مقاصد پورے ہوں گے۔

2۔اگر کوئی رُوحانی وباطنی علوم، علم وحکمت اور معرفت کے علوم جاننا چاہئے مگر سمجھ نہ آتی ہو تو مندرجہ ذیل طلسم کو جمعہ کے دن فجر کے بعد ہرن کی جھلی پر لکھے اور اس کے چاروں طرف شعر ایک ایک بار تحریر کرے۔پھر اسے میعہ سائلہ اور عود کا بخور دے کر اپنے پاس بطور تعویذ رکھے اور اس شعر کو روزانہ بکثرت پڑھتا رہے۔اللہ تعالیٰ جلد اُسے ایسی سمجھ بوجھ اور فہم وفراست عطا فرمائے گا کہ اُس کے لیے یہ علوم آسان ہو جائیں گے۔یا پھر اُس ایسا کامل استاد مل جائے گا جس کے ذریعے اُسے ایسے تمام علوم حاصل ہو جائیں گے۔طلسم یہ ہے۔

۷۸۶

یط	ا	ك	۱۰
٤	۱۰	هی	٤۰
م	هی	۱	۷
۱	٤	هی	٤

3۔اگر کوئی کسی علاج مرض میں مبتلا ہو اور اُس کے علاج سے طبیب عاجز آ چکے ہوں ایسے مریض کے علاج کے لیے مندرجہ ذیل نقش لکھیں اور اس کے چاروں طرف ایک ایک مرتبہ شعر لکھیں۔اور عرق گلاب سے دھو کر اُسے ہفتہ عشرہ تک صبح وشام پلائیں۔انشاءاللہ صحت یاب ہو جائے گا۔نقش یہ ہے۔

٧٨٦

ال	ق	ا	د	ر
د	ر	ال	ق	ا
ق	ا	د	ر	ال
ر	ال	ق	ا	د
ا	د	ر	ال	ق

4۔ جو اس شعر کے بعد سورہ النصر لکھے اور پھر مندرجہ ذیل طلسم تحریر کرے اور اسے اپنے پاس بطور تعویذ رکھے تو تسخیر خلائق ہوگی۔ خاندان اور قبیلے اور لوگوں میں اُس کا رعب اور دبدبہ ہوگا اور مخالفین و حاسدین کی زبانیں اُس کے خلاف بند ہو جائیں گی۔ اور لوگ اُس حق میں سوائے خیر کے اور کوئی بات نہ کریں گے۔ طلسم یہ ہے۔

٧٨٦۔ ھے اااھی۔ ااا۔ ١١٤۔ ١٢۔ ٤٢۔ ١١۔ ھے ل ہ اااا۔ ٢١١٤

5۔ ہر مرض جو سحر کی وجہ سے ہو اس کیلئے مندرجہ ذیل نقش سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے تحریر کریں اور عرق گلاب کی بڑی بوتل میں ڈال دیں تا کہ مسحور اکیس یوم تک صبح و شام روزانہ دو دو گھونٹ پی لیا کرے ان شاء اللہ ہر مرض سے شفاء ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ال	ق	ا	د	ر
د	ر	ال	ق	ا
ق	ا	د	ر	ال
ر	ال	ق	ا	د
ا	د	ر	ال	ق

تَقَدَّ كُوكَبِی بِالْاِسْمِ نُوْرًا وَ بَهْجَةً ۔ مَدَی الدَّهْرِ وَالْاَيَّامِ يَا نُوْرُ جَلْجَلَتْ

تَقَدَّ كُوكَبِی بِالْاِسْمِ نُوْرًا وَ بَهْجَةً ۔ مَدَی الدَّهْرِ وَالْاَيَّامِ يَا نُوْرُ جَلْجَلَتْ

تَقَدَّ كُوكَبِی بِالْاِسْمِ نُوْرًا وَ بَهْجَةً ۔ مَدَی الدَّهْرِ وَالْاَيَّامِ يَا نُوْرُ جَلْجَلَتْ

بیتالیسویں شعر کے خواص و افعال

فَیَاشَمْخَثَا یَاشَلْمَسْخَا اَنْتَ شَلْمَخْ

وَیَاعَیْطَلَانِ غَوْثَ الرِّیَاحِ تَخَلْخَلَتْ

1۔ جو فرد بہت غمگین ہو اور سست و مجبور ہو تو اس شعر کو ایک تسبیح روزانہ صبح کے وقت پڑھا کرے۔ اللہ تعالیٰ اُسے غموں دکھوں اور تمام تکالیف سے نجات بخشے گا۔

2۔ جمعرات کے روز اسے لکھ کر ضیق النفس اور سر درد کے مریض گلے میں ڈالیں تو اُسے شفا ہوگی۔

3۔ جو فرد اسے اتوار کے روز ساعت اول میں لکھ کر اپنے پاس رکھے اور اس شعر کو روزانہ پڑھتا رہے۔ تو اللہ تعالیٰ اُسے صحت و تندرستی عطا فرمائے گا۔ اور دشمن مغلوب رہیں گے۔

چوتالیسویں شعر کے خواص و افعال

طٰہٰ وَ طٰسٓ وَ یٰسٓ کُنْ لَنَا

بِطَاسِیْنِ مِیْمٍ بِالسَّعَادَۃِ اَقْبَلَتْ

1۔ اس عظیم دعوت میں سات اشعار حروف مقطعات (نورانیہ) کے ضمن میں ہیں۔ حروف نورانیہ وہ ہیں جو قرآن پاک کی مختلف سورتوں کے اوائل میں آئے ہیں۔ ان حروف کے خواص و افعال بے شمار ہیں۔ حضرت حسن علیہ السلام نے فرمایا کہ قرآن پاک میں ہر چیز کا علم ہے اور قرآن پاک کا علم ان حروف میں ہے۔ جو سورتوں کے اول میں آئے ہیں۔ ان حروف کے بارے میں ہم بائیسویں شعر کے خواص و افعال میں بھی تحریر کر چکے ہیں۔ ان حروف کی زکات کے چودہ طریق اور بے شمار اعمال و نقوش، الواح ہم نے اپنی تصنیف ''عکس لوح محفوظ'' میں تفصیل

سے بیان کردی ہیں۔ سیر حاصل بحث کے لیے ہماری مذکورہ کتاب کا مطالعہ فرمائیں۔ یہاں پر ہم چند خواص تحریر کرتے ہیں۔

2۔ حروف نورانیہ کی اس مثلث کو سوموار کے روز پہلی ساعت میں قمر زائد النور کے دنوں میں ہرن کی جھلی پر لکھیں اور اس کے چاروں طرف شعر ایک ایک مرتبہ تحریر کریں۔۔ اور پھر عنبر کی خوشبو سے معطر کر کے اپنے پاس رکھیں۔ اللہ تعالیٰ ہر آفت اور ہر مصیبت سے محفوظ رکھے گا اور دائمی خوشیوں سے نوازے گا۔ زندگی خوشحال گزرے گی۔ اور حالات بہت اچھے ہو جائیں گے۔ مثلث حروف نورانیہ یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳۰	۲۲۵	۲۲۸
۲۲۹	۲۳۱	۲۳۳
۲۳۴	۲۲۷	۲۳۲

3۔ وہ اسمائے باری تعالیٰ جن میں صرف حروف نورانیہ ہوں۔ ایسے اسمائے باری تعالیٰ کے توسل سے دُعا کی جائے تو وہ دُعا قبول ہوگی۔ اگر ان اسماء کو روزانہ بکثرت پڑھا جائے تو اللہ تعالیٰ کفائت کرتا ہے پڑھنے والے کو ہر طرح سے اور نیکی کے کاموں کی توفیق بخشتا ہے۔ اور بڑے کاموں کی توفیق نہیں دیتا۔ مرادوں کو پورا کرتا ہے۔ اور بیماریوں سے شفا بخشتا ہے۔ اور بہت سے ایسے فوائد جو آپ کے گمان میں بھی نہیں ہوتے۔ حروف نورانیہ والے اسمائے باری تعالیٰ یہ ہیں۔

"اَللّٰہُ۔ اَلرَّحْمٰنُ۔ اَلرَّحِیْمُ۔ اَلْمَلِکُ۔ اَلسَّلَامُ۔ اَلْمُؤْمِنُ۔ اَلْمُھَیْمِنُ۔ اَلْعَلِیُّ۔ اَلْحَکِیْمُ اَلْحَکِیْمُ۔ اَلْعَظِیْمُ۔ اَلْکَرِیْمُ۔ اَلْحَلِیْمُ۔ اَلْمُحْسِنُ۔ اَلْمُنْعِمُ۔ اَلسَّمِیْعُ۔ اَلْبَصِیْرُ۔ اَلْحِکَمُ۔ اَلْقَائِمُ۔ اَلْقَاھِرُ۔ اَلْحَیُّ۔ اَلْقَیُّوْمُ۔ اَلْمُحْیُ۔ اَلْمُحْصِیُ۔ اَلْمَانِعُ۔ اَلْقَھَّارُ۔"

4۔ اگر کسی محبوب کو اپنی محبت میں بے قرار کر کے حاضر کرنا چاہیں تو مندرجہ ذیل عمل کو اس شعر کے ساتھ بطخ کے انڈے پر لکھیں اور پھر محبوب کے پہنے ہوئے کپڑے کو اس پر لپیٹ کر

آگ کے نزدیک دفن کر دیں۔ تو محبوب کا دِل تمہاری محبت میں بے قرار ہوگا اور جب تک وہ تمہارے پاس حاضر نہ ہوگا اُسے چین اور آرام نہ آئے گا۔ لکھنے والا عمل یہ ہے۔

"بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ وقل الحمد لله الذى لم يتخذ ولدا ولم يكن له شريك فى الملك ولم يكن له ولى من اذال و كبره تكبيرا الم الم الم الم المص الر االر الر الراحم حم حم حم حم حم يس ص الم الم الم الرا الرا الرا الرا كهيعص ق ن ط س م حم عسق اللهم رب جبرائيل و ميكائيل و اسرافيل و عزرائيل هيج قلب فلاں بن فلاں بمحبة فلاں بن فلاں و خذسمعه و بصره وقلبه ولسانه حتى ياتى اليه والق المودة بينهما۔"

5۔ جلب محبوب اور محبت کے لیے مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر یہ طلسم شعر کے ساتھ تحریر اور بعد میں عزیمت بھی تحریر کریں۔ پھر اس کا فلیتہ بنا کر نئے چراغ میں روغن زیتون ڈال کر روشن کریں اور ساتھ بخور لوبان کزبرہ کا روشن کریں اور عزیمت کو ایک سو مرتبہ تلاوت کریں بے شک محبوب محبت میں بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔ طلسم اور عزیمت یہ ہے۔

"ك ها يا عين صاد ۔ك ۹۹۸۱۱۱۱م ر۔ اه ط م ف ش ذ۔ ۹۱۷۸۱۱۱۔ ۱۱ك۔ اه طم ف ش ذ۔ ب ح ق ك ها يا عين صاد ۔"

عزیمت "عَطُوْفُ بَدُوْحُ تَوَّ كَلُوْا يَا خُدَّامُ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ بِجَلْبِ فلاں بنت فلاں اِلٰی مُحَبَّةِ فلاں بن فلاں بِحَقِّ دَهْلُوْبِ شَالُوْدِ خَلُوْجِ شَيْلُوْجِ اَجِيْبُوْا يَا خُدَّامُ هٰذه الْاَسْمَاءِ بِحَقِّهَا عَلَيْكُمْ وَطَاعَتِهَا لَدَيْكُمْ اَفْعَلُوْا مَاتُؤْمَرُوْنَ بِهِ اَلْوَحَا اَلْعَجَلَ اَلسَّاعَةُ۔"

اگر کسی پر ہاتف ارسال کرنا چاھیں

6۔ اگر کسی پر ہاتف ارسال کرنا چاہیں تو پہلے ایک مخمس کھیعص حمعسق کی جو نیچے درج ہے لکھے اور شعر اس کے چاروں طرف ایک ایک بار تحریر کرے اور اسے اپنے سر پر

رکھے۔اور پھر ایک ہزار مرتبہ (کھیعص حمعسق) کو پڑھے اور ہر سینکڑہ کے بعد پانچ مرتبہ وہ آیات جن کے شروع میں (کھیعص) اور آخر میں (حمعسق) ہے۔اور پھر پچیس مرتبہ عزیمت ارسال ہاتف پڑھے۔جس دن عمل کرنا ہو دن کو روزہ رکھے اور عشاء کے بعد عمل کرے۔بے شک ہاتف تمہاری مرضی کے مطابق فوراً کام کرے گا۔عمل میں پڑھنے والی خمسہ آیات یہ ہیں۔جن کے شروع میں (کھیعص) اور آخر میں (حمعسق) ہے۔

کھیعص	آیاتِ خمسہ جن کے اول کھیعص اور آخر میں خمعسق ہے	خمعسق
ك	كَمَاءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَاءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ۔(الکھف آیت ۴۵)	ح
ہ	هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ۔(الحشر آیت ۲۲)	م
ی	يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كٰظِمِيْنَ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ۔(المومن آیت ۱۸)	ع
ع	عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّاۤ اَحْضَرَتْ فَلَاۤ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ وَالَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ۔(تکویر آیت ۱۴ تا ۱۸)	س
ص	صۤ وَالْقُرْاٰنِ ذِى الذِّكْرِ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِىْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ (ص آیت ۱ تا ۲)	ق

اور عزیمت ارسال ہاتف یہ ہے۔

"تَوَكَّلُوْا يَا خُدَّامَ هٰذِهِ الْاٰيَاتِ وَاذْهَبُوْا اِلٰى كذا وَكذا فِىْ صُوْرَتِىْ وَسَمُّوْا لَهٗ اِسْمِىْ وَخَوِّفُوْهُ وَازْعِجُوْهُ وَاَقْلِقُوْهُ وَاَرُوْهُ الْمَوْتَ حَتّٰى اِذَا اَصْبَحَ يَاْتِىْ خَاضِعًا ذَلِيْلًا وَيَقْضِىْ حَاجَتِىْ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ وَاٰيَاتِ عَلَيْكُمْ وَطَاعَتِهَا لَدَيْكُمْ الوحا العجل

الساعة بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكُمْ وَعَلَيْكُمْ۔"

ان آیات کے موکلات کے اعمال کا دائرہ کار بڑا ہی وسیع ہے۔ان سے تصرفات کائنات،تمام امور دنیا اور ہر مقصد میں کامیابی و کامرانی حاصل کی جاسکتی ہے۔تمام حاجات اور مرادیں پوری ہوتی ہیں۔حب و بغض اور غموں اور بیماریوں اور تکالیف سے نجات نیز دشمناں کے حملوں سے بچاؤ آفات و بلیات سے تحفظ کیلئے خوب کام کرتی ہیں۔عاملین و کاملین اور علمائے جفر و عاملین تکسیرات نے ان سے عجیب و غریب کام لئے ہیں۔یہاں پر ہم صرف چند اعمال ان آیات سے متعلقہ درج کرتے ہیں۔تفصیل کے لیے ہماری تصنیف "عکس لوحِ محفوظ" کا مطالعہ کریں۔

آیاتِ خمسہ کے چند اعمال

عملِ حُب

حُب کیلئے ان آیات با موکل کے بعد ان الفاظ کا اضافہ کریں۔ان آیات کے موکلات ہماری کتاب عکس لوح محفوظ میں درج ہیں۔

"تَوَكَّلُوْا يَا خُدَّامِ هٰذِهِ الْاٰيَاتِ وَيَا ايها السيد مَيْطَطْرُوْنَ تَهِيْجُ قَلْبَ فلاں بن فلاں عَلٰى مَحَبَّةِ ومَوْدتی العجل العجل الوحا اساعة عَلٰى سُلَيْمَانَ دَاوُدَ عَلَيْهِ السلام بِحَقِّ الْاِنْجِيْلِ وَالتَّوْرَاةِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ و بِحَقِّ مُحَمَّدِ المصطفٰی صلی اللّٰه عليه وَسَلَّم وَبِحَقِّ هٰذِهِ الْاٰيَاتِ العِظَامِ والا سماء الكرام وَبِحَقِّ كحفطمهيوش اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ اَنْ تسخرلِىْ قَلْبَ فلاں بن فلاں على محبتی و مودتی نصر من اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْب۔"

مذکورہ بالا آیات سے فائدہ اٹھانے کیلئے مختلف طریقے ہیں۔مثلاً محبت کیلئے کام کرنا ہو تو طالب کو چاہیے کے جمعہ کے دن نماز جمعہ سے قبل ۹۳ بار پڑھے۔کیونکہ یہ ایک مجرب طریقہ ہے جس میں کسی شک و شبہ کی گنجائش نہیں ہے۔اگر کسی غیب شخص کا طلب کرنا منظور ہو تو مذکورہ بالا آیات کو ۶۶ مرتبہ پڑھیں تو وہ غیب شخص حاضر ہو گا یا کسی ایسے شخص سے ملاقات ہو جائے گی جو

اس کا پتہ بتادے گا۔ اگر کوئی حاجت انسان کی پوری نہ ہوتی ہو۔ تو بھی اور یا کسی سے حاجت طلب کرتا ہے اور وہ پوری نہیں ہوتی تو مذکورہ بالا آیات ٦٦ بار پڑھے۔ تو اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری کرے گا۔ خلاصہ یہ ہے کہ ان آیات کو ہر بھلائی طلب کرنے کیلئے اور ہر ایک شر کے دفیعہ کے لئے ۔ اگر کوئی شخص پورا اعتقاد رکھ کر مذکورہ تعداد سے پڑھے گا۔ تو اس کی ہر مراد پوری ہوگی۔ مذکورہ بالا آیات کے بعد ہم نے جو الفاظ اپنی کتاب عکس لوح محفوظ میں لکھیں ہیں، وہ محبت کیلئے ہیں۔ ان کو اپنے مقاصد سے کے لحاظ سے بدلنا ہوگا۔ مثلاً

تکالیف سے نجات

غموں اور تکالیف سے نجات کیلئے مندرجہ ذیل کا اضافہ کریں۔ اَللّٰھُمَّ اشفِنِی وَفَرِّج ھمی و حزنی و غمی

بلاؤں اور دشمنان سے تحفظ

بلاؤں اور قضا اور دشمنوں کے حملوں سے بچنے کیلئے مندرجہ ذیل الفاظ کا اضافہ کریں۔

"اَللّٰھُمَّ احفظنی من البلاء وَالقضاء وَالاَعداءِ وَالحَرقِ وَالسرقِ بحُرمَۃِ ھٰذہِ الاٰیاتِ وَالخصائص وَالاسرارِ وَبحُرمَۃِ حَبیبکَ سَیّدِالابرار وَبحُرمَۃِ اٰلہٖ و اصحابہ الاخیار۔"

حضرت امیر سید بخاری قدس سرہٗ کا یہی ورد تھا۔ آپ فرماتے تھے کہ جو شخص ان آیات کو انہی حروف اور موکلات کے ساتھ پڑھے گا وہ دشمن پر غلبہ پائے گا۔ اور لوگوں کے دلوں میں اسے قبولیت ہوگی۔ ان پانچ آیات کے بہت سے تصرفات اور منافع ہیں لیکن اس وقت میں نے آپ کو علامہ ابوالحسن شاذلیؒ کے طریقہ سے آگاہ کیا ہے جو بے حد مجرب ہے۔ سب سے پہلے ان آیات معہ موکلات یاد کریں۔ پھر اگر کسی بھی معاملہ میں پریشان ہوں خواہ وہ کتنا ہی سخت اور مشکل نہ ہو۔ انشاءاللہ یقینی مقصد پورا ہوگا۔ ان آیات کا ورد کبھی اثر سے خالی نہیں جائے گا۔

آیاتِ خمسہ سے تسخیرِ جنات

واضح رہے کہ ان آیات خمسہ میں اسم اعظم مخفی ہے اور یہ آیات حروف مقطعات کھیعص کے ایک ایک حرف پر بالترتیب شروع ہوتی ہیں اور حروف مقطعات حمعسق کے ایک ایک حرف پر بالترتیب ختم ہوتی ہے۔ یاد رہے کہ حروف مقطعات کے تمام حروف نورانی ہیں۔ ان حروف مقطعات ہر دو کے اعداد ۴۷۳ ہیں۔ یہ پانچ پانچ حروف ہیں اور ان کی روزانہ پڑھائی کی تعداد ۴۷۳×۵=۲۳۶۵ ہے۔ طریقہ ریاضت اس کا یوں ہے کہ عروج ماہ میں ترک حیوانات جلالی و جمالی کے ساتھ اتوار کی شب الگ خلوت کے مکان میں مقرر جگہ پر روزانہ باحصار ریاضت کی جائے۔ یعنی روزانہ بلاناغہ چالیس یوم تک نماز عشاء کے بعد قبل از وتر ان آیات مبارکہ کو ۲۳۶۵ مرتبہ پڑھا جائے اور اول و آخر درود شریف ہزار یا جو یاد ہو گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں اور دیسی گھی یا روغن زیتون کا چراغ حصار کے اندر اپنے سامنے جلا کر رکھیں۔ اور چراغ کی طرف دیکھتے ہوئے روزانہ آیات خمسہ (۲۳۶۵) مرتبہ تلاوت کریں۔ عروج ماہ میں آپ اس عمل کی ریاضت شب بدھ جمعرات یا جمعہ کو بھی شروع کر سکتے ہیں۔ شروع عمل میں چند روز میں کمرے کے اندر ریل گاڑی کی آواز سنائی دے گی۔ پھر ایسا معلوم ہوگا کہ قریب ہے اور کمرے سے ٹکرا جائے گی اور کمرہ گر پڑے گا اور دوسرے روز آواز دور معلوم ہوگی، رفتہ رفتہ چند دن کے بعد آواز ختم ہو جائے گی اور پھر گیارہویں یا بارہویں روز کمرہ میں ایک روشنی معلوم ہوگی۔ جس میں گھنٹی کی آواز ہوگی۔ وہ روشنی گھنٹی کی آواز کے ساتھ حصار کے قریب آجایا کرے گی۔ عمل کے اختتام کے مرحلہ تک اس طرح کی روشنی اور دیگر مشاہدات غریبہ ہونگے۔ چالیسویں یا اکتالیسویں شب شاہ جنات حاضر ہونگے۔ جو خوبصورت انسانی صورت میں ہوگا اور لباس فاخرہ اور سر پر تاج سلطانی ہوگا۔ آپ کیلئے لازم ہے کہ ان سے بالکل خوف نہ کھائیں اور گفتگو میں آپ پہل نہ کریں۔ شاہِ جنات خود آپ سے گفتگو شروع کرے گا۔ اور کہے گا کہ مجھے کیوں تکلیف دی ہے۔ آپ اسے کہیں کہ میں آپ سے عہد لینا چاہتا ہوں کہ آپ میرے ہر کام اور ہر مشکل میں میری مدد کریں گے اور .

میرے ہر حکم کی تکمیل فوراً بجالایا کریں گے۔ جب جنات کا بادشاہ عہد قبول کرلے تو پھر اس سے نشانی طلب کریں۔ اس لئے کہ آپ میرے مطیع اور تابع ہو گئے ہیں۔ وہ نشانی دے گا اور اس کو حاضر کرنے کا طریقہ بھی پوچھ لیں۔ وہ تمام طریقہ اپنی حاضری کا بتائے گا۔ پھر چلا جائے گا۔ حسب ضرورت بلا کر ہر کام لے سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ دورانِ ریاضت آپ کا لباس اور کمرہ خوشبو سے معطر رہنا ضروری ہے اور رات کو سوتے وقت بھی حصار کر کے سویا کریں اور دن کے وقت بھی اپنا بدنی حصار کر لیا کریں تا کہ شاہِ جنات کے خدام کے شر سے محفوظ رہیں۔ ریاضت کے بعد بھی روزانہ ان آیات کو ۳۰۷ مرتبہ پڑھنا ہو گا تا کہ شاہِ جنات ہمیشہ کے لئے تابع رہیں۔ اگر ۳۰۷ مرتبہ روزانہ نہ پڑھ سکیں تو صرف ۷۳ مرتبہ روزانہ صبح و شام ضرور پڑھا کریں۔ یہ عمل تمام اعمال کی مفتاح ہے اس سے ہر جائز کام لیا جا سکتا ہے۔

سنگ دل محبوب و مطلوب، نادیدہ، گریختہ کو حاضر کرنے کیلئے، دشمنان کو زیر مطیع کرنا مقدمات میں فتح یابی کیلئے، امتحان میں کامیابی، موذی بیماریوں سے صحت یابی اور شفا کیلئے، اگر آندھی، سیلاب یا بارش کو روکنا چاہیں تو ہر سہ رک جائیں۔ اگر ان آیات مقدسہ کی تلاوت کرتے ہوئے بارش میں چلیں تو اوپر بارش نہ ہو گی۔ اگر آپ نہر، دریا، سمندر عبور کرنا چاہیں تو آپ کیلئے آسان ہو گا۔ شاہِ جنات آپ کیلئے طے الارض یعنی زمین پاؤں کے نیچے سمٹ جاتی ہے۔ حجاب الابصار یعنی نظر خلائق سے مخفی ہونا، یمشی علی الماء یعنی پانی پر مثل زمین کے چلنا، طیران فی الھوا یعنی ہوا میں اڑنا۔ یہ تمام امور شاہِ جنات آپ کیلئے آسان بنا دے گا۔ علوم غریبہ و فنون عجیبہ حاصل ہونگے۔ شاہِ جنات آپ کو زمین کے خزائن سے آگاہ کر سکتا ہے اور علم طب و صنعت الٰہیہ کے معارف اور حقائق سے بھی آگاہی۔ غرضیکہ ان آیات خمسہ تسخیر کردہ شاہِ جنات جو بے شمار جنات کے قبیلوں کا بادشاہ ہے۔ آپ کی ہر جائز حاجت میں آپ کا مددگار رہو گا۔

حصار کا طریقہ

دورانِ ریاضت سورۃ فاتحہ، اخلاص، فلق، ناس، پانچ پانچ مرتبہ تلاوت اور آیت

الکرسی، الشمس، الطارق ایک ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے دائیں طرف سے حصار شروع کر کے بائیں طرف چاقو یا چھری گاڑ دیا کریں۔ بعد از اختتام یہی حصار پڑھ کر اکھاڑ لیا کریں۔ اگر جگہ پختہ ہو تو شہادت کی انگلی سے حصار کریں اور بعد عمل دائیں ہاتھ سے حصار مٹا دیا کریں۔ اپنی حفاظت کیلئے انہی حروف مقطعات یعنی کٓھٰیٰعٓصٓ اور حٰمٓعٓسٓقٓ کا نقش ذوالکتاب تیار کر کے اپنے پاس رکھیں تا کہ آپ جنات کے شر سے محفوظ رہیں۔ تسخیر ارواح کے اعمال کیلئے ہماری تصنیف ''مصباح الارواح'' کا مطالعہ فرمائیں۔ اس کتاب میں تسخیر موکلات، پریاں، سندونیاں، ہمزاد، بھوت، پریت، دیوی، جوگن، بھیرو، شاہِ جنات اور دیگر بے شمار ارواح کی تسخیر و حاضری کے اعمال تفصیلاً درج ہیں۔ اپنے مرے ہوئے بزرگوں کی ارواح سے ملاقات کے علاوہ انسانی نظروں سے غائب ہونے کے رازوں کو پہلی بار ''مصباح الارواح'' میں عیاں کیا گیا ہے۔

نقش مثلث کے جملہ اعمال کے لئے ہماری تصنیف ''رموزِ خاتم سلیمانی'' کا مطالعہ کریں۔ اس کتاب میں خاتم سلیمانی کے بے شمار نایاب عمل و نقوش دیئے گئے ہیں اور خاتم سلیمانی کے ایسے ایسے اعمال بھی اس میں شامل ہیں جو شعبہ ہائے زندگی کے جملہ امور میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔ دنیاوی ضرورت اس سے تمام کی تمام پوری ہوتی ہیں۔ حب و بغض، حاضری مطلوب، بربادی و بلا کی دشمنان آپ کیلئے بازیچہ اطفال بن کر رہ جائیں گے اور ایسے ہی بے شمار سربستہ روحانی رازوں کا انکشاف ''رموز خاتم سلیمانی'' میں کیا گیا ہے۔

۱۰۰ویں شعر کے خواص و افعال

بِمَافِیْ کِتَابِ اللّٰہِ مِنْ کُلِّ سُوْرَۃٍ
وَآیَاتِہٖ ثُمَّ الْحُرُوْفُ تَعَظَّمَتْ

1۔ جو کوئی مندرجہ ذیل نقش کو لکھے اور اس کے چاروں طرف شعر ایک ایک مرتبہ تحریر کرے۔ اگر اسے اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ اُس کو غموں سے نجات بخشے گا۔ اگر دردِ زہ والی عورت کے گلے میں ڈالیں تو ولادت میں آسانی ہو گی اور فوراً بچہ پیدا ہو جائے گا۔ اگر مال تجارت

میں رکھیں تو منافع خوب ہوگا اور خیر و برکت ہوگی۔ اگر بطور تعویذ کوئی فرد گلے میں ڈالے رکھے تو حاکم کے سامنے جانے سے حاکم مہربان ہوگا اور حاجت پوری کرے گا۔ تسخیر خلائق ہوگی۔ یہاں تک کہ اس عمل کے بے شمار فوائد ہیں جو کہ شمار نہیں کیے جاسکتے۔ کیونکہ اس میں راز ہے قرآن پاک کا جس کے اوصاف بیان سے باہر ہیں۔ اس لیے ہر جائز مقصد کے لیے اس سے فیض یاب ہو سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے فہم و ادراک کو کشادہ فرمائے۔ اس شعر کو بکثرت پڑھنے سے آپ کو مکاشفہ ہو جائے گا اور اس عمل کے کئی فوائد سے آپ خود آگاہ ہو جائیں گے۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

٥٢٩٩٩٣٧	٥٢٩٩٩٤٠	٥٢٩٩٩٤٣	٥٢٩٩٩٣٠
٥٩٩٩٩٤٢	٥٢٩٩٩٣١	٥٢٩٩٩٣٦	٥٢٩٩٩٤١
٥٩٩٩٩٣٢	٥٢٩٩٩٤٥	٥٢٩٩٩٣٨	٥٢٩٩٩٣٥
٥٢٩٩٩٣٩	٥٢٩٩٩٣٤	٥٢٩٩٩٣٣	٥٢٩٩٩٤٤

ترپینویں شعر کے خواص و افعال

بِسِرِّ حُرُوْفٍ اَوْدَعْتُ فِیْ عَزِیْمَتِیْ

عَلَوْتُ بِنُوْرِ الْاِسْمِ وَالسِّرُّوْہِ قَدْعَلَتْ

1۔ جو کوئی اس شعر کو بکثرت پڑھے اور مندرجہ ذیل مثلث کو لکھے اور اس کے چاروں طرف شعر ایک ایک مرتبہ اور پھر اسے اپنے پاس رکھے۔ تو وہ تمام جنات اور انسانوں سے شر سے محفوظ رہے گا۔ اور وہ تمام فیوض بھی حاصل ہوں گے جو کہ ہم سابقہ عمل کے ساتھ تحریر کر چکے ہیں۔ یہاں تک کہ علوم ظاہری و باطنی کا حصول حامل کے لیے آسان ہو جائے گا یا اُسے اپنا کامل راہبر مل جائے گا۔ جس سے وہ ایسے علوم کی تعلیم حاصل کرے گا۔ مثلث درج ذیل ہے۔

٧٨٦

٧٦٦٥٨٢	٧٦٦٥٨٨	٧٦٦٥٨٠
٧٦٦٥٨١	٧٦٦٥٨٣	٧٦٦٥٨٦
٧٦٦٥٨٧	٧٦٦٥٧٩	٧٦٦٥٨٤

چونتونیں شعر کے خواص و افعال

ثَلَاثُ عصی صففت بعد خَاتِمٍ

علی رأسھا مثل الْأَسِنَانِ تَقَوَّمَت

1۔ اس شعر اور اگلے چار اشعار میں سواقط فاتحہ شریف کا راز مخفی ہے۔ اور اُن حروف کا جو سورہ فاتحہ میں نہیں آئے۔ جو کہ یہ ہیں (ف۔ج۔ش۔ث۔ظ۔خ۔ز) ان حروف میں اسم اعظم بھی مخفی ہے۔ ہم نے اپنی تصنیف "فیضان القرآن" میں سواقط فاتحہ کے بارے میں تفصیل سے تحریر کیا ہے۔ ان حروف کے طلاسم، خواتم اور اسم اعظم کے بارے میں بھی سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ سواقط فاتحہ میں مخفی اسم اعظم میں کتنے حروف تورات کے ہیں اور کتنے حروف انجیل کے ہیں اور کتنے حروف قرآن پاک کے ہیں۔ اور سریانی زبان میں اسم اعظم کیا ہے۔ اور سریانی زبان سے عربی زبان کا کیا اسم اعظم نکلتا ہے۔ اور اس کے سبعہ اشکال طلاسم کیا ہیں۔ اور اعمال خیر و شر میں ان کے طلاسم، الواح۔ خواتیم اور موکلات سے کیسے کام لیا جاتا ہے۔ معلوم کرنے کے لیے ہماری تصنیف "فیضان القرآن" کا مطالعہ کریں۔ اس لیے اس شعر اور باقی اشعار کا یہاں تذکرہ مناسب نہیں ہے۔ روحانی علوم و فنون میں بے بہا خزینے موجود ہیں۔ مگر راہبر کامل اور استاد اکمل کے بغیر کچھ ہاتھ آنا مشکل ہے۔ ان علوم سے فیض یاب ہونے کے لیے پہلے کامل استاد تلاش کریں۔ تاکہ گوہر مقصود حاصل ہو۔ اب ہم دعوت الجلجلوتیہ کے اسماء کے خواص و افعال تفصیلاً تحریر کرتے ہیں۔ تاکہ قارئین اس عظیم دعوت سے مکمل طور پر فیض یاب ہو سکیں۔ اور مخلوق خدا کی رُوحانی خدمت کر سکیں۔

1۔ آج۔ آجن۔ اللّٰہُ

☆ اس دعوت مبارکہ کا یہ پہلا اسم ہے۔ میاں بیوی کی محبت کے لیے مطلوب کے استعمال شدہ کپڑے پر اسے لکھیں۔ اور روغن زیتون سے تر کر کے چراغ میں جلائیں۔ اور اس کو چھیاسٹھ مرتبہ تلاوت کریں۔

☆ اگر اس اسم کو لکھ کر اُس فرد کے گلے میں ڈال دیں جسے نظرِ بد لگی ہو یا اکثر لگتی ہو۔ یا جس سے لوگ حسد کرتے ہوں اور حسد کی وجہ سے وہ پریشان ہو۔ انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

☆ تسخیر خلائق کے لیے اس کا عجیب عمل ہے کہ نماز فجر کے بعد روزانہ جس قدر ممکن ہو سکے اس اسم کو زبانِ دل سے آنکھیں بند کر کے پڑھنا شروع کر دیں۔ عمل کو بلا ناغہ روزانہ پڑھتے رہیں۔ عام و خاص تک تسخیر ہو گی۔

☆ اللہ تعالیٰ نے اس اسم جلیل (آج، اللّٰہُ) میں تسخیر ارواح و روحانیت کی تاثیر ودیعت کر رکھی ہے۔ ارواح اور رُوحانیات کے مشاہدہ و تسخیر کے خواہاں ہوں تو اس کے لیے نصف شب کے وقت نیند سے بیدار ہو کر پاکیزہ جسم و لباس کے ساتھ روزانہ اسم متذکرہ بالا کو چار ہزار تین سو چھپن (3456) مرتبہ اکیس روز تک خشوع و خضوع قلب کے ساتھ تلاوت کریں۔ ارواح و روحانیات کی تسخیر عمل میں آ جائے گی۔

☆ قید ناحق سے نجات کے لیے اس اسم کو چھیاسٹھ مرتبہ لکھ کر بطور تعویذ قیدی کے گلے میں ڈالا جائے تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس پر چھیاسٹھ روز کی مہلت بھی گزر نہ پائے گی کہ وہ قید و بند کی صعوبتوں سے نجات پا جائے گا۔

☆ اٹھرا اور عقر جسے لوگ قریب قریب لاعلاج سمجھتے ہیں۔ یہ کوئی لاعلاج مرض نہیں ہے۔ حکیم مطلق نے اس مرض کے لیے اپنے ذاتی اسم مقدس (آج، اللّٰہُ) میں تریاق کا اثر رکھا ہے۔ چنانچہ اس اسم کو چھیاسٹھ بار لکھیں اور پانی دھو کر پانی کو شہد سے شیریں کر کے اٹھرا و عقر کی ماری عورت کو کامل نوے روز تک پلاتے رہیں۔ انشاء اللہ صحت کاملہ ہو گی۔

☆ مالی و معاشی پریشانیوں سے نجات کے لیے عروج ماہ کے کسی بھی نوچندے دن سے شروع کر کے تین دن تک روزے رکھیں۔ اور طلوع و غروب آفتاب کے بعد دونوں اوقات میں روزانہ چھیاسٹھ، چھیاسٹھ مرتبہ اس اسم کو تلاوت کریں۔ یہ تین روزہ عمل مالی و معاشی تنگ دستی کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ختم کر دے گا۔ بستہ روزگار کشادہ ہو گا اور ملازمت کے خواہاں حضرات کو ملازمت مل جائے گی۔

☆ اسی اسم کا چھیاسٹھ خانوں کا نقش پُر کریں اور ہر خانہ میں (آج، اللّٰہُ) تحریر کریں اور مسحور کے گلے میں ڈال دیں۔ اگر مرض شدت اختیار کر گیا ہو تو ایسا ہی ایک نقش عرق گلاب میں ڈال دیں تا کہ مسحور صبح و دوپہر شام دو، دو گھونٹ پیتا رہے۔ تو وہ سحری و جادوئی اثرات سے نجات پا جائے گا۔ اگر کسی آسیب زدہ پر یہی اسم چھیاسٹھ مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے اور اسی اسم کو بسط حرفی کر کے لکھا جائے اور اس کا فلیتہ بنا کر چراغ میں ڈال کر آسیب زدہ کے سامنے روشن کیا جائے۔ آسیب مریض کا بدن خالی کر دے گا یا جل جائے گا۔

☆ کسی کو اپنی محبت میں بے قرار کر کے حاضر کرنے کے لیے ایک کاغذ پر مندرجہ ذیل عزیمت تحریر کریں اور پھر اس پر محبوب کا پہنا ہوا کپڑا لپیٹ کر چراغ میں روشن کریں اور اس اسم کو چار سو ترپن (453) مرتبہ تلاوت کریں۔ محبوب محبت میں بے قرار ہو کر حاضر ہو گا۔ عزیمت یہ ہے۔

"تَوَكَّلُوْا يَا خُدَّامَ هٰذَا الْاِسْمِ الْجَلِيْلِ بِحَقِّهٖ عَلَيْكُمْ وَطَاعَتُهٗ لَدَيْكُمْ وَاجْلِبُوْا وَ اَحْضِرُوْا قَلْبَ فلان بنت فلان اِلٰی فلان بن فلان بِالْمُحَبَّةِ وَالْمَوَدَّةِ حَتّٰی لَايَسْتَطِيْعُ اَنْ يُّفَارِقَهٗ الوحا العجل الساعة۔"

2۔ اَھُوج۔ آھُوجن۔ اَلْاَحَدُ

☆ جو شخص کسی مرد یا عورت کو بے اولاد کرنا چاہے تو اُس فرد کے استعمال شدہ کپڑے پر اس طلسم اور پھر یہ اسم ایک ہزار تین سو مرتبہ (1300) پڑھے اور پھر اسے ایک بانس کے ٹکڑے

کے سوراخ کے اندر ڈال کر دونوں طرف سے سوراخ کو موم سے بند کر کے گھر میں کسی اندھیری جگہ رکھ دے۔ جب تک یہ طلسم نکال کر دریا میں نہ بہا دیا جائے۔ اثرات باطل نہ ہوں گے۔

طلسم یہ ہے۔

۳۶۷۱۔آ ہ و چ۔ ال اح د۔ ۳۶۷۱۔ د ح ال ا ج و ہ آ۔

بتسم نطفه فلان بن فلان درفرج فلان بنت فلان حمل قرار نه پائید

☆ قضائے حاجات و مہمات کے لیے خلوت کے مکان میں سات روزہ ریاضت کی نیت کے ساتھ روزانہ ایک ہزار آٹھ سو اٹھارہ (1818) مرتبہ تلاوت کریں۔ حاجات و مہمات سے نجات پا جائیں گے۔ اور کسی شمہ و شبہ کے بغیر جملہ مرادیں بھی بر آئیں گی۔

☆ پوست حمار کے ایک ٹکڑے پر (اھُوْچ) سرکہ سے تیار کردہ روشنائی سے تحریر کریں اور پھر اسے کُز برہ کا بخور دے کر جلائیں اور اس کی راکھ میں سندرس اور مقل ازرق ملا کر سفوف کریں اور ایسے گھر میں ڈال دیں جہاں بدکردار لوگ فسق فجور کے لیے جمع ہوتے ہوں۔ اس عمل کی تاثیر سے وہ اس جگہ پر پھر کبھی بھی دوبارہ جمع نہ ہو سکیں گے۔ صرف اسی قدر ہی نہیں بلکہ ان کے درمیان نہ ختم ہونے والا انتشار اور باہمی دنگا فساد بھی اُٹھ کھڑا ہوگا۔

☆ اگر کسی مفرور یا گریختہ کو بلانا ہو تو ایک سفید کپڑے پر اسم (اھُوْچ) اُس کے نام کے اعداد کے مطابق تحریر کریں اور اسے کسی درخت کے ساتھ باندھ دیں تا کہ ہوا میں لہراتا رہے۔ گمشدہ جہاں اور جس حالت میں بھی ہوگا جلد سے جلد حاضر ہو جائے گا۔

☆ اسم (اھُوْچ) عاملین و کاملین کے نزدیک اسم مکاشفات بھی ہے۔ اس اسم مقدس کا عامل و ذاکر ہر قسم کی ارواح کے مشاہدات و حاضرات کی طاقت و قدرت رکھتا ہے۔ اکابر مشائخ فرماتے ہیں کہ اس اسم مبارک کا ذاکر عمل کی تلاوت سے اپنی رُوح کی صفائی اور دل کو جلا بخشنے والی روشنی سے منور کر لیتا ہے۔ چنانچہ اس اسم کی ہمیشہ مداومت اس کے عامل کو ایک عرصہ بعد ایسے مقام و منصب تک پہنچا دیتی ہے کہ جہاں پہنچ کر وہ خود اپنی مادی آنکھوں سے جہان نور کی مخفی

و باطنی مخلوق کے مشاہدہ کی صلاحیت حاصل کر لیتا ہے علاوہ ازیں بے شمار خواص و نتائج اور بہت سے حقائق و معانی اس پر منکشف ہو جاتے ہیں۔ اس اسم مقدس کی مداومت کا طریقہ عمل اس طرح ہے کہ عمل کے دن روزہ رکھیں اور نماز مغرب کے بعد کسی خلوت کے مکان میں اس اسم کو کامل یکسوئی کے ساتھ بلا حساب و شمار تلاوت کریں۔ عمل و تجربہ اس امر پر شاہد ہے کہ عامل اس اسم مقدس کی تلاوت کرتا ہوا، اس کی مقررہ و معینہ تعداد دو ہزار دو سو پچیس (2225) تک بھی نہیں پہنچ پاتا، کہ رُوح و روحانیات کا ظہور عمل میں آ جاتا ہے۔ اس عمل کو ایک ماہر و حاذق عامل کامل ہی بجا لا سکتا ہے

3۔ جَلَّ جَلِیُوْتُ۔ جَلَاجَلُ یُوْتُو۔ اَلْبَدِیْعُ

☆ اس اسم سے کام لینا چاہیں تو اس کے لیے طہارت و کاملہ کے ساتھ اس اسم کو کامل ایک چلہ تک دس ہزار مرتبہ روزانہ تلاوت کریں۔ عمل کی مداومت کے دوران ہی کراماتی و معجزاتی حقائق سامنے آ جائیں گے۔ عمل کی چلہ کشی کے بعد اس مقدس کو مشک و زعفران کی روشنائی سے لکھ کر جس کسی کو بھی دیں گے جاہ و منزلت اور عہدہ و مرتبہ کی ترقی کے لیے نہایت کارآمد ثابت ہوگا۔

☆ کشائش رزق کے لیے اس اسم مبارک کو روزانہ چالیس مرتبہ پڑھا کریں مقصد پورا ہوگا۔ گردش ایام کا ستایا ہوا جو شخص بھی اس سہل الحصول قسم کی ترتیب پر عمل پیرا ہوگا تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس کی نحوست کے دن ختم ہو جائیں گے۔ اور اس کے ساتھ ہی اس کی سعادت و خوش بختی کا ستارہ اس کے مقدر کے آسمان پر چمکنے لگے گا۔

☆ زن و شوہر کی محبت کے لیے اس اسم انیس مرتبہ کھانے پینے کی چیزوں پر پھونک کر عورت اپنے شوہر کو یا جو شوہر اپنی بیوی کو کھلائے تو شوہر بیوی کا تابعدار اور بیوی اپنے شوہر کی فرمانبردار بن جائے گی۔

☆ سرخ تانبے کی لوح پر جمعرات کے روز زہرہ یا مشتری کی ساعت میں کندہ کرائیں اور نظر بد کا شکار ہونے والے بچے یا بڑے کے گلے میں ڈال دیں تو نظر بد کے اثرات زائل

ہو جائیں گے اور آئندہ نظر بد کے اثرات نہ ہوں گے۔

☆ جن کنواری لڑکیوں کی شادی نہ ہو رہی ہو، یا کسی حاسد نے عقد بندی کروا دی ہو تو وہ اس اسم مبارک کو چالیس ہزار مرتبہ پڑھ کر ختم دلائیں۔ یہ ختم مبارک عقد بندی کے خاتمہ کے لیے نہایت مؤثر و اکسیر الاثر ثابت ہوتا ہے۔ اور شادی کی تمام تر رکاوٹوں کو جلد ختم کر کے رکھ دیتا ہے۔

☆ جوڑوں کے درد والے مریض کو دس مرتبہ لکھ کر دھو کر کم از کم سات روز تک مسلسل پلانے سے صحت ہوگی۔

☆ سحر جادو، ٹونہ اور غلیظ سفلی و کالے علم کے بداثرات کو ختم کرنے کے لیے اس اسم کو ایک سو دس مرتبہ پانی پر پڑھ کر اس سے مریض کو غسل کرائیں اور اس پانی سے کچھ پانی مسحور کو ایک ہفتہ تک تھوڑا تھوڑا پلاتے رہیں انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہوگی۔

☆ سحر جادو ٹونہ اور کالے علم کے بطلان کا ایک آسان طریقہ یہ بھی ہے کہ اسم مبارک کو بدھ کے روز نماز ظہر و عصر کے دوران مشک و زعفران کی روشنائی سے تحریر کریں۔ اور ایسے دو عدد تعویذ تیار کر کے ایک مریض کے گلے میں ڈال دیں اور ایک عرق گلاب میں ڈال کر ہفتہ عشرہ پینے کو دیں۔ بحکم خدا جادو ٹونے کا ستایا ہوا مریض بھی صحت یاب ہو جائے گا۔

☆ جو اس اسم کو لکھ کر کند ذہن کو پلائے تو اس کا حافظہ قوی ہو جائے گا۔

☆ اگر کوئی اس اسم کو بکثرت پڑھے اور ہمیشہ پڑھتا رہے تو اللہ تعالیٰ اُس کے دل میں زبردست قسم کی روحانی قوت پیدا کر دے گا۔ اس کے دشمن مغلوب ہو جائیں گے۔ اور وہ حکام و امراء کے ہاں عزت و تکریم حاصل کرے گا۔ فتح بر اعداء و تسخیر سلاطین بھی حاصل ہوگی۔

☆ حصول علم و حکمت، مخفی و روحانی علوم و فنون کے رازوں سے آگاہی کے لیے اس اسم یعنی (خَلْ خَلبُوتُ۔ خَلاخَلْ ہُوتُو۔ اَلْبَدِیعُ) کا ذکر بڑا بے نظیر ہے۔ اس اسم مقدس کے عامل سے نئے نئے علوم ظاہر ہوتے ہیں۔ اور اس کے ذکر سے عامل کا باطن منور ہوتا ہے نور علم سے

اور حافظہ قوی ہوتا ہے کہ ایک بار سنی اور پڑھی ہوئی بات تا دمِ مرگ یاد رہتی ہے۔ اس اسم کا نقش مبارک جو کوئی تحریر کر کے اس صندل کا بخور دے اور عنبر کی خوشبو سے معطر کر کے اس طریقہ سے اپنے گلے میں لٹکائے کہ نقش دل کے سامنے رہے اور اسم کا ذکر اکثر چھیاسی مرتبہ کرتا رہے تو بہت فائدہ عظیم حاصل کرے۔ اگر کسی کند ذہن کو یہ نقش مشک و زعفران سے لکھ کر روزانہ عرق گلاب سے دھو کر ایک ہفتہ تک پلائیں تو لوگ اس کے فہم و فراست پر حیران ہوں گے۔ نقش یہ ہے اس کے چاروں اطراف میں ایک ایک دوسرا شعر بھی تحریر کیا جائے گا۔

٧٨٦

ت	و	ی	ل	ج	ل	ج
ج	ت	و	ی	ل	ج	ل
ل	ج	ت	و	ی	ل	ج
ج	ل	ج	ت	و	ی	ل
ل	ج	ل	ج	ت	و	ی
ی	ل	ج	ل	ج	ت	و
و	ی	ل	ج	ل	ج	ت

4۔ جَلْجَلُتُ۔ جَلُ جَالَتُ۔ اَلْقَادِرُ

☆ زبان بندی کے نماز فجر کے اس اسم کو انیس بار پڑھ کر اپنے دائیں بائیں آگے پیچھے اور اوپر نیچے پھونک لیا کریں۔ خدائے تعالیٰ کے فضل و کرم سے جملہ حاسدوں اور دشمنوں کی زبان بندی ہو جائے گی۔

☆ عطارد کے وبال و ہبوط کے وقت سرس کی چھال کے ٹکڑے پر یہ اس لکھ کر ہمراہ دشمن کا نام مع والدہ لکھیں۔ پھر اس چھال کو کسی بوسیدہ و کہنہ قسم کی قبر میں گاڑ دیں۔ تو دشمن آپ کی

بدگوئی سے باز رہے گا۔

☆ جو شخص اس اسم کا اکثر ذکر کرے۔ اس کے بدن کی کمزوری ختم ہو جائے۔ اور وہ دشمنوں پر غالب ہوگا۔ اگر اس کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے تو دشمنان سے مقابلہ میں کبھی شکست نہ کھائے اور مقدمات میں فتح یابی نصیب ہو۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ت	ل	ج	ل	ج
ج	ت	ل	ج	ل
ل	ج	ت	ل	ج
ج	ل	ج	ت	ل
ل	ج	ل	ج	ت

5۔ هَیِّ۔ هِیِ یِنُ۔ اَلْکَافِیُ

☆ شیخ حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ یہ اسم ہی اجابت دُعا کے لیے اسم اعظم کا درجہ رکھتا ہے۔ جب بھی کوئی حاجت مند انسان اس اسم مبارک کی تلاوت کرتا ہوا خدائے بزرگ و برتر کے حضور دُعا کے لیے ہاتھ بلند کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسی وقت اس کی دُعا کو مستجاب فرما لیتا ہے۔

☆ شیخ موصوف سے ہی منقول ہے کہ اگر کوئی مظلوم و مقہور اس اسم مقدس کے ساتھ ظالم کے لیے بددُعا کرے گا تو وہ ظالم و جابر غضب الٰہی کا نشانہ بن کر اپنے انجام کو جا پہنچے گا۔

☆ اس اسم کا ذاکر و عامل ہر قسم کی پریشانی اور مصیبت و بلا سے خدائے تعالیٰ کی حفظ و امان میں رہتا ہے۔ عامل اور اس کے اہل و عیال اور مال کو بھی نقصان نہیں پہنچ پاتا۔ اور کوئی بھی شخص اس کے خلاف کوئی کلمہ بدزبان سے نکالنے پر قادر نہیں ہو پاتا۔

☆ اگر کوئی چاروں طرف سے آفات و بلاؤں میں گھر جائے اور اسے کسی طرف سے بھی نجات کا کوئی راستہ نظر نہ آ رہا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ اسم متذکرہ بالا کو انیس مرتبہ پڑھے اور اللہ

تعالیٰ سے دُعا کرے۔ اس اسم کی تاثیر سے وہ اُن کے سامنے سے غائب ہو جائے گا۔ اور ان میں سے کسی ایک کی نظر بھی اس کو نہیں دیکھ سکے گی۔

☆ دشمنوں پر فتح پانے، قرض کی ادائیگی، بیماریوں سے شفا پانے اور تمام تر حاجات و مشکلات سے نجات کے لیے اس اسم کو ایک ہی نشست میں ایک ہزار تین سو انیس (1319) مرتبہ تلاوت کریں۔ اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

6۔ هَلِ۔ هَا لِنَ۔ اَلْوَدُوْدُ

☆ عاملین و کاملین نے اسم مقدس (هَلِ) کو حب و تسخیر کے مقاصد و مطالب کے لیے ایک سریع التاثیر اور سریع الاجابت عمل کے طور پر تسلیم کیا ہے۔ چنانچہ علمائے علم و فن فرماتے ہیں کہ اگر کوئی عامل بوقت سہ پہر دن کو اور بوقت نصف شب رات کو اس اسم کو ایک سو مرتبہ پڑھے، اور اس عمل کو اپنے روزانہ کا معمول بنا لے تو لوگوں کے درمیان صاحب عزت اور جاہ و جلال ہوگا۔ اس کا عامل اس اسم کا ورد کرتا ہوا جس کسی سے بھی نظریں ملائے گا۔ وہ نہایت خوش دلی اور محبت سے پیش آئے گا۔

☆ قمری مہینے کی نوچندی جمعرات کو اس کی پہلی ساعت میں اس اسم کو انیس مرتبہ لکھ کر پانی سے دھو کر اس پانی کو سنبھال رکھیں۔ اس پانی کو بوقت ضرورت جس کسی کو بھی مشروب کے ہمراہ پلا دیں گے تو اس کے دل میں اپنے طالب کی محبت کا جذبہ عود کر آئے گا۔

☆ جو عورت رات کو سوتے ہوئے شوہر کے سرہانے کھڑے ہو کر اس اسم کو ایک سو دس مرتبہ پڑھے اور اسی طرح اگر کوئی شوہر اپنی بیوی کے سوتے وقت اس کے سرہانے کھڑے ہو کر پڑھے تو بیوی شوہر کی اور شوہر بیوی کا مطیع و فرمانبردار ہو جائے گا۔

7۔ هَلْهَلَتَ۔ هَلْ هَا لَتُ۔ اَلْبَاسِطُ

☆ اس اسم کو روزانہ بلاناغہ پچاس مرتبہ تلاوت کرنے سے رزق میں اضافہ اور کاروبار میں خیر و برکت پیدا کرتا ہے۔

☆ اگر کوئی روزانہ نماز فجر کے بعد اکتالیس مرتبہ (ھَلْھَلَتُ) کو پڑھتا رہے تو جب تک زندہ رہے گا محتاج نہ ہوگا۔ اور اگر روزانہ نماز عشاء کے بعد ایک سو ایک مرتبہ ورد کرے تو اللہ تعالیٰ اُسے دولت عظیم اور رزق وسیع عطا فرمائے گا۔

☆ اگر کوئی چالیس یوم تک متواتر ایک تسبیح اس اسم کی پڑھے تو محتاجی و مفلسی، مالداری و تونگری میں بدل جائے گی۔ اگر فقر وفاقہ کا ستایا ہوا فرد دن کی پہلی ساعت میں اس اسم کو روزانہ تین سو آٹھ مرتبہ پڑھا کرے تو تھوڑے ہی عرصہ میں وسعت رزق پیدا ہوگا۔

☆ اگر ایک ہی نشست میں اس اسم کو چودہ ہزار مرتبہ پڑھا جائے بشرطیکہ دوران عمل کسی سے کسی قسم کی بھی کوئی گفت گو نہ کی جائے۔ دولت وغناء کے حصول کے لیے اس سے بڑھ کر کوئی عمل نہیں ہے۔

☆ زیادتی معاش، وسعت رزق اور غناء وثروت کے لیے اس اسم کا روزانہ دو ہزار تین سو پچپن مرتبہ پڑھنا نہایت مفید وموثر ہے۔

8۔ طَیْطَغَتُ۔ طِیُ طَا غَتُ۔ اَلْحَیُّ

☆ جو کوئی اس اسم کو نماز فجر کے بعد ایک سو دس مرتبہ پڑھے اور پھر اپنے جسم پر پھونک لے گا تو اس ورد سے بہتر کوئی اور دُعا نہیں ہے۔ اس کا عامل وذاکر آسمانی وزمینی آفات وبلیات سے محفوظ رہے گا۔

☆ اگر قیدی اس اسم کو ایک ہزار تین سو مرتبہ روزانہ پڑھ کر اپنے جسم پر دم کرلیا کرے تو وہ قید ناحق سے خلاصی پا جائے گا۔

☆ اگر کوئی مسافر سفر پر نکلتے وقت اس اسم کو لکھ کر اپنے مال واسباب میں رکھے تو اس کا مال تمام آفتوں اور راہزنوں کی لوٹ مار سے محفوظ رہے گا۔

☆ اگر کوئی روزانہ صبح کے وقت اس اسم کو بکثرت پڑھے تو کوئی بھی دشمن اس کو نقصان پہنچانے پر قادر نہ ہوگا۔ اور اگر کوئی ظالم وجابر اس پر ظلم وزیادتی کا ارادہ رکھتا ہوگا تو اس اسم کی

تلاوت سے اس کا غضب وغصہ رحم ونرمی میں تبدیل ہو جائے گا۔

9۔ غَلْمَھَتُ۔ غَلُ مَا ھَتُ۔ اَلْقَھَّارُ ذُو الْبُطْشِ الشَّدِیْدِ

☆ یہ اسم مقدس بغض وعداوت کے سلسلے کے اعمال کے لیے ایک عظیم ترین عمل کے طور پر موثر ترین ہے۔ جو شخص روزانہ نماز فجر کے بعد اس اسم کو صرف سات مرتبہ پڑھ لیا کرے تو وہ دشمنوں کے مکر وفریب سے محفوظ رہے گا۔

☆ اس اسم کا بکثرت روزانہ پڑھنا شریروں کے شر اور دشمنوں کے خوف کو دُور کرنے کے لیے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

☆ ادائے قرض، دفع دشمنان، رنج وغم سے نجات اور صحت وتندرستی کے لیے اس اسم کو روزانہ سات سو تیس مرتبہ پڑھیں۔

☆ اگر کوئی اس اسم کو ستر مرتبہ روزانہ ستر یوم تک پڑھے تو وہ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا اور اگر اس عمل پر مداومت کرے گا تو اس کے دشمنوں کی دشمنی اس کی دوستی میں بدل جائے گی۔

☆ اگر کوئی مظلوم ومقہور کسی ظالم وجابر کے پنجہ ظلم میں گرفتار ہو جائے تو اسے اس اسم کو کثرت سے پڑھنا چاہیے۔ اس کی برکت وتاثیر سے وہ ظالم اس پر رحم کرے گا اور کسی قسم کا کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا۔

☆ دشمن کو ذلیل وخوار کرنے یا اس کی ہلاکت وبربادی کے لیے جس نیت وارادہ کے ساتھ پڑھے وہ پوری ہو جاتی ہے۔ خصوصاً اعداء واشرار کے مکر ودجل سے محفوظ رہنے ان پر غلبہ وفتح پانے اور مقابلہ ومجادلہ میں کامیاب رہنے کے لیے تلاوت کریں۔

10۔ شَمَاخِ۔ شَا مَا خِنُ۔ اَلْحَلِیْمُ

☆ سحر جادو ٹونہ سے تحفظ اور امن وامان میں رہنے کے لیے نماز عشاء کے بعد اس اسم کو اکیس مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

☆نماز جمعہ کے بعد مسجد کے کسی خالی گوشہ میں بیٹھ کر اخلاص و یقین اور صدق دل کے ساتھ اس اسم کو دو سو مرتبہ تلاوت کریں۔ جس مقصد کے لیے اس عمل کو کریں گے۔ وہ یقیناً بر آئے گا۔

☆اگر کسی بیمار پر دس مرتبہ دس یوم تک بلا ناغہ پڑھیں تو اسے شفائے کاملہ وعاجلہ نصیب ہوگی۔

☆اس اسم کو چینی کی طشتری پر مشک و زعفران کے ساتھ ایک سو دس مرتبہ لکھے اور اسے دھو کر سل و دق کے مارے مریض کو پلائے تو وہ جلد صحت یاب ہو جائے گا۔ اگر اس اسم کو کسی دوا پر تین سو انیس مرتبہ پڑھ کر دم کر کے وہ دوا جو مریض استعمال کرے گا وہ یقینی طور پر صحت مند ہو جائے گا۔ اور اس اسم کو روزانہ بکثرت پڑھا جائے تو ظاہری و باطنی امراض و عوارضات سے محفوظ رہے۔ اگر کھانا کھاتے وقت اس اسم کو ورد کر کے کھانا تناول کیا جائے تو وہ زہر آلود بھی ہوگا تو کھانے والے کو کوئی گزند نہیں پہنچائے گا۔

☆اگر کوئی اسے روزانہ بکثرت پڑھے اور اس پر ہیشگی کرے تو وہ آگ میں جلنے، دریا میں غرق آب ہونے اور دشمن کے خوف سے امان میں رہے گا۔ جسمانی صحت اور حصول مرتبہ وجاہ کے لیے بھی یہ اسم بہت ہی نافع ہے۔

☆اس اسم کی ایک خاصیت یہ بھی ہے کہ اگر اسے دشمن کی زبان بندی کے لیے ہر روز اٹھارہ مرتبہ پڑھا جائے تو اس مقصد کے لیے نہایت پُر تاثیر ہے۔

☆غم والم میں مبتلا شخص اس اسم مقدس کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو اس کا غم والم جاتا رہے گا۔

☆اگر پوشیدہ امور کے بھید جاننے کے لیے چالیس روز تک روزانہ ایک تسبیح پڑھے تو اسرار و حجابات سے واقف ہو جائے گا۔

11۔ اَشْمَخ۔ اَشْ مَا خِنُ۔ اَلْخَالِقُ

☆حکمائے قدیم سے مروی ہے کہ جو شخص اس اسم (اَشْمَخ) کو لکھ کر اور بارش کے پانی سے دھو کر جس زبان دراز عورت یا مرد کو پلائے گا۔ وہ خوش گفتار ہو جائے گا۔ اگر کسی وجہ سے ایسا کرنا ممکن نہ ہو تو اس مطلوب عورت یا مرد کے پیراہن سے پارچہ لے کر جمعہ کے دن اس پر اسم لکھے اور چوراہے یا ویران قبرستان میں دفن کر دیں۔ تو مقصد پورا ہو جائے گا۔

☆اختلاج قلب اور دل کے درد کے لیے اس اسم کو مریض پر ایک سو دس مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اسی طرح ایک سو دس مترتبہ لکھیں اور دھو کر مریض کو پلائیں۔ اور ایک مرتبہ لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔

☆یرقان کے لئے لکھ کر دھو کر مریض کو پلائیں اور غسل کرائیں۔ یرقان ختم ہو جائے گا

☆اس اسم کو ہرن کی جھلی پر لکھ کر گلے میں ڈالنے سے سفر میں تھکاوٹ نہ ہوگی۔

☆اگر کوئی ایسے ناقابل بیان و برداشت مصائب و آلام کا شکار ہو جائے کہ جن سے چھٹکارا پانے کا کوئی راستہ نظر نہ آتا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ نصف شب کے وقت بیدار ہو کر غسل کرے اور وضو کر کے دو رکعت نماز نفل ادا کرے۔ اس کے بعد اسم کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر سو جائے تو خواب میں اس اسم کے روحانی موکلات میں سے کوئی ایک موکل اس کے سامنے آئے گا جو اس کی پریشانیوں سے نجات کا علاج بتائے گا۔

☆اگر حاملہ عورت اسے لکھ کر بطور تعویذ اپنی دائیں ران پر باندھے تو اس عمل کی تاثیر سے وہ عورت لڑکا چاہے گی تو لڑکا پیدا ہوگا۔ اور اگر لڑکی چاہے گی تو لڑکی پیدا ہوگی۔

☆اس اسم (اشمخ) کے چاروں حروف کو الگ الگ لکھیں یعنی اس طرح (ا۔ ش۔ م۔ خ) اور ان پر نظر رکھتے ہوئے روزانہ ایک ہزار مرتبہ اسم مبارک کو پڑھیں۔ اور پڑھتے رہیں۔ اس عمل کی برکت خیر و برکت سے خواہشات باطلہ ختم ہو جائیں گی۔ ظلم ظالم سے محافظت خداوندی حاصل ہوگی۔ اطاعت و عبادت الٰہیہ کی توفیق نصیب ہوگی۔ فقر و فاقہ دور ہو جائے گا۔ اور ہر

حاجت شرعی بر آئے گی۔ فکر و پریشانی جاتی رہے گی۔ اللہ تعالیٰ عامل وذاکر کے مراتب میں بلندی عطا فرمائے گا۔

12۔ سَلَمَۃٌ سَمَتُ۔ سَلْ مَاتَنْ سَامَتْ۔ اَلسَّلَامُ

☆اس اسم مبارک کو ایک سو دس مرتبہ جس لاعلاج مریض پر پڑھ کر دم کریں گے۔ اُسے جس قسم کی بھی بیماری ہوگی۔ دفع ہو جائے گی۔ اس اسم مقدس کا بکثرت پڑھنا تمام تر بیماریوں کو دُور کرتا ہے۔

☆جو شخص اس اسم کو چالیس یوم تک روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھتا رہے تو وہ مستجاب الدعوات بن جائے گا۔

☆اس اسم کا عامل وذاکر اگر اس پر مداومت رکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ کئی روحانی مخلوق کو اس کی حفاظت پر مامور فرماتا ہے۔ اور دنیا کے حجابات اُس کے سامنے سے اُٹھ جاتے ہیں۔

☆جو شخص اس اسم کو اس کے حروف کی تعداد کے مطابق پڑھے اور پھر جس حاکم وسلطان کے ہاں جائے گا اور جو آرزو رکھتا ہوگا وہ پوری ہوگی۔

☆اس اسم کو دو سو پچیس مرتبہ روزانہ پڑھنا اعداء واشرار سے حفاظت کا سبب بنتا ہے۔

☆اگر اس اسم کے حروف کو الگ الگ کر کے کسی چینی کے برتن پر مشک و زعفران سے لکھیں۔ اور اسی اسم کے حروف کے اعداد کے مطابق دنوں تک پیتے رہیں تو ظاہری و باطنی علوم منکشف ہو جائیں گے۔

☆اگر گھر سے نکلتے وقت اس اسم کو درود پاک کے ساتھ تین مرتبہ پڑھ کر اپنے تمام جسم پر پھونک دیں۔ تو گھر واپس پلٹنے تک ہر شر سے محفوظ رہیں گے۔ اسی طرح شام کو تلاوت کریں تو صبح تک محفوظ رہیں گے۔

☆اگر مرگی کے مریض پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں۔ تو اسے فوراً آرام ہوگا۔

☆اسے لکھ کر بطور تعویذ جس کے گلے میں ڈالیں گے۔ وہ ہر مصیبت و پریشانی سے

محفوظ رہے گا۔ اگر مال تجارت میں رکھیں تو چوری سے محفوظ رہے گا اور نفع خوب ہوگا۔

☆جناب ہرمس فرماتے ہیں کہ اس اسم میں اسم اعظم مخفی ہے۔ اس کے ملفوظی حروف کا مضاعف تداخل چار سو تراسی (483) ہے۔ اس کا جمعہ کی پہلی ساعت میں چاندی یا سونے کی لوح پر لکھنا اور لکھ کر اپنے پاس رکھنا عجائبات وغرائبات کے مشاہدہ کا سبب بنتا ہے۔

13۔ صِمْصَامٌ۔ صِمْ صَامِ۔ اَلْبَارِئُ

☆جو شخص رات کو سوتے وقت اس اسم کو انیس مرتبہ پڑھے تو وہ رات بھر شر شیطان سے محفوظ رہے گا۔ کیونکہ اس اسم میں خیالات فاسدہ ووسواس باطلہ سے محفوظ رکھنے کی روحانیت ہے۔

☆اگر غصہ کے وقت اس اسم کو پڑھ کر بائیں طرف تھوک دینا غصہ کو ختم کر دیتا ہے۔

☆اس اسم کا بکثرت ورد خطا کاروں اور گناہ گار بندوں کو توبہ کی توفیق سے نواز دیتا ہے۔ یہ اسم مقدس علمائے علم وفن کے نزدیک اسمائے الحرس میں سے ہے۔

☆عاملین وکاملین فرماتے ہیں کہ اس اسم میں سو امراض کی دوا ہے۔ اسے مفلوج پر پڑھ کر دم کریں شفایاب ہو جائے گا۔

☆جو اس اسم کو چاندی کی انگوٹھی پر نقش کر کے اپنے پاس رکھے تو وہ خود میں محبت وقبول ورعب ودبدبہ کی قوت دیکھے۔ یہ انگوٹھی جس شخص کے پاس ہوگی اگر وہ حکام وامراء کے ہاں جائے گا تو عزت وآبرو پائے گا۔

☆اگر کوئی اس اسم کو لکھے اور سونے والے کے سینے پر رکھے اور اس اسم کو پڑھے تو سونے والے کے دل میں جو کچھ ہوگا دریافت کرنے پر وہ بتا دے گا۔

☆قدیم عاملین فرماتے ہیں کہ قمر ناقص النور کے دنوں میں یوم صحرائی کی ہڈی پر اس اسم کو لکھ کر ظالم دشمن کے ہاں گاڑ دینا اس ظالم کو تباہ و برباد کر کے رکھ دیتا ہے۔

☆اگر اس کا عامل وذاکر اگر اس اسم کو پڑھے تو چلتی آندھی اور طوفان رُک جائے۔

اگر چاہے تو ظالموں کی نظروں سے پوشیدہ ہو جائے۔ اس اسم کی ایک تاثیر یہ بھی ہے کہ اسے پارچہ حریر پر لکھیں۔ اور پھر اسے سفید رنگ مرغ کے گلے میں باندھ دیں تو وہ مرغ خزائن و دفائن کی نشاندہی کر دے گا۔ اور اگر کوئی اسے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے تو فتح و غلبہ حاصل کرے۔

☆ اگر کوئی جمعرات کے دن پہلی ساعت میں اس اسم کو سونے یا چاندی کی لوح پر کندہ کرے اور اسے اپنے پاس رکھے اس کے ساتھ ساتھ اسے چاہیے کہ چلہ پھر روزے رکھے اور ترک حیوانات کرے۔ طلوع آفتاب کے بعد اس اسم کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے اور جب چلہ مکمل ہو جائے تو بطور تعویذ اسے ایک پاک تھیلی میں روپوں کے ساتھ رکھے۔ ضرورت کے وقت جس قدر جی چاہے اس تھیلی سے رقم نکالے اور خرچ کرے۔ تھیلی میں موجود مال و منال یعنی روپے کبھی بھی ختم نہ ہوں گے۔

☆ یہ اسم مبارک اعداء و اشرار کے درمیان نفرت و جدائی کی بھی تاثیر رکھتا ہے۔ طریقہ عمل یہ ہے کہ اس اسم کو قطران کی روشنائی سے لکھیں۔ اور اس کے نیچے ان لوگوں کے نام بھی لکھیں جن میں جدائی ڈالنا مقصود ہے۔ اس عمل کے بعد اس نقش کو پانی سے دھوئیں اور دشمنوں کے گھروں میں چھڑک دیں۔ ان کے درمیان فی الفور باہمی رنجش پیدا ہو جائے گی۔ اور دیکھتے ہی دیکھتے وہ ایک دوسرے کی جان کے دشمن بن جائیں گے۔

14۔ مُھراشُ۔ مُھ رَاشِنِ۔ اَلثَّابِتُ

☆ یہ اسم مقدس زبان بندی اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے نہایت پُر تاثیر ہے طریقہ یہ ہے کہ طالع برج میزان کے وقت جب مریخ برج عقرب میں ہو تو اس اسم کو لوہے کی تختی پر کندہ کر لیں۔ یہ لوح جس شخص کے پاس ہو گی اس کے تمام تر دشمنوں کی زبان بندی عمل میں آ جائے گی۔

☆ ہرمس الہرامسہ میں مذکور ہے کہ اس اسم مقدس کو ہرن کی جھلی پر عرق گلاب و زعفران سے تحریر کریں۔ پھر عود عنبر کا بخور دے کر چاندی کے تعویذ میں بند کرائیں اور اپنے پاس

حفاظت سے رکھیں۔ اس عمل شرف شمس کے اوقات میں اتوار کے شمس ہی کی ساعت میں مکمل کیا جائے۔ اس تعویذ کا حامل اگر کسی آتش کدہ میں چلا جائے تو وہ سرد ہو جائے گا۔ ہر طرح کی حفاظت کے لیے موثر ترین ہے۔

☆ یہ اسم حب و تسخیر کے لیے بھی عجیب التاثیر ہے۔ ترکیب اس کی یہ ہے کہ اس اسم کو اپنے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر مشک و زعفران کی روشنائی سے تحریر کریں۔ اور پھر خوشبویات کا بخور دے کر ہاتھ کو بند کر لیں۔ اب جس مطلوب کو تسخیر کرنا چاہیں اس کے سامنے جائیں اور کچھ کہے بغیر اپنا ہاتھ کھول کر اسے دکھائیں۔ اس عمل کے فوراً بعد واپس پلٹ آئیں۔ دیکھیں گے کہ مطلوب تمہارے پیچھے پیچھے ہو گا۔ یاد رہے کہ یہ ایک اسرار ہے جسے علمائے فن نے نااہلوں سے پوشیدہ رکھنے کے لیے کہا ہے۔ تاکہ اس عمل سے فتنہ و فساد برپا نہ ہو جائے۔ اس عمل کو حرام کاری اور بے حیائی کے لیے ہرگز ہرگز استعمال میں نہ لائیں۔ ایسا کیا گیا تو عمل کی قوتِ تاثیر بھی ختم ہو جائے گی اور عامل عذاب الٰہی کا نشانہ بھی بن جائے گا۔ عمل کے سلسلہ میں یہ بھی یاد رہے کہ اسے بدھ کے دن بجا لایا جائے۔ اور کرنے والا اسمائے جلجلوتیہ الکبریٰ کا باقاعدہ عامل ہو۔

☆ اگر کوئی شخص بھول اور نسیان کا مریض ہو تو اسے چاہیے کہ وہ اس اسم کو شیشے کی پلیٹ پر لکھے اور پانی سے دھو کر سات روز تک پی لے۔ حافظہ قوی ہو جائے گا۔

☆ زہرہ و مشتری کی نظر تثلیث کے اوقات میں اس اسم کو کاغذ پر لکھیں اور جس مریض کی طحال بڑھی ہوئی ہو، اس کے پیٹ پر طحال کے مقام پر رکھیں۔ پھر اس نقش کو کاغذ کے اوپر کسی برتن میں کوئلے دہکا کر رکھیں۔ طحال کا مریض ایسا محسوس کرے گا کہ اس کے پیٹ میں آگ لگ گئی ہے۔ چنانچہ مریض کی برداشت کے مطابق جتنا وہ برداشت کر سکے۔ آگ کے برتن کو اتنا ہی اس کے پیٹ کے قریب کریں۔ اس عمل کی برکت سے اس مریض کی تلی کا فاسد مواد اس کے بدن سے خارج ہو جائے گا۔ اور وہ مریض بحکم خدا شفایاب ہو جائے گا۔

☆ اگر کسی دشمن کو سزا دینا چاہیں تو کسی منحوس ساعت میں انڈے کے پوست پر لکھیں

اور جس ظالم و سرکش کا پیشاب بند کرنا ہو، اس کا نام بھی لکھیں۔ اس عمل کے بعد اس انڈے کے پوست کو سرخ رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر آگ کے قریب دفن کر دیں۔ اس ظالم و بد باطن کا پیشاب بند ہو جائے گا۔ اس عمل کے عامل کے لیے ضروری ہے کہ تیسرے روز اس عمل کو ختم کر دے ورنہ وہ ظالم و سرکش ہلاکت کے گھاٹ میں اتر جائے گا۔

15۔ طَمْطَام۔ طَمْ طَامِنْ۔ اَلْقَوِیُّ الْمَتِیْنُ

☆ اتوار کے روز نازبو کے قلم سے مشک و زعفران کی روشنائی سے سفید کاغذ کے الگ الگ ٹکڑوں پر لکھیں۔ لکھتے وقت طالب و مطلوب دونوں کے نام بھی لکھیں۔ اس عمل کو تیار کرنے کے بعد ترکیب عمل کے مطابق روزانہ اسم (طَمْطَام) کو ایک ہزار مرتبہ تلاوت کریں۔ اور ایک ایک کر کے تمام ٹکڑے جلا دیں۔ مطلوب حاضر ہو جائے گا۔ اور ایسی محبت کرے گا جو ہمیشہ قائم رہے گی

☆ خواب بندی کے ستائے ہوئے جس پریشان حال شخص کو یہ اسم مبارک تحریر کر کے سوتے وقت اس کے سرہانے رکھ دیں گے تو وہ اسی وقت گہری نیند سو جائے گا۔ یہ عمل و علاج اس بچے کے لیے بھی مفید ہے جو زیادہ غصہ آور اور کثرت کے ساتھ رونے کا عادی ہو۔

☆ اگر کوئی شب بیداری کر کے فجر تک اس اسم کو پڑھے تو اس پر غیبی امور منکشف ہو جائیں گے۔

☆ اگر کوئی اسے نقش مربع میں سوموار کے روز ساعت قمر میں عقیق پر کندہ کر کے انگوٹھی میں بند کر کے اپنے ہاتھ میں پہن لے تو ہمیشہ صحت مند اور تندرست رہے گا۔

☆ اگر کوئی حاکم اس انگوٹھی کو اپنے ہاتھ میں پہنے تو اُس کی حکومت کافی عرصہ تک قائم رہے گی۔

☆ جو کوئی نصف شب کے وقت دو رکعت نماز نفل ادا کر کے اس اسم کو سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھے اور اس عمل پر ہمیشہ مداومت رکھے تو ایک چلے کے دوران ہی اس کا موکل حاضر

ہو جائے گا۔ اور عامل کی ہر حاجب و مشکل کے لیے اس کا مددگار رہے گا۔

16۔ بَارِخْ۔ بَارِءُ خِنْ۔ اَلْجَلِیْلُ

☆ عامل و ذاکر کے دل کو مضبوط کرتا ہے۔ جلد مطلب برآوری کے لیے بھی مفید ہے۔

☆ اس اسم کو اس کے اعداد کے مطابق وفق کی شکل میں تحریر کر کے پاس رکھیں تو مطلوب جلد تر حاضر ہو جاتا ہے۔

☆ اس اسم کے موکل کا نام (طرفیائیل) ہے اگر اس کا عامل و ذاکر خلوت کے مکان میں شرائط و آداب عمل کے مطابق اس اسم کو باموکل روزانہ تین سو چھپن (356) مرتبہ اکتالیس یوم تک پڑھے تو اس کا موکل حاضر ہو کر عامل کی ضرورت کے مطابق اس کی مدد کرے گا۔

☆ جو شخص اس اسم کو ہر نماز کے بعد اس کے اعداد کے مطابق پڑھے اور اس پر مداومت رکھے تو پہاڑ کے برابر بھی قرض ہو گا تو ادا ہو جائے گا۔ اور خدائے بزرگ و برتر اس اسم کے ذاکر کو اسباب رزق سے غنی کر دے گا۔ یہ اسم نہایت زور اثر ہے۔ اس کے ذاکر کو اللہ تعالیٰ دائمی عزت و توقیر عطا فرماتا ہے۔ وہ اپنے قبیلہ کے لوگوں میں معزز و بزرگ ہوتا ہے۔ لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت پیدا ہو جاتی ہے۔

☆ اگر اسے شرف زحل کے وقت لوح سرب پر لکھ کر اپنے پاس رکھا جائے تو خواہشات نفسانی سے محفوظ رکھتا ہے۔ عاملین و کاملین اور اہل ریاضت و ذکر کے لیے اس عمل کو تیار کر کے اپنے پاس رکھنا ضروری ہے۔ تاکہ ان کا نفس ان کے لیے مغلوب رہے اور شہوات و مکروہات سے محفوظ رہے۔

☆ اہل حال کا کہنا ہے کہ جو شخص نقاشی و مصوری سیکھنا چاہے اسے چاہیے کہ وہ اس اسم کا بکثرت ذکر کرے۔ اس کے ذاکر پر عالم مثال کا کشف ہوتا ہے۔ اور اگر کوئی طبیب اس کا ذاکر و عامل بن جائے تو اس کے ہاتھوں میں مسیحائی کی قوت پیدا ہو جائے۔ اور وہ ہر مرض کے شافی علاج کا حاذق بن جائے۔

☆اس اسم کا ورد رکھا جائے اور لکھ کر اپنے پاس بھی رکھا جائے تو بے گمان رزق ملے۔

☆جو شخص اس اسم کا نقش حرفی بنا کر روزانہ اس کو دیکھے اور ایک ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑھے اور اکتالیس یوم تک اس عمل کو جاری رکھے۔ عامل بن جائے گا۔ یہ ایک ایسا جلالی عمل ہے کہ اس کا عامل وذاکر جس ظالم پر بدُعا کرے گا وہ تباہ وبرباد ہو جائے گا۔ اس کا عامل اگر اسے ابطال سحر جادو حل معقود کے لیے لکھ کر دھو کر پلائے تو مریض صحت یاب ہو جائے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

خ	رِ	بَا
بَا	خ	رِ
رِ	بَا	خ

☆زبان بندی، قیدی کی رہائی، طلب رزق اور دفع غضب سلطان کے لیے بھی یہی نقش مفید ہے۔

☆اگر اس اسم کے حروف کو الٹا کر لکھیں اور پھر جس دشمن کا نام لکھ کر اس کو کسی پرانی قبر میں دبا دیں گے تو اس ظالم بدکردار کو خوفناک و پریشان کن خواب آئیں گے۔ وہ رنج والم میں مبتلا ہو جائے گا۔ اور اس کے جسم سے خون جاری ہو جائے گا۔

☆عورت کو اگر اس کے ظالم شوہر سے طلاق دلوانے کے لیے، کرایہ داروں سے مکان خالی کرانے کے لیے، سفر میں جانے اور بخیریت واپس لوٹنے کے لیے اس اسم کو معکوس صورت میں لکھیں اور بھاری پتھر کے نیچے دبا دیں۔

☆اگر اس اسم کو چاند کی چودھویں تاریخ کو جب قمر برج ثالث میں نحوست سے پاک ہو تو اس وقت لوح سرب یا فضہ پر کندہ کریں۔ یہ لوح مبارک کبریت احمر وتریاق اکبر ہے۔ اسے اس اسم کا عامل وذاکر اپنے پاس رکھے گا۔ اس کی جملہ مشکلات حل ہو جائیں گی۔ ارواح و رُوحانیات اس سے مخاطب ہوں گی۔ اسے پوشیدہ باتوں اور مخفی رازوں کا علم ہونے لگے گا۔ اور وہ

جو کچھ خواب میں دیکھے گا سچ ثابت ہوگا۔ اس کی زبان سے جو کچھ نکلے گا ویسا ہی ہو کر رہے گا۔

17۔ شَرَنُطَسْطَخِ۔ شَارَنُ طَسَا طَاخِنِ۔ اَلْحَیُّ الْبَاقِیُ

☆کتب معتبرہ ورسائل صحیحہ میں علمائے علم فن سے منقول ہے کہ اسم متذکرہ بالا دین و دنیا کی برکات اور جمیع مرادات کے لیے کافی ہے۔

☆عروج ماہ میں شب جمعہ کو بعد از نماز عشاء طہارت جسم ولباس کی پابندی کے ساتھ اس مقدس (شَرَنُطَسْطَخِ) کو ایک سو دس مرتبہ تلاوت کریں اور اول آخر ایک تین، تین مرتبہ درود پاک پڑھ کر سو جائیں۔ بفضل تعالیٰ اس اسم جلیل کے رُوحانی موکلات کی زیارت سے مشرف ہوں گے

☆مشاہدہ رُوحانیات کے لیے اس اسم کو نماز عشاء کے بعد وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ چھ سو ستر (670) مرتبہ چالیس شب تک تلاوت کریں۔ مشاہدہ رُوحانیات کے لیے نہایت آسان اور مختصر ترکیب کا حامل یہ طریقہ اپنی مثال آپ ہے۔

☆اکابر عاملین فرماتے ہیں کہ خواب میں اپنے کسی مقصد یا کسی چیز کا انجام معلوم کرنا چاہیں تو اسم مقدس کو چالیس مرتبہ کاغذ پر لکھیں۔ اور اپنے سینے پر رکھ کر سو جائیں تو خواب میں کوئی ایک رُوحانی بزرگ آئیں گے۔ اور عامل کو جہاں تمام حالات کی خبر دیں گے۔ وہاں مختلف تدابیر بھی بتائیں گے۔ اعتقاد و یقین شرط ہے۔ صاحب مجمع الاعمال فرماتے ہیں۔ کہ مشائخ و اولیاء کرام کے نزدیک یہ ایک مجرب المجرب استخارہ ہے۔

☆اگر کسی شخص کو اس کے عہدہ ومنصب سے ظلم وزیادتی کے ساتھ الگ کر دیا گیا ہو تو اس مجبور ومقہور کو چاہئے کہ وہ اس اسم کے اعداد نکال کر اپنے نام کے اعداد کے ساتھ ان کا نقش مربع لکھے اور نقش لکھتے وقت ساعت سعید کا خیال رکھے۔ اسی طرح خوشبویات کا دخنہ بھی جلائے اور پھر اسے زعفران وگلاب کی روشنائی سے تحریر کرے۔ اور اپنے بازو پر باندھ لے۔ اور اسم کو متذکرہ بالا اعداد کے مطابق روزانہ بلاناغہ کامل ایک چلہ تک پڑھے۔ خدائے بزرگ وبرتر کے

فضل وکرم سے اپنے عہدہ ومنصب پر دوبارہ بحال ہوجائے گا۔ کیونکہ اس اسم کے خواص میں تسخیر خلائق اور بلندی جاہ ومنصب کی رُوحانیت ہے۔

☆ اتفاق زن وشوہر کے لیے اس اسم کو شرف زہرہ میں مشک وزعفران کی روشنائی سے لکھیں اور پلائیں۔

☆ جذب القلوب کے لیے پاکیزہ نمک لاہوری پر ایک ہزار مرتبہ عروج ماہ کی نوچندی جمعرات کے دن اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک کے ساتھ پڑھ کر دم کریں۔ اگر گھر کے تمام افراد یہ نمک استعمال کریں تو سب کے دلوں میں ایک دوسرے کی محبت بڑھ جائے گی۔ بے اتفاقی ختم ہوجائے گی۔

☆ یہ اسم مبارک دفع دشمنان واشرار بہت اثرات ونتائج کا حامل ہے۔ چنانچہ دشمنوں سے نجات کے لیے نزول قمر کے اوقات میں اس کا تلاوت کرنا نہایت قوی الاثر ثابت ہوتا ہے۔

☆ اس اسم کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر حنظل کی شاخ پر دم کریں اور پھر اسے کسی ویران کنویں میں ڈال دیں۔ دشمن جلد تر مقہور ہوگا۔

☆ اگر اس اسم کو ایک سو دس مرتبہ روزانہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کریں۔ تو یہ ایک ایسا حصار ثابت ہوگا کہ جس کی قوت تاثیر سے آپ جملہ قسم کی آفات وبلیات اور تمام اعداء واشرار سے خدائے بزرگ وبرتر کی حفظ وپناہ میں رہیں گے۔ یہ حصار مشائخ کے معمولات سے ہے۔ اور حفاظت جان ومال کے لیے مجربات میں سے ہے۔

☆ شرف مشتری یا شرف شمس یا ان کے اوج کے اوقات میں اس اسم کو لوح فضہ پر کندہ کریں اور اپنے پاس رکھیں تو تسخیر خلائق، امراء، سلاطین اور علماء ومشائخ کے یہاں عزت واحترام پائیں گے۔ اس لوح مبارک کی تاثیر سے شیاطین کے شر اور ظالموں کے ظلم سے محفوظ رہیں گے۔ کسی قسم کا کوئی سحر جادو ٹونہ یا آسیب وجن نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

☆ اس اسم کو کسی طشتری پر ایک سو دس مرتبہ لکھیں اور پھر عرق بادیان سے دھو کر کسی

مصروع یا آسیب زدہ کو پلائیں تو وہ بحکم خدا صرع وآسیب سے نجات پائے گا۔

☆ نسیان وغفلت کے لیے اس اسم کو ہر نماز کے بعد ایک سو دس مرتبہ بلا ناغہ پڑھنا اور اس پر مداومت کرنا نہایت مفید ثابت ہوتا ہے۔

☆ فراخی رزق کے لیے روزانہ ایک ہزار مرتبہ تلاوت کریں۔ برکت ووسعت ہوگی۔

☆ اگر اس اسم کو طہارت ظاہری وباطنی کی پابندیوں کے ساتھ روزانہ ایک سو دس مرتبہ ہر فرض نماز کے بعد تلاوت کریں اور اس پر ہمیشہ کاربند رہیں تو دلوں کے بھید اور پوشیدہ باتوں کا علم ہونے لگے۔

☆ عاقرہ عورت اور اس کا شوہر دونوں ہی سات دن تک روزے رکھیں۔ اور ہر روز افطار کے وقت اس اسم کو ایک سو دس مرتبہ پانی پر پڑھ کر دم کر کے پی لیا کریں۔ تو وہ عاقرہ اپنے عقر سے نجات پاجائے گی۔ اور اللہ تعالیٰ اُسے اولاد نرینہ کی نعمت عظمیٰ سے نوازے گا۔

☆ فواحشات میں گرفتار اس اسم کو بکثرت پڑھے تو نجات پائے۔

☆ قیدی نصف رات کو روزانہ ایک سو دس مرتبہ پڑھے تو جلد خلاصی پائے گا۔

☆ اہل سلوک کے نزدیک جو شخص اس اسم کو اشراق کے وقت پانچ سو مرتبہ پڑھے اور اس عمل کو اپنے روزانہ کا معمول بنالے تو اس اسم جلیل کے روحانی ونورانی موکلات عامل سے مانوس ہوجائیں گے۔ تابع فرمان بن جائیں گے۔ اور وہ ارواح مقدسہ ومطاہرہ کی زیارت سے مشرف ہوگا۔ اور اس کے آئینہ قلب پر جس قدر وہ طلب رکھتا ہے۔ اسی قدر اس کی زندگی کے ماہ وسال تحریر ہوجائیں۔ وہ نور ایمان اور عرفان کمال کی منزل پاجائے گا۔

☆ اگر کوئی شرائط وآداب اعمال کے مطابق زبان وقلب سے پڑھے تو ایک چلہ سوا لاکھ کا پورا کرے۔ تو چلہ کے دوران ہی ایک خاص نور ظاہر ہوگا۔ جس سے اس کا قلب انوار معرفت سے منور ہوجائے گا۔ اور وہ عامل خود اپنے آپ کو بحر انوار میں غوطہ زن دیکھے گا۔ کتاب لوح محفوظ اس کے سامنے ظاہر ہوجائے گی۔ وہ خود اپنی آنکھوں سے دیکھ لے گا کہ خدائے تعالیٰ نے اس کے

زندگی کے بارے میں کیا لکھا ہے۔

وفق (شر نطسطخ) اور اس کے متعلقہ خواص وافعال

☆عاملین وکاملین فرماتے ہیں کہ یہ وفق عورتوں کی جملہ قسم کی بیماریوں کے لیے نہایت درجہ کا شافی وکافی علاج ہے۔

☆اس اسم کے رُوحانی اثرات وعجائبات نے اس کے متعلقہ وفق کو اور وفق کے اسرار وکمالات نے وفق کی متعلقہ عبارت عمل کو ہر طرح سے جامع اور مکمل بنا دیا ہے۔ ذیل میں اس جامع الاعمال عمل کے سلسلے میں صرف اور صرف ان ہی خواص وفوائد کا ذکر کیا جارہا ہے۔ جن میں کسی قسم کے شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ قارئین اس روحانی عمل کے حقائق سے استفادہ کریں اور عمل وتجربہ کی میزان پر تول کر دیکھیں کہ حقائق کیا ہیں؟

☆مستورات کی جن امراض کے لیے یہ عمل مبارک مجرب ہے ان میں اسقاط حمل کا عارضہ سرفہرست ہے۔ جس کے علاج کا طریقہ یہ ہے کہ جس عورت کا حمل ضائع ہو جاتا ہو، یا بچہ پیدا ہو کر فوراً مر جاتا ہو تو اس کے لیے اس عورت کے سر سے پاؤں تک قد کے برابر کسی بھی حلال جانور کا چمڑا لے کر اس پر اسم (شر نطسطخ) کے وفق کی متعلقہ عبارت کو ایک سو دس مرتبہ تلاوت کریں اور اس چمڑے کو گیارہ گرہیں لگا دیں۔ پھر جب وہ عورت خدا کے فضل وکرم سے حاملہ ہو جائے تو اس چمڑے کو اس کی کمر میں باندھوا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل ساقط نہ ہو سکے گا۔ پھر جب اس عورت کے ہاں بچے کی پیدائش ہو جائے تو اس چمڑے کو اس کی کمر سے الگ کر دیں۔ اور اگر توفیق وبرداشت ہو تو اس کے برابر سونا یا چاندی لے کر صدقہ وخیرات کریں۔ اور اس چمڑے کو کسی پاکیزہ جگہ دفن کر دیں۔

☆یہ عمل اسقاط حمل کے علاوہ استقرار حمل کے لیے بھی معین ومددگار ثابت ہوگا۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ عورت حیض سے پاکیزگی کے بعد اس چمڑے کو اپنی کمر میں باندھ لے اور اپنے شوہر سے تین شب متواتر شب باش ہو۔ تین دن کے بعد اس چمڑے کو کمر سے الگ کر دے۔ پھر

انتظار کرے اور پھر دیکھے کہ حمل قرار پا گیا ہے کہ نہیں۔ حمل قرار پا جائے تو بہتر ورنہ دوسرے اور تیسرے مہینے پہلے کی طرح عمل بجالائے۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے تیسرے ماہ ضرور حمل ٹھہر جائے گا۔

☆اس عمل سے کام لینے کی ایک اور ترکیب یہ ہے کہ اچھی قسم کے تین عدد خُرمے لے کر اُن پر بروز ہفتہ یا اتوار تین مرتبہ متعلقہ عبارت پڑھ کر دم کریں۔ اور وہ عورت جس کو حمل قرار نہ پاتا ہو، ایک عدد خُرما حیض کی پاکیزگی کے بعد کھا لے اور شوہر سے شب باش ہو۔ اسی طرح تین رات کرے۔ یہ عمل بھی اسی طرح تین ماہ کیا جائے۔ یعنی ہر مہینے تین رات۔ انشاء حمل قرار پا جائے گا۔

☆بانجھ عورت کے سلسلہ میں وفق اور عبارت عمل تحریر کر کے اُس کے گلے میں ڈال دیں۔ اور اسی طرح عمل لکھیں اور تین ماہ تک ہر مہینے نو دن تک بانجھ عورت کو پلائیں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے وہ عاقرہ عورت حاملہ ہو جائے گی۔

☆آسانی ولادت کے لیے تحریر کیا گیا عمل دھو کر عورت کو پلائیں۔ نہایت سخت حالات کے لیے درد کی شدت سے بے چین عورت کے لیے عمل یہ فوری اثرات کا حامل ہے۔

☆زیادتی شیر کے لیے یہی عمل لکھ دھو کر عورت کو پلائیں۔ انشاء اللہ دودھ کثرت سے جاری ہوگا۔

☆قارئین کے لیے یہ بات ان کی علمی وفنی معلومات کے لیے ازحد دلچسپی کا باعث ثابت ہوگی۔ کہ علمائے علم وفن نے عمل متذکرہ الصدر کے اسرار وعجائبات کے ذیل میں بیان کیا ہے کہ یہ عمل جہاں مایوس العلاج قسم کی عاقرہ عورتوں کے لیے پیام شفا ہے۔ وہاں شرعی ضرورت کے لیے مانع حمل بھی ہے۔ چنانچہ حاجت مند حضرات اس عمل کو زحل ومریخ کے اوقات میں لکھ رکھیں۔ اور ضرورت کے وقت عورت کے شکم پر باندھ دیا کریں۔ استقرار حمل نہ ہوگا۔ یہ عمل کس قدر موثر ہے۔ تجربہ کے لیے کسی جانور کے پیٹ پر باندھ دیں۔ تو اس کا دودھ بن ہو جائے گا۔

☆نسیان کے لیے چینی کے برتن پر زعفران و عرق گلاب کی روشنائی سے لکھیں۔اور سات روز تک پلائیں۔یرقان جیسے خبیث و پریشان کن مرض کے لیے بھی یہی ترکیب ہے۔

☆ہرن کی کھال پر لکھ کر دفع مسان کے لیے گلے میں آویزاں کریں۔خلل مسان کے لیے نافع ہے۔اسی طرح سر درد اور کمر درد کے لیے لکھ کر پاس رکھیں۔نیک ساعت میں لکھیں اور سحر زدہ کو پلائیں تو سحر جادو سے نجات کے لیے اکسیر ہے۔

☆شیخ کرخی فرماتے ہیں کہ عامل کو چاہیے کہ وہ اس عمل کو زعفران وگلاب سے لکھے اور چالیس روز تک بلاناغہ پلائے۔درد، چوٹ، ورم وزخم کے لیے تحریر کر کے مریض کو دیں کہ وہ بازو پر باندھے۔بواسیر کے لیے چند دن تلاوت کریں اور عمل وفق کو تحریر کر کے گلے میں پہنیں تو بواسیر دفع ہو گی۔

☆حرارت قلب دفع کرنے کے لیے لکھیں اور پلائیں۔ضعف بصر اور زیادتی روشنی کے لیے عبارت وفق کو گیارہ مرتبہ تلاوت کریں اور شہادت کی انگلی پر دم کر کے آنکھوں پر ملیں۔

☆ادائے قرض اور فراخی رزق کے لیے یہ عمل کبریت احمر ہے۔ترک حیوانات، جلالی پابندیوں کے ساتھ اس اسم یعنی (شرنطسطخ) کو سوا لاکھ مرتبہ پڑھ کر اس کی زکات ادا کریں۔ایسا کرنا چاہیں تو اس عمل کو عروج ماہ میں جمعرات یا اتوار کے دن سے شروع کریں۔اور اسم مقدس کو روزانہ (3125) مرتبہ روزانہ چالیس روز تک تلاوت کریں۔ادائے زکات کے بعد بھی اس کی قوت و تاثیر کو باقی رکھنے کے لیے روزانہ بلاناغہ ایک سو دس یا صرف گیارہ مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

عمل کی تکمیل کے بعد اگر کسی ضرورت کے لیے تلاوت کریں تو نماز مغرب یا عشاء کے بعد جس قدر چاہیں تلاوت کریں۔اور صدق دل سے دعا کریں۔جملہ دینی و دنیاوی مقاصد کے لیے کافی ہے۔قضائے حاجات کے علاوہ یہ عمل عامل کو حاجات سے نجات کے لیے ان کا حل و علاج بذریعہ خواب کر دینے کے حقائق کا حامل ہے۔

☆ملازمت کے حصول کے لیے اس اسم کو نماز تہجد کے بعد ایک ہزار مرتبہ تلاوت کریں۔چند دن کی مداومت کے نتیجہ میں ہی نوکری مل جائے گی۔

☆اگر کسی لڑکی کی شادی نہ ہو رہی ہو، یا کسی حاسد نے بندش کر دی ہو تو عمل وفق اور عبارت تحریر کر کے معقود لڑکی کے گلے میں پہنائیں۔عقد بندی کے اثرات کو زائل کرنے کے لیے یہ عمل بلاشک وشبہ الہام غیبی ہے۔

☆آسیبی وسحری خلل واثرات کے لیے مریض کا ایسا پہنا ہوا کپڑا لے کر جس میں اس کے جسم کا پسینہ موجود ہو۔لمبائی میں ناپ لیں اس کے بعد عمل اور وفق کی متعلقہ عبارت عمل کو گیارہ بار پڑھ کر دم کریں۔پھر اس کپڑے کو مریض کے سر سے پاؤں تک تمام جسم پر ملیں۔اس عمل کے بعد دیکھیں۔یہ کپڑا یا تو ایک بالشت تک کم ہو گا، یا دو اور تین بالشت تک یا پھر اپنے حال پر رہے گا۔ایک بالشت کم ہونا جناتی و آسیبی اثرات کو واضح کرتا ہے۔دو بالشت کم ہونا سحری و جادوئی خلل کی نشانی سمجھا جاتا ہے۔تین بالشت کی کمی نظر بد یا ارواح خبیثہ کے تسلط کی علامت خیال کی جاتی ہے۔جبکہ کپڑے کا کم وبیش نہ ہونا اس امر کی دلیل ہوتا ہے کہ مریض جسمانی و قدرتی ہے۔

سحری و آسیبی امتحان کے لیے ایک دوسری ترکیب اس طرح ہے کہ عمل وفق کو لکھیں اور اس کا فلیتہ بنا کر خوشبودار روغن سے تر کر کے چراغ میں جلائیں۔مریض پر آسیب ہو گا تو چراغ کی روشن بتی میں اس پر مسلط آسیب حاضر ہو کر کہے گا کہ میں فلاں قوم و قبیلہ کا جن ہوں۔سحر جادو ہو گا تو مریض کو چراغ کی لو میں سیاہ رنگ کے بادل کے ٹکڑے نظر آئیں گے۔

☆سرکار ولایت مآب حضرت سیدنا غوث الاعظمؒ سے منقول ہے کہ جو شخص وفق (شرنطسطخ) کو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھے گا وہ آسیب وسحر سے محفوظ رہے گا۔

☆خلل آسیب سے نجات کے لیے ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ آسیب زدہ کے کان میں سات مرتبہ وفق کے عمل کی عبارت کو تلاوت کریں۔آسیب دفع ہو گا۔

☆سحر زدہ کے لیے طشتری پر لکھیں اور لوبان کا بخور دے کر دھو کر مریض کو پلائیں۔سحر

زدہ صحت مند و تندرست ہو جائے گا۔

☆ دست غیب سے روزی کے حصول کے لیے عروج ماہ میں جمعرات کے دن سے عمل کو شروع کیا جائے اور وقت و جگہ کی پابندی کا لحاظ رکھتے ہوئے۔ عمل وفق کی عبارت کو تین سو ساٹھ بار روزانہ پڑھا جائے۔ اسی طرح چالیس دن اس عمل کو جاری رکھیں۔ اس سریع الاثر عمل کا اثر حیرت انگیز طور پر ہفتہ وعشرہ کے دوران ہی ظاہر ہو جائے گا۔ اس طرح پر کہ پردہ غیب سے روزی و رزق ملنے لگے گا۔ عامل کے لیے ضروری ہے کہ وہ روزینہ لانے والے اجنبی وشناسا کسی سے بھی نہ پوچھے کہ تم کون ہو، اور کہاں سے آئے ہو؟ اختتام عمل کے بعد بھی اس عمل کی عبارت کو اسم متذکرہ کے ساتھ روزانہ ایک سو دس بار پڑھ لیا کرے۔ تاکہ عمل کی قوت وتاثیر باقی و برقرار رہے۔

☆ ترقی رزق، حصول غناء اور دست غیب کے لیے یہ ترکیب عمل اکسیر اعظم ہے۔

عروج ماہ میں طاق ایام کے اوقات سعد اثرات میں عمل وفق کو تین طریقہ سے لکھیں۔ فضہ کی انگوٹھی پر کندہ کرا کر پہنیں۔ یا چاندی کی لوح پر کندہ کر کے گلے میں پہن لیں۔ کاغذ پر تحریر کر کے کاروبار کی جگہ پر آویزاں کر دیں۔ تیسرے وفق کو لکھیں اور روپے رکھنے والی جگہ پر آویزاں کر دیں۔ یا جیب میں رکھیں۔ مال دولت اور رزق میں خیر و برکت ہوگی۔

☆ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے تو اس اسم یعنی (شہر نطسطخ) کو ایک سو انیس مرتبہ پڑھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کھوئی ہوئی چیز جلد مل جائے گی۔

☆ گریختہ وگمشدہ کے لیے اس کے وفق اور عبارت عمل کے ہمراہ مفقود الخبر کے نام مع والدہ کے لکھیں۔ اور جس جگہ سے وہ فرار ہوا ہو وہاں بانس کی لکڑی گاڑ کر اس پر لٹکا دیں کہ ہوا میں حرکت کرتا رہے۔ گمشدہ کی جلد خبر آئے گی اور وہ خود بھی فوراً چلا آئے گا۔

☆ ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ حسب سابق عمل لکھیں اور کسی کوری ہنڈیا میں رکھ کر ہنڈیا کے منہ کو اس کے سرپوش کے ساتھ بند کر دیں۔ پھر اس برتن کو کسی ایسے کنوئیں میں ڈال دیں۔ جو ویران و بے آباد ہو چکا ہو۔

☆ انتشار و اعداء کے لیے پوست حمار پر وفق اور اس کی متعلقہ عبارت کو لکھیں اور کسی بوسیدہ قبر میں دفن کر دیں۔ مقصد پورا ہوگا۔ وفق اور اس کی متعلقہ عبارت مندرجہ ذیل ہے۔

٧٨٦

٢٥٥٤	٢٥٦٨	٢٥٦٤	٢٥٦١
٢٥٦٥	٢٥٦٠	٢٥٥٥	٢٥٦٧
٢٥٥٩	٢٥٦٢	٢٥٧٠	٢٥٥٦
٢٥٦٩	٢٥٥٧	٢٥٥٨	٢٥٦٣

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْئَلُكَ بِحَقِّ اِسْمِكَ يَا اَللّٰهُ يَا حَیُّ يَاقَيُّوْمُ اَنْ تُحْيِنِی حَيَاةً طَيِّبَةً اَعِيْشُ بِهَا عَلٰی شَاطِیءِ بَحْرِ مُحَبَّتِكَ وَاَنْ تَلْبُسِنِی مَهَابَةً عِنْدَ الْعَوَالِمِ الْعَلْوِيَّةِ وَاَنْ تَفْتَحَ عَيْنُ قَلْبِی وَبَصَرِی بِنُوْرِكَ حَتّٰی يُنْفَتِحُ قَلْبِی لِتَلَقِّی الْاِسْرَارِ وَ يَنْطِقُ لِسَانِی بِمَكْنُوْنِ جَوَاهِرُ الْعُلُوْمِ وَاَنْ تَفِيْضَ عَلَیَّ مِنْ بَحْرِ فَيْضِكَ الْاَقْدَسِ حَتّٰی اَصِلَ اِلٰی سَاحَةِ اللُّطْفِ وَخُذْنِی اَخْذَةً لَطِيْفَةً اَجِدُ حَلَاوَتُهَا اَيَّامَ لِقَائِكَ يَالَطِيْفُ اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْئَلُكَ بِنَفْرِغُ نَسِيْمُ نَسَمَاتِ نَفُحَاتِ اَسْرَارِكَ كَشْفَ سِرِّ اِسْمِكَ الَّذِیْ اَلْقَيْتَه لِتَلَقِّی عَطْشِ اَكْبَادِ وَارِدِیْ حَوْضَ بَرِّیْ وَقَاصِدِیْ سُبُوْحُ سِرِّكَ يَامَنْ لَهُ الْاِسْمِ الْاَعْظَمِ وَهُوَ اَعْظَمُ يَامَنْ لَيْسَ لَهُ حَدٌّ يَعْلَمُ وَهُوَ اَعْلَمُ يَا قَدِيْمُ اَسْئَلُكَ بِسِرِّ اِسْمِكَ وَبِمَا جَرٰی بِهٖ مُوْسٰی عَلٰی جَبَلِ طُوْرِ سِيْنَاءِ وَبِحَقِّ مَا اَنْزَلْتَهُ عَلٰی نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُعَجِّلَ بِنُجْحِ مَطَالِبِیْ وَنَهِيْلُ مَارِلِی وَاَنْ تَكْشُفَ لِیْ عَنْ عَالِمِ الْمُلْكِ وَالْمُلْكُوْتِ وَاَنْ تُجْرِیْ مُرَادِیْ فِيْمَا يَرْضِيْكَ مِنَ الْقَضَاءِ وَاَنْ تَكْشُفَ لِیْ عَنْ اَرْوَاحِ الْمَلَكُوْتِيَاتِ الْخَفِيَاتِ الْمُسْتَمِدَّةِ مِنْ سِرِّ اِسْمِكَ الْجَامِعُ الْاَسْمَاءِ وَالصِّفَاتِ النَّبِيِّ تَسَمَّتْ بِهٖ فِیْ كُلِّ اللُّغَاتِ وَسَبَّحَتْ لَهُ بِهٖ كُلِّ الْمَخْلُوْقَاتِ يَااَللّٰهُ يَاحَیُّ يَاقَيُّوْمُ يَانِعْمَ الْمَوْلٰی وَيَا نِعْمَ النَّصِيْرُ يَااَللّٰهُ

"اَسْئَلُكَ اَنْ تُسَخِّرَلِیْ خَادِمَ هٰذَا الْاِسْمِ شَرَنْطَسْطَخِ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔"

☆ جمہور علمائے طلسمات ورُوحانیات نے اس مقدس (شَرَنْطَسْطَخِ) کو تسخیر ودعوات کے سلسلے کے اعمال کے لیے بھی ایک سریع التاثیر اور سریع الدرجات عمل کے طور پر تحریر فرمایا ہے۔

چنانچہ رسائل اردس بیلی میں مشاہدہ ہمزاد کے سلسلے کی ایک ترکیب اس تفصیل کے ساتھ درج کی گئی ہے کہ جو عامل اپنے مخفی وروحانی ساتھی یعنی ہمزاد کو قابو میں لانا چاہے تو اسے چاہیے کہ وہ اس مقصد کے لیے سب سے پہلے ہمزاد کے مشاہدہ کے عمل پر عمل پیرا ہو۔ تاکہ مشاہداتی حقائق سے بہرہ ور ہوکر وہ ایمان وایقان کی منزل کو پالے۔ چنانچہ جب وہ نفس مطمئنہ کے ساتھ تسخیر ودعوت ہمزاد کے عامل کی طرح راجع ہوگا تو پھر یہ منزل ومرحلہ بھی اس کے لیے آسان ترین ہی ثابت ہو سکے گا۔

مشاہدہ ہمزاد

اپنے نام کے اعداد کو عمل وفق کے اعداد میں جمع کر کے مربع وفق پر کریں۔ پھر اس وفق کے چاروں طرف عبارت عمل وفق کو تحریر کریں۔ اس عمل کے بعد سندروس وجاوی کا بخور جلائیں۔ عمل کے لیے ہفتہ کا دن مقرر ہے۔ بخور جلا کر خلوت کے مکان میں پاکیزہ نشست گاہ پر شمال کی جانب کھڑے ہو جائیں۔ اور اپنے سائے پر نظر کرتے ہوئے عمل وفق کی عبارت کو اپنے نام کے اعداد کی تعداد کے مطابق پڑھ کر ختم کر دیں۔ اور عمل کی نشست گاہ پر ہی سو جائیں۔ خدا کے فضل وکرم سے اسی رات ہی ہمزاد عالم خواب میں اس کے رُوبرو حاضر ہوگا۔ اور عامل سے رات بھر مصروف گفتگو رہے گا۔ یہاں تک کہ جب عامل خود اس کو عالم خواب میں واپس چلے جانے کا حکم دے گا تو وہ سلام وآداب بجالا کر عامل کے دیکھتے ہی دیکھتے اس کے جسم میں سر سے پاؤں تک ایک غبار کی طرح سفید دھوئیں کی شکل میں داخل ہو جائے گا۔ حکیم اردس بیلی کہتے ہیں کہ اگر عامل کوئی حاجت رکھتا ہو تو اس کے لیے عمل کو سات روز تک بجالائے۔ ساتویں شب ہی اسے اس کے ہمزاد کے درشن ہوں گے۔ اور اس کا ہمزاد مخفی طور پر اس کی اس طرح مدد بھی کرے گا کہ عامل کی وہ حاجت یقینی طور پر پوری ہوگی۔

تسخیر ہمزاد کے عمل پر عمل پیرا ہونے کی ایک ترکیب اس طرح بھی ہے کہ عمل وفق کو کسی صاف وشفاف تانبے کے قلعی دار برتن میں کندہ کرائیں۔ اس برتن کو پانی سے لبالب بھر کر طلوع آفتاب کے وقت اپنے سامنے رکھیں اور سورج کی روشنی میں برتن کے عین درمیان عمل وفق کی عبارت کو بغور دیکھتے ہوئے عبارت وفق کو ایک سو دس مرتبہ تلاوت کریں۔ اس عمل کو اس وقت تک جاری رکھیں جب تک اس برتن میں ہمزاد عامل کے جسم ولباس میں متشکل ہوکر سامنے نہیں آجاتا۔

حکیم اردس بیلی لکھتے ہیں کہ مذکورہ برتن ایک چلے کے دوران ہی عامل کے لیے جام جہاں نما بن جائے گا۔ جس میں عمل کے دوران وہ روزانہ بلاناغہ حیرت انگیز عجائبات کا مشاہدہ کرے گا۔ یہاں تک کہ ایک وقت ایسا بھی آئے گا جب عامل ان نظاروں کے درمیان ایک ایسے انسان کو بھی دیکھے گا جو شکل وصورت میں بالکل اس کی ہی تصویر ہوگا۔ یہ مشاہدہ میں آنے والا عامل کا ہم شکل آہستہ آہستہ عامل سے مخاطب ہونے لگے گا۔ جب وہ اس مرحلہ پر عامل سے مخاطب ہو کر عامل سے اس کا مطلب دریافت کرے گا تو اس دن عامل کا عمل مکمل ہو جائے گا۔ عامل اصول وقواعد کے مطابق اپنے ہمزاد سے جو کچھ بہتر ومناسب ہو۔ شرائط وغیرہ طے کرلے۔ یہ ہمزاد عامل کے طلب کرنے پر عمل کے متعلقہ برتن کے پانی میں ہی حاضر ہوتا ہے۔ اور عامل کے حکم کی بجاآوری کے بعد پانی میں ہی غائب ہو جاتا ہے۔

حضرت شیخ بہاء الدین سہروردی زکریا ملتانیؒ اپنی مشہور عالم کتاب الدوائر واسرار میں تحریر فرماتے ہیں کہ یہ عمل ان کے جدامجد حضرت میر سید عبدالواح قدس سرہ کا مجرب ومعمول رہا ہے۔ شیخ فرماتے ہیں کہ خود انہوں نے بھی اس عمل کو آزمایا ہے۔

رجال الغیب سے ملاقات

حکیم اردس بیلی کہتے ہیں کہ اسم مقدس (شَرَنْطَسْطَخِ) "اَلْحَیُّ الْبَاقِیْ" کے معانی کا حاصل ایک ایسے اسم الٰہی کا جامع ہے جسے علماء وحکماء نے اسم اعظم کہا ہے۔ حکیم اردس بیلی کے اس

دعویٰ کی موید نبی پاک لولاک ﷺ کی وہ حدیث ہے جس میں آپ ﷺ نے فرمایا ہے کہ جب بندہ "الحی الباقی یا الحی الباقی" کہتا ہے تو خدائے ذوالجلال فرماتا ہے کہ لبیک اے میرے بندے مانگ کہ تجھے دیا جائے۔"

رسائل حکیم اروس بیلی میں مذکور ہے کہ "الحی الباقی" کے اسم جلیل سے موکلات ورُوحانیات اور رجال الغیب جیسے اقطاب واوتاد بزرگان دین کی دعوت وتسخیر کے لیے ایک جامع الاعمل قسم کی عبارت عمل ترتیب دی گئی ہے۔ جو اس طرح پر ہے۔

"بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یا یھوبھاھیۃ فلصحیعیھکن طیا شفۃ کیورت غیورت ھلطحطوھتا مھطمھیا لیھف طیھوۃ مھوھف لہٖ یا میھلوخ بحق ھلم الاسماء التی انتم محوسون بقوتھا ومسخونون بعزھا فلیس لکم تصریف فی انفسکم حتی تقضوا الی حاجتی و تحاطوا بنواصی الارواح الذین دعوتھم حتی یحضروا ویکاشفونی ویفعلوا ما امرھم بہٖ بقوۃ شرنطسطخ وقھرھا العظیم الغالب والقوی علی من لا یطیعھا الخضوع قبل نفاذ القکلمۃ۔"

اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ دعوت رجال الغیب یا موکلات ورُوحانیات کی نیت کے ساتھ اس عبارت عمل کو اسم مقدس "شرنطسطخ" کے ہمراہ تین سوتیس (330) مرتبہ روزانہ تلاوت کریں۔ عمل کی مدت چالیس یوم ہے۔ عمل شروع کرنے سے پہلے غسل کر کے حرام کی طرح پاک وپاکیزہ کپڑا اوپہن کر خلوت کے مکان میں خوشبویات جلائیں اور دو رکعت نماز نفل ادا کرنے کے بعد اس عمل کو خشوع وخضوع کے ساتھ بلند آواز کے ساتھ تلاوت کریں۔ حکیم موصوف لکھتے ہیں کہ عمل کی دعوت کے بعد جب بھی چاہیں رجال الغیب اور موکلات ورُوحانیات سے ملاقات کر سکتے ہیں۔ اور ملاقات کر کے حل طلب مسائل میں ان سے راہنمائی اور مدد بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس دعوت وریاضت سے قبل شرائط وآداب اعمال کی پابندی کے ساتھ تین روز تک خلوت میں تلاوت کریں تو رجال الغیب اور موکلات ورُوحانیات کے مشاہدہ سے مشرف ہوں گے۔

18۔ بَرھُوتِ۔ بَرھُوتِنِ۔ اَلرَّحِیمُ

☆ وہ عامل نہایت ہی خوش نصیب اور بلند بخت ہے جو اس اسم مقدس کو اپنے روزانہ کے معمولات میں شامل کر لے۔ کیوں کہ وہ اس سے دین ودنیا کے فوائد حاصل کر سکتا ہے۔ اس اسم مقدس کی زکات اصغریہ ہے کہ اکتالیس یوم تک نماز عشاء کے بعد اکتالیس مرتبہ روزانہ تلاوت کریں پھر گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھ لیا کریں۔ ادائے زکات کے بعد اس عمل کے ہوتے ہوئے دین اور دنیا کی دولت اور تسخیر خلائق کے لیے کسی دوسرے ورد ووظیفہ کی ضرورت نہ رہے گی۔

☆ اہل حال کا کہنا ہے کہ اس اسم کی دعوت وتسخیر کے عمل کو کسی مرشد کامل کی اجازت کے بعد ہی کیا جائے۔ تو اس کا عامل خود اپنی رُوح کو تسخیر کرنے پر قادر ہو سکتا ہے۔

تسخیر روح خود

تسخیر روح خود کا یہ طریقہ ہے کہ پاک وپاکیزہ خلوت کے مکان میں عمل کی نشست گاہ پر بیٹھ کر ایک ہزار ایک سودس (1110) مرتبہ اس اسم کو تلاوت کریں۔ پھر اپنی رُوح کے مشاہدہ وحضور کے ارادہ کے ساتھ آسمان کی طرف دیکھیں۔ اس عمل کے بعد اپنے دل کی طرف متوجہ ہوں۔ اور اس مقدس "بَرھُوتِ" کو بلا تعداد تلاوت کریں۔ یہاں تک کہ محویت کا عالم طاری ہو جائے۔ اس عمل کو عامل اکیس روز تک اسی ترکیب کے ساتھ جاری رکھے۔ آپ کی رُوح عالم مراقبہ میں آپ کے سامنے آئے گی۔ اور اگر اس عمل پر مداومت کریں گے تو آپ کی رُوح آپ کے جسم ولباس میں ہمہ اوقات آپ کے ایک معتمد ساتھی کی طرح سایہ بن کر آپ کے ساتھ رہے گی۔

☆ فسق وفجور شراب وحرام میں مبتلا شخص کو راہ راست پر لانا چاہیں تو اس اسم کو مٹی کی لوح پر کندہ کریں۔ اور اُسے پانی سے دھو کر اس فاسق وفاجر کو پلائیں۔ اگر کسی وجہ سے ایسا کرنا ناممکن ہو تو اس صورت میں سات مختلف قبرستانوں سے حسب ضرورت مٹی لائیں اور ایک جگہ پر جمع کر کے اس پر اس اسم کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر اس ارادہ ونیت کے ساتھ کہ (فلاں بن فلاں فسق

و فجور سے باز آجائے) دم کردیں۔ اس عمل کے بعد اس مٹی کے سات حصے کرکے سات مختلف قبرستانوں میں جائیں اور وہاں کہنہ و بوسیدہ قسم کی قبروں پر ڈال دیں۔ اس عمل کو تین بار کریں۔ عمل کے لیے جمعرات کا دن مقرر کرلیں۔ اللہ کے فضل وکرم سے مطلوب بدکاری وبے حیائی، جوا اور شراب خوری سے تائب ہوجائے گا۔

☆ اگر کسی مفقود الخبر شخص کے سلسلے میں یہ جاننا چاہیں۔ کہ وہ زندہ ہے یا مردہ اور کہاں اور کس جگہ پر بود باش رکھتا ہے۔ یا یہ معلوم کرنا مقصود ہو کہ مال مدفون کہاں چھپا کر رکھا گیا ہے۔ یا یہ کہ بیمار کو صحت کیوں نہیں ہو رہی ہے۔ سبب وعلاج کیا ہے۔ تنہائی کے مکان میں شب باش ہوں غسل کرکے پاک وپاکیزہ لباس پہنیں اور اس اسم کو درود پاک اول وآخر کے ساتھ ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر رو بہ قبلہ سیدھے پہلو سو جائیں۔ پہلی دوسری یا پھر تیسری شب خواب میں اپنے مقصود ومطلوب کو بالکل واضح دعیاں پائیں گے۔

☆ اگر کسی مرد یا عورت کو شرعی طور پر جائز امور کے لیے تسخیر کرنا چاہیں تو اس مطلوب کے نام کے اعداد نکالیں اور اس اسم کے اعداد میں جمع کرکے حاصل جمع اعداد کا نقش مربع پُر کریں۔ یہ عمل اس وقت کریں جب قمر برج ثور میں یا برج سرطان میں ہو، اور زہرہ یا مشتری پانچویں یا نویں درجے پر طالع میں ہو۔ نقش تحریر کرکے موم جامہ کرلیں۔ پھر اس مذکورہ کو اس پر ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر پھونک دیں۔ جس بھی طالب کے پاس یہ نقش مکرم ومعظم ہوگا۔ اس کا مطلوب اس کا طالب بن جائے گا۔ یہ عمل نکاح کے لیے نہایت خوب ہے۔ خصوصاً لڑکی اور لڑکے کے ان والدین کے لیے جو کسی وجہ سے باہم رضامند ہو کر شادی نہ کرنا چاہتے ہوں۔ آزما کر دیکھیں۔

☆ محبت زن وشوہر کے لیے اس اسم کا وفق پُر کرکے مرد اپنی بیوی سے برگشتہ ہے تو بیوی اپنے بائیں بازو پر باندھے اور اگر بیوی اپنے شوہر کی گستاخ ونافرمان ہے تو شوہر اپنے سیدھے بازو پر باندھے۔

☆ اس اسم کا نقش مربع ہر قسم کے آسیب وجنات کو دفع کرنے کے لیے نہایت زود اثر

ثابت ہوتا ہے۔ عامل کو چاہیے کہ وہ نقش لکھ کر آسیب زدہ کے گلے میں ڈالے۔ اور چینی کے برتن میں مشک وزعفران سے لکھ کر تازہ پانی سے دھو کر سات روز تک روزانہ آسیبی مریض کو پلایا جائے۔ اگر آسیب وجن زیادہ ہی سرکش ونافرمان ہو تو اس نقش کو چراغ میں کندہ کرکے اس چراغ کو مریض کے سامنے روشن کرے کہ مریض اس کی روشنی میں دیکھے اور اس کے سامنے بیٹھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے وہ آسیب وجن دفع ہوگا۔

☆ اگر کسی مکان گھر یا حویلی یا دکان یا رہائشی جگہ پر جناتی تسلط ہو تو اس نقش کو نہایت خوش خط جلی قلم کے ساتھ لکھ کر وہاں آویزاں کردیں۔ آسیب وجنات وہاں سے دفع ہوجائیں گے

☆ صرع یعنی مرگی کا عارضہ نہایت موذی قسم کا مرض ہے۔ جس کے علاج کے لیے مریض دربدر خاک بسر ہونے کے باوجود کما حقہ طور پر صحت یاب نہیں ہو پاتا۔ مگر اس اسم مقدس کا ایک ایسا شافی وکافی عمل وعلاج ہے کہ جس کی برکت وتاثیر سے مریض صرع یقینی طور پر شفایاب ہوجاتا ہے۔ ترکیب عمل کے مطابق کسوف وخسوف کے اوقات میں اس اسم مقدس کے مربع کو لوح طلائی پر یا لوح نقرائی پر کندہ کرائیں یہ لوح جس بھی مریض صرع کے پاس ہوگی۔ فی الفور اس عارضہ سے نجات پاجائے گا۔ اسم مقدس "ترھُوتِ" کا وفق مربع درج ذیل ہے۔

٧٨٦

٣٠١٠٥	٣٠١١٨	٣٠١١٥	٣٠١١٢
٣٠١١٦	٣٠١١١	٣٠١٠٦	٣٠١١٧
٣٠١١٠	٣٠١١٣	٣٠١٢٠	٣٠١٠٧
٣٠١١٩	٣٠١٠٨	٣٠١٠٩	٣٠١١٤

رسائل حکیم اروس بیلی میں تحریر ہے کہ جس طرح سورہ یٰسین قرآن حکیم کا دل ہے۔ بالکل اسی طرح اسمائے الٰہیہ میں اسم مقدس "ترھُوتِ" (الرَّحِیْم) اسماء الحسنیٰ کا دل ہے۔ جہاں تک اس اسم جلیل کے خواص وفوائد کا تعلق ہے۔ تو اس کے لیے دفتر نا کافی ہے۔

☆ عزت وشہرت کے حصول اور تسخیر خواص وعوام کے لیے روزانہ ایک سودس مرتبہ تلاوت کریں۔ اور اللہ تعالیٰ کے حضور دُعا مانگیں۔ مخلوق خدا آپ کے لیے مطیع ہوجائے گی۔

☆ قرض داری میں مبتلا ہر نماز کے بعد خود اپنی طرف سے تجویز کردہ تعداد کے مطابق ایک چلے تک پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے قرضہ کے بوجھ تلے سے سبکدوش فرمادے گا۔

☆ مفلس وقلاش پڑھے تو غنی وتونگر ہوجائے گا۔ غمگین وپریشان پڑھے گا تو اس کا کوئی غم باقی نہ رہے گا۔ اور وہ دل شاد ہوجائے گا۔

☆ معقود عورت مرد لکھ کر گلے میں ڈالے گا تو عقدہ کشائی ہوجائے گی۔ مرد کو نیک و صالح بیوی مل جائے گی۔ اور عورت کو نیک وپارسا شوہر نصیب ہوگا۔

☆ اگر کوئی بدقسمتی سے سحری وجادوئی اثرات کا شکار ہو کر قوت مردانہ کھو بیٹھے تو اسے چاہیے کہ وہ ہفتہ بھر عصر کے وقت اس اسم کو روزانہ ایک سودس مرتبہ پڑھے اور مشک وزعفران سے لکھ کر پیے اور گلے میں ڈالے۔ تو اس کی نامردی دُور ہو۔ اور وہ دوبارہ صحت مند وتوانا مرد بن جائے۔

19۔ یَاہُ۔ یَاہِنُ۔ ھُوَاللّٰہُ

☆ جو عامل اس اسم مقدس کو روزانہ ظہر وعصر کے درمیان پڑھے گا۔ تو اس کے جملہ مقاصد وحاجات برآئیں گی۔

☆ جو فرد رُوحانیت کی دنیا میں قدم رکھے تو سب سے پہلے اس اسم کی زکات ادا کرے زکات کی تعداد سوالاکھ ہے۔ اس سلسلے میں کسی قسم کی کوئی پابندی نہیں ہے۔ صرف پرہیز جلالی کی پابندی کرے۔ جتنے دنوں میں چاہے سوالاکھ کی تعداد کو پورا کرے۔

☆ آب باراں پر چھیاسٹھ مرتبہ پڑھ کر پھونک کر امراض معدہ وجگر کے لیے پلائیں۔

☆ تلاش معاش کے لیے ایک سو بتیس (132) مرتبہ روزانہ دو ہفتہ تک پڑھنا اور عروج ماہ میں لکھ کر اپنے پاس رکھنا نہایت مؤثر ہے۔

☆ بخت کشادگی کے لیے مشتری کی ساعت میں ہرن کی جھلی پر لکھیں اور مکان میں آویزاں رکھیں۔ قابل قبول رشتے آنے لگیں گے۔

☆ اس اسم کے نقش مثلث کو لوح فضہ پر کندہ کر کے روزانہ دھو کر سنگ گردہ ومثانہ کے مریض کو پلائیں تو شفا ہوگی۔ نقش مثلث یہ ہے۔

۷۸۶

ہ	ا	ی
ی	ہ	ا
ا	ی	ہ

☆ استقرار حمل کے لیے مذکورہ بالا لوح عورت کے گلے میں ڈال دیں۔ نہایت مؤثر ثابت ہوگی۔

☆ جان ومال کی حفاظت اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے روزانہ 132 مرتبہ اول وآخر تین، تین مرتبہ درود پاک کے ساتھ تلاوت کریں۔

☆ زہر کے اثر کو دُور کرنے کے لیے چینی کی طشتری پر 66 مرتبہ لکھ کر پانی سے دھو کر پلائیں تو زہر کا اثر دور ہوجائے گا۔

☆ الگ مکان میں ننگے سر نماز عشاء کے بعد قبلہ رو ہو کر روزانہ 66 مرتبہ پڑھیں۔ ایک چلہ میں طلب حاجات کے لیے عجیب اثرات کا حامل ہے۔

☆ عرق النساء ایک نہایت ہی دردناک اور کربناک عارضہ ہے۔ جو کولہے یعنی کمر سے شروع ہوتا ہے اور پاؤں کے ٹخنے تک آتا ہے۔ اس مرض سے نجات کے لیے منگل کے دن مریخ کی ساعت میں اس اسم کو ایک کاغذ پر بارہ مرتبہ لکھیں۔ اور گلے میں ڈال دیں۔ یا کمر پر باندھ دیں۔ اس عمل کو بارہ روز تک روزانہ ایک ہی وقت پر تحریر کریں۔ اور ایک ہی جگہ پر باندھتے رہیں۔ ہفتوں مہینوں اور سالوں تک رہنے والا درد مرض بارہ روز کے دوران ہی کافور ہوجائے گا

☆اکل حلال، صدق مقال، حسد و کینہ، اور غرور و تکبر جیسی مذموم صفات سے پاک، پابند صوم وصلوٰۃ، طہارت ظاہری و باطنی کا پابند۔ حقوق اللہ اور حقوق العباد کا بجالانے والا عامل اس اسم مقدس (یَاہٗ) کو 66 مرتبہ لکھ کر یا پانی پر دَم کر کے جس عاقرہ یعنی بانجھ عورت کو اتنے ہی روز تک پینے کو دے گا۔ اور وہ مایوس العلاج عورت اس روحانی عمل کو مکمل کرے گی تو کسی شک و شبہ کے بغیر اس کی کوکھ ہری ہو جائے گی۔ اور اللہ تعالیٰ اسے نیک و صالح اولاد کی نعمت سے مالا مال کر دے گا۔

☆اسم (یَاہٗ) کو روزانہ 132 مرتبہ پڑھنا بُری سے بُری عادات کو ختم کر دیتا ہے۔ جیسے فسق و فجور میں مبتلا ہونا، منشیات کا عادی ہونا۔ جوا و سرقہ کا لدادہ ہونا وغیرہ یاد رہے کہ مذکورہ مذموم عادات میں مبتلا شخص خود اس عمل کو نہ کر سکے تو اس صورت میں اس کی طرف سے اس کا کوئی قریبی عزیز یا پھر عامل بھی یہ عمل کرے۔ یا پھر یہی اسم لکھ کر اُسے پلایا جائے۔

☆سل ودق، مالیخولیا اور اختلاج قلب کے لیے اس اسم مقدس کو لکھ کر دھو کر پلائیں۔

☆چاند رات کو نصف شب کے وقت بیدار ہو کر غسل کر کے پاک و پاکیزہ لباس پہن کر اس اسم مقدس (یَاہٗ) کو کاغذ پر ایک ہی سطر میں بارہ مرتبہ لکھیں۔ اور محفوظ رکھیں۔ دوسرے دن طلوع آفتاب کے بعد سے لے کر غروب آفتاب تک کے اوقات کے دوران جن دو ناراض دوستوں، بھائیوں، میاں بیوی کو پانی سے دھو کر کسی طرح پلا دیں گے۔ ان کی باہمی رنجش و دشمنی جاتی رہے گی۔ اور وہ دوبارہ پہلے کی طرح بلکہ پہلے سے بھی زیادہ ایک دوسرے کا احترام کریں گے

☆سید الاولیاء حضرت غوث الثقلین میراں محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی سے منقول ہے کہ جو شخص اسم مقدس (یَاہٗ) کو ہر روز چھیاسٹھ مرتبہ پڑھے اور اس پر ہمیشگی کرے تو وہ مستجاب الدعوات ہو۔ آپ فرماتے ہیں کہ اس اسم پاک کی کثرت معرفت خداوندی کے لیے مفید ہے۔

☆جناب ولایت مآب غوث میراں کا فرمان ذیشان ہے کہ اس اسم عظیم المرتبت کو شب جمعہ جس قدر چاہیں تلاوت کریں۔ آپ کے کام بلا سعی پورے ہوں گے۔

☆سرکش و نافرمان اولاد کو تابعدار و فرمانبردار بنانے کے لیے اس اسم کا کثرت کے ساتھ پڑھنا بہت مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے لکھیں اور دھو کر پلائیں۔

☆اس اسم مقدس کو سوتے وقت اول و آخر درود پاک کے ساتھ چھیاسٹھ مرتبہ پڑھ کر سوئیں۔ جس وقت بیدار ہونے کا ارادہ رکھتے ہوں گے اسی وقت بیدار ہوں گے۔

☆درخت بلسان کے تخم بقدر ضرورت لے کر ان پر چھیاسٹھ مرتبہ پڑھ کر پھونک دیں۔ ان کی مقدار خوراک تین ماشہ سے پانچ ماشہ تک کی ہے۔ پانی کے ہمراہ صبح و شام کھلائیں۔ پرانی کھانسی، دمہ، دماغی امراض کے لیے مستعمل ہیں۔ منفث بلغم ہیں۔ مدر حیض ہیں اور ہاضم بھی ہیں معدہ و آنتوں کی سردی کو نافع ہیں۔ ان نفع بخش بیجوں کا متذکرہ طریقہ کے مطابق استعمال ان کے شفا بخش اثرات کو دو چند کر کے رکھ دیتا ہے۔

☆سفر کے لیے نکلتے وقت اس اسم کا نقش مثلث لکھ کر اپنے پاس رکھنا اس بات کی ضمانت ہے کہ وہ شخص جہاں بخیر و خوبی اپنی منزل تک پہنچے گا۔ وہاں صحت و سلامتی کے ساتھ دوبارہ واپس اپنے گھر اہل و عیال تک بھی چلا آئے گا۔

☆جس کسی کی آنکھوں میں ورم اور درد ہو، اسے چاہیے کہ وہ اس اسم کو گیارہ بار پڑھ کر دم کرے۔ وفق مثلث لکھے اور پانی مین گھول کر آنکھوں کو دھوئے۔ جلد تر شفا پائے گا۔

☆شیخ ابو عبداللہ احمد بن عبدالرزاق طائیؒ اپنی سند میں لکھتے ہیں کہ اس اسم کے وفق کا شرف شمس میں لکھنا اور لکھ کر اپنے پاس رکھنا اس کے عامل و حامل کو اس کی قوم و قبیلہ میں راہنمائی کی عزت و عظمت سے سرفراز فرما دیتا ہے۔ وہ صاحب مال و اولاد ہو جاتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اس کے تمام امور و معاملات نہایت سہولت اور حسن و خوبی کے ساتھ انجام پانے لگتے ہیں۔

☆شیخ صاحب موصوف فرماتے ہیں کہ اگر اس عمل کا عامل اپنے عمل پر مداومت اختیار کرتا ہے تو اسے اپنے ہر کام کے نیک و بد انجام کا عالم خواب و بیداری دونوں حالتوں میں ہی علم ہونے لگتا ہے۔ رنج و غم اور خوف و دہشت اس کے قریب تک نہیں آسکتے۔ دشمنان و خاندان کی

زبانیں اس کے لیے بند رہتی ہیں۔اور وہ اس اسم کی برکت سے منصب ولایت پر فائز ہو جاتا ہے

☆غائب و مفرور کے لیے سوتے وقت اس کے مکان کے چاروں اطراف میں ایک سو دس مرتبہ یہ اسم پڑھ کر اس کی واپسی کی نیت کے ساتھ کہ وہ جلد تر واپس آئے۔اس کا اور اس کی ماں کا نام لیں۔اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ شخص فوراً واپس چلا آئے گا۔یا اس کی خبر آجائے گی اس عمل کو متواتر بارہ یوم تک کیا جائے۔

☆اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے تو اس اسم کو پڑھتے ہوئے اس چیز کی تلاش میں لگ جائے تو وہ مل جائے گی۔کھانا کھاتے وقت ہر لقمہ کے ساتھ پڑھیں تو ایسا کھانا بھی کسی قسم کا کوئی ضرر و نقصان نہ پہنچا سکے گا۔جس میں زہر تک ملا دیا گیا ہو گا۔

☆مقابلہ میں اپنے حریف پر غلبہ پانا چاہیں تو عروج ماہ میں اتوار یا بدھ کے روز روزہ رکھیں۔اور شام کے وقت افطاری کے بعد غسل کر کے خلوت میں چلے جائیں۔عمل کے لیے خوشبویات لگائیں۔اور ایک ہی نشست میں اس اسم کو (10132) دس ہزار ایک سو بتیس مرتبہ روزانہ بلا ناغہ ایک ہفتہ تک تلاوت کریں۔

☆اگر کسی قیدی کو پھانسی کا حکم بھی مل چکا ہو، اور وہ قیدی قید ناحق کا شکار ہو تو اُسے چاہئے کہ وہ خود یا اس کی طرف سے کوئی بھی شخص اس اسم کا ختم کرائے۔جس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ نیک عادات بارہ کنواری لڑکیوں سے ایک ہی نشست میں اس اسم مقدس کو (66000) مرتبہ پڑھوائیں۔اور قیدی کے کے لیے دُعا کرائیں۔ایسا ممکن نہ ہو سکے تو (66) مرتبہ روزانہ پڑھ کر دُعا کرتے رہیں۔اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ایسے حالات و اسباب پیدا ہوں گے کہ وہ قیدی قید و بند کی صعوبتوں سے نجات پا جائے گا۔

☆اگر کوئی شخص نحوست کواکب و گردش افلاک کا شکار ہو تو اُسے چاہئے کہ وہ اپنے متعلقہ ستارے کی دھات لے کر اس کی لوح بنوائے اور اس پر اس اسم مقدس کا وفق مثلث کندہ کرائے۔اس عمل کے بعد اس لوح کو اپنے ستارے کے متعلقہ دن اس کے متعلقہ بخور کو روشن

کریں۔اور ستارہ کی متعلقہ سمت معلوم کر کے کسی سعد حالت و لگن کے اوقات میں ہرن کی کھال میں لپیٹ زیر زمین دفن کر دے۔

☆جو شخص اس اسم مقدس کو روزانہ سوتے وقت چھیاسٹھ مرتبہ پڑھے تو وہ لقوہ و فالج سے محفوظ رہے گا۔رات بھر سوتے ہوئے سانپ و بچھو اور جملہ حشرات الارض سے اللہ تعالیٰ اُسے محفوظ رکھے گا۔اگر کسی ایسے گھر میں جہاں موذی حشرات الارض ہوں مٹھی بھر مٹی پر اسم مذکورہ کو چھیاسٹھ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اول و آخر درود پاک بھی تلاوت کریں۔اور اسے مکان یا گھر کے چاروں اطراف میں دبا دیں۔حشرات الارض فی الفور وہاں سے نکل جائیں گے۔

20۔یُوہٗ۔یُوہِنُ۔اَلْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ

☆اگر کوئی اس اسم مقدس (یُوہٗ) کا بکثرت ذکر کرے۔تو اس کے جلال کی وجہ سے کوئی بھی اُس کی طرف نظر اُٹھا کر دیکھنے کی تاب نہ لا سکے گا۔

☆اگر کوئی اس اسم کو انگوٹھی کے نگینہ کی جگہ کندہ کرائے اور اسے اپنے ہاتھ کی انگلی میں پہن لے تو بلغمی بخار، بلغمی امراض اور سردی سے پیدا ہونے والی امراض سے محفوظ رہے گا۔

21۔نَمُوہٗ۔نَامُوہِنُ۔اَلظَّاہِرُ

☆جو کوئی اس اسم مبارک (نَمُوہٗ) کو بکثرت ذکر کرے تو اللہ تعالیٰ اُس پر مخفی امور ظاہر فرمائے گا۔اور پوشیدہ خزانے اُس پر ظاہر ہوں۔

☆اگر کوئی اسے لوح فضہ پر نقش مربع حرفی کندہ کر کے پاس رکھے تو دشمنان پر فتح حاصل ہو گی۔اور مخالفین سے مقابلہ میں کامیاب ہو گا۔

22۔اَصَالِیَا۔اَصَالِیُ یَا۔اَلْبَاطِنُ۔

☆اگر کوئی اس اسم شریف کا روزانہ (133) مرتبہ ورد جاری رکھے تو اللہ تعالیٰ اُسے اطمینان قلب عطا فرمائے گا۔اور اُسے نُور باطن حاصل ہو گا۔اور سب خوف والی چیزوں سے بے

خوف ہو جائے گا۔

☆ جو شخص اس اسم کو روزانہ بلاناغہ ہمیشہ اسے پڑھے اور اگر اہل خانہ بھی اس کے ساتھ پڑھیں تو وہ جہاں بھی جائیں گے۔ وہاں کے لوگ ان کے ساتھ اچھا سلوک کریں گے۔ اور محبوب رکھیں گے۔ اور جو بھی دیکھے گا محبت سے پیش آئے گا۔

23۔ عَالِیًا۔ عَالِیْ یَنْ۔ اَلْوَکِیْلُ

☆ اس اسم مبارک کو بکثرت پڑھنے والی کی اللہ تعالیٰ کفالت فرماتا ہے۔ اور ایسی جگہ سے اُسے رزق عطا فرماتا ہے جہاں سے اُسے وہم وگمان بھی نہیں ہوتا۔

24۔ صَلْصَلَتْ۔ صَلْ صَالَتْ۔ اَلْکَافِیْ

☆ اگر کوئی فرد اس اسم مبارک کا کثرت سے ذکر کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُسے دین ودنیا کی بھلائیاں عطا فرمائے گا۔

☆ جو کوئی اس اسم مبارک کے درج ذیل نقش مربع کو لوح فضہ پر کندہ کرے اور پھر اس پر یہ شعر ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور عود اور صندلین کا بخور دے کر اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ اُس کے رزق میں خیر وبرکت ڈال دے گا۔ کاروبار میں ترقی ہوگی۔ اور ہر کام میں کامیابی حاصل ہوگی۔ لوگ عزت واحترام سے پیش آئیں گے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

٥٦١	٥٦٤	٥٧٥	٥٥٤
٥٦٩	٥٥٥	٥٦٠	٥٦٥
٥٥٦	٥٧٣	٥٦٢	٥٥٩
٥٦٣	٥٥٨	٥٥٧	٥٧١

25۔ حَوْسَمَتْ۔ حَوْ سَامَتْ۔ اَلْقَابِضُ

☆ اگر کوئی اس اسم مبارک کو پانچ مرتبہ لکھ کر اپنے گھر میں آویزاں کرے۔ جہاں آسیبی اثرات ہوں۔ تو آسیب کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔

☆ اگر کسی عورت کو کثرت طمث کا عارضہ ہو تو جامن کے پتے پر لکھ کر ابال کر وہ پانی مریضہ کو پلائیں۔ شفا ہوگی۔

26۔ حَوْسَمِ۔ حَوْسَامِنْ۔ اَلرَّحْمٰنُ

☆ جو کوئی اس اسم کا ہمیشہ ذکر کرے تو تسخیر خلائق ہوگی اور جو دیکھے گا محبت سے پیش آئے گا۔

☆ جو کوئی اس اسم کا نقش مربع درج ذیل کاغذ پر زعفران وگلاب سے لکھ کر دھو کر کسی بخار والے کو پلائے تو اُسے صحت ہوگی۔

☆ اگر یہی نقش اپنے پاس رکھے تو لوگوں میں محبوب ہوگا۔ امراء اور حکام کے نزدیک عزت واحترام بڑھ جائے گا۔ تمام دنیاوی کام آسان ہوں گے۔ نقش مربع یہ ہے۔

۷۸۶

م	س	و	ح
و	ح	م	س
ح	و	س	م
س	م	ح	و

☆ جو کوئی مندرجہ بالا نقش مربع کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تو ڈر خوف سے محفوظ رہے گا۔

27۔ دُوسَمِ ۔ دُوسَا مِنَ ۔ اَلرَّحِیْمُ

☆ جو کوئی اس اسم کو پڑھنے میں ہمیشگی کرے اور کثرت سے پڑھتا رہے۔ تو اللہ تعالیٰ اُسے خیر کثیر عطا فرمائے گا۔ روزی رزق میں فراوانی ہوگی۔ اور کبھی محتاج نہ ہوگا۔

28۔ بَرَاسِمِ ۔ بَرَاسِے مِنَ ۔ اَلظَّاهِرُ

☆ اس اسم مبارک کو کثرت سے ورد کرنے والا فرد اگر گمنام زندگی بسر کر رہا ہے تو اللہ تعالیٰ اُسے اچھی شہرت عطا فرمائے گا۔ اور اُس کا مرتبہ بلند ہو جائے گا۔ لوگ عزت و احترام کرنے لگیں گے۔

☆ اگر کوئی اس اسم کو انگوٹھی پر نگینہ کی جگہ کندہ کرا کر اپنے ہاتھ میں پہن لے اور اسم کو روزانہ چند مرتبہ پڑھتا رہے تو اُس کے دنیاوی کام آسان ہوں گے۔ ہر کام میں کامیابی اور فتح نصیب ہوگی۔ دنیا اور آخرت کی سعادت حاصل کرے گا۔

29۔ شَلْمَهَتُ ۔ شَلْ مَاهَتُ ۔ اَلْفَتَّاحُ

☆ جو کوئی اس اسم مبارک کو روزانہ صبح کے 489 مرتبہ پڑھے اور اس عمل کو ہمیشہ جاری رکھے تو اللہ تعالیٰ اُس کے لیے کامیابی کے دروازے کھول دے گا۔ جہاں کہیں بھی جائے گا اُسے فتح نصیب ہوگی۔

☆ اگر کوئی ایسی لڑکی اس اسم کو بکثرت پڑھتی رہے جس کی شادی، نکاح میں رکاوٹ ہو یا رشتے ہی نہ آتے ہوں۔ تو اُس کی جلد شادی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

☆ اگر کوئی شخص مقدمات میں گھرا ہوا ہو تو اس اسم کو کثرت سے پڑھے تو انشاء اللہ اُسے مقدمات میں فتح و کامیابی نصیب ہوگی۔

☆ اگر کاروبار میں بندش ہو، یا سفر میں رکاوٹ ہو، تو اس اسم مبارک کو کثرت سے پڑھنے سے مقصد پورا ہوگا۔

30۔ اَرْمَخَتَ ۔ اَرْ مَاخَتَ ۔ اَلْغَنِیُّ اَلْمُغْنِیُّ

☆ جو شخص اس اسم مبارک کو کثرت سے ذکر کرے اور اس پر ہمیشگی کرے تو اللہ تعالیٰ اُسے تھوڑے ہی عرصہ میں غنی کر دے گا۔ اُس کی مرادیں بر آئیں گی۔

31۔ تَعْدَادِ ۔ تَعْ دَادِنُ ۔ اَلْقَوِیُّ

☆ جو شخص اس اسم شریف کو 116 مرتبہ روزانہ بلا ناغہ پڑھے اور اس عمل کو جاری رکھے تو ظاہری و باطنی بوجھ محسوس نہ ہوگا۔

☆ جو شخص کسی بیماری کے بعد کمزوری محسوس کرے تو اس اسم کو لکھ کر روزانہ ہفتہ عشرہ تک پیتا رہے۔ انشاء اللہ کمزوری ختم ہو جائے گی۔

32۔ اِیْزَامِ ۔ اِیْ زَا مِنَ ۔ اَلْمَتِیْنُ

☆ جو شخص بلا ناغہ روزانہ اس اسم کو پانچ سو مرتبہ پڑھے تو ضعف قوت سے امن میں رہے گا۔ اگرچہ کوئی کام کتنا ہی طاقت ور ہو۔

33۔ سَنْدَادِ ۔ سَنْ دَادِنُ ۔ اَلْمُجِیْبُ

☆ جو شخص اس کا ذکر ہر نماز کے بعد 35 مرتبہ کرے تو اللہ تعالیٰ سے جس چیز کا سوال کرے گا۔ وہ پورا ہوگا۔

34۔ کَاهِرِ ۔ کَاهِے رِنُ ۔ اَلْمُجِیْبُ

☆ دراصل ان دونوں اسمائے کی ایک جیسے ہی خواص ہیں۔ اگر ان اسماء کو ملا کر پڑھا جائے تو زیادہ بہتر ہے۔ اور اثرات جلد ہوتے ہیں۔ دونوں اسماء کو پڑھنا دعاؤں کی قبولیت کا سبب بنتا ہے۔

35-بِھرَاہِ-تبرِیزِ-بِھُ رَا تِنُ-تَبُ رِیزِ-اَلْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ

☆ جو فردان اسماء کو روزانہ ایک سو دس مرتبہ ذکر کرے اور بلاناغہ ہمیشہ کرتا رہے تو اُس کی جو بھی آرزو ہو گی اللہ تعالیٰ پوری کر دے گا۔ اور اس کے دشمن مغلوب ہوں گے۔ اور اللہ تعالیٰ طویل عمر عطا فرمائے گا۔ ہر کام کا آغاز اور انجام اچھا ہو گا۔

36-تَاکِرِ-تَا کِے رِئُ-اَلنُّوْرُ

☆ جو شخص اس اسم مبارک کا اکثر ذکر کرے اور اپنے اس عمل کو اپنا روزانہ کا معمول بنا لے تو اللہ تعالیٰ اُس کے دِل کو نورِ ایمان سے منور فرما دے گا۔

☆ جو کوئی اس اسم جلیلہ کا روزانہ 256 مرتبہ ذکر کرے تو اللہ تعالیٰ اُسے سیدھے راستے کی ہدایت فرمائے گا۔ اور ہر وہ چیز اُسے حاصل ہو جائے گی جس کا وہ ارادہ فرمائے گا۔

☆ جو کوئی اس اسم کو 2560 مرتبہ روزانہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اُس کے ظاہر و باطن کو منور کر دے گا۔ اس اسم کی ریاضت کے دوران عامل نور میں گھرا ہوتا ہے۔ اگر ایک چلہ عملیاتی شرائط کے مطابق کیا جائے تو عامل کا چہرہ نورانی، دِل منور اور خلوت گاہ نور سے جگمگانے لگتی ہے۔

☆ اگر کوئی اندھیری خلوت گاہ میں آنکھیں بند کر کے اس اسم مبارک کو روزانہ لاتعداد پڑھے۔ اور اس عمل کو ایک عرصہ تک جاری رکھے تو انوارِ عجیبہ کا مشاہدہ کرے گا۔ اس اسم میں مکاشفہ کی رُوحانیت بھی ہے۔ اس کے عامل کے اندر کشف القلوب، کشف القبور کی صلاحیت بھی پیدا ہو جاتی ہے۔

37-اَبَارِیُخُ-اَبَا رِئُ خُوُ-اَلْحَکِمُ

☆ جو اس اسم شریف کا اکثر ذکر کرے لوگ اُس کی حکم عدولی نہیں کریں گے۔ لوگوں پر اُس کا رعب ہو گا۔ اور ایک زمانہ اُس کی خدمت گزاری میں لگا رہے گا۔

☆ اس اسم کا ذاکر اور عامل مخلوق کا محبوب بن جاتا ہے۔ جو شخص اس اسم کے عامل کو دیکھے اس پر مہربان ہو۔ تمام لوگ اس کی عزت و توقیر کریں۔

38-بَیرُوُخ-بَےُ رُوُ خِنُ-اَلْعَدْلُ۔

☆ جو شخص کسی ظالم دشمن کے لیے اس اسم کے ساتھ بدعا کرے۔ تو اللہ تعالیٰ کی گرفت اس ظالم پر ہو گی۔ اور وہ ظلم سے باز آ جائے گا۔ اگر کوئی جج منصف اور حاکم اس اسم کا اکثر ذکر کرے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسے القاء ہو گا۔ عدل فیصلہ کرنے میں اور اس سے کوئی غلط فیصلہ نہ ہو گا۔ بلکہ اس کا عدل مشہور ہو گا۔

39-بَرُخَوَا-بَرُ خَوُ وَا-اَلْمُعِزُّ

☆ جو اس اسم کے ذکر پر ہمیشگی کرے۔ اگر ذلیل و خوار ہو گا تو لوگوں میں باعزت ٹھہرے گا۔ اگر گمنام ہو گا تو خلقت میں باعزت مشہور و معروف ہو گا۔ اس کے ذاکر سے ہر ظالم اور جابر خوف کھائے گا۔

40-شَمَارِیُخُ-شَمَا رِئُ خُو-اَلْمُبْدِئُ

☆ اس اسم مبارک کا عامل اور ذاکر سیفِ زبان اور سیفِ قلم ہوتا ہے۔ مخفی امور اس پر ظاہر ہوتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اچھی اور علم و حکمت کی باتیں اس سے ظاہر ہوتی ہیں

41-شَیرَاخ-شَےُ رَا خِنُ-اَلْمُعِیْدُ

☆ اس اسم کے عامل اور ذاکر کو کوئی دشمن نہیں ہوتا۔ بلکہ دشمن بھی دوست بن جاتے ہیں۔

42-شَرُوُخ-شَا رُوُ خِنُ-اَلْقَرِیْبُ

☆ اس اسم میں دُعاؤں کے قبول ہونے کی صلاحیت ہے۔ یہ اسم ہر اس اسم کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔ جس کے ساتھ دُعا کا ارادہ کیا گیا ہے۔ قضائے حاجت اور مقبول دُعا کا ایک طریقہ یہ ہے کہ اس کا نقش جمعۃ المبارک کے دن ساعت زہرہ میں قمر زائد النور کے ایام میں مشک و

زعفران کی روشنائی سے ہرن کی جھلی، بھوج پتر یا سفید مومی کاغذ پر لکھا جائے۔ اور اس کے چاروں طرف شعر ایک مرتبہ بھی لکھا جائے اور اپنے پاس رکھیں پھر غروب آفتاب اس اسم کی لاتعداد تلاوت کی جائے۔ اور آخر میں اپنے مقصد کی دُعا۔ اللہ تعالیٰ اپنی قدرت سے دُعا کو پورا فرمائے گا۔ نقش یہ ہے۔

٨٧٦

خ	و	ر	ش
١٩٩	٣٠١	٥٩٩	٧
٣٠٢	٢٠٢	٤	٥٩٨
٥	٥٩٧	٣٠٣	٢٠١

43۔ تَشَمَخَتُ۔ تَشَا مَا خَتُ۔ عَالِمُ السِّرِ

☆ جو شخص اس اسم جلیل کا ذکر کثرت سے کرے اور اس ذکر پر ہمیشہ کاربند رہے تو اللہ تعالیٰ اسے امورِ لطیفہ اور علومِ مخفی سے آگاہی فرمائے۔ اور اس کے فہم و ادراک کو کشادہ فرمائے۔

44۔ یَمْلِیخ۔ یَم لِی خِنُ۔ اَلْقَیُّوْمُ

☆ جو کوئی اس اسم کو چار مرتبہ کسی کاغذ پر لکھے اور پاس رکھے اور اس اسم کو روزانہ 156 مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے دل کو زندہ کرے۔ کاروبار میں خیر و برکت اور روزی رزق میں اضافہ ہو۔ اگر گمنام ہے تو اچھی اور نیک شہرت حاصل ہو۔

45۔ شَمَّیا ثَا۔ شَمَّا یَا ثَا۔ اَلْحَقُّ

☆ جو اس اسم کا کثرت سے ذکر کرے۔ تو اللہ تعالیٰ اُسے ہر معاملہ میں ثابت قدم رکھے۔ اور اُس کے لیے امور کی حقیقتیں ظاہر ہوں گی۔ اور مرتبہ بلند ہوگا۔

46۔ یَانُوخ۔ یَا نُو خُو۔ اَلْوَکِیْلُ

☆ جو اس اسم شریف کا کثرت سے ذکر کرتا رہے تو اللہ تعالیٰ اُسے روزی رزق کے فکر سے بے پرواہ کردے گا۔ اور اُسے ایسی جگہ سے رزق عطا ہوگا کہ اُس کے وہم و گمان میں بھی نہ ہوگا

47۔ دَامِیخ۔ دَا مِی خُو۔ اَلْکَرِیْمُ

☆ جو اس اسم جلیل کے ذکر پر ہمیشگی کرے تو اللہ تعالیٰ اُسے بغیر مشقت کے رزق عطا فرمائے۔ اور اُسے کبھی فاقہ نہ ہوگا۔ اور تمام مشکلیں آسان ہوجائیں گی۔

48۔ یَشْمُوخ۔ یَش مُو خِنُ۔ اَلْحَنَّانُ

☆☆ جو اس اسم جلیل کے ذکر پر ہمیشگی کرے تو اللہ تعالیٰ اُسے بغیر مشقت کے رزق عطا فرمائے۔ اور اُسے کبھی فاقہ نہ ہوگا۔ اور تمام مشکلیں آسان ہوجائیں گی۔

49۔ عَلٰی مَانَرُمْ حَقَّایَرُوْن بِقُنْضَبِ۔ اللہ غالب علی امرہٖ

☆ جو کوئی روزانہ نماز فجر کے بعد اس اسم کو ایک سو ایک مرتبہ پڑھتا رہے اور اس عمل کو ہمیشہ جاری رکھے تو اللہ تعالیٰ اُس کی کفالت کرے گا تمام تر تکالیف سے۔ اور اُس کی حاجات پوری ہوں گی۔ اللہ تعالیٰ اُس کی دُعاؤں کو شرف قبولیت بخشے گا۔

50۔ تَنَاوِ۔ تَنَا وِنُ۔ اَلْحَسِیْبُ

☆ جسے ہر وقت آخرت کا خوف اور موت کا ڈر رہتا ہو۔ اور دل میں وسوسے آتے ہوں یا وہم کا شکار ہو۔ ایسے فرد کے لیے ضروری ہے کہ اس اسم کو کثرت سے پڑھے۔

51۔ کَمَاہِ۔ کَمَا ہِنُ۔ رَبِّی

☆ جو کوئی اس اسم مبارک کو روزانہ تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اُسے رزق کثیر عطا فرمائے۔ اور اُس کے اہل و عیال بھی حفاظت میں رہیں۔

52۔ اَوَاہِ۔ اَوَا ھِنُ۔ اَلْمُحْیُّ

☆ جو اس اسم کا بکثرت وردر کھے تو اللہ تعالیٰ اُس پر اپنا ایسا فضل وکرم فرمائے گا کہ وہ پند ونصیحت کرنے والوں میں سے ہوجائے گا۔ اور اللہ تعالیٰ اُسے سیدھے راستے پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے گا۔ اور خود اُس کا دِل نرم ہوجائے گا۔

53۔ ھَشُگاخِ۔ ھَشُ کَا خِےُ۔ اَلْوَالِیُ

☆ جو کوئی اس اسم کو روزانہ بلاناغہ بکثرت پڑھے تو لوگوں میں بارُعب ہوجائے گا۔ مگر آخر میں آنے والی (خا) کے نیچے ایک زیر کو پڑھے۔

54۔ ھَشُگاخِ۔ ھَشُ کَا خِنُ۔ اَلْمُتَعَالُ

☆ اور اگر اس اسم کو آخر میں آنے والی (خا) کے نیچے دو زیر کے ساتھ پڑھے۔ تو حکام وامراء کے پاس جائے تو عزت واحترام حاصل ہوگا۔ تمام مشکلیں آسان اور سختی ختم ہو۔ اگر اسے انگوٹھی کے نگینہ کی جگہ کندہ کر کے اپنے ہاتھ میں پہن لے تو تمام مخالف مغلوب رہیں گے۔

55۔ بَھْرَامِ۔ بِھُ رَا مِنُ۔ اَلْعَزِیْزُ

☆ جو اس اسم کر بکثرت پڑھے تو لوگوں میں معزز ٹھہرے گا۔ اپنے خاندان اور معاشرہ میں لوگ عزت واحترام سے پیش آئیں گے۔

56۔ شَمُخَتَا۔ شَلُمَخَا۔ شَمُ خَتَا۔ شَلُ مَخَا۔ اَلرَّحِمٰنُ۔ اَلْمُغْنِیُ

☆ جو کوئی اس اسم کا روزانہ بلاناغہ کثرت سے ذکر کرتا رہے تو اللہ تعالیٰ اُس پر ایسی نظر رحمت فرمائے گا کہ اُسے ہر طرف سے رزق حاصل ہوگا۔ اُس کا دِل نرم ہوجائے گا۔

57۔ شَلُمَخُ۔ شَلُ مَا خُوُ۔ اَلْمُعِزُّ

☆ جو اس اسم کو ہمیشہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ لوگوں میں معزز کردے گا اور اُس کے دشمن ذلیل وخوار ہوں گے۔

58۔ عُیُطَلَان۔ عَیُ طَا لَان۔ اَلْقَوِیُ الْقَھَارُ

☆ اس اسم کا مسلسل کثرت سے ذکر کرنے والا دشمنوں پر ہمیشہ غالب رہے گا۔ اللہ تعالیٰ اس اسم کے ذاکر کے دِل کو مضبوط کرے گا اور اُس کے مخالف ہمیشہ مغلوب رہیں گے۔

☆☆☆☆☆

باب نمبر 3

اس باب میں آپ پڑھیں گے

1. دعوت خلخلۃ الھوا کے جملہ اعمال
2. طریقہ ریاضت دعوت خلخلۃ الھوا

دَعوَتِ خَلخَلَۃُ الھَوا

1. محبت وتسخیر کے لئے

جب کسی کواپنی محبت میں بے قرار کرنا چاہیں تو ہرن کی جھلی پر سعد وقت کا انتخاب کر کے عروج ماہ میں پہلی خاتم زعفران اور ماالورد کی روشنائی سے تحریر کریں اور نیچے اپنے مقصد کی عزیمت بھی تحریر کریں۔ مثلاً اس مقصد کے لئے اس طرح بھی عزیمت تحریر کر سکتے ہیں۔ ''یَا خُدَّامَ ھٰذِہِ الْاِسْمَاءِ تَوَکَّلُوْا بِمُحَبَّۃِ فلاں وفلاں'' پھر اس پر دعوت خلخلۃ الھوا سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں ہر مرتبہ آخر میں ایک بار مندرجہ بالا عزیمت بھی تلاوت کریں۔ اب اس کو کسی شیریں پھل دار درخت کی شاخ پر باندھ دیں تا کہ ہوا میں لہراتا رہے پس جوں جوں تعویذ ہوا میں لہرائے گا توں توں مطلوب کا دِل بیقرار ہوگا اور وہ آپ کی محبت میں دیوانہ ہو کر حاضر ہوگا۔

2. کسی کو اپنی محبت میں سرشار کرنا

جب کی کو اپنی محبت میں سرشار کرنا چاہیں تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ ساتوں خاتم الگ الگ ایک کوری ٹھیکری پر تحریر کریں اور ہر ایک کے نیچے مندرجہ ذیل عزیمت بھی تحریر کریں۔ یَا خُدَّامَ ھٰذِہِ الْاِسْمَاءِ تَوَکَّلُوْا بِجَلْبِ فلاں بِنْتِ فلاں دَر عِشق فلاں بن فلاں پھر روزانہ ایک ٹھیکری پر تین مرتبہ دعوت پڑھ کر دم کریں اور ہر مرتبہ آخر میں ایک بار مندرجہ بالا عزیمت بھی تلاوت کریں۔ اور اس ٹھیکری کو آگ میں دفن کر دیں روزانہ اسی طریقہ کے مطابق ایک ٹھیکری پڑھ کر زیرِ آتش دفن کر دیا کریں سات روز پورے نہ ہونگے کہ مطلوب آپ کے عشق میں دیوانہ ہو کر حاضر ہوگا۔

3. حاضری مطلوب کے لئے

جب مطلوب کو حاضر کرنا چاہیں تو اس طریقہ کو استعمال کریں مطلوب رُوئے زمین میں جہاں کہیں بھی ہوگا حاضر ہو جائے گا۔ مطلوب کا مستعمل پارچہ لے کر اس پر پہلی، دوسری اور تیسری خاتم تحریر کریں پھر اس کا فلیتہ بنا کر نئے چراغ میں روغن چنبیلی ڈال کر عشاء کے بعد چراغ روشن

کریں اور سامنے بیٹھ کر روزانہ پانچ مرتبہ دعوت تلاوت کریں پانچ راتوں تک مسلسل ایسا ہی کریں ۔پانچ راتیں پوری نہ ہونگی کہ مطلوب حاضر ہو جائے گا۔

4۔رزق میں خیر و برکت اور ترقی کے لئے

اگر آپ کی خواہش ہو کہ گاہک زیادہ آئیں اور کاروبار میں خیر و برکت اور ترقی ہو تو ساتوں خاتمیں ایک زرد رنگ کے کاغذ پر تحریر کر کے کاروبار کی جگہ آویزاں کر دیں اور یہی ساتوں خاتمیں درخت سدرہ کے سات پتوں پر ایک ایک کر کے تحریر کریں۔ پھر ان پتوں کو خشک کر کے سفوف کریں اور کاروبار کی جگہ بکھیر دیں مگر سفوف کرنے سے قبل ساتوں پتوں پر سات مرتبہ دعوت پڑھ کر دم کریں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کاروبار میں خیر و برکت اور بے حد ترقی ہوگی۔ گاہک زیادہ آئیں گے تجارت خوب ہوگی۔

5۔چور معلوم کرنا

اگر کوئی چیز چوری ہوگئی ہو اور چور کا پتا نہ چلتا ہو یا چور اقرار نہ کرتا ہو۔ اور اس سے چوری کا اظہار و اقرار کروانا مقصود ہو۔ تو روٹی کے سات ٹکڑوں پر ساتوں ختم ایک ایک کر کے تحریر کریں اور سات مرتبہ دعوت پڑھ کر دم کریں پھر ان لوگوں کو جن پر چوری کا گمان ہو ان کو ایک ایک ٹکڑا کھانے کو دیں چور روٹی کا ٹکڑا نہ کھا سکے گا۔ چور معلوم کرنے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ ایک لوٹے میں جن لوگوں پر چوری کا شبہ ہو ایک ایک کا نام لکھ کر ڈال دیں ایک ایک بار دعوت پڑھیں چور کا نام ڈالنے پر لوٹا گھوم جائے گا۔ اور چور چوری کا اقرار کرلے گا۔

6۔سر درد کی تکلیف دور کرنا

جب کسی کو سر درد شدید ہو تو ساتوں خاتم ایک کاغذ پر تحریر کریں اور سات بار دعوت پڑھ کر دم کر کے مریض کے سر پر باندھ دیں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے درد ختم ہو جائے گا۔

7۔ہر قسم کی درد ختم کرنے کے لئے

گولر کی لکڑی پر پہلی خاتم تحریر کریں۔ اور اس پر بغیر تعداد کے دعوت تلاوت کریں۔

کے پاس ایک لوہے کا کیل ہونا چاہیئے ۔اس کیل کی نوک کو پہلے خانہ میں ہلکا سا دبا کر رکھیں اور ایک بار دعوت تلاوت کریں اگر درد ختم ہو جائے تو کیل کو اسی خانہ میں گاڑ دیں بصورت دیگر دوسرے خانہ میں کیل کی نوک دبا کر پھر ایک بار دعوت پڑھ کر دم کریں درد ختم ہونے پر کیل گاڑ دیں اگر درد ختم نہ ہو تو چند بار یہ عمل کریں اللہ تعالیٰ کے حکم سے درد ختم ہو جائے گا۔

8۔آشوبِ چشم دُور کنے کے لئے

زیتون کے سات پتوں پر ایک ایک کر کے ساتوں خاتم تحریر کریں۔ اور پھر ان کو پانی میں ڈال دیں اور ایک مرتبہ دعوت پڑھ کر اس پانی پر دم کریں پھر اس پانی سے آشوب چشم کا مریض اپنی آنکھوں کو دھوئے اور تھوڑا تھوڑا پانی پیتا رہے اللہ پاک کے حکم سے آشوب کا مرض ختم ہو جائے گا۔ اگر تین بار دعوت پڑھ کر آنکھوں کی درد کی تکلیف ختم کرنے کے لئے دم کرنے سے ہر قسم آنکھوں کا درد ختم ہو جاتا ہے۔

9۔کثرت طمث کی بیماری ختم کرنے کے لئے

اگر کسی عورت کو کثرت طمث کی بیماری ہو اور کسی علاج سے نہ جاتی ہو۔ اس کے لئے علاج کا طریقہ یہ ہے کہ ساتوں خاتم الگ الگ کاغذ پر تحریر کریں اور ان پر سات مرتبہ دعوت پڑھ کر دم کر دیں۔ پہلی خاتم مریضہ کو دیں کہ وہ اسے اپنے پیٹ پر ناف والے حصہ پر باندھ لے باقی چھ خاتموں کو ترتیب وار ایک ایک کر کے روزانہ دھو کر پی لیا کرے ان شاء اللہ کثرت طمث کا مرض ختم ہو جائے گا اور مریضہ تندرست ہو جائے گی۔

10۔ نکسیر ختم کرنے کے لئے

سات کاغذوں پر ساتوں خاتمیں الگ الگ تحریر کریں۔ اور ان پر سات بار دعوت پڑھ کر دم کر دیں۔ پھر نکسیر کر مریض یا مریضہ کو ایک ایک کر کے دھو کر پلا دیں اللہ کے حکم سے نکسیر ختم ہو جائے گی۔

11. آسانیِ ولادت کے لئے

پہلی خاتم لکھ کر اس پر سات بار دعوت پڑھ کر دم کر دیں۔ پھر یہ تعویذ دردِزہ والی عورت کے بازو پر باندھ دیں اللہ پاک کے حکم سے بچہ وقت پر پیدا ہوگا۔

12. عورت کے پستانوں میں دودھ زیادہ کرنے کے لئے

اگر بچہ والی عورت کا دودھ کم ہو اور بچہ کی بھوک ختم نہ ہوتی ہو ایسی عورت کے لئے ساتوں خاتموں کو ایک کاغذ پر لکھ کر اس پر صرف ایک بار دعوت پڑھ کر دم کر دیں اور پھر تعویذ بنا کر عورت کو دیں کہ وہ اسے گلے میں ڈال لے تاکہ تعویذ اس کے پستانوں کو چھوتا رہے۔ اللہ پاک کے حکم سے دودھ زیادہ آئے گا۔

13. واجع المفاصل کا مرض ختم کرنا

لیموں کے سات پتے لے کر ہر ایک پر ایک ایک خاتم تحریر کریں۔ پھر ان پر سات مرتبہ دعوت پڑھ کر دم کریں۔ اور روزانہ ایک ایک کر کے جوڑوں کے درد والے مریض کو کھلا دیا کریں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے مریض شفایاب ہو جائے گا۔

14. شدید بخار کے مریض کا علاج

بخار والے مریض کے لئے ساتوں ختم سات کاغذوں پر الگ الگ تحریر کریں۔ پھر ان پر پانچ بار دعوت پڑھ کر دم کر دیں۔ تپ محرقہ والے مریض کو روزانہ ایک خاتم کا بخور دیں۔ قدرت کاملہ اسے صحت عطا فرمائے گی۔

15. ظالم کی زبان بندی کرنا

جب کسی ظالم دشمن کی زبان بندی کرنا چاہیں تو ایک سوتی دھاگہ جو موٹا ہو لے کر اس پر سات گرہیں لگائیں اور ہر گرہ پر ایک بار دعوت پڑھیں ہر بار آخر میں ان الفاظ کا اضافہ کریں "عقد اللسان فلاں بن فلاں درمحبت فلاں بن فلاں" سات گرہیں لگانے کے بعد ایک دھاگہ کو کسی ویران جگہ دفن کر دیں۔ دشمن کی زبان بند ہو جائے گی اور وہ کبھی خلاف نہ بولے گا۔

16. بدن کی خارش اور جلن کا علاج

ساتوں خاتم الگ الگ ایک کاغذ پر لکھ کر ان پر تین بار دعوت پڑھ کر دم کریں۔ مریض روزانہ ایک تعویذ اپنے بدن پر پھیر کر اسے آگ سے جلا دیا کرے۔ سات روز میں صحت ہوگی۔

17. جنات کو جلانے کے لئے

آسیب زدہ مریض کا پہنا ہوا کپڑا لے کر اس ساتوں خاتم تحریر کریں اور اس کا فلیتہ بنا کر اسے جلا کر بجھا دیں تاکہ آہستہ آہستہ سلگتا رہے اور اس کا دھواں آسیبی مریض کے ناک تک پہنچتا رہے جبکہ عامل دعوت کو لاتعداد پڑھتا رہے پس جنات جل جائیں گے اُسی وقت اور ساعت میں اور مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

18. حاکم افسران کو مسخر کرنا

ایک کاغذ پر ساتوں خاتم لکھیں اور اس کو سامنے رکھ کر تین بار دعوت پڑھ کر دم کریں پھر اس کا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھیں۔ اور حاکم افسر کے پاس جائیں اس پر ہیبت طاری ہوگی اور آپ کا مسخر ہوگا۔

19. دشمن پر فتح پانے کا طریقہ

ساتوں خاتم ایک کاغذ پر لکھ کر اس پر تین بار دعوت پڑھ کر دم کریں۔ اور اس کا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھیں۔ دشمن کا خوف آپ کے دل سے ختم ہوگا۔ اور دشمن سے مقابلہ میں حامل خاتم کو فتح حاصل ہوگی۔

20. دشمن پر بیماری مسلط کرنا

اگر کسی ظالم دشمن پر بیماری مسلط کرنا چاہیں یا اسے ہلاک کرنے کا ارادہ ہو تو پہلی خاتم روٹی کے ایک ٹکڑے پر کتابت کریں اور اکیس بار اس پر دعوت پڑھ کر دم کر دیں پھر اسے ایک زندہ مچھلی کو کھلا کر اسے دریا میں ڈال دیں۔ ایک ہفتہ کے اندر اندر دشمن بیماری میں مبتلا ہو کر راہی عدم ہوگا۔

21. ظالم دشمن پر بخار مسلط کرنا

سیاہ مرغی کا ایک انڈا لے کر سیاہ مرغی ہی کے خون سے انڈے پر دوسری خاتم لکھیں اور پھر اس پر اکیس بار دعوت پڑھ کر دم کر دیں۔ اور انڈے کو زیرِ آتش دفن کر دیں جس طرح انڈے کو گرمی پہنچے گی اس طرح دشمن کا بدن جلے گا۔ جب تک انڈا آگ کے قریب دفن رہے گا تب تک دشمن کا بدن جلتا رہے گا۔ اور ہمیشہ بخار میں مبتلا رہے گا۔ اگر انڈا نکال کر دھو دیں تب دشمن کو سکون محسوس ہوگا۔

22. ظالم دشمن کے گھر میں سنگ باری کرانے کا طریقہ

ایک سکورہ آب نارسیدہ لے کر اس پر دوسری خاتم سرکہ ایلوا سیاہ روشنائی میں ملا کر لکھیں اور خاتم کے نیچے برجم دار فلاں بن فلاں تحریر کریں۔ اور پھر اس پر اکتالیس مرتبہ دعوت پڑھ کر دم کریں۔ اور اسے دشمن کے گھر میں دفن کر دیں۔ اس کے گھر میں سنگ باری شروع ہو جائے گی۔ جب تک سکورہ نہ نکالیں گے سنگ باری ہوتی رہے گی۔

23. عداوت اور جدائی پیدا کرنا

جن افراد میں عداوت اور جدائی پیدا کرنا ہو۔ نیلے رنگ کے کپڑے پر دوسری خاتم تحریر کر کے نیچے ان کا نام اور مقصد بھی لکھ دیں پھر اس کپڑے کو کسی ایک کے گھر میں دفن کروا دیں اگر ایسا ممکن نہ ہو تو دھو کر پانی ان کے گھروں میں چھڑک دیں۔ عداوت اور جدائی پیدا ہو جائے گی۔

24. ظالم دشمن کو تباہ و برباد کرنا

کسی نحس وقت میں نحس جانور کے چمڑے پر ساتویں سرکہ ملی ہوئی روشنائی سے لکھ کر اس پر اکیس بار دعوت پڑھ کر دم کر دیں۔ اور اسے ظالم دشمن کے گھر میں دفن کر دیں۔ بہت جلد اس کا گھر ویران ہو جائے گا اور وہ تباہ و برباد ہو جائے گا۔

25. جادو سحر کے بد اثرات ختم کرنا

ایسا مریض جس پر سحر جادو کے قوی ترین اثرات ہوں اور کسی بھی طرح ختم نہ ہوتے ہوں یہاں تک کہ عاملین و حکما علاج سے عاجز آ چکے ہوں۔ جہاں مریض قریب المرگ ہو۔ وہاں یہ علاج ایک مسیحا سے کم نہیں ہے۔ مگر اس کا طریقہ علاج عجب ہے۔ یہ طریقہ فیلسوف الماہر والحکیم الحاذق ابی مسلمہ استاد المحریطی الاندلسی نے غایۃ الحکیم میں اور امام احمد بن محمد بونی نے منبع اصول الحکمۃ درج کیا ہے طریقہ علاج یوں ہے کہ سحر جادو کے پرانے مریض کے دائیں ہاتھ پر پہلی خاتم اور بائیں ہاتھ پر دوسری خاتم، دائیں ران پر تیسری خاتم اور بائیں ران پر چوتھی خاتم، پیٹھ پر پانچویں خاتم، سینے پر چھٹی خاتم، اور ناف پر ساتویں خاتم تحریر کی جائے۔

پھر مسحور کی دائیں ہتھیلی پر یہ آیت لکھیں۔ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ط وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا (سورۃ طٰہٰ آیت ۱۱۱)

اور بائیں ہتھیلی پر یہ آیت لکھیں۔ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخٰفُ ظُلْمًا وَّلَا هَضْمًا (سورۃ طٰہٰ آیت ۱۱۲)

مسحور چت لیٹا ہوا ہو۔ اور عامل سات بار دعوت پڑھ کر دم کرے۔ اس دوران تخم حرمل، لوبان اور اجوائن کا بخور جلتا رہے۔ پس دعوت سات بار پڑھنا ابھی مکمل نہ ہوگی کہ مسحور سے ہر قسم کے سحر جادو کے بداثرات کا خاتمہ ہو جائے گا۔ اس عمل کے بعد مریض غسل کرے اور اپنے پہنے ہوئے کپڑے کسی غریب مستحق کو خیرات کر دے۔

26. دفینہ نکالنے کے لئے

دفینہ کی جگہ تلاش کرنے کے لئے طریقہ اس طرح ہے کہ ایک بڑی لوح نحاس سرخ لے کر اس پر ساتوں خاتمیں اور دعوت تحریر کریں۔ پھر اس پر دعوت لاتعداد تلاوت کریں۔ یہاں تک کہ لوح چلے اور دفینہ کی جگہ پر رکے۔ پس وہاں یقیناً دفینہ موجود ہوگا۔

27.مسحور سے سحر جادو ختم کرنے کا ایک عجیب طریقہ

سحر جادو ختم کرنے کا یہ طریقہ بھی عجیب و غریب ہے۔نائی کا استرا لے کر اُس پر تیسری خاتم لکھیں اور پھر اس پر ایک بار دعوت پڑھ کر دم کریں۔اور اس سے مسحور کے سر کے بال مونڈ دیں۔اور ان بالوں کو کسی ایسی جگہ دفن کر دیں۔جہاں لوگوں کا گزر نہ ہوتا ہو پس مسحور سے سحر جادو کے تمام اثرات ختم ہو جائیں گے۔

28.غیب سے خورد ونوش کی چیزیں حاصل کرنا

ایسے اعمال کرامات کے ضمن میں آتے ہیں اور یہ چیزیں اولیاء اللہ کا وصف ہوتی ہیں۔اولیاء کے نقشِ قدم پر چلیں تو یہ کچھ مشکل نہیں ہوگا۔بصورت دیگر وقت ضائع کرنے کے علاوہ کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔بر حال ہم کو جیسے اساتذہ عظام سے عطا ہوا بیان کر دیتے ہیں۔سرخ رنگ کے گھوڑے کے چمڑے پر ساتوں خاتمیں تحریر کریں۔اور اس پر سات بار دعوت پڑھیں۔اور چڑیا کی زبان اس کے درمیان رکھیں پھر اسے اندھیری جگہ رکھ دیں عشاء کے بعد اور اس کے قریب بیٹھ کر رات بھر دعوت کی تلاوت کرتے رہیں۔جس چیز کی ضرورت ہو اس کا تصور کریں کہ دعوت۔کے خدام حاضر کر رہے ہیں۔پس نماز فجر پڑھنے کے بعد دیکھیں آپ کی مطلوبہ چیزیں موجود ہوگی۔

29.جنگ میں کفار پر غلبہ کے لئے

گول کے سات چنوں پر ایک ایک خاتم لکھ کر پھر ان پر تین بار دعوت پڑھ کر اُسے اپنے گلے میں ڈال لیں اور کفار سے جنگ جدل کریں دل ہی دل میں اللہ اکبر کی صدا بلند کرتے ہوئے کافروں کو قتل کریں اللہ تعالیٰ آپ کو ان پر غلبہ عطا فرمائے گا۔

30.جنات اور انسان کی نظر بد ختم کرنے کے لئے

ساتویں خاتم ایک سفید کاغذ پر لکھ کر اس پر گیارہ بر دعوت پڑھ کر دم کریں پھر اس کا تعویذ بنا کر نظر بد والے کے گلے میں ڈال دیں۔تمام اثرات ختم ہو جائیں گے۔

31.دعوت کے خادم کو مطیع کرنا

ایک خالی مکان میں پہلے سات روز تک اصراف عامر کا عمل تلاوت کریں پھر اس معطر کمرہ میں شام کو نماز مغرب بعد دعوت لا تعداد پڑھنا شروع کریں اور نماز فجر سے پہلے تک پڑھتے رہیں۔تین راتوں تک مسلسل اسی طریقہ کے مطابق تلاوت کریں۔تیسری رات نماز فجر سے قبل دعوت کا خادم حاضر ہوگا۔اس سے عہد و پیماں کر لیں کچھ شرائط پر وہ مطیع ہو جائے گا۔دوبارہ حاضری کا طریقہ بھی اس سے معلوم کر لیں۔مختلف امور میں مددگار رہوگا۔

32. دشمن پر خارش مسلط کرنا

سفید رنگ کا موم لے کر اس سے دشمن کا پتلا تیار کیا جائے۔پھر چونا لے کر اس کی سرین میں رکھ دیں۔اور ایک کوزہ گلی آب نا رسیدہ لے ساتوں خاتم اس کے اندر سیاہ روشنائی جس میں ایلوا سرکہ ملایا گیا ہو سے لکھیں پھر اس میں دشمن کا پتلا رکھ کر اس پر دس مرتبہ دعوت پڑھ کر دم کریں اور اسے گرم راکھ میں رکھ دیں۔دشمن نہ کوئی چیز کھا سکے گا اور نہ کوئی چیز پی سکے گا۔اور اس کے تمام بدن پر خارش شروع ہو جائے گی۔اور کسی لمحہ بھی اُسے سکون نہ آئے گا۔مگر اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہیں ناحق کسی کو تکلیف نہ دیں معاف کر دینا ہی اللہ پاک کے نزدیک افضل فعل ہے۔

33. دشمن پر جوئیں اور حشرات الارض مسلط کرنے کے لئے

جب کبھی ظالم دشمن پر جوئیں اور حشرات الارض مسلط کرنے کا ارادہ کریں تو گندم کے آٹے کا چھان اور اچھی قسم کا تیل سرسوں اور سبزیوں کا باریک برادہ اس میں موم شامل کر کے دشمن کا ایک پتلا تیار کریں۔اس کے سینے پر چھٹی خاتم تحریر کریں تھوڑا سا شہد لے کر پتلے پر لگا دیں۔پھر اسے سیاہ رنگ کا اونی لباس پہنا دیں۔اب ایک کوزہ گلی آب نا رسیدہ لے کر اس میں دشمن کا پتلا رکھ دیں اور اس میں جوئیں، چیونٹیاں، ٹڈیاں، بھڑ، بچھو، کھٹمل وغیرہ ڈال کر اس پر دعوت گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور کوزے کا منہ بند کر کے ویرانے میں دفن کر دیں۔پس دشمن پر تمام حشرات الارض مسلط ہو جائیں گے۔اور وہ کسی طرح بھی سکون نہ پا سکے گا۔جب تک کہ آپ پتلا نکال

کر دریا کے پانی سے دھو کر اس پر معوذتین پڑھ کر دم نہ کر دیں۔

34. ظالم دشمن پر ضارب ہاتف مسلط کرنا

ظالم کا مستعمل پارچہ لے کر اس پر پہلی تین خاتم سیاہ روشنائی جس میں سرکہ ایلوا ملا ہو سے لکھ کر دشمن کے مشابہ پُتلا پر اس کا نام تحریر کرے کپڑا اس پر لپیٹ کر اُسے کوزہ گلی میں رکھیں اور گیارہ بار دعوت پڑھ کر دم کریں پھر اسے کسی پرانی قبر میں دفن کر دیں۔ دشمن کی عجیب وغریب حالت ہوگی کہ اس کے بدن پر زخموں کے نشان ہونگے جو اُس کے لئے شدید دُکھ اور تکلیف دینے والے ہونگے۔ اگر پُتلا جلد نہ نکالا تو کچھ بعید نہیں کہ ظالم دشمن راہی عدم ہو جائے۔

35. ظالموں پر عجیب وغریب بیماریاں مسلط کرنا

چوہے کی کھال لے کر اس پر تیسری خاتم لکھ کر نیچے ظالموں کے نام بھی تحریر کریں۔ پھر اسے ایک کوزہ میں رکھ کر ساتھ کچھ پیاز اور لہسن کے چھلکے رکھیں اور سات مرتبہ دعوت پڑھ کر دم کریں۔ بعدہٗ کوزے کو کسی ویران جگہ دفن کر دیں۔ پس ہفتہ عشرہ میں ہی ظالم عجیب وغریب بیماریوں میں مبتلا ہو جائیں گے۔

36. ظالم دشمن پر عمار جن مسلط کرنا

چولہے کی راکھ لے کر اُسے ایک پلیٹ میں بکھیر کر اس پر دشمن کا نام اپنے ہاتھ کی انگلی سے لکھیں۔ پھر اس پر انیس بار دعوت پڑھ کر دم کر کے ظالم دشمن کے گھر میں ڈال دیں پس اسی روز سے عمار جن اپنی ذمہ داری پوری کرنا شروع کر دے گا۔ اور ظالم دشمن کو پاگل کر دے گا۔

37. عداوت، نفرت اور جدائی کا عمل

ایسے افراد جن کا اکٹھا رہنا معاشرے یا کسی خاندان کے لئے بہت زیادہ نقصان دہ ہو۔ ان افراد میں عداوت، نفرت اور جدائی پیدا کرنے کے لئے یہ طریقہ بھی قوی الاثر ہے۔ ایک سیاہ رنگ کے کپڑے پر دوسری خاتم سیاہ روشنائی سے تحریر کریں اور سات بار دعوت پڑھ کر دم کریں پھر اس کپڑے کو ان افراد کے اٹھنے بیٹھنے کی جگہ دفن کر دیں۔ ان میں بہت جلد نفرت، عداوت اور

جدائی پیدا ہو جائے گی۔

38. ظالم، فاجر اور فاسق لوگوں سے مکان خالی کرانے کے لئے

چوتھی خاتم سکرجہ کے پتے پر لکھ کر اس پر انیس بار دعوت پڑھ کر دم کریں۔ پھر اسے حمام کے پانی سے دھوئیں اور یہ پانی ان کے گھروں میں چھڑک دیں۔ چند روز میں ہی اہل خانہ حیران و پریشان ہو کر کوچ کر جائیں گے اور کبھی دوبارہ اس طرف کا رُخ نہ کریں گے۔ (نوٹ) سکرجہ ایک نبات ہے جس کے پتے مورد کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں اور پتے کے مانند نشان ہوتا ہے۔

39. دشمن کے گھر میں شر اور لڑائی پیدا کرنا

گندم کے آٹے کا چھان لے کر اس پر کسی نحس وقت میں دس بار دعوت پڑھ کر دم کریں اور پھر اُسے دشمن کے گھر میں بکھیر دیں ہفتہ عشرہ میں عجب تماشہ دیکھیں گے۔

40. ظالم دشمن کے کاروبار اور دکان کو خراب کرنا

دشمن کی دکان یا مکان کے پچھلی طرف سے مٹھی بھر مٹی لے کر اس پر دس بار دعوت پڑھ کر دم کریں پھر اس مٹی کو اس کے گھر یا دکان کے دروازے میں بکھیر دیں۔ چند روز میں عجب تماشہ دیکھیں گے۔

41. کسی تالاب، کنوئیں یا چشمے کا پانی خشک کرنے کے لئے

ایک سرب یعنی سیسہ کی لوح لے کر اس پر ساتویں خاتم نقش کریں پھر اُسے بخور دیں اور گیارہ بار دعوت پڑھ کر دم کر کے اسے کنوئیں، تالاب یا چشمے میں ڈال دیں۔ بہت تھوڑے ہی عرصہ میں اس کا پانی خشک ہو جائے گا۔

اس عظیم دعوت خلخلۃ الھوا کے عجیب وغریب اعمال ہیں۔ اگر اس کی قوی ترین ریاضتیں کوئی شخص کر لے تو وہ یقیناً پانی پر بے خوف چلے، لوگوں کی نظروں سے مخفی ہو جائے، اس کے عاملِ اکبر کا چہرہ چاند کی طرح روشن اور نورانی ہو جائے۔ اس دعوت کے موکل اور خدام دن رات خدمت کے لئے حکم کے منتظر رہیں۔ اس دعوت کے بے شمار متصرف ہیں اور ایک دعوت

ہزاروں اعمال پر بھاری ہے۔ مگر اس دعوت سے کماحقہٗ فائدہ حاصل کرنے کے لئے سب سے پہلے اس کی ریاضت کریں۔ مکمل شرائط کی پابندی کے ساتھ تا کہ آپ کامیاب لوگوں کی صف میں شامل ہو جائیں۔ زندگی بھر کے لئے ایک ہی ریاضت کافی ہوگی۔ اور سچ ہے کہ بغیر محنت کے آج تک کوئی فرد بھی عروج پر نہیں پہنچ سکا۔ اور نہ ہی کوئی محنت کئے بغیر کامیاب ہوا ہے۔

دعوتِ خَلْخَلَةُ الْهَوا یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الْمَلِکِ الْمَالِکِ ذِی الْمُلْکِ وَالْمَلَکُوْتِ وَالْقُدْرَةِ وَالْقُوَّةِ وَالْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ مَالِکِ الْاَمْلَاکِ الْعَرْشِیَّةِ وَالْکُرْسِیَّةِ وَالسَّمَاوِیَّةِ وَالْاَرْضِیَّةِ تَبَارَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ ذُو الْقُوَّةِ الْبَالِغَةِ وَالْعِزَّةِ الشَّامِخَةِ نُوْرُ الْاَنْوَارِ رُوْحُ الْاَرْوَاحِ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلَائِکَةِ وَالرُّوْحِ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰی الْمُتَعَالِیْ فِیْ دُنُوِّہٖ الْمُتَدَانِیْ فِیْ عُلُوِّہٖ الْمُتَجَلِّیْ فِیْ جَبَرُوْتِہٖ الْمُنْفَرِدُ بِالْعِزَّةِ وَالْکِبْرِیَاءِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْفَرْدُ الْقَائِمُ وَالسُّلْطَانُ الدَّائِمُ الَّذِیْ خَضَعَتْ لَهُ الْمُلُوْکُ وَصَارَ کُلُّ مَلِکٍ لِعَظَمَتِہٖ مَمْلُوْکًا فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلَائِکَةِ رُسُلًا۔ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ اَیُّهَا الْاَرْوَاحُ الرُّوْحَانِیَّةُ الطَّاهِرَةُ السَّنِیَّةُ وَالْاَشْخَاصُ ذَاتُ الْجَوَاهِرِ وَالْاَنْوَارِ الْمُشْرِقَةِ السَّاطِعَةِ الْبَهِیَّةِ الْمُتَوَکِّلَةِ بِالْاَبْرَاجِ الْفَلَکِیَّةِ وَالْمَنَازِلِ الْقَمَرِیَّةِ وَالسَّاعَاتِ الْوَقْتِیَّةِ بِالَّذِیْ تَجَلّٰی لِلْجَبَلِ فَجَعَلَهٗ دَکًّا مِنْ خِیْفَتِہٖ وَخَرَّ مُوْسٰی مِنْ خَشْیَتِہٖ وَرَشَحَ الْعَرْشُ عَرَقًا مِنْ هَیْبَتِہٖ وَذَلَّتِ الْمُلُوْکُ لِعِزَّتِہٖ وَتَلَاشَتْ وَخَضَعَتِ الرِّقَابُ لِجَلَالِ عَظَمَتِہٖ وَتَکَاشَتْ وَانْذَهَلَتِ الْعُقُوْلُ مِنْ هَیْبَةِ جَلَالِہٖ وَطَاشَتْ وَزَهَقَتِ النُّفُوْسُ خَوْفًا مِنْ عَذَابِہٖ وَتَغَاشَتْ فَاَحْیَاهَا بَعْدَ مَوْتِهَا فَتَنَاشَتْ فَدَعَاهَا غَالِبٌ قَاهِرٌ عَزِیْزٌ سُلْطَانُهٗ فَاَجَابَتْ بِالذُّلِّ وَالْعُبُوْدِیَّةِ اِلَیْہِ وَتَمَاشَتْ۔ اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ۔ هَلُمُّوْا اِلَیْنَا مَعَاشِرَ الْاَرْوَاحِ الرُّوْحَانِیَّةِ بِالْاَنْوَارِکُمُ الْبَهِیَّةِ وَشُعَاعَاتِکُمُ الْمُضِیْئَةِ وَاَرْوَاحِکُمُ الطَّیِّبَةِ وَاَنْفُسِکُمُ الذَّکِیَّةِ وَاَخْلَاقِکُمُ الْمَرْضِیَّةِ فَاِنِّیْ اُقْسِمُ

بِالْاِسْمِ السَّرِیْعِ الرَّفِیْعِ الْمَطْلُوْبِ الْمَنِیْعِ الْمَحْجُوْبِ وَهُوَ اسْمُ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ فحش ثظخز یَا فَرْدُ یَا جَبَّارُ یَا شَکُوْرُ یَا ثَابِتُ یَا ظَهِیْرُ یَا خَبِیْرُ یَا زَکِیُّ یَا اَللّٰہُ یَا اِلٰهَنَا وَاِلٰہَ کُلِّ شَیْءٍ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ اِسْمِکَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیَ الْاَرْوَاحَ الرُّوْحَانِیَّةَ الْعُلْوِیَّةَ وَالْاَرْضِیَّةَ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَجِبْ یَا رُوْقِیَائِیْلُ وَیَا جِبْرِیْلُ وَیَا سَمْسَمَائِیْلُ وَیَا مِیْکَائِیْلُ وَیَا صَرْفِیَائِیْلُ وَیَا عَیْنِیَائِیْلُ وَیَا کَسْفِیَائِیْلُ اَجِبْ یَا مُذْهَبُ وَاَنْتَ یَا مُرَّةُ وَاَنْتَ یَا اَحْمَرُ وَاَنْتَ یَا بَرْقَانُ وَاَنْتَ یَا شَمْهُوْرَش وَاَنْتَ یَا اَبْیَضُ وَاَنْتَ یَا مَیْمُوْنُ اَجِیْبُوْا بِحَقِّ اللّٰہِ الْکَبِیْرِ الْمُتَعَالِ اِنْ کَانَتْ اِلَّا صَیْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِیْعٌ لَّدَیْنَا مُحْضَرُوْنَ۔ اَجِیْبُوْا وَاسْمَعُوْا وَاَطِیْعُوْا وَاَسْرِعُوْا فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ وَهِیَ کَذَا وَکَذَا بِحَقِّ مَا اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ بِہٖ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِیْمٌ یٰقَوْمَنَا اَجِیْبُوْا دَاعِیَ اللّٰہِ۔ اِنَّهٗ مِنْ سُلَیْمَانَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ۔ اَلْوَاحَا اَلْعَجَلُ السَّاعَةُ۔

تمام اعمال کے لئے بخور یہ استعمال ہوگا

میعہ سائلہ، سندروس، لوبان، جلوتری، تخم حرمل، کزبرہ، لسان عصفور، ان کو ماالورد میں گوندھ کر گولیاں بنالیں اور بوقتِ ضرورت استعمال میں لائیں۔

دعوت خلخلة الهوا کے اعمال میں اصراف یہ ہیں۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نُوْدِیَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ یَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰی ذِکْرِ اللّٰہِ وَذَرُوا الْبَیْعَ ذٰلِکُمْ خَیْرٌ لَّکُمْ اِنْ کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ فَاِذَا قُضِیَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِی الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰہِ وَاذْکُرُوا اللّٰہَ کَثِیْرًا لَّعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا انْفَضُّوْۤا اِلَیْهَا وَتَرَکُوْکَ قَآئِمًا قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰہِ خَیْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ وَاللّٰہُ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ۔

طریقہ ریاضت دعوت خلخلۃ الھوا

جب آپ دعوت خلخلۃ الھوا کی ریاضت کا ارادہ کریں تو ایک علیحدہ خالی مکان حاصل کریں۔جس میں آپ کے علاوہ کوئی فرد داخل نہ ہو۔خلوت کا یہ مکان ہر وقت کسی اچھی خوشبو سے معطر رہے۔آپ کا لباس پاک اور معطر ہونا چاہیئے۔اول سات روزے خالص اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے رکھیں پھر عمار کو صرف کریں۔یعنی اصراف کا عمل کریں۔اب آپ کی خلوت شروع ہوگی۔کل سات راتوں کی ریاضت ہے۔روزانہ آپ کا روزہ ہوگا۔جس کی سحری و افطاری ایسی چیزوں سے ہوگی جن میں حیوانات کی کوئی چیز نہ ہو۔یعنی مکمل ترکِ حیوانات کریں۔اور تمام نمازیں اپنی خلوت گاہ میں ہی ادا کریں اور ہر نماز کے بعد ایک تسبیح دعوت کی تلاوت کریں مگر اس بات کا خیال رہے کہ الفاظ کی ادائیگی درست ہونی چاہیئے۔اور اعمال کا بخور سلگتا رہے۔آپ کی خلوت گاہ میں کسی کی مداخلت بالکل نہ ہو۔یہاں تک کہ آپ کسی ذی رُوح کو نہ دیکھیں اور نہ آپ کو کوئی دیکھ سکے۔اور دن رات میں زیادہ سے زیادہ چار گھنٹے سو سکتے ہیں اس سے زیادہ سونا آپ کی ریاضت کو ناقص کردے گا۔ہر نماز کے بعد دعوت کی تلاوت کریں اس کے بعد جو وقت بچے درود پاک پڑھتے رہیں۔اور ہر وقت دعوت کی جمیع روحانیت کی تسخیر کا پختہ تصور رکھیں۔ہر وقت باوضو رہیں اگر وضو ٹوٹ جائے تو فوراً دوبارہ کرلیا کریں۔پہلی رات کوئی خاص واقعہ نہ ہوگا۔دوسری رات آپ کی خلوت گاہ میں سانپ اور اژدھے آئیں گے ان سے کسی قسم کا خوف نہ کھائیں۔مگر آپ کی خلوت گاہ کا دروازہ روزانہ رات کو بند ہونا چاہیئے۔سانپ اور اژدھے سب خیالی ہونگے۔دوسری رات چند وحشی نوجوان ہاتھوں میں نیزے اور تلواریں لئے آئیں گے۔ان سے بھی خوف زدہ ہونے کی ضرورت نہیں۔تیسری رات کو عمار جنات سے کچھ افراد ظاہر ہوکر آپ کی توجہ اپنی طرف کرنے کی کوشش کریں گے۔چوتھی رات ایک عجب منظر آپ کے سامنے پیش ہوگا کہ مُردہ افراد آئیں گے اور آپ کو ڈرائیں گے مختلف خوفناک طریقوں سے مگر آپ اپنا دل قوی رکھیں اور ان سے خوف نہ کھائیں۔پانچویں رات جنات کے مختلف قبیلوں کے سرکش افراد ظاہر

ہونگے۔اور بڑے خوفناک مناظر پیش کرتے ہوئے گزرتے جائیں۔اگر آپ ان سے خوف زدہ ہوگئے تو اس میں ہلاکت ہے۔اپنے دل کو قوی رکھیں۔وہ آپ کو کسی طرح کا نقصان نہیں پہنچاسکتے۔چھٹی رات دعوت کے خُدام حاضر ہونگے۔اور آپ سے پوچھیں گے بتاؤ کیا چاہتے ہو ہم آپ کے ہر حکم کی تعمیل کرنے کو تیار ہیں۔کچھ خدام تحائف پیش کریں گے۔آپ کے لئے یہ رات امتحان کی رات ہوگی۔ان سے بالکل بات چیت نہیں کرنا۔کیونکہ ان سے بات کرنا ہلاکت ہے۔وہ ہر لحاظ سے آپ کو اپنی طرف متوجہ کرنے کی کوشش کرتے رہیں گے۔اس رات خاص طور پر اپنے کانوں میں روئی ڈال کر ریاضت کریں اور ان کی طرف بالکل توجہ نہ دیں۔ساتویں رات جو آپ کی ریاضت کی آخری رات ہوگی۔اس رات جنات، عمار، خدام، اعوان، اور ملوکِ سبعہ کے قبائل کے افراد کے لشکر ظاہر ہونگے۔آپ کے سامنے ایک بہت بڑا میدان ظاہر ہوگا جس میں یہ لوگ صفائی کریں گے پھر خوبصورت قالین بچھائے جائیں گے پھر ایک شاہی تخت ظاہر ہوگا جس پر کرسیاں لگائی جائیں گی۔تخت کے درمیان ایک بڑی نشست لگائی جائے گی۔جس پر ملوکِ سبعہ کا بادشاہ جلوہ افروز ہوگا اور ارد گرد ملوکِ سبعہ تشریف فرما ہونگے۔پھر شاہی طبل بجایا جائے گا۔مختلف کھیل اور قومِ جنات کے رقص پیش ہونگے۔آپ کے لئے اشد ضروری ہے کہ ان میں مشغول نہ ہوں اور اپنی تمام حسوں کو بلند رکھیں۔اگر آپ ان میں مشغول ہوگئے تو آپ کے لئے ہلاکت ہے۔

یہاں تک کہ آپ کو تخت نشینوں میں سے کوئی بلند آواز سے کہے گا کہ آج تک کوئی سلامت نہیں رہا اس دعوت کے حق دار کے سوا!!! اور وصیت کرے گا۔اے عبداللہ ہم تیرے بُرے فعل سے بری الذمہ ہیں اگر تو اس دعوت کے سبب سے کرے گا۔پس اللہ تعالیٰ سے ڈر اور اس کی مخلوق کی خدمت کرتا رہ کہ اللہ تعالیٰ اپنے ان بندوں کو پسند فرماتا ہے جو اس کی مخلوق کی خدمت کرتے ہیں۔پھر کہے گا اے عبداللہ تو کیا چاہتا ہے؟ ہمیں بتا کہ اُسے پورا کردیں۔جن چیزوں کی تجھے طلب ہے، ہم ابھی عطا کردیتے ہیں۔

آپ خوش اخلاقی سے کہیں کہ صرف چند خدام بخش دیں تاکہ میں اپنے اور اللہ کے بندوں کے امور میں ان سے مدد اور خدمت لے سکوں۔ جب طلب کروں وہ میرے لئے مددگار اور معاون رہیں۔ پس وہ چند خدام آپ کی اطاعت میں دیں گے۔ جو اس دعوت کے تابع ہونے گے۔ جو کچھ شرائط پر آپ کی خدمت قبول کریں۔ آپ کو ان شرائط کی پابندی کرنا ہوگی۔ وہ آپ کے ہر حکم کی تعمیل کریں گے۔

ریاضت شروع کرنے سے قبل آپ کو اپنی حفاظت اول کر لینا چاہیئے۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ ساتوں خاتمیں ایک کاغذ پر روزانہ ایک ایک کر کے لکھیں جو سات دنوں میں مکمل ہونگی۔ ترتیب کے لحاظ سے اور ہر خاتم کے نیچے آپ کا نام معہ والدہ تحریر ہوگا جبکہ ہر خاتم کے چاروں طرف یہ تحریر کریں گے۔ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ۔ یہ نقش لکھ کر اپنے پاس رکھیں ہمہ وقت اور کبھی بھی اپنے بدن سے جدا نہ کریں۔ اور روزانہ دُعائے تحفظ (اصل عمل کے علاوہ) مع اول و آخر درود پاک تین بار کریں۔ اور روزانہ عمل کے اختتام پر ایک مرتبہ حجاب القفل پڑھ لیا کریں۔ بلکہ ساتوں خاتموں کے ساتھ حجاب القفل بھی تحریر کر کے اپنے پاس رکھیں۔ دُعائے تحفظ اور حجاب القفل ہماری تصنیف ''مصباح الارواح'' میں دیکھیں۔ تسخیرات کی دیگر تمام شرائط تفصیل سے مذکورہ کتاب میں درج کر دی گئی ہیں۔

اب ساتوں خاتم الگ الگ تحریر کی جاتی ہیں جو یہ ہیں۔

خاتم اول سید ھارخ

۳	۳	م	صام
۲۰۰٤	۲۰۵	۱۸	۱۲
۳۰	۲۵	۱۵	۱۵
ھ	٤۱	٥٦	۱۵

اَجِبْ یَا رُوْقیَائِیْلُ یَا اَبُو عَبْدُاللہِ الْمُذْھَبْ بِحَقِّ یَا فَرْدُ

خاتم اول الثارخ

۳۵	۳۰	م	مہم
٤۰۰۲	۲۲۵	۱۸	۱۰۳
۳۰	۲۵	۱۹۰	۱۷
ھ	٤۱	٥٦	٦۵

اَجِبْ یَا رُوْقیَائِیْلُ یَا اَبُو عَبْدُاللہِ الْمُذْھَبْ بِحَقِّ یَا فَرْدُ

خاتم دوم سید ھارخ

۱۱۱	۱۵	ما۱	لم
[illegible]	[illegible]	[illegible]	۲
G	#	۱۹	ھ
۱۰۸	٦۲	۳۵	۱۹

اَجِبْ یَا جِبْرَائِیْلُ یَا اَبُو النُّوْرُ مُرَّۃِ الْاَبْیَضْ بِحَقِّ یَا جَبَّارُ

خاتم دوم الثارخ

۱۱۱	۱۵	۱۷	ع
ھ	[illegible]	[illegible]	م
ی	[illegible]	۱۹	ھ
۱۸	[illegible]	۳۵	۱۹

اَجِبْ یَا جِبْرَائِیْلُ یَا اَبُو النُّوْرُ مُرَّۃِ الْاَبْیَضْ بِحَقِّ یَا جَبَّارُ

خاتم سوم سید ھارخ

ھ	صل	۱٤	٤
#	ل	۱۹	۱٦
۳	۱٤	۱۱۱	٤
ھ	۳۱	۱۱٤	۳

اَجِبْ یَا سَمْسَمَائِیْل یَا اَبُو مُحْرِزْ الْاَحْمَرْ بِحَقِّ یَا شَکُوْرُ

خاتم سوم الثارخ

ھ	مل	۱٤	٤
#	دل	۱۹	۱٦
۳	۱٤	۱۱۱	٤
ھ	۳۱	۱۰٤	۲٤

اَجِبْ یَا سَمْسَمَائِیْل یَا اَبُو مُحْرِزْ الْاَحْمَرْ بِحَقِّ یَا شَکُوْرُ

خاتم چہارم سید ھارخ

۱۹	[illegible]	۰۸	۱۹
ااا	الح	[illegible]	ھ
۱۳۰	[illegible]	٦۱	٦۱
[illegible]	دھ	۱۷	۳۰

اجب یا میکائیل یا ابو الصحاب برقان بحق یا ثابت

خاتم چہارم الثارخ

ما	۸۸	[illegible]	۱۹
ااا	اا	#	ھ
۱۳۰	[illegible]	الع	الح
#	دھ	۱۷	۳۰

اجب یا میکائیل یا ابو الصحاب برقان بحق یا ثابت

خاتم پنجم سیدھا رُخ

ا	فا	لا	ہ
۱۸	٤	۳۷	۱۵
٤	۸	۱۹	ھے
۱۹	ھے	۳	۸

اَجب یَاصَرْفیَائِیلُ یَا اَبُووَلِیْد شَمْهُوْرِش بحق یَاظَهِیْرُ

خاتم پنجم الٹا رُخ

دا	الحا	لا	ہ
۱۸	٤	۲۲	۱۵
۱۷٤	۸	۱۹	ھے
۱۹	ھے	۳	۸

اَجب یَاصَرْفیَائِیلُ یَا اَبُووَلِیْد شَمْهُوْرِش بحقِ یَاظَهِیْرُ

خاتم ششم سیدھا رُخ

لا	٤	۳۱۱	ہ
۳	۹سع	اسع	۳/۲
ھے	۳۱	۱۲	۳۱
۹۰۰۰	۱۰۹	طا	الھے

اَجب یَاعَنْیَائِیلُ یَا اَبُوالْحَسن زَوبعَۃ الْاَبْیَض یَاخَبِیْرُ

خاتم ششم الٹا رُخ

۱۱۱	ھے	محر	ہ
٤	مم	النخ	ھے
ھے	۳۹	مم	۳۰۱
۱۱۱ھے	ام	۱۱۱۹	۱۹

اَجب یَاعَنْیَائِیلُ یَا اَبُوالْحَسن زَوبعَۃ الْاَبْیَض یَاخَبِیْرُ

خاتم ہفتم سیدھا رُخ

۱۱۱	ھے	حما	ھم
لمع	۱۹	الح	لھم
ھے	۲۹	۹۹	۲۰۱
۸۸ھے	۲۰	۱۱۱۹	۱۹

اَجب یَاکَسْفیَائِیلُ یَا اَبُونُوح مَیْمُوْن بحقِ یَا زَکِیُّ

خاتم ہفتم الٹا رُخ

لا	ایع	۳۱۱	ہ
۳	۹سع	ابسع	۲۲۲
ھے	۳۱	۱۲	۳۱
۰۰سع	م۱۰	۱طا	الھے

اَجب یَاکَسْفیَائِیلُ یَا اَبُونُوح مَیْمُوْن بحقِ یَا زَکِیُّ

قسم ھوتریہ

قسم ھوتریہ یہ ہے۔

"بھوترِ۔ ھوترِ۔ قوشِ۔ کوشِ۔ نفح۔ آتی۔ اَجبُ اَیُّهَا السَّیِّدَاتِیُ بِحَقِّ قُلْ هُوَاللّٰهُ اَحَدُ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُن لَّهُ کُفُواً اَحَدُ۔"

برائے خیر وشر کے لیے اس دعوت سے کام لینے کا یہ طریقہ ہے کہ اس قسم کو ایک ہزار دو مرتبہ تلاوت کریں۔ اور ہر سو مرتبہ پڑھنے کے بعد پچیس مرتبہ یہ تلاوت کریں۔

"یَاشَوْشَانِ۔ شَوْشَانِ۔ قَشِ۔ اَشْلَشِ۔ یَاشَاقَاشِ۔ شَمْلِیخِ۔ مَمْلِیخِ۔ طِیْطَخِ۔ اَنْزِلُ اَیُّهَا السَّیِّدَاتِیُ وَتَوَکَّلُ بِکَذَا بِحَقِّ بِهَطِیْلُوْشِ۔ بِعَلَقِیْشِ۔ بِعَقِیْشِ۔ هَشِیْشِ۔ طَیَالِ۔ وَبِحَقِّ اَیَالَوْمِ الوحا العجل الساعة اَجِبْ وَاطَّلِعْ بِهَااِلَی السَّمَاءِ وَتَنْزِلُوْنَ بِهَا اِلَی الْاَرْضِ وَبِحَقِّ اِهِ۔ هُوْهِ۔ یَهِ۔ ایَهِ۔ اَلُوْهِیْمِ۔ اَلْخُوْشِ۔ یَاهِ۔ اَهِیَا شَرَاهِیَا ادونای اصباؤت آل شدای۔

تمہارے سامنے ایک خادم ظاہر ہوگا۔ تو جو بھی ارادہ ہو اُسے بتائیں فوراً وہ کام پورا کردے گا۔

اس عمل کا اصراف یہ ہے۔

سورہ زلزال شروع سے اشتاتا تک تین بار اور پھر یہ ایک بار تلاوت کریں۔

"اِنْصَرِفْ اَیُّهَا السَّیِّدَاتِی بِحَقِّ الْاَسْمَاءِ الَّتِیُ تَرْفَعُوْنَ بِهَااِلَی السَّمَاءِ وَتَنْزِلُوْنَ بِهَااِلَی الْاَرْضِ وَبِحَقِّ اِهِ۔ هُوْهِ۔ یَهِ۔ ایَهِ۔ اَلُوْهِیْمِ۔ اَلْخُوْشِ۔ یَاهِ۔ اَهِیَا شَرَاهِیَا ادونای اصباؤت آل شدای۔ اِنْصَرِفُوْا صَرَافَ اللّٰهُ قُلُوْبَکُمْ بِاَنَّکُمْ قَوْمٌ لَّا یَفْقَهُوْنَ۔"

عبرانی اسماء عصاء موسیٰ علیہ السلامؑ

"قَبُوْخِ۔ فَادِخِ۔ قَیُّوْمِ۔ قَادِرِ۔ شَلِیُوْخِ۔ شَالِخِ۔ دَیْمُوْمِ۔ صَالِحِ۔ نُوْرِ۔ صَادِقِ۔ اَرْشَحِ۔ شَلِیُوْخِ۔ شَالِخِ۔ نَارِ۔ مَتُوْخِ۔ یَادِخِ۔ شَامِخِ۔ عَظِیْمِ۔ رَحْمَا۔ قَادِرِ۔ نُوْخِ۔ کَلُوْشِ۔ اِهِ۔ یَایُوْهِ۔ شَاهِ۔ شَلُوْشِ۔ رَهْدَخِ۔ شَرَاهِیَا۔ شَرُوْشِ۔ شُوْشِ۔ عَالِ۔ عَلِیِّ۔ قَوِیِّ۔ نَادَی۔ کَبِیْراً۔"

باب نمبر 4

اس باب میں اسمائے شمخیشیہ کا تذکرہ ہے

1. اسمائے شمخیشیہ کے عربی معانی اور اردو ترجمہ
2. اسمائے شمخیشیہ اور بارہ بروج
3. چھبیس اسمائے شمخیشیہ کی صفات اور خصوصیات
4. اسمائے شمخیشیہ کی چند تسبیحات
5. اسمائے شمخیشیہ کی ریاضت کبیر
6. اسمائے شمخیشیہ کی ریاضت صغیر

اسمائے شمخیثیہ

ان اسمائے کا تذکرہ امام علی بن احمد بونی نے اپنی کتاب شمس المعارف الکبریٰ میں کیا ہے۔ تحفۃ العاملین معروف بہ طلسمات نادرہ کے مصنف سید تفضل حسین خداداد بن میر محمد حسین نے جلد چہارم میں۔ مفاتیح الاسرار کے موئف شیخ حبیب بن موسیٰ رضا نے اپنی کتاب جامع الفوائد فارسی، کشکول فارسی، اسرار المقاصد فارسی اور مفاتیح الاسرار میں بھی ان اسماء کا تذکرہ فرمایا ہے۔ اور رئیس احمد جعفری نے اپنی قلمی کتاب ''منہاج الدعا'' میں بھی ان اسماء کا تذکرہ کیا ہے۔ ہمارے قدیم ترین دوستوں میں سے ایک دوست لیاقت اللہ قریشی بھی تھے۔ اللہ تعالیٰ انہیں غریق رحمت فرمائے اور کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے۔ انہوں نے ہمیں کتاب ''منہاج الدعا'' تحفتہ پیش کی تھی۔ انہیں اسمائے شمخیثیہ سریانیہ کہا جاتا ہے جن کا تذکرہ ہم یہاں کر رہے ہیں۔ اہل علم اور عاملین و کاملین کے لیے یہ اسماء نایاب ترین علمی خزانہ سے کسی بھی صورت کم نہیں ہیں۔ اہل علم ان اسماء سے ہزاروں کام لے سکتے ہیں۔ اپنے اثرات میں یہ سریع التاثیر اور قوی الاثر ہیں۔ ہم نے مندرجہ ذیل جدول میں ان اسماء کے عربی معانی کے ساتھ اردو ترجمہ بھی تحریر کر دیا ہے اور ساتھ یہ اسماء کن امور میں مددگار ثابت ہوں گے وہ بھی مختصر تحریر کر دیا ہے۔ ان سے فیوض و برکات حاصل کریں۔

سریانی اسماء	عربی ترجمہ	اردو ترجمہ	جامع فوائد
۱۔ یَاشَمْخَیْثَا۔ وَیَاتَمْخِیْثَا۔ وَیَاتَمْثِیْثَا۔	لَا تَاخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ۔	نہ اُس کو اونگھ آتی ہے نہ نیند۔	خلقت اور صاحبان اقتدار کے نزدیک معتبر و معزز ہونے کے لیے مستند ہے۔

۲۔یَامَوَاشَطِیْثَا۔ شَطِیْثَا۔یَامَشِیْطَثَا۔	اَلَّذِیْ بَسَطَ الرَّحْمَۃَ عَلٰی خَلْقِہٖ بِلُطْفِہٖ.	اس کا لطف و رحمت اپنے بندوں پر پھیلی ہوئی ہے۔	نجات، مصائب و کفایت، مہمات کے لیے مفید ہے
۳۔یَاطَیْھُوْجَ۔ طَیُھَبُرَجَ۔	یَا غَالِبُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ۔	اے ہر چیز پر غلبہ رکھنے والے۔	مقبول خلائق کے لیے یہ اسماء خوب کام کرتے ہیں۔
٤۔یَاعَیْثُحَجُ۔ عَمِیْثُحَجُ۔	اَلَّذِیْ یَبْصِرُ الْعَمِیْق	وہ ذات جو گہرائیوں میں دیکھتی ہے۔	موت کے خوف سے نجات اور بلندی سے گرنے سے محفوظ رکھتا ہے
٥۔یَامَلْشِیُھطَیَا۔ یَامَلَیْشِیُھطَیَا۔	اَلَّذِیْ اِنَّمَا اَمْرُہٗ اِذَا اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ۔	وہ ذات جس کے ارادے اور لفظ "کن" کہنے سے ہر چیز وجود میں آتی ہے	حکام وقت سے فیض رسائی کے کام آتا ہے۔
٦۔یَاشَلِیْخُوْثَا۔	اَلَّذِیْ رَفَعَ سَمٰوٰتٍ بِغَیْرِ عَمَدٍ۔	وہ ذات جس نے آسمان کو بغیر ستون کے بلند فرمایا۔	دشمنوں سے حفاظت کے لیے
۷۔یَارَمُوْتِطَفُ۔	اَلَّذِیْ لَا شَیْ اَرْفَعُ مِنْہُ	وہ ذات جس سے بڑھ کر کوئی نہیں۔	لوگوں کی نظروں میں باوقار کرتا ہے
۸۔یَامَوْمَتَکِیُفَا۔	اَلَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ۔	وہ کہ اس جیسا کوئی نہیں اور وہ سنتا اور دیکھتا ہے۔	
۹۔یَاکَدُوْحَجُطَبُ۔	اَلَّذِیْ یُنْجِیُ الْعِبَادَ عَنِ الْمَضَائِقِ۔	وہ ذات جو اپنے بندوں کو تنگی سے نجات دیتی ہے۔	جنگلی جانوروں سے حفاظت، سحر جادو سے بچاؤ کرتا ہے۔
۱۰۔یَاطَفُعَاتَفُ۔	اَلَّذِیْ یُرَبِّیْ الْاَطْفَالَ الصَّغِیْرَ فِی الْجُنَّۃِ ۔	وہ جو ماں کے پیٹ میں ننھے بچوں کی پرورش کرتا ہے۔	فراخی رزق و کشائش روزگار کے لیے مفید ہے۔
۱۱۔یَاحَجُطَنِیُ ۔	اَلَّذِیْ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ۔	وہ ذات جو زندگی بخشتی اور فنا کرتی ہے	دشمن پر برتری کے لیے قوی الاثر ہے
۱۲۔یَاشَطَحَ النُّوْرُ۔	اَلَّذِیْ لَا یَخْفٰی عَلَیْہِ مَا فِی الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ۔	وہ کہ جس سے مشرق و مغرب میں کچھ بھی پوشیدہ نہیں۔	دشمنوں پر غلبہ کے لیے خوب کام کرتا ہے
۱۳۔یَامَھْقَھَایَشَحَ۔	اَلَّذِیْ عَبَّرَ مُوْسٰی فِی الْبَحْرِ فَنَجَاہُ۔	وہ کہ جس نے موسیٰ کو دریا پار کرایا اور نجات دی۔	کشادگی بخت کے لیے اور حل مشکلات کے لیے

۱۴۔ یاطفغوغثج۔	اَلَّذِیْ یَعْفُوْ عَنِ الْعَاصِیْنَ وَیَغْفِرُ الْخَاطِئِیْنَ۔	وہ جو گنہگاروں کو معاف کردیتا ہے اور خطاکاروں کو بخش دیتا ہے۔	بری وہوائی سفر میں حادثات بحری سفر میں غرقابی سے محفوظ رکھتا ہے۔
۱۵۔ یااھیاشراھیا	یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ		قید سے رہائی اور پریشانیوں سے چھٹکارا دلاتا ہے۔

ان اسماء کے بارے میں مزید معلومات ہم قارئین کے لیے یہاں تحریر کررہے ہیں۔ تاکہ آپ ان کی اہمیت سے واقف ہوسکیں۔ ہم نے میں سے ان بارہ اسمائے شمخیثیہ اور دُعائے بشمخ کے بارہ کلمات اور دیگر اسمائے باری تعالیٰ سے بارہ بروج کی طلسماتی الواح بھی تیار کی ہیں۔ جو لاکٹ کی شکل میں ہیں۔ ہر فرد اپنے منسوبی برج کا لاکٹ گلے میں پہنے تو زندگی میں کامیابیوں سے ہم کنار ہوتا ہے اور بے شمار فیوض و برکات حاصل کرتا ہے۔ اب تک ہزاروں لوگ ان الواح (بروج کے طلسماتی لاکٹ) سے کامیابی وکامرانی حاصل کرکے خوش حال زندگی بسر کررہے ہیں۔ جن اسماء سے ہم نے بارہ بروج کی منسوبی الواح (لاکٹ) تیار کی ہیں وہ یہ ہیں۔

۱۔ یاملیثھطیا اَجِبْ یَا اِسْرَافِیْلُ۔ اَلَّذِیْ اِنَّمَا اَمْرُهٗ اِذَا اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ کُنْ فَیَکُوْنُ۔

ترجمہ: وہ ذات جس کے ارادے اور لفظ "کن" کہنے سے ہر چیز وجود میں آتی ہے۔

عاملین وکاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم صورِ حضرت اسرافیل پر لکھا ہوا ہے۔ اور یہ اسم برج حمل سے منسوب ہے۔

۲۔ یاطفغوغثج اَجِبْ یَا کَرْفِیَائِیْلُ۔ اَلَّذِیْ یَعْفُوْ عَنِ الْعَاصِیْنَ وَیَغْفِرُ الْخَاطِئِیْنَ۔

ترجمہ: وہ جو گناہ گاروں کو معاف کردیتا ہے اور خطاکاروں کو بخش دیتا ہے۔

عاملین وکاملین فرماتے ہیں یہ اسم برجِ ثور سے منسوب ہے جسے حضرت نوح علیہ السلام نے طوفان کے موقع پر پڑھا تھا جس کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے بچالیا۔

۳۔ یاحجطتی اَجِبْ یَا سَمْسَائِیْلُ۔ اَلَّذِیْ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ۔

ترجمہ: وہ ذات جو زندگی بخشتی اور فنا کرتی ہے۔

عاملین وکاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برجِ جوزا سے منسوب ہے۔ اس اسم کی برکت سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام مردے زندہ کرتے تھے۔

۴۔ یاشلیخوثا اَجِبْ یَا مَرْعَیَائِیْلُ۔ اَلَّذِیْ رَفَعَ سَمٰوٰتٍ بِغَیْرِ عَمَدٍ۔

ترجمہ: وہ ذات جس نے آسمان کو بغیر ستون کے بلند فرمایا۔

عاملین وکاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برج سرطان سے منسوب ہے۔ اور یہ وہ اسم ہے جس کی برکت سے حاملانِ عرش، عرش کو اُٹھائے ہوئے ہیں۔

۵۔ یامشیطثا اَجِبْ یَا اَهْرُقِیَائِیْلُ۔ اَلَّذِیْ بَسَطَ الرَّحْمَةَ عَلٰی خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ۔

ترجمہ: اس کا لطف ورحمت اپنے بندوں پر پھیلی ہوئی ہے۔

عاملین وکاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برج اسد سے منسوب ہے۔ اور یہ اسم حضرت جبرائیل کے پَروں پر لکھا ہوا ہے جس کی برکت سے آپ مشرق سے مغرب تک طرفۃ العین میں آتے جاتے ہیں۔

۶۔ یاطفغاتف اَجِبْ یَا کَرْمِیَائِیْلُ۔ اَلَّذِیْ یُرَبِّی الْاَطْفَالَ الصَّغِیْرَ فِی الْجُنَّةِ۔

ترجمہ: وہ جو ماں کے پیٹ میں ننھے بچوں کی پرورش کرتا ہے۔

عاملین وکاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برج سنبلہ سے منسوب ہے۔ مومنین کے لیے جنت کے دروازے اس اسم کی برکت سے کھلتے ہیں۔

۷۔ یاھیطلویا طلمیا شوما۔ اَنَا الْقَاهِرُ لِلْعِبَادِ وَمُجْزِیْهِمْ بِمَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ۔

ترجمہ: یعنی میں زبردست ہوں بندوں پر اور ان کے اعمال پر انہیں جزا دینے والا

ہوں۔

عاملین وکاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برجِ میزان سے منسوب ہے۔مومنین کے لیے جنت کے دروازے اس اسم کی برکت سے کھلتے ہیں۔

۸۔یاشطیثا اَجِبْ یا ھَرْقیائیلُ۔اَلَّذِیْ بَسَطَ الرَّحْمَۃَ لِلْعِبَادِ۔

ترجمہ:وہ جس کی رحمت اپنے بندوں پر پھیلی ہوئی ہے۔

عاملین وکاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برجِ عقرب سے منسوب ہے۔اور یہ اسم حضرت جبرائیل کے جناح کے پروں پر تحریر ہے۔

۹۔یاشطح النُّورُ اَجِبْ یاروھیائیلُ۔اَلَّذِیْ لَا یَخْفٰی عَلَیْہِ مَا فِی الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ۔

ترجمہ:وہ کہ جس سے مشرق ومغرب میں کچھ بھی پوشیدہ نہیں۔

عاملین وکاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برج قوس سے منسوب ہے۔اور اس اسم کی برکت سے دوزخ کے ساتوں دروازے مومنین پر بند ہوتے ہیں۔

۱۰۔یاطیھوج اَجِبْ یاروقیائیلُ۔یَا غَالِبُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ۔

ترجمہ:اے ہر چیز پر غلبہ رکھنے والے:

عاملین وکاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برج جدی سے منسوب ہے۔اور یہ اسم حضرت میکائیل کے ہاتھوں پر لکھا ہوا ہے۔

۱۱۔یاموتکیفا اَجِبْ یا اطفائیلُ۔اَلَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ۔

ترجمہ: وہ کہ اس جیسا کوئی نہیں اور وہ سنتا اور دیکھتا ہے۔

عاملین وکاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برج دلو سے منسوب ہے۔اور حضرت یعقوب علیہ السلام نے اسی اسم کو پڑھا جس کی برکت سے ان کی آنکھیں روشن ہوئیں اور حضرت یوسف علیہ السلام بھی ان سے آن ملے۔

۱۲۔یاآثیمعیثا اَجِبْ یا نورائیلُ۔اَلَّذِیْ سَیَّرَ الشَّمْسَ مِنَ الْمَشْرِقِ اِلَی الْمَغْرِبِ۔

ترجمہ:اے وہ کہ جس کے حکم سے سورج مشرق سے مغرب کی جانب رواں رہتا ہے۔

عاملین وکاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برجِ حوت سے منسوب ہے۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسی اسم کو ایک مٹھی خاک پر پڑھا اور "شَاھَتِ الْوُجُوْہُ لِلْکَافِرِیْنَ وَالْمُشْرِکِیْنَ" کہ کر دشمنوں کی طرف پھینک دی۔اس کے اثر سے سب کے سب اندھے ہوگئے اور شکست کھا کر بھاگ گئے۔

ان اسمائے شمخیشیہ سریانیہ کی چند صفات اور خصوصیات

پہلا اسم

۱۔یاشمخیثا۔ویاتمخیثا۔ویاتمثیثا۔

عربی معانی۔لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ۔

ترجمہ:نہ اُس کو اونگھ آتی ہے نہ نیند۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ جب حضرت جبرئیل علیہ السلام نے یہ اسم حضرت آدم علیہ السلام کو بتلایا تو اس کی برکت سے ان کی توبہ قبول ہوئی اور دوسری مرتبہ ان کو حضرت حوا مل گئی۔

اور اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ جو کوئی اس نام کو اپنے پاس رکھے تو بادشاہوں معزز لوگوں اور صاحبان مراتب کے نزدیک معزز مانا جائے گا۔اور وہ لوگ اس کو قابل احترام وعزت مانیں گے۔نیز اس کا قول قابل پذیرائی ہوگا۔

دوسرا اسم

۲۔یاموا شطیثا۔شطیثا۔یامشیطثا۔

عربی معانی۔اَلَّذِیْ بَسَطَ الرَّحْمَۃَ عَلٰی خَلْقِہٖ بِلُطْفِہٖ۔

ترجمہ:اس کا لطف ورحمت اپنے بندوں پر پھیلی ہوئی ہے۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ یہی وہ نام ہے جو جبرئیل علیہ السلام کے پروں پر لکھا ہوا ہے اس نام کی قوت سے وہ آسمان سے زمین پر اور زمین سے آسمان پر آتے جاتے ہیں۔

اوراس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ جوشخص اس اسم کو لکھ کر پاس رکھے اور روزانہ اس کا ورد کرے تو اس کے تمام مشکل کام آسان ہوجائیں گے اور وہ کسی آفت میں مبتلا نہ ہوگا۔

تیسرا اسم

۳۔ یَاطَیْهُوْجَ۔ طَیْهَبْرَجَ۔

عربی معانی۔ یَا غَالِبُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ۔

ترجمہ: اے ہر چیز پر غلبہ رکھنے والے۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ یہ نام حضرت میکائیل کے ہاتھوں پر لکھا ہوا ہے۔ قیامت کے روز جب وہ رسول خدا ﷺ کی خدمت بابرکت میں حاضری دیں گے تو اس نام کی برکت سے اُن کا چہرہ نور سے منور ہوگا۔

اوراس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ جوشخص اس کو اپنے پاس رکھے اور روزانہ ورد کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو تمام لوگوں کی نظروں میں باعزت اور مقبول فرمادے گا۔ اور وہ ہمیشہ دونوں جہانوں میں شادکام ومعزز رہے گا۔

چوتھا اسم

۴۔ یَاغَیْشَخَجَ۔ غَمْیَشْخَجَ۔

عربی معانی۔ اَلَّذِیْ یَبْصُرُ الْعَمِیْق۔

ترجمہ: وہ ذات جو گہرائیوں میں دیکھتی ہے۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ یہ نام حضرت اسرافیل علیہ السلام کی پیشانی پر لکھا ہوا ہے۔ اس نام والے کو حامل لوح محفوظ ہونے کا شرف حاصل ہے۔

اوراس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ جواس اسم کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور پھر اسی اسم کا روزانہ بکثرت ورد بھی کرتا رہے تو اس کے دل میں موت کا خوف کبھی نہ ہوگا اور نہ وہ کبھی درخت یا کسی بلند مقام سے گرے گا۔ اور اگر گرے گا تو اس کو چوٹ نہ آئے گی۔

پانچواں اسم

٥۔ یَامَلْیَشْهَطَیَا۔ یَامَلْیَشْهَطَیَا۔

عربی معانی۔ اَلَّذِیْ اِنَّمَا اَمْرُهٗ اِذَا اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ کُنْ فَیَکُوْنُ۔

ترجمہ: وہ ذات جس کے ارادے اور لفظ "کن" کہنے سے ہر چیز وجود میں آتی ہے۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ یہ نام صورِ اسرافیل پر لکھا ہوا ہے۔ جب صور کا وقت مقرر آئے گا اور اسرافیل صور سے ندا دیں گے تو اس کی ہیبت سے آسمان وزمین ہر شے کانپ اُٹھے گی۔ اور اسی نام کی برکت سے زندہ ہوجائے گی۔

اوراس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ جوشخص اس اسم کو اپنے پاس رکھے اور روزانہ اس کا ورد بھی رکھے تو وہ بڑے بڑوں کے نزدیک باعزت رہے گا اور اس کا قول مقبول ہوگا۔

چھٹا اسم

٦۔ یَاشَلِیْخُوْثَا۔

عربی معانی۔ اَلَّذِیْ رَفَعَ سَمٰوٰتِ بِغَیْرِ عَمَدٍ۔

ترجمہ: وہ ذات جس نے آسمان کو بغیر ستون کے بلند فرمایا۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ یہ حضرت عزرائیل علیہ السلام کے ہاتھوں پر لکھا ہوا ہے۔ اور اسی کی ہیبت سے وہ تمام جانداروں کی رُوح قبض کرتے ہیں۔

اوراس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ جوکوئی اس اسم کا روزانہ ورد کرے۔ اور اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اس کے تمام دشمن اور حاسدین ذلیل وخوار اور مغلوب ومقہور رہیں گے۔

ساتواں اسم

۷۔ یَارَمُوْنَطِفُ۔

عربی معانی۔ اَلَّذِیْ لَا شَیْ اَرْفَعُ مِنْهُ۔

ترجمہ: وہ ذات جس سے بڑھ کر کوئی نہیں۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ یہ نام آفتاب کے چہرہ پر لکھا ہوا ہے۔ اور وہ اسی نام کی برکت سے تمام عالم کو روشن کرتا ہے۔

اور اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ جو کوئی اس اسم کا روزانہ ورد کرے۔ اور اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے تو وہ لوگوں کی نگاہ میں صاحب ہیبت رہے گا۔ اور لوگ اس کے مطیع و فرمانبردار رہیں گے۔ اور وہ لوگوں کا محبوب رہے گا۔

آٹھواں اسم

۸۔ یَامُوْمُتَکَیِّفَا۔

عربی معانی۔ اَلَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ۔

ترجمہ: وہ کہ اس جیسا کوئی نہیں اور وہ سنتا اور دیکھتا ہے۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ اس نام کو حضرت یعقوب علیہ السلام نے پڑھا تو اس کی آنکھیں روشن یعنی دیکھنے کے قابل ہو گئیں۔ اور حضرت یوسف علیہ السلام بھی اُن سے آ ملے۔

اور اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ جو کوئی اس اسم کا روزانہ ورد کرے۔ اور اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اس کے کل دنیاوی اور دینی مطالب و مقاصد حاصل ہو جائیں گے۔ حاجتیں پوری ہوں گی اور اُمیدیں بر آئیں گی۔

ناواں اسم

۹۔ یَاکَدُوْحَخْطَبْ۔

عربی معانی۔ اَلَّذِیْ یُنْجِی الْعِبَادَ عَنِ الْمَضَائِقِ۔

ترجمہ: وہ ذات جو اپنے بندوں کو تنگی سے نجات دیتی ہے۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ عرشِ پروردگار کو اُٹھانے والے فرشتے اسی نام کی قوت سے عرش کو اپنے کاندھوں پر اُٹھائے ہوئے ہیں۔

اور اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ جو کوئی اس اسم کا روزانہ ورد کرے۔ اور اسے لکھ کر

اپنے پاس رکھے تو مرگ مفاجات اور وباء سے محفوظ رہے۔ نیز سحر جادو اس پر کبھی اثر نہ کرے گا۔ اور وہ لوگوں میں ایسا باوقار رہے گا جیسے جنگلی جانوروں میں شیر باوقار ہوتا ہے۔

دسواں اسم

۱۰۔ یَاطَفْعَاتَفْ۔

عربی معانی۔ اَلَّذِیْ یُرَبِّیْ الْاَطْفَالَ الصَّغِیْرَفِیْ الْجُنَّۃِ۔

ترجمہ: وہ جو ماں کے پیٹ میں ننھے بچوں کی پرورش کرتا ہے۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ جنت کے دروازے اسی نام کی برکت سے کھلتے ہیں۔

اور اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اس کو اپنے پاس رکھے اور اس کا کثرت سے ورد رکھے تو اس کی روزی میں فراخی پیدا ہوگی۔ اور نعمت کے دروازے اس پر کھل جائیں گے۔

گیارھواں اسم

۱۱۔ یَاحَحْطَتِیْ۔

عربی معانی۔ اَلَّذِیْ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ۔

ترجمہ: وہ ذات جو زندگی بخشتی اور فنا کرتی ہے۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ سات آسمان و زمین اسی کی برکت سے قائم ہیں۔

اور اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اس کو اپنے پاس رکھے اور اس کا کثرت سے ورد رکھے تو وہ لوگوں میں عظیم القدر اور باحرمت رہے گا۔ نہ کوئی اس کی برابری کر سکے گا نہ کوئی دشم برتری حاصل کرے گا۔

بارھواں اسم

۱۲۔ یَاشَطْحَ النُّوْرْ۔

عربی معانی۔ اَلَّذِیْ لَا یَخْفٰی عَلَیْہِ مَا فِی الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ۔

ترجمہ: وہ کہ جس سے مشرق و مغرب میں کچھ بھی پوشیدہ نہیں۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ دوزخ کے سات دروازے اسی کی برکت سے مومن پر بند ہوتے ہیں۔

اور اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اس کو اپنے پاس رکھے اور اس کا کثرت سے ورد رکھے تو وہ دشمنوں سے محفوظ رہے اور کوئی گزند اس کو نہ پہنچے گی۔

تیرھواں اسم

۱۳۔ یَامَهْقَهَایَشَحُ۔

عربی معانی۔ اَلَّذِیْ عَبَّرَ مُوْسیٰ فِی الْبَحْرِ فَنَجَّاهُ۔

ترجمہ: وہ کہ جس نے موسیٰ کو دریا پار کرایا اور نجات دی۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کی کرسی کے فرشتے اسی کے ذریعہ سات آسمانوں اور زمینوں کو روکے ہوئے ہے۔

اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اس کو اپنے پاس رکھے اور اس کا کثرت سے ورد رکھے تو ایک زمانہ اس کا مددگار ہو جائے قسمت و دولت اس کی ساتھی ہو جائیں اور تمام لوگ اس کے مطیع و فرمانبردار ہو جائیں۔

چودھواں اسم

۱۴۔ یَاطَفْعُوْعَشَحُ۔

عربی معانی۔ اَلَّذِیْ یَعْفُوْ عَنِ الْعَاصِیْنَ وَیَغْفِرُ الْخَاطِئِیْنَ۔

ترجمہ: وہ جو گنہگاروں کو معاف کر دیتا ہے اور خطا کاروں کو بخش دیتا ہے۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام نے اس نام کو طوفان کے موقع پر پڑھا تو اللہ تعالیٰ نے ان کو طوفان سے بچا لیا۔

اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اس کو اپنے پاس رکھے اور اس کا کثرت سے ورد رکھے تو وہ سفر میں اپنی ہر مراد کو پائے گا۔ اگر خود کشتی میں سوار ہوگا تو دریا کے گزند سے محفوظ رہے گا

پندرھواں اسم

۱۵۔ یَا اَهْیًا شَرَاهِیًا۔

عربی معانی۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ۔

ترجمہ: اے زندہ رہنے والے۔ اے ہمیشہ قائم رہنے والے

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے اسی کو پڑھ کر کنوئیں اور قید خانہ سے نجات پائی تھی۔ اور وہ خود مملکت مصر کے بادشاہ ہو گئے اور ان کے بھائی ان کے محتاج ہو گئے۔

اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اس کو اپنے پاس رکھے اور اس کا کثرت سے ورد رکھے تو اگر وہ قرض دار ہوگا تو قرض ادا ہو جائے گا۔ اگر غم زدہ ہوگا تو شادمان ہو جائے گا۔ اگر قید میں ہوگا تو جلد چھوٹ جائے گا۔ اور جو بھی اس کی خواہش ہوگی پوری ہوگی۔

سولھواں اسم

۱۶۔ یَا طَیْهِیُرَحَ۔

عربی معانی اَلَّذِیْ یَکْشِفُ الضُّرَّ عَنْ عِبَادِهٖ۔

ترجمہ: وہ جو اپنے بندوں کی پریشانی کو دور کرتا ہے۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ حضرت ایوب نے اسی کو پڑھ کر بیماری سے نجات پائی اور ان کو مرض سے صحت حاصل ہوئی۔

اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اس کو اپنے پاس رکھے اور اس کا کثرت سے ورد رکھے تو وہ ہر بیماری سے شفا پائے خصوصاً جنون و جذام و برص سے اور اس نام کو لیے ہوئے کسی بیمار کے سرہانے جائے تو غیب سے اس کو شفا حاصل ہو۔

سترھواں اسم

۱۷۔ یا مَہلِیثَانِخُ۔

عربی معانی۔ اَلَّذِیْ خَلَقَ الظِّلَّ وَالْحَرُوْرَ وَاللَّیْلَ وَالنَّھَارَ۔

ترجمہ: وہ جس نے سایہ، دھوپ، رات اور دن پیدا کئے۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ اسی نام کی برکت سے اللہ کے حکم سے دن اور دن کے بعد رات انسانوں کے آرام کے لیے پلٹتے ہیں۔

اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اس کو اپنے پاس رکھے اور اس کا کثرت سے ورد رکھے ہر غم سے بے غم اور ہر بلا سے محفوظ رہے نیز زلزلہ سے متاثر نہ کر سکے گا۔ اور نہ آگ اس کو ضرر پہنچائے گی۔ اور اگر یہ نام کسی کپڑے میں رکھا ہو تو نہ اس کو کوئی چور چرا سکے گا اور نہ وہ ضائع ہوگا۔

اٹھارھواں اسم

۱۸۔ یا طَعْمُونَسْ۔

عربی معانی۔ یادائِمَ الاَبَدِ۔

ترجمہ: اے ہمیشہ رہنے والے۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس کو پڑھ کر مردہ کو زندہ اور پیدائشی اندھے کو دیکھنے والا اور بیمار کو صحت مند کر دیتے تھے۔

اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اس کو انگوٹھی کے نگینہ پر کندہ کر کے اپنے ہاتھ کی کسی انگلی میں پہن لے اور اس کا کثرت سے ورد رکھے۔ وہ لوگوں میں نیک نام اور معزز ہوگا۔ سب لوگ اس کے مطیع و فرمانبردار ہوں گے۔ اور اس کی قربت کے خواہش مند ہوں گے۔

انیسواں اسم

۱۹۔ یا طَوْطِیَا۔

عربی معانی۔ اَلَّذِیْ رَدَّ عَلٰی سُلَیْمَانَ مُلْکَہٗ وَخَاتَمَہٗ۔

ترجمہ اے وہ جس نے سلیمان علیہ السلام کا ملک اور انگوٹھی ان کو واپس دلا دی۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ یہ ہی وہ اسم ہے جس کو حضرت سلیمان علیہ السلام نے پڑھا تو پروردگار نے ان کی انگوٹھی اور مملکت واپس عطا فرمائی۔ اور ان کو جن وانس اور وحوش وطیور پر حکمران بنا دیا۔

اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ اس کو شیر کی کھال یا ہرن کی جھلی پر مشک و زعفران سے لکھ کر انگوٹھی کے نگینہ کے نیچے رکھ لیں۔ اور انگوٹھی کو باحالت طہارت ہاتھ میں پہن لیں۔ جس کسی کی نظر اس پر پڑے گی وہ مطیع و فرمانبردار ہو جائے گا۔ اور جو کوئی اس اسم کو کثرت سے ورد کرے تو اپنی ہر مراد کو پالے گا اور وہ کسی محفل میں ذلیل یا شرمندہ نہ ہوگا۔ بلکہ ہر محفل میں عزت و احترام ہوگا۔

بیسواں اسم

۲۰۔ یا شَمْعَاوُنِیْ۔

عربی معانی۔ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ۔

ترجمہ: اللہ کی مدد میرے لیے کافی ہے اور وہی بہترین حامی ہے۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس نام کو پڑھ کر اپنا عصا پھینکا تو اس کی برکت سے وہ اژدھا بن گیا۔ اور اس نے فرعون کا سارا جادو باطل کر دیا۔ اور اس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کامیاب ہو گئے۔

اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ اس نام کو چالیس روز تک روزانہ طلوع آفتاب سے پہلے بہتر مرتبہ جس نیت سے خصوصاً دفع شر دشمن کے لیے پڑھیں۔ تو اللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے محفوظ رکھے گا۔ اور اگر کوئی اس اسم مبارک کو اپنے پاس رکھے اور اس کا اکثرت ورد بھی کرتا رہے تو وہ بادشاہوں اور امراء و حکام کے نزدیک عزت و توقیر پائے گا۔ اور لوگوں کی نگاہوں میں بزرگی پائے گا۔ اپنے خاندان اور معاشرہ میں معزز و مکرم ہوگا۔

اکیسواں اسم

۲۱۔ یَاسَطِیُحیٰ۔

عربی معانی۔ یَاهُوَ یَامَنْ هُوَهُوَ۔

ترجمہ: اے وہ اے وہ کہ جو وہی وہ ہے۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام فرعون کے سامنے تشریف لے گئے تو اسی نام کی تلاوت کی برکت سے ہر بلا و سختی سے محفوظ رہے۔

اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ گھر سے باہر جاتے وقت سات مرتبہ پڑھ لیا جائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس کے اثر سے ہر بلا سے محفوظ رہیں گے۔ یہاں تک کہ اگر اژدھا کے منہ کے اندر بھی چلے جائیں تو کوئی گزند نہ پہنچا سکے گا۔ اس نام کو ورد میں رکھنے اور پاس رکھنے کی بھی یہی خاصیت ہے۔

بائیسواں اسم

۲۲۔ یَانُوثِیَا۔

عربی معانی۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ۔

ترجمہ: سوائے اس واحد و یکتا کے کوئی اور معبود نہیں۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ انبیاء و مرسلین نے اسی کے ذریعہ کافروں کے شر سے نجات اور ان کے مقابلہ میں کامیابی حاصل کی۔

اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ جو کوئی اس کی بکثرت تلاوت کرے اور اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے تو وہ ہمیشہ تندرست و توانا اور خوش حال رہے گا۔ کبھی ناکامی و مصیبت سے دوچار نہ ہوگا۔ بلکہ دلی مراد پائے گا۔

تئیسواں اسم

۲۳۔ یَامَعِیْدُ یَامَالِخُ۔

عربی معانی۔ یَاخَالِقَ الْاَوْلَادِ فِیْ بُطُوْنِ اُمَّهَاتِهِمْ۔

ترجمہ: اے ماؤں کے بطنوں میں بچے پیدا کرنے والے۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ جناب امیر المومنین حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام نے اس نام کی برکت سے درِ خیبر کو اُکھاڑا تھا۔ اور وہاں کے سات قلعہ فتح کئے تھے۔

اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ مصالحت پیدا کرنے میں بے نظیر ہے پس اگر کسی قسم کی مٹھائی پر اکتالیس مرتبہ اس نام کو پڑھ کر دم کیا جائے اور پھر وہ مٹھائی ایسے لوگ کھائیں جن کی آپس میں تکرار ہو تو انشاءاللہ اس کے اثر سے ایک دوسرے پر مہربان ہو جائیں گے۔ اور ان کے درمیان کی نزاع ختم ہو کر مصالحت پیدا ہو جائے گی۔

چوبیسواں اسم

۲۴۔ یَااَلِیْمَعِیْنَا۔

عربی معانی۔ اَلَّذِیْ سَیَّرَ الشَّمْسَ مِنَ الْمَشْرِقِ اِلَی الْمَغْرِبِ۔

ترجمہ: اے وہ کہ جس کے حکم سے سورج مشرق سے مغرب کی جانب رواں رہتا ہے۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسی اسم کو ایک مٹھی خاک پر پڑھا اور "شَاهَتِ الْوُجُوْهُ لِلْكَافِرِيْنَ وَالْمُشْرِكِيْنَ" کہہ کر دشمنوں کی طرف پھینک دی۔ اس کے اثر سے سب کے سب اندھے ہو گئے اور شکست کھا کر بھاگ گئے۔

اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ اگر اس کو سمور کی کھال پر لکھ کر دشمن کے مکان کی چوکھٹ یا دیوار کے نیچے دبا دیا جائے تو چند روز میں دشمن اس مکان سے بھاگ کھڑا ہو گا۔ اور وہ مکان ویران ہو جائے گا۔ اور جب تک وہ کھال وہاں دبی رہے گی۔ اس وقت تک وہ دشمن اس مکان میں واپس نہ آ سکے گا۔

پچیسواں اسم

۲۵۔ یَاشَسْطِیْعُ۔

عربی معانی۔ اَلَّذِیْ اَنْزَلَ التَّوْرَاۃَ عَلٰی مُوْسٰی۔

ترجمہ۔ اے وہ جس نے موسیٰ پر تورات نازل فرمائی۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ یہی وہ نام ہے جس کی برکت سے حضرت یونس علیہ السلام نے مچھلی کے پیٹ سے نجات پائی اور جب تک وہ وہاں رہے کوئی گزند ان کو نہیں لاحق ہو سکی۔

اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور بکثرت ورد کریں تو حاسدوں کے شر سے، مقابلہ کرنے والوں کی ایذا سے اور دشمنوں کے پھندوں سے محفوظ رہے گا۔ اور اللہ تعالیٰ اس کو تمام بلاؤں اور مصیبتوں سے بچائے رکھے گا۔

چھبیسواں اسم

۲۶۔ اَدُوْنَای اَصْبَاؤُتَ آلَ شَدَایَ۔

عربی معانی۔ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔ اَلَّذِیْ لَاشَیْءَ مِثْلُہٗ۔ یَاغِیَاثَ مَنْ لَاغِیَاثَ لَہٗ۔

ترجمہ۔ اے بہت زیادہ جلالت والے محترم۔ وہ جس کی مانند کوئی شے نہیں۔ اے ہر اس شخص کی فریاد سننے والے جس کا کوئی فریاد سننے والا نہ ہو۔

اس اسم کی صفت یہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اسی اسم کو پڑھا تھا جس سے آتش نمرود ان پر سرد ہو گئی اور وہ سلامت رہے۔ یہاں تک کہ آگ کا پورا آدھا چمن زار بن گیا اور اس میں گلاب و نرگس کے پھول کھل آئے۔

اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اس نام کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور اس کا بکثرت ورد کرے۔ تو دشمنوں اور حاسدوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔ خواہ پوری دنیا اس کی دشمن ہو جائے اس کو کوئی ضرر و گزند ہرگز نہ پہنچے گی۔

اسمائے شمخیثیہ سریانیہ کی چند تسبیحات

پہلی تسبیح

۱۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ سُبْحَانَ خَالِقِ الْمَشْرِقِ مِنْ نُوْرِ جَلَالِ ھَیْبَۃٍ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَصْلُھَا ثَابِتٌ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ فَرْعُھَا فِی السَّمَاءِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَلْاَشْجَارُ اَقْلَامُھَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَلْبِحَارُ مِدَادُھَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مَلْأُ السَّمَاءِ وَعَدَدُ سُکَّانِھَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مَلْأُ الْاَرْضِ وَ قِفَارُھَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَزْنُ الْجِبَالِ وَ صُخُوْرُھَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عَدَدُ الرِّمَالِ وَحُسْبَانُھَا۔

دوسری تسبیح

۲۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ سُبْحَانَ خَالِقِ خَلْقِکَ الْبِرِّ الْفَلَکِ الْمُنِیْرِ سُبْحَانَ خَالِقِ مِیْتَطْرُوْنَ عَظِیْمِ الْمَلَائِکَۃِ بِسْمِ اللّٰہِ سُبْحَانَ مَنْ تَکَلَّمَ مُوْسٰی ابْنِ عِمْرَانَ بِاٰیَاتِہِ الْعُظْمٰی اِحْتَجَبْتُ بِاللّٰہِ وَاحْتَرَسْتُ بِاللّٰہِ مِنْ شَرِّ مَایُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ بِسْمِ اللّٰہِ الْکَبِیْرِ الْعَظِیْمِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ۔

تیسری تسبیح

۳۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ سُبْحَانَ خَالِقِ جِبْرِیْلَ عَظِیْمِ الْمَلَائِکَۃِ سُبْحَانَ خَالِقِ طَخِیْطَمَ غَیْلِیَالَ مَلِکِ الْاَمْلَاکِ مُسَبِّحًا بِجَلَالِ جَبَرُوْتِیَّتِہٖ ھُوَ الْوَاحِدُ الْمُھْلِکُ فَلَا مُھْلِکَ غَیْرُہٗ وَھُوَ الْمُعِزُّ وَلَاعَزِیْزَ غَیْرُہٗ وَھُوَ الْمُقَدِّسُ وَلَامُقَدِّسَ غَیْرُہٗ بِسْمِ اللّٰہِ کَلِیْمِ مُوْسٰی اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ خَالِقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ جَاعِلِ الظُّلُمَاتِ وَالنُّوْرِ مُسَبِّحَاتٍ بِاَمْرِہٖ۔

چوتھی تسبیح

۴۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ سُبْحَانَ خَالِقِ جِھَۃِ کَفْیَائِیْلَ عَظِیْمِ الْمَلَائِکَۃِ الْمَلِکِ الْمُوَکَّلِ بِالْفَلَکِ سُبْحَانَ اللّٰہِ تَسْبِیْحًا یَلِیْقُ بِجَلَالِ عِزَّتِہٖ تَسْبِیْحَ اَھْلِ السَّمٰوٰتِ

الْعُلٰی وَمَلَائِکَةِ الْاَرَضِیْنَ السُّفْلٰی بِتَسَابِیْحِهٖ الْمُقَدَّسَاتِ وَبِتَهَالِیْلِهِ السَّابِحَاتِ وَبِاَسْمَائِهِ الْمَعَانَاتِ تَسْبِیْحًا لِعَظِیْمِ جَبَرُوْتِهٖ وَعَظِیْمِ جَلَالِهٖ وَمُعْجِزَاتِ اللَّامِعَاتِ عَلٰی یَدَنَبِیِّهٖ وَصِفْوَتِهٖ مِنْ خَلْقِهٖ مُوْسٰی کَلِیْمِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔

پانچویں تسبیح

۵۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ سُبْحَانَهٗ مِنْ عَظِیْمٍ اَعْظَمَ شَانُهٗ سُبْحَانَهٗ بِالْمَنْظَرِ الْاَعْلٰی سُبْحَانَهٗ بَعْدَفَنَاءِ خَلْقِهٖ سُبْحَانَ مَنْ اَلْجَمَ الْجِنَّ بِکَلِمَاتِهٖ فَانْقَادَتْ لَهٗ بِقُدْرَتِهٖ مَخَافَةَ سَطْوَةِ نَقْمَتِهٖ وَقَهَرَهُمْ بِعِزَّتِهٖ فَانْفَذَفِیْهِمْ حُکْمَهٗ لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ وَیَوْمَئِذٍ یَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ بِنَصْرِ اللّٰهِ۔

چھٹی تسبیح

۶۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْخَالِقِ خَالِقِ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْکِ الدَّوَّارِ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْقُدُّوْسِ وَهُوَالْاِسْمُ الْمَکْتُوْبُ فِیْ اِنْتِهَاءِ الْمَلَائِکَةِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَتَقَطَّعَتِ الصَّوَاعِقُ مِنَ النَّارِ فَزِعًا وَسَکَنَ اَهْلُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ السَّابِعَةِ۔

ساتویں تسبیح

۷۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ سُبْحَانَهٗ فِی الْمَنْظَرِ الْاَعْلٰی تَعَالٰی اِسْمُهٗ اِبْتَدَعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ خَالِقُ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ سُبْحَانَ مَنْ سَبَّحَ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ مَذْعُوْرًا وَخَطَفَ الْبَرْقُ بِنُوْرِهٖ مُسْرِعًا وَطَارَتِ الشَّیَاطِیْنُ هَارِبَةً فَوْقًا وَعَنَتْ خَاضِعَةً لِلرَّبُوْبِیَّةِ دَهْشًا وَتَضَعْضَعَتِ الْاَرْکَانُ دُوْنَ حِجَابِهٖ تَحَیُّرًا لَاتُدْرِکُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَیُدْرِکُ الْاَبْصَارَ وَهُوَاللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ۔

آٹھویں تسبیح

۸۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ سُبْحَانَ رَبِّ الْاَرْبَابِ وَمُعْتِقِ الرِّقَابِ وَمُنْشِی

السَّحَابِ خَالِقِ الْمَلَائِکَةِ الْعِظَامِ الْمُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَرَهْرَالدَّاهِرِیْنَ وَاَبَدَالْاٰبِدِیْنَ بِجَلَالِ هَیْبَتِکَ فِیْ سَمَائِکَ یَامَنْ سَجَدَتْ لَهٗ مَلَائِکَةُ الْعَظَمَةِ لِعَظْمَةٍ وَسَجَدَتْ لَهُ الْخَلْقُ بِقُدْرَتِهٖ اِجْعَلْ لِّیْ مِنْ نُوْرِاسْمِکَ نُوْرًااِسْتَغْنٰی بِهٖ عَلٰی سَیِّأٰتِیْ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الرَّاغِبِیْنَ فِیْ عِبَادَتِکَ الزَّاهِدِیْنَ فِیْ عِصْیَانِکَ الدَّاخِلِیْنَ فِیْ طَاعَتِکَ وَدَارِرَاحَتِکَ وَاهْدِنِیْ صِرَاطًا مُسْتَقِیْمًا بِحَمْدِکَ وَجَلَالِکَ وَعِزَّتِکَ وَسُلْطَانِکَ وَنُوْرِکَ وَقُدْرَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

نوویں تسبیح

۹۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ سُبْحَانَ مَنْ اَنَارَالْکَوَاکِبَ بِقُدْرَتِهٖ وَاَجْرَاهَا عَلٰی بَدِیْعٍ وَّجَعَلَ الْمَلَائِکَةَ مُسَبِّحَاتٍ بِحَمْدِهٖ مَااَعَزَّعِزَّهٗ وَاَنْفَذَاَمْرَهٗ لَهٗ مَلَکُوْتُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَللّٰهُمَّ سَخِّرْلِیْ مَلَائِکَتَکَ لِاَسْتَدِلَّ بِهِمْ عَلٰی عَظِیْمِ رُبُوْبِیَّتِکَ وَاکْشِفْ لِیْ عَنْ غَوَامِضِ حِکْمَتِکَ وَاجْعَلْنِیْ مُسَبِّحًا لِتَسْبِیْحِ قُدْرَتِکَ یَااِلٰهَ مُوْسَی ابْنِ عِمْرَانَ۔

دسویں تسبیح

۱۰۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یَااَهْیًا شَرَاهِیًا یَااَهْیًا شَرَاهِیًا یَااِلٰهَ مُوْسَی ابْنِ عِمْرَانَ یَاهَیْلُوْلِیًا یَامُنْزِلَ الْغَیْثِ لِبَنِیْ اِسْرَائِیْلَ یَا مُفَرِّقَ النِّیْلِ لِمُوْسَی بْنِ عِمْرَانَ یَامُغْرِقَ فِرْعَوْنَ یَا خَالِقَ مَلَائِکَةِ الْفُلْکِ اَکْشِفْ عَنْ بَصَرِیْ وَنَوِّرْعَنْ قَلْبِیْ حَتّٰی اَطَّلِعَ عَلٰی اَلْطَافِ حِکْمَتِکَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مُسْتَحِقًّا لِّهٰذِهِ الْمَنْزِلَةِ الْعُلْیَا فِیْ خَلْقِکَ وَسَخِّرْلِیْ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ۔

اسمائے شمخیشیہ سریانیہ کی ریاضت کبیر کا طریقہ

ان اسمائے مبارکہ کی ریاضت کا خاص طریقہ ہم اپنے قارئین کی نذر کرتے ہیں۔ سب سے پہلی بات یہ ہے کہ کسی کامل استاد پیر و مرشد کی بیعت کریں اور پھر ایسی ریاضتوں کی طرف متوجہ ہوں۔ تاکہ خدانخواستہ رجعت ہونے کی صورت میں کامل مرشد علاج کر سکے۔ بصورت دیگر

پاگل دیوانوں کی طرح صحرانوردی کرتے پھریں گے۔ اسمائے شمخیثیہ سریانیہ کی ریاضت کا طریقہ یہ ہے کہ خلوت کی جگہ عملیات کی شرائط وآداب کے مطابق ریاضت شروع کریں۔ ان اسماء کی دس تسبیحات درج کی گئی ہیں۔ روزانہ نماز عشاء کے بعد ہر تسبیح کے بعد اسماء کو تلاوت کریں۔ یعنی ایک مرتبہ تسبیح تلاوت کریں پھر چھبیس مرتبہ اسماء پھر دوسری تسبیح ایک مرتبہ اور چھبیس مرتبہ اسماء پھر تیسری تسبیح اور چھبیس مرتبہ اسماء اسی طرح دسویں تسبیح تک تلاوت کریں۔ پھر اسی ترتیب کو دہرائیں۔ اس طریقہ کے مطابق صرف ایک سو مرتبہ روزانہ تلاوت کریں۔ جب ریاضت کرتے ہوئے اٹھارہ سے بیس روز ہوں گے تو آپ کے خلوت خانہ میں ایک نُور طلائی رنگ میں پھیل جائے گا۔ اور پھر اس حد تک روشن ہوگا جیسے چودھویں کا چاند روشن ہوتا ہے۔ پھر تیسویں شب سے مزید طلائی نور وسیع تر ہونا شروع ہوگا۔ جب ایسا ہوگا تو عالم علویہ کا مشاہدہ ہوگا۔ پھر تیسویں شب سے چالیسویں شب تک ہفت افلاک کی سیر اور ملوک کی زیارت ہوگی۔ اور فرش سے عرش تک جو کچھ ہے صاف نظر آئے گا۔ اب اکتالیسویں شب سے ساٹھویں شب تک روزانہ سولہ رکعت نماز نفل ہر شب تین مرتبہ ادا کریں۔ اور اسماء اور تسبیحات کو حسب سابق اُسی ترتیب سے جاری رکھیں۔ اگر ساٹھ روز مسلسل ریاضت کو جاری رکھیں تو ملوک کی جماعت مخاطب ہوگی اور جمیع ارواح علویہ حاضر ہوں گی۔ اطاعت کریں گی۔ واضح رہے کہ تمام ریاضت میں صوم وصلوٰۃ کی پابندی ترک جلالی و جمالی کے ساتھ اعتکاف ہوگا۔ اور پچاسویں شب سے ساٹھویں شب ہر شب میں عود اور عنبر کا بخور روشن کرنا ہوگا۔ ساٹھویں شب ان اسماء کے خدام حاضر ہوں گے۔ اور اطاعت کریں گے۔ اور جنات کا ایک لشکر اور بہت سی ارواح علویہ مطیع وفرمانبردار ہوں گی۔ اور فوراً حکم کی تعمیل کریں گی۔

اسمائے شمخیثیہ سریانیہ کی ریاضت صغیر کا طریقہ

عروج ماہ میں کسی نوچندے روز سے شروع کریں۔ اور نماز عشاء کے بعد روزانہ دو رکعت نماز ادا کرنے کے بعد ہر تسبیح کے بعد چھبیس مرتبہ اسماء کو تلاوت کریں۔ اسی طرح تمام

تسبیحات روزانہ ایک ایک مرتبہ تلاوت کریں۔ اور اسی طریقہ سے ایک چلہ مکمل کریں۔ خلوت اور صوم صلوٰۃ ترک جمالی وجلالی کی شرط کے ساتھ، اس ریاضت سے ان اسماء کے اعمال جاری ہو جائیں گے۔



باب نمبر 5

اس باب میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام
پر نازل ہونے والی عظیم ترین دُعا
دعائے قرشیہ کے بارے میں
آپ آگاھی حاصل کریں گے۔

1.دُعائے قرشیہ

2.دُعائے قرشیہ کے سریانی اسماء کے عربی معانی

3.دُعائے قرشیہ کے خواص

دعوت دُعائے قرشیہ اور اس کے خواص

قدیم دعوات اور دُعاؤں میں دُعائے قرشیہ ایک اہم ترین دُعا ہے۔ عاملین وکاملین فرماتے ہیں کہ یہ عظیم ترین دُعا حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ اس دُعا کی اسناد بے انتہا ہیں۔ ایک زمانہ تھا کہ یہ دُعا بادشاہاں اور امیر جلالت شان وحاکمان بلند مکان وزیران باشوکت وشان کے نادر پائی جاتی تھی۔ اور اُن کے خزانوں اور گنجینوں میں رکھی جاتی تھی۔ قدیم بادشاہوں اور اُن کے وزیروں نے اس کی ایک ایک خاصیت کو آزمائش کیا۔ اور اکثر عمل تجارت متقدمین میں اس دُعا پر تھا۔ اور بجز ذخائر وخزائن میں بادشاہوں کے دوسری جگہ دریافت نہ ہوتی تھی۔ کیونکہ یہ دُعا بزرگ ومحترم وعظیم الشان تحفہ خداوندی ہے۔ اب بفضل ایزدی بہ سہولت طالبان رُوحانیت کو دستیاب ہورہی ہے۔ وگرنہ زمانہ قدیم میں روحانی طالبوں کو عمر بھر کی کوشش کے بعد ہزار مشکلات کے بعد حاصل ہوتی تھی۔ وہ بھی کسی خوش بخت کو ورنہ اکثر لوگ اسے عتقاد کیمیا سمجھتے تھے۔ قدیم عاملین نے اپنی کتب ورسائل میں اس دُعا کا تذکرہ فرمایا ہے۔ مثلاً عاملین کے باوا آدم حضرت شیخ محمد غوث گوالیاریؒ نے اپنی تصنیف جواہر خمسہ فارسی۔ فیضان مرشد کی مصنفہ حضرت بی بی رابعہ بصری نے۔ طلسمات نادرہ کے موئف سید تفضل حسین خداداد بن میر محمد حسین نے جلد چہارم میں۔ شیخ حبیب بن موسیٰ رضا نے اپنی تصانیف کنوز الاسرار الخفیہ فارسی، جامع القاصد فارسی اور مفاتیح الاسرار فارسی میں۔ یہ دُعا اپنے اندر 33 خواص رکھتی ہے۔ پہلے ہم دُعا تحریر کرتے ہیں۔ پھر اس کے خواص تحریر کریں گے۔

دُعائے قرشیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ قَرُشِیًّا۔ قَرُشِیًّا۔ وَجَلًّا۔ وَمِلًّا۔ دَیُوْثِیًّا۔ ثَثُوَیًّا۔ شَهُوِیًا شَمُوُیًّا۔ شَمُوْتَلِیًا۔ اَذْرَطًا۔ اَزُرَطِیًّا۔ عَنطًّا۔ عَنُطِیًّا۔ طَوُطًّا۔ طَوُطِیًّا۔ طُوطَنطِیًّا۔ طُوطَاطِیًّا۔ اَهْیًا۔ شَرَاهِیًّا۔ قَدَمَهِیًّا۔ هَلُمَهِیًّا۔ هَلَامَهِیًّا۔ هَلُمَرهِیًّا۔ هَرُجُوْ۔ اَهُرَائِیْلُ۔ هَرُجَائِیْلُ۔ مَهُرَجَائِیْلُ۔ نَهُرَاجَائِیْلُ۔ مَهُرَطَائِیْلُ۔ نَهُرَاطَائِیْلُ۔ اَهُرَنَائِیْلُ۔

اَھلَائِیلُ۔ اَھیَائِیلُ۔ اَھوَائِیلُ۔ اَغیَائِیلُ۔ اَکوَائِیلُ۔ مَطوَائِیلُ۔ مَکوَائِیلُ۔ اَطوَائِیلُ۔ جَھِیطَائِیلُ۔ سَائِیلُ۔ سَنجِیجَائِیلُ۔ مِیکَائِیلُ۔ زُوقَائِیلُ۔ سَفرسَھَائِیلُ۔ اَشرُوقِیَا۔ اَشرُوقدَا۔ اَسنجَبَائِیلُ۔ اَشجَائِیلُ۔ اَھرَائِیلُ۔ اَعلَائِیلُ۔ مَنجَائِیلُ۔ رُوھَائِیلُ۔ سُھجَائِیلُ۔ ھَرکَرَن۔ اَھیَائِیلُ۔ اَکوَائِیلُ۔ اَحمَائِیلُ۔ تَرشُوسَائِیلُ۔ زَرخُوثَائِیلُ۔ مَلخُوثَائِیلُ۔ زُوفَائِیلُ۔ خَموزَائِیلُ۔ تَدقَائِیلُ۔ تَقتَائِیلُ۔ سَرکَتَائِیلُ۔ نَرثَائِیلُ۔ نُورَائِیلُ۔ سَفرسَھَائِیلُ۔ سَفُوس۔ رَھَائِیلُ۔ مَلگَائِیلُ۔ مِیکَائِیلُ۔ اَوزَہ۔ اَردَہ۔ وَرَایَہ۔ سَرتَائِیلُ۔ بَکیَائِیلُ۔ شَدقِیلَ۔ اَتَمشِیلُو۔ ھَجدُو۔ اَمدُقَائِیلُ۔ ھَجدَوَائِیلُ۔ مَن طُوطَائِیلُ۔ مَبطُوطَا۔ مَبطُوطِیَۃ۔ مَخدُورَا۔ یَرغَا۔ تَفوُغَا۔ مَائِیشِ۔ اَدرِیشِ۔ اَدرَہ۔ اَروَہ۔ وَرَایَۃ۔ طُوطَائِیقلُ۔ سَرطَائِیلُ۔ مَرطَائِیلُ۔ اَکمَتھَائِیلُ۔ مُوزَردَائِیلُ۔ شَمخَائِیلُ۔ سَخِیلَ۔ دَردَائِیلُ۔ جَمھَائِیلُ۔ جِبرِیلُ۔ بَطمَطَائِیلُ۔ شَمھَائِیلُ۔ مُنطَرِیُ۔ مُفطِرِیُ۔ بَرمَائِیلُ۔ نَھرَثَائِیلُ۔ زَمَائِیلُ۔ اَنھَاھِیُ۔ اَنھَاھِیُ۔ نَبِیثَا۔ مَیثَا۔ ثَھِیثَا۔ مَکوِیَۃ۔ اَکوِیَۃ۔ شَھنَطرَحیَا۔ شَھطَرثیَا۔ شَھطَریَاتَہ۔ ھَاھِرِیُ۔ قُرِیشِ۔ تَشبِیثَا۔ بَقِیسَا۔

دُعائے قرشیہ کے سریانی اسماء کے عربی معانی

سریانی اسماء	عربی معانی	سریانی اسماء	عربی معانی
قرشیا	الصمد	وحلا	الکبیر
وملا	العلیم	دیوثیا	الخبیر
شھوثیا	مالك الملك	شموثیا	ذوالجلال والاکرام
شموتلیا	الفرد	ادرطا	الباسط
ازرطیا	القابض	عنطا	المقسط
عنطیا	المعطی	طوطا	الباقی
ثنوثیا	الجواد	اھیا	الحی

شراھیا	القیوم	قدمھیا	المدبر
ھلمھیا	الاول	ھلا مھیا	الآخر
ھلمرھیا	الظاھر	ھرجو	الباطن
یرغا	المودب	تفوغا	السمیع
مائیش	البدیع	ادریش	العلام
ادرہ۔ اروہ	المومن۔ المھین	ورایۃ	العزیز

دُعائے قرشیہ کے خواص

1۔ جو کوئی روزانہ اس دُعا کو پڑھے اور اپنا معمول بنالے تو اللہ تعالیٰ اُسے روشن دِل اور روشن ضمیر کردے گا۔ اور اُسے کشف کی صلاحیت حاصل ہو۔ لوگوں میں معزز ٹھہرے۔ اور اُس کے دنیاوی کام اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے آسان ہوں۔

2۔ اگر کوئی روزانہ نمازِ فجر کے فرض اور سنتوں کے درمیان اس دُعائے جلیلہ کو دس مرتبہ پڑھے تو ارواح اور پریاں کا مشاہدہ کرے۔

3۔ اگر کوئی آدمی اس دُعا مبارکہ کو پڑھ کر عطرِ گلاب پر دم کرے اور پھر اسے اپنے چہرے پر لگائے تو جس کے پاس جائے گا وہ عزت واحترام سے پیش آئے گا۔ مہربان ہوگا اور جدائی برداشت نہ کرے گا۔

4۔ اگر کسی عورت کو بچہ کی پیدائش میں تکلیف ہو تو دُعا کو کسی کوزے پر لکھیں اور پھر اس کو پانی سے لبالب سے بھر دیں۔ اور پھر تین مرتبہ یہی دُعا پڑھ پانی پر پھونک دیں۔ اب یہ پانی عورت کو پلا دیں تو ولادت میں آسانی ہوگی اور بچہ فوراً پیدا ہو جائے گا۔

5۔ کسی حاکم افسر یا جج کے سامنے پیش ہونے سے پہلے اگر دُعائے قرشیہ کو پانچ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیں تو وہ دیکھتے ہی مہربان ہوگا اور خلاف نہ چلے گا۔

6۔ اگر اس دُعا کو تین مرتبہ سرمہ پر پڑھ کر دم کریں۔ اور پھر سرمہ آنکھوں لگا کر جس

کسی کے پاس بھی جائیں گے تو وہ مہربان ہو گا۔

7۔ اگر کوئی عورت بانجھ پن کا شکار ہو۔ یا اولاد پیدا ہو کر مرجاتی ہو تو یہ دُعا زعفران وگلاب سے تحریر کر کے اُسے پینے کو دیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اولاد پیدا ہوگی اور زندہ رہے گی۔

8۔ اگر کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کر کے پاس بلانے کا ارادہ ہو تو سات دانے گندم کے لے کر ہر ایک پر سات مرتبہ دُعا تلاوت اور اُس کا نام مع والدہ بھی لیں اور آگ میں ڈال دیں وہ فرد آپ کے پاس حاضر ہو جائے گا۔

9۔ اگر دشمن گھر یا شہر کے اردگرد محاصرہ کرلیں تو اسے بھگانے کے لیے گھوڑے کے سُم کے نیچے کی مٹی پر دُعا مبارک پانچ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے اُس کی طرف پھینک دیں۔ پس وہ بھاگ جائے گا۔

10۔ پانی پر دس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور پھر اس پانی سے سر کو دھوئیں تو سر کے بال لمبے ہوں گے۔ اگر کسی کے بال گرتے ہوں تو بھی فائدہ ہوگا۔

11۔ اگر دُعا کو بکرے کے چمڑے پر لکھیں اور اپنے پاس رکھے تو مخلوق میں عزت واحترام بڑھے گا۔ جنگ وجدل میں کامیابی ہوگی۔

12۔ کسی میٹھی چیز پر پانچ مرتبہ پڑھ کر ناراض مطلوب کو کھلائیں تو وہ نرم دل ہو کر آپ کی یاد میں بے چین رہے گا۔

13۔ اگر یہ دُعا لکھ کر گھر میں آویزاں کریں۔ تو گھر میں خیر وبرکت ہوگی اور رزق میں وسعت پیدا ہوگی۔ گھر میں رہنے والے وباؤں سے محفوظ رہیں گے۔

14۔ اگر کوئی اس دعا کو زعفران وگلاب سے لکھ کر اپنی قیمتی چیزوں میں رکھے تو وہ چوری ہونے اور آگ لگنے سے محفوظ رہیں۔

15۔ اگر کسی کا دشمن طاقت ور ہو، اور اُس سے جان کا خطرہ ہو تو منگل کے روز خام کدو

لے کر اُس پر دُعا کو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دَم کریں۔ پھر چاقو سے کدو میں ایک گڑھا سا بنا دیں۔ پھر تین مرتبہ دُعا پڑھ کر اُس گڑھے میں دَم کریں اور دشمن کے ہلاک ہونے یا سخت بیمار ہونے کا پختہ تصور کریں۔ اور پھر اُس کدو کو کسی خاردار درخت پر باندھ دیں۔ جب کدو سوکھ جائے گا تو دشمن سخت بیمار ہو جائے گا۔

16۔ اگر کوئی چاہے کہ دو افراد کے درمیان جدائی یا دشمنی ڈالنی ہو تو دُعا لکھ کر پھر دونوں کے نام معہ والدہ اور مقصد تحریر کریں۔ اور کسی خاردار درخت پر لٹکا دیں۔ مطلوبہ افراد کے درمیان عداوت جدائی یا دشمنی پیدا ہو جائے گی۔

17۔ اگر کوئی چاہے کہ اُس کا دشمن گھر بار چھوڑ کر آوارہ ہو کر در بدر پریشان پھرتا رہے تو کالی بلی کے خون سے اس دُعا کو لکھ کر جنگلی کوے کے پر میں باندھ کر اُسے چھوڑ دے۔ دشمن آوارہ اور پریشان ہو کر د. بدر کی ٹھوکریں کھاتا پھرے گا۔

18۔ اگر کوئی اس دُعا کو ہرن کے چمڑے پر لکھے اور پھر اپنے پاس رکھے تو سفر میں تھکاوٹ محسوس نہ کرے گا۔

19۔ اگر کوئی اس دُعا مبارکہ کو لکھ کر مردے کے کفن میں رکھ دے وہ عذاب سے محفوظ رہے گا۔

20۔ اگر کوئی چاہئے کہ جملہ مخلوق اُس کے خلاف نہ بولے تو دُعا کو لکھ کر مینڈھے کے چمڑے میں بند کر کے زمین میں دفن کر دے۔ مقصد پورا ہوگا۔

21۔ اگر کوئی سخت بیمار ہو اور اطباء نے لاعلاج قرار دے دیا ہو تو زعفران وگلاب سے دُعا لکھ کر دھو کر مریض کو پلا دیں۔ تندرست ہو جائے گا۔

22۔ اگر کوئی کم فہم ہو تو دعا کو زعفران وگلاب سے لکھ کر اُسے ہفتہ عشرہ تک پلائیں فہم وفراست پیدا ہو جائے گی۔

23۔ اگر کسی عورت کو اولاد نہ ہوتی ہو یا بیٹا پیدا ہو کر فوت ہو جاتا ہو تو یہ دُعا لکھ کر عورت۔

کے گلے میں تعویذ بنا کر ڈال دیں۔ انشاءاللہ فرزند طویل عمر ہوگا۔

24۔ اگر کسی مرد کی مردمی طاقت کسی نے باندھ دی ہو تو سات یوم تک یہ دُعا لکھ کر دھو کرا سے پلائیں۔ اُس کی مردمی طاقت کھل جائے گی۔

25۔ اگر کسی ظالم دشمن کو سزا دینا چاہیں تو اُس کا پیشاب بند کرنے کے لیے یہ طریقہ استعمال کیا جاتا ہے کہ جہاں وہ پیشاب کرے اُس جگہ کی مٹی لے کر اُس پر دُعا پڑھ کر دم کریں اور پھر اُس مٹی کو موشک کے کھال میں بند کر کے کسی وزنی چیز کے نیچے دبا دیں تو اُس کا پیشاب بند ہو جائے گا۔ جب مٹی نکال کر جاری پانی میں بہا دیں گے پیشاب جاری ہو جائے گا۔

26۔ اگر کسی آسیب زدہ پر دُعائے قرشیہ پڑھ کر دم کریں تو آسیب بھاگ جائے گا۔

27۔ اگر مردہ کے غسل والے پانی پر دُعا تلاوت کریں۔ اور پھر اس پانی کو کسی ظالم دشمن کے گھر میں ڈال دیں۔ تو دشمن کو گھر ویران و سنسان ہو جائے گا۔

28۔ اگر کوئی قرض میں مبتلا ہو اور قرض نہ اتر رہا ہو تو دو رکعت نماز نفل ادا کر کے نصف شب کو دُعائے قرشیہ کو چند مرتبہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دُعا قرض ادا ہونے کی دُعا کرے۔ ایسے اسباب پیدا ہو جائیں گے کہ قرض ادا ہو جائے گا۔

29۔ اگر کوئی جنگل کے سفر میں درندوں کے خوف سے امان چاہئے تو دُعا کو پانچ مرتبہ پڑھ کر اپنے اردگرد دم کرے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے محفوظ رہے گا۔

30۔ اگر مرد و عورت کے لڑائی جھگڑا اور بے اتفاقی ہو تو دعا لکھ کر دونوں کو دھو کر پلائی جائے اور لکھ کر اُن کے تکیہ میں ڈال دیں۔ دونوں میں الفت اور مہر و محبت پیدا ہو جائے گی۔

31۔ اگر کسی کو سرخ باد کی تکلیف ہو تو دُعا لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دیں۔ صحت ہو جائے گی۔

32۔ اگر گھر میں وبائی امراض ہوں تو لکھ کر گھر کے دروازے پر آویزاں کر دیں۔ اس دُعا کی برکت سے گھر محفوظ ہو جائے گا۔

33۔ اگر کسی چینی کے برتن پر لکھ کر سحر جادو ٹونہ کے مریض کو شہد سے دھو کر پلا دیں تو سحر جادو ٹونہ کے اثرات ختم ہو جائیں گے اور مریض صحت مند ہو جائے گا۔

☆☆☆☆☆

باب نمبر 6

اس باب میں آپ اسمائے روساء اربعہ سے آگاہی حاصل کریں گے

1۔ اسمائے روساء اربعہ سے متعلقہ اعمال

2۔ اسمائے روساء اربعہ کی زکات

اسماء روساء اربعہ

ان اسماء کے خاص اعمال ہم یہاں درج کرر ہے ہیں ۔اسمائے روسا چار ہیں جو کہ درج ذیل ہیں۔

"یَا مَارِزُ۔یَا کَمُطَمُ۔یَاقَسُوُرِ۔یَاطِیُکَلُ۔"

ان اسماء سے زیادہ تر عقود کا کام لیا جاتا ہے۔اور عقود کا جتنا کام تعمیری ہوتا ہے۔اتنا ہی تخریبی بھی ہوتا ہے۔بہر حال دونوں قسم کے چند اعمال ہم درج کرر ہے ہیں۔

جو شخص عورتوں سے باندھا گیا ہو

اس خاتم فقج مخمت کی شکل کو اس شخص کے دونوں ہاتھوں کی تلیوں پر لکھیں۔اور مندرجہ ذیل بخور (جاوی، لوبان، کزبرہ، مصطگی رومی) روشن کریں۔اور تلیوں کو بخور کے دھوئیں کے اوپر کریں۔اور اس وقت یہ عزیمت تلاوت کریں۔"قَالَ مَنْ یُحیِ الْعِظَامَ وَھِیَ رَمِیْم آخر تک پڑھ کر پھر اسماء روساء تلاوت کریں۔

مرد کا عضو بیکار ہو

جس شخص کے عضو کو کسی جن نے بیکار کر دیا ہو۔اس پر سات مرتبہ سورہ جن پڑھ کر دم کریں۔اور سورہ والسماء والطارق اولترئب تک تانبے کے برتن پر لکھ کر قدرے پانی سے دھو کر روغن ارنڈ اس میں ملا کر تھوڑا تخم مولی اس میں اضافہ کرے اور عضو بیمار پر ملے اور اسمائے روسا پڑھتا جائے۔تندرست ہو جائے گا۔

کسی ظالم کے ہاں پتھر برسانا

استخوان سگ اور نئی ٹھیکری پر الگ الگ لکھیں۔زحل کی ساعت میں جب قمر انحطاط میں ہو۔اور اندھیرے برجوں میں ہو۔بخور اس عمل کا حنظل، تخم خرنوب، موئے سگ، مغز خرے سات مرتبہ عزیمت تلاوت کریں۔اور ان پر دم کر دیں۔ٹھیکری کو پیس کر غروب آفتاب کے وقت مکان مقصود میں چھڑک دیں۔اور استخوان سگ کو دروازے میں دفن کر دیں۔دن رات پتھر برسا

کریں گے۔ جب تک استخوان کو نہ نکالا جائے۔ اور ایک برتن میں خاتم کو لکھ کر پانی سے دھو کر مکان میں نہ چھڑکا جائے۔ پتھر برسنا موقوف نہ ہوں گے۔ لکھنے والی عزیمت یہ ہے۔

"یَا خُدَّامِ ھٰذِالْاَسْمَاءِ تَوَکَّلُوْا بِرَجمِ دار فلان بن فلان لَیْلًا وَنَھَارًا بِحَقِّ الرُّؤسِ الْاَرْبَعَۃِ یَا مَارِزُ۔ یَا کَمْطَم۔ یَاقَسْوَر۔ یَاطَیْکَلُ۔"

کسی ظالم بے ایمان کا رزق باندھنا

اسمائے روساء کو کسر وسط کے ساتھ ایک نئی ٹھیکری پر زعفران سے لہسن و پیاز کے عرق میں حل کر کے لکھے۔ پیاز کے چھلکے اور مچھلی کے سر کی ہڈی اور گدھے کی لید اور چوہے کی مینگنی کا بخور روشن کر کے ستائیس مرتبہ مندرجہ ذیل دُعا پڑھ کر دم کریں اور پھر ٹھیکری کو پیس کر ببول خر میں ملا کر خشک کر کے پیس کر دکان میں یا کاروبار کی جگہ پر چھڑک دیں جسے باندھنا مقصود ہو۔ تباہ و برباد اور ویران ہو جائے گی۔ اور ایسی نحوست مسلط ہو جائے گی کہ اس جگہ کوئی بھی کاروبار کامیاب نہ ہوگا۔

دُعا یہ ہے۔

"وَقِفُوْا هُمْ اِنَّهُمْ مَسْئُوْلُوْنَ مَالَكُمْ لَاتَنَاصَرُوْنَ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ وَقِفُوْ هٰذَا الْمَحَلُّ يَا خُدَّامَ هٰذِالْاَسْمَاءِ بِحَقِّ الرُّؤْسِ الْاَرْبَعَةِ يَا مَارِزُ۔ يَاكَمْطَم۔ يَاقَسْوَر۔ يَاطَيْكَلُ۔"

اخراج سرکش جنات اور ظالم دشمن کے لیے

جس مکان میں جنات یا دشمن رہتا ہو، وہاں سے نکالنا منظور ہو تو سرخ رائی پر اکسٹھ مرتبہ یہ دُعا پڑھ کر دم کرے۔ اور بخور روشن کرے۔ پھر چار تختیاں سرب کی لے کر ہر ایک پر اسمائے روسا اربعہ لکھیں۔ اور پھر رائی اور تختیوں کو سامنے رکھ کر عزیمت کو بہتر مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ بخور اس عمل کا یہ ہے۔ تخم خروب۔ تخم ارنڈ اور اژدھے کی بیٹھ۔ بعد ازاں اس رائی کو مکان کی چھت پر پھینک دیں اور چاروں تختیوں کو مکان کے چاروں کونوں میں دفن کر دیں۔ جب تک تختیاں مکان میں دفن رہیں گی۔ مکان میں جن اور دشمن نہ رہیں گے۔ اور مکان و گھر کبھی آباد نہ ہو سکے گا۔

بدکردار عورت کو مردوں سے باندھنا

جب یہ چاہیں کہ کسی بدکردار عورت کا نکاح نہ ہو۔ یا کوئی مرد اس عورت سے صحبت کرنے پر قادر نہ ہو۔ یا کسی بدعورت کو روکنا مقصود ہو، تو اس عورت کے پاؤں کی مٹی لے کر اس پر اس عورت کا نام مع والدہ لکھیں۔ اور اسمائے روسا بھی لکھیں۔ ان اسماء کے خدام کو حکم دیں کہ اس عورت کو نکاح اور مجامعت سے باز رکھیں۔ ظاہراً و باطناً۔ پس اس عمل سے کوئی مرد اس عورت سے نکاح نہ کر سکے گا۔ اور صحبت کرنے پر قادر نہ ہوگا۔ پڑھنے والی عزیمت یہ ہے۔

"اِعْقِدْ یَا مَارِزُ یَا کَمْطَمُ وَ یَا قَسْوَرُ وَیَاطَیْکَلُ وَوَکِّلُوْا جِبْطِیَانَ الْحَدِیْمِ وَ مُدَحْرِجَ الطُّوِیْلَ عَلٰی فَرْجِ فلانہ بنت فلانہ عَنْ جَمِیْعِ الذُّکُوْرِ بِحَقِّ الرُّؤسِ الْاَرْبَعَۃِ عَلَیْکُمْ۔"

پھر مندرجہ ذیل بخور روشن کریں۔ گوگل، ایلوا۔ اور ایک کاغذ پر خاتم کبیر لکھیں۔ اور بہتر مرتبہ عزیمت تلاوت کریں۔ پھر مٹی کو خاتم والے کاغذ میں بند کر کے بکری کے سینگ میں رکھ کر کسی غیر مسلم کی قبر میں دفن کر دیں۔ جس وقت اس عمل کو نکالیں گے۔ عورت کھل جائے گی۔ ورنہ ہمیشہ بند رہے گی۔ یہ عمل عین اسی طرح کوئی عورت مرد کے لیے بھی کر سکتی ہے۔

ظالم حاکم کو معزول کرنا

مندرجہ ذیل عزیمت کو پچیس مرتبہ تلاوت کریں۔ بخور بندر کے بال، تخم بیروج، شراب کی جھاگ، تخم حنظل کا روشن کریں۔ اسمائے روسا کو خچر کے کھر پر معکوس لکھے۔ اور حمام کے دود کش میں لٹکا دیں۔ حاکم اپنے عہدہ سے معزول ہوگا۔ عزیمت پڑھنے والی یہ ہے۔

"یَا خُدَّامَ ھٰذِالْاَسْمَاءِ اَعْکِسُوْ ھٰذِہِ الظَّالِمَ فلان بن فلان مِنْ مَرْتَبَۃٍ وَعِزَّۃٍ ھُوَ فِیْہِ بِحَقِّ الرُّؤسِ الْاَرْبَعَۃِ عَلَیْکُمْ وَ بِحَقِّ الْاَسْمَاءِ الْجَلِیْلَۃِ وَ طَاعَتِھَا الَّذِیْکُمْ یَا مَھَائِیْلُ یَا طَطْھُوْسُ وَیَاطَطْھَیُوْشُ یَا شَخْصُوْصُ یَا طَرْھَائِیْلُ وَیَاشَفَائِیْلُ اَجِیْبُوْنِیْ وَاَطِیْعُوْنِیْ بِحَقِّ وَالْقُرْاٰنِ اَعْجَبُ وَبِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ وَبِحَقِّ الٓمٓصٓ وَبِحَقِّ الٓمٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ تَنْزِیْلُ

اَلْکِتَابِ وَبِحَقِّ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَایَسْطُرُوْنَ وَبِحَقِّ طٰسٓمٓ وَطٰسٓ اَجِیْبُوْنِیْ وَاَطِیْعُوْنِیْ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْعَجِلَ اَلْعَجِلَ اَلْعَجِلَ اَلسَّاعَۃَ اَلسَّاعَۃَ اَلسَّاعَۃَ۔

کسی ظالم وجابر کو سخت سزا دینا

اس کی ترکیب یہ ہے کہ خاتم کبیر کو خراب انڈے یا حنظل پر لکھیں۔ اور مندرجہ ذیل بخور کی دھونی دیں۔ اونٹ کی ہڈی، استخوان سگ، خنزیر کی ہدی۔ چیونٹی کے انڈے۔ پھر اکیس مرتبہ یہ عزیمت پڑھیں۔

"یَا خُدَّامَ ھٰذِہِ الْاَسْمَاءِ تَوَکَّلُوْا بِضَرَاطِ فلاں بن فلاں۔"

اور اسمائے روساء اربعہ کو ترش انار کی لکڑی پر جدا جدا حروف کر کے لکھیں۔ اور بخور روشن کریں۔ اور عزیمت سات مرتبہ تلاوت کریں۔ پھر انڈے یا حنظل پیس کر عرق لہسن یا پیاز کے ساتھ آمیز کر کے شکل گیند کے بنا کر اس لکڑی میں لگائیں۔ اور اسے کسی ویران جگہ گاڑ دیں۔

ظالم وجابر دشمن کو شہر بدر کرنا

خاتم کو اس کے قدم کے نشان پر مع اس آیت کے لکھیں۔ "لَنُخْرِجَنَّکُمْ مِنْ اَرْضِنَا الخ اور پھر اسماء روسا اربعہ کو لکھیں۔ اور یہ بخور روشن کریں۔ ہینگ، ایلوا، گندھک اور اکتالیس مرتبہ یہ عزیمت تلاوت کریں۔

"یَا خُدَّامَ ھٰذِہِ الْاَسْمَاءِ تَوَکَّلُوْا بِاِخْرَاجِ فلاں بن فلاں مِنْ بَلَدِہٖ وَوَطَنِہٖ۔"

پھر اس مٹی کو اُٹھا کر کسی پرانی قبر میں دفن کر دیں۔ یہ عمل اُس وقت کرنا چاہیے جبکہ قمر برج بادی میں ہو۔

کسی جانور یا پرندے کو مکان میں بلانے کا عمل

خاتم کو چار ٹھیکریوں پر مع اسمائے روسا اربعہ لکھیں۔ پھر اکتالیس مرتبہ یہ عزیمت تلاوت کریں۔

"یَا خُدَّامَ ھٰذِہِ الْاَسْمَاءِ اَجْلِبُوْا الطَّیْرَ اِلٰی ھٰذَا الْمَکَانِ بِحَقِّ الرُّؤُسِ الْاَرْبَعَۃِ۔"

پھر ان چاروں ٹھیکریوں کو اس مکان کے چاروں کونوں میں رکھ دیں۔ اس عمل اُس وقت کریں جب قمر بادی بروج میں سے کسی ایک برج میں ہو۔

باغ اور فصلوں کو حشرات الارض اور پرندوں سے محفوظ رکھنا

چار ٹھیکریوں پر خاتم مع اسماء روسا اور مندرجہ ذیل عبارت تحریر کریں۔ پھر ہر ٹھیکری پر اسی عبارت کو سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ پھر چاروں کونوں میں ایک ایک ٹھیکری دفن کریں اور دفن کرتے وقت ہر ایک پر اسماء روسا اربعہ، آیت الکرسی اور سورہ کوثر اور عزیمت ایک ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ بقدرت الٰہی کوئی جانور، پرندہ اور حشرات الارض باغ یا فصل کے پاس نہ جائے گا اور نہ کیڑا اس کو لگے گا۔

"اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِیَارِھِمْ وَھُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَھُمُ اللّٰہُ مُوْتُوْا فَمَاتُوْا کَذٰلِکَ یَمُوْتُ کذا و کذا وَیَمْتَنِعُ مِنْ ھٰذَا الْمَکَانِ اطول ھشلش تضبیض فھیط کنوش مھنوش نوش کیھانبوش ادربانوش لینیاش عیوش عینانوش کندریوش اِنْ کَانَتْ اِلَّا صَیْحَۃً وَّاحِدَۃً فَاِذَا ھُمْ خَامِدُوْنَ یٰحَسْرَۃً عَلَی الْعِبَادِ مَا یَاْتِیْھِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا کَانُوْا بِہٖ یَسْتَھْزِءُوْنَ فَاَصْبَحُوْا لَا یُرٰٓی اِلَّا مَسٰکِنُھُمْ۔"

انسان کو اپنے پاس حاضر کرنے کے لیے

جب آپ چاہیں کہ کوئی شخص تمہارے پاس بہت جلد حاضر ہو تو شہتوت کی لکڑی سے ایک لوح بنائیں اور اس پر زعفران وگلاب کی روشنائی سے اسمائے روسا اربعہ اور خاتم اور مطلوب اور اس کی ماں کا نام لکھیں اور پھر یہ آیت بھی لکھیں۔

"سَنَسْتَدْرِجُھُمْ مِّنْ حَیْثُ لَا یَعْلَمُوْنَ۔"

اکتالیس مرتبہ دُعا تلاوت کریں اور اس لوح کو ایسی جگہ جہاں خوب ہوا چلتی ہو۔ سرخ اون کے دھاگے سے باندھ کر لٹکا دیں وہ شخص وقت مسافت کے مطابق تمہارے پاس پہنچ آئے گا۔

گھر میں سانپ بچھو نہ آئیں

اژدھا کی کھال پر خاتم معہ اسماء روساء اربعہ اور یہ آیت عفران وگلاب کی روشنائی سے لکھیں۔ اور چودہ مرتبہ دُعا پڑھ کر دم کریں اور پھر اسے گھر میں دفن کر دیں۔ کبھی بھی سانپ بچھو نہ آئیں گے۔ آیت یہ ہے۔

"لَـحرُ جنکُم مِنْ اَرْضِنَا اَوْ لَتَخُوْدُنَّ فِیْ مِلَّتِنَا فَاوَحٰی اِلَیْھِمْ رَبُّھُمْ لَنُھلِ کَنَّ الظّٰالِمِیْنَ۔"

اسمائے روسا اربعہ کی زکات

اسمائے روسا اربعہ کی زکات کا طریقہ یہ ہے کہ چالیس یوم میں ان اسماء کو سوا لاکھ مرتبہ عملیات کے قوائد وضوابط کے مطابق تلاوت کریں۔ تا کہ ان سے متعلقہ اعمال سے کلی طور پر فائدہ حاصل کر سکیں۔

☆☆☆☆☆

باب نمبر 7

اس باب میں آپ زمانہ قدیم
کے عاملین وکاملین کے معمولات
میں رہنے والی ایک
کثیر الفوائد
عزیمت قسم ناصور سے
متعارف ہوں گے۔

1۔عزیمت قسم ناصور کے عجیب وغریب اعمال

2۔عزیمت قسم ناصور

عزیمت قسم ناصور

ایک کثیر الفوائد عزیمت ہے جو زمانہ قدیم کے عاملین و کاملین کا معمول رہی ہے

1۔ جب کسی کو اپنی طرف متوجہ کرنا چاھیں

تو خاتم کو اپنی ہتھیلی پر لکھیں اور پھر اس پر سات مرتبہ قسم ناصور تلاوت کریں۔ اور بخور مناسب دیں پھر اس کے بعد مطلوب کے دروازے کے سامنے کھڑے ہو کر ہتھیلی پر ہتھیلی رکھ کر ایک مرتبہ ذیل کی عبارت پڑھیں۔ عبارت یہ ہے۔

"تَوَكَّلْ يَانَاصُوْرُ وَ خُذْعَقْلَ فلاں و فلاں اَنْتَ وَ اَخُوْكَ شَمْعُوْنْ"

اور دونوں ہاتھوں کی تلیوں کو ایک دوسری پر ماریں اور واپس آجائیں مگر اس راستہ سے واپس نہ آئیں جس راستہ سے گئے تھے بلکہ دوسرے راستہ سے واپس آئیں۔ پس مطلوب آپ کی طرف متوجہ ہوگا۔ اور ہمیشہ متوجہ رہے گا۔

2۔ اگر محبت پکی اور مضبوط کرنا چاھیں

تو خاتم کو ہرن کی جھلی پر تحریر کریں اور بخور دیں اعمال خیر کا اور قسم ناصور سات مرتبہ اور پھر اسے اپنے سر میں رکھیں یعنی ٹوپی وغیرہ میں رکھیں ان شاءاللہ مراد پوری ہوگی۔

3۔ اگر کسی کا عقل دور کرنا یعنی بیوقوف بنانا چاھیں

تو پرانی قبر کی مٹی تھوڑی سی لے کر اس پر سات مرتبہ قسم ناصور پڑھ کر دم کریں اور اعمال شر کا بخور دیں پھر اس مٹی کو دشمن کے گھر میں ڈال دیں پس وہ بیوقوف ہو جائے گا۔ اگر اس کے سر میں ڈال دیں تو زیادہ قوی اثرات ہونگے۔

4۔ محبت کے لئے

ایک تانبے کی پلیٹ لیں اور اس پر خاتم کندہ کریں پھر اسے پانی سے بھر دیں اور اس پر قسم ناصور اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں ابھی عدد پورا نہ ہوگا کہ مطلوب کے دل میں محبت پیدا ہو جائے گی اگر مطلوب قریب ہوگا تو حاضر ہوگا۔ پس حاضر ہونے پر وہ پانی اس کے منہ پر چھڑک

دیں تو اسکی دیوانگی ختم ہو جائے گی۔

5.اگر کسی کا خون جاری کرنا ہو

تو خاتم سیسہ (سرب) کی تختی پر کندہ کریں اور اس پر قسم ناصور اکیس مرتبہ تلاوت کریں اور حب الرشاد کا بخور دیں اور پھر اس کو ایک ڈبیہ میں بند کر دیں اور اوپر موم و شہد لگا دیں پھر اسے جاری پانی یعنی نہر دریا وغیرہ میں ڈال دیں۔ بیشک دشمن کا خون جاری ہو جائے گا اسی وقت۔ اگر خون کو بند کرنا چاہیں تو تختی کو نکال لیں اور کندہ شدہ حروف مٹا دیں اور پانی میں اس تختی کو ڈال کر وہ پانی منزوف کو پلا دیں وہ فوراً ٹھیک ہو جائے گا۔

6.جب کسی کو بخار چڑھانا اور قے کرانا مقصود ہو

تو ایک راہو مچھلی لے کر اس پر خاتم تحریر کریں اور اس کے اردگرد توکیل پھر ایک کاغذ پر نام دشمن معہ والدہ اور اسم ناصور اور اس کے بھائی کا نام یعنی شمعون تحریر کریں۔ پھر اس کاغذ کو مچھلی کے پیٹ میں رکھ کر پیٹ کو دھاگہ سے سی دیں۔ اور مچھلی کو کسی پرانی قبر میں دفن کر دیں۔ بے شک دشمن کو بخار شدید اور قے کی بیماری لگ جائے گی۔ جب تندرست کرنا چاہیں تو مچھلی کو نکال کر عبارت کو دھو ڈالیں اور کاغذ کو بھی دھو ڈالیں تاکہ تمام کتابت مٹ جائے پس وہ تندرست ہو جا گا۔

8.کسی زانی مرد کی شہوت باندھنے کے لئے

سات عدد سوتی دھاگے تارلے کر ان کو اکٹھا کریں ایک ایک مرتبہ قسم ناصور پڑھ کر ایک ایک گرہ دھاگے کو لگا دیں اس طرح کہ کل سات گرہ ہو جائیں۔ اور ہر گرہ پر ایک مرتبہ یہ توکیل بھی لازمی پڑھنا ہوگی۔ توکیل یہ ہے۔ "یَا نَاصُوْرُ بِعَقْدِ ذَکَرِ فلاں ابنِ فلاں" پھر اس گرہ والے دھاگہ کو کسی پرانی قبر میں دفن کر دیں۔ قبر ایسی ہو جس کی کوئی زیارت نہ کرتا ہو۔ اللہ کے حکم سے وہ کسی بھی عورت سے جماع نہ کر سکے گا۔ ہمیشہ کے لئے مربوط ہو جائے گا۔

9.اگر کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا چاہیں

تو ایک سرخ کاغذ پر خاتم تحریر کریں ساتھ نام طالب اور مطلوب کے پھر اس پر قسم

ناصور 45 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور تعویذ کو اپنے پاس رکھیں بہت جلد مطلوب اپنے طالب کے پاس پہنچ جائے گا۔ اور ہمیشہ محبت کرتا رہے گا۔

10.جب کسی کو اپنی طرف بلانا اور متوجہ کرنا چاہیں

تو اس کے قدموں کی مٹی حاصل کریں اور اس کا استعمال شدہ کپڑا بھی حاصل کریں کپڑے پر خاتم اور توکیل تحریر کریں اور مٹی کو کپڑے میں رکھ کر قسم ناصور 21 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ پھر کپڑے کا فلیتہ بنا کر نئے چراغ میں خالص روغن زیتون ڈال روشن کریں اور مٹی کو مطلوب کے گھر میں ڈال دیں۔ پس مطلوب محبت میں دیوانہ ہو کر حاضر ہوگا۔

11.بغض اور عداوت و نفرت کے لئے

ایک مٹی کے نئے پیالے پر خاتم تحریر کریں اور خاتم کے نیچے ہر دو فریق کا نام بھی تحریر کریں۔ پھر اس پر قسم ناصور 21 مرتبہ پڑھکر دم کریں۔ اور پھر اس کو پانی سے دھو کر وہ پانی ان کے گھروں میں ڈال دیں۔ ان کے درمیان نفرت عداوت اور بغض پیدا ہو جائے گا۔ کبھی بھی اتفاق اور محبت سے نہ رہ سکیں گے۔

12.اگر کسی میاں بیوی میں طلاق کا عمل کرنا چاہیں

تو ایک مٹی کے نئے پیالے میں خاتم تحریر کریں اور پھر اسے انار کی ٹہنی پر آویزاں کر کے ایک شاخ کھجور کی لے کر اس پر 21 مرتبہ قسم ناصور پڑھ کر دم کریں اور ہر مرتبہ پیالہ پر ماریں پھر اعمال شر کا بخور دیں اور پھر پانی سے دھو کر وہ پانی ان کے گھر میں چھڑک دیں۔ اللہ کے حکم سے میاں بیوی میں طلاق ہو جائے گی۔ بہت ہی تھوڑے عرصہ کے اندر اندر۔

13.اگر طالب و مطلوب میں محبت مضبوط کرنا چاہیں

تو ایک سرخ کاغذ پر خاتم تحریر کریں ساتھ نام طالب و مطلوب کے اور اس پر قسم ناصور 21 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اور پھر اس کو کسی شیریں پھل دار درخت کی سبز شاخ پر باندھ دیں۔ تاکہ ہمیشہ ہوا میں لہراتا رہے۔ انشاء اللہ طالب اور مطلوب میں محبت اور زیادہ مضبوط ہو

جائے گی اور ہمیشہ استحکام رہے گا۔ اور کبھی بھی ایک دوسرے سے جدا نہ ہونگے۔

14۔ کسی بھی مقصد کے لئے ہاتف غیبی کو بھیجنا

اگر کسی کو عاجز اور ذلیل کرا کے اپنے پاس حاضر کرنا چاہیں اور اس سے اپنی مرضی کے مطابق جو جی چاہے کام لینا چاہیں تو اس مقصد کے لئے ہاتف سے مدد حاصل کی جاسکتی ہے۔ جابر سے جابر انسان بھی عاجز ہو کر حاضر ہوگا اور عامل کے ہر حکم کی تعمیل کرے گا۔ طریقہ یہ ہے کہ نماز عشاء کے بعد قسم ناصور کو 21 مرتبہ تلاوت کریں اور ہر مرتبہ ایک بار قسم کے ساتھ توکیل بھی تلاوت کریں توکیل یہ ہے۔

"توکلوا یا ناصور انت و اخوک شمعون و امضوا الی فلان ابن فلانۃ ازعجوہ و ازجعوہ"

یہاں تک کہ عاجز اور ذلیل ہو کر حاضر ہو اور آپ کا ہر مطلب پورا کرے جو کچھ آپ اسے کہیں۔ چند راتوں میں ہی مقصد پورا ہو جائے گا۔ قسم ناصور یہ ہے

"اَقسَمتُ عَلَیکَ یا ناصورُ بیومِ البَعثِ وَ النُّشورِ وَ بِحَقِّ النّورِ و نورِ النّورِ وَ مُدَبِّرِ الاُمورِ وَ اِسرافیلَ النّافخِ فِی الصّورِ خاحَبَ الجنُّ فِی القُبورِ وَ زَھَقَتِ الشّیاطینُ بالحُضورِ وَ بِحَقِّ النّارِ وَ النّیرانِ وَ البَردِ و الوعجانِ وَ کفَّتَیِ المیزانِ وَ طَلعَۃِ الشّمسِ البَھیّۃِ تَشعشَتْ وَ القَمَرُ دارَ فِی الدّیرانِ اَقسَمتُ عَلَیکَ یا ناصورُ بِحَقِّ سُکّانِ الحسورِ اَنتَ وَ اَعوانُکَ وَ اَخوکَ شَمعونُ اَجیبوا بِحَقِّ ھٰذِہِ الاَسماءِ عَلَیکُم و طاعتُھا لَدَیکُم اَیمَن زوبعۃَ و لوبعۃَ وَ العَفاریتُ الاَربعَۃِ میحالِ و لحیالِ و مقالِ وَ عابدِ النّارِ وَ عامرِ الدّارِ وَ دمنھشٍ و ققطشٍ و دندنٍ و دندانِ اَقسَمتُ عَلَیکُم بِالشّیخِ الکَبیرِ القاعِدِ عَلَی السّریرِ وَ عَلیٰ راسِہِ الاِکلیلُ وفی حجرِہِ الانجیلُ و بالشّیخِ زعزعانَ صاحِبِ القُبّۃِ وَ المیزانِ طارَ الھَواءُ طار و البَحرُ اَزبَدَ و فارَ فاَتانی اِبلیسُ شَیخُ الکَفَرَۃِ وَ المَعاکیسِ فَقُلتُ لَہُ ابن املاکُ الفلافیسِ یا مَن عَلَیکَ اللّعنَۃُ وَ التّعکیسُ فَقالَ لی عِندَکَ ھلالٍ و بلالٍ و مزلزل

الجبالِ وَ ھاروتُ وَ ماروتُ وَ یا جوجُ وَ ماجوجُ وَ رَسولُ الجِنِّ یا قوت وَ عیطوشٍ وَ الھلاسُ وَ الوَسواسِ الخنّاس اَقسَمتُ عَلَیکُم بِالصّلیبِ وَ ما صُلِبَ وَ اِبلیسَ اللّعینِ وَ ما طُلِبَ وَ المَولیٰ قَھرِکُم وَ غَلَبَ اَقسَمتُ عَلَیکُم بِالدّیھورِ الاَعظَمِ وَ باللّیلِ اِذا اَظلَمَ وَ بِالتّوریٰۃِ وَ ما فیھا وَ بِالاِنجیلِ وَ ما یلیھا وَ بِالزّبورِ وَ ما یحویھا و بِالوَثَنِ وَ الحَجَرِ وَ بِالقَلَمِ وَ ما جریٰ وَ بِالنّجمِ اِذا ھَویٰ وَ بِمَن عَلَی العَرشِ استَویٰ وَ بالثّلثائۃِ سِتّۃَ وَ ستّینَ قَندیلُ الّتی تُوقَدُ فی بَنی اِسرائیلَ اَجیبوا وَ احضُروا وَ لا تُمھِلوا وَ اسرِعوا بِقَضاءِ حاجَتی بِحَقِّ طیشٍ وَ اَطیشٍ وَ الصّلبِ والصّلبانِ وَ بِحَقِّ سِفرسٍ سَبوسٍ بِراسٍ براسی بِرسیومٍ ھوسٍ اَجرموسٍ وَ بِحَقِّ ھٰذا الخاتَمِ وَ ما فیھا مِنَ السِّرِّ وَ الاَسرارِ برطیومٍ اَجِب وَ احضُر یا ناصورُ وَ اَجلِبِ الاَعوانَ وَ العَفاریتِ الکِبارَ اَولادَ الشّیاطینِ فَاِنّی زَجَرتُکُم بِاللّھَبِ وَ النّیرانِ وَ الوَھیجِ وَ الدُّخانِ وَ اِن عَصَیتُم تَغضَبُ عَلَیکُم جَمیعُ القِسِّ وَ الدُّھبانُ وَ لَیسَ لَکُم ماءُ وی وَ لا مَلجاءَ وَ لا مَکانُ حَتّیٰ تَحضُروا مَجلِسی ھٰذا فَاِنّی زَجَرتُکُم اَیُّھا الفلاسفۃُ وَ الاَعوانُ بِالاِنجیلِ وَ الصُّلبانِ وَ بیعَۃِ الاَسقُفِ وَ تِلاوَۃِ المَطرانِ وَ اِن عَصَیتُم یَتَبرّءُ مِنکُمُ الجَنتلیقُ وَ البَطرفَۃُ وَ المَعمدانُ اَجیبوا وَ اَنتُم مُطیعینَ وَ انقادوا مُسرِعینَ وَ افعَلوا ما اَنتُم بِہٖ مامورینَ مِن قَبلِ اَن یَنزِلَ بِکُمُ السَّخَطُ وَ الغَضَبُ وَ یَحِلَّ بِکُم سوءُ المُنقلبِ وَ یُسَلِّطُ عَلَیکُمُ الشّرارُ وَ اللّھَبُ وَ بِحَقِّ ھٰذا الخاتَمِ وَ ما حواہٗ اھیرو طنوہٖ طیطوہٖ عمارشٍ عطارشٍ کھوشٍ الواحا العجلَ السّاعۃَ۔"

بخور اعمال خیر کے لئے یہ ہے


جاوی، لوبان، سندروس، مقل، کزبرہ، میعہ سائلہ تمام کو میعہ سائلہ کے ساتھ گوندھ کر سایہ میں خشک کر کے رکھ لیں اور بوقت ضرورت کام میں لائیں۔ بخور اعمال شر کے لئے یہ ہیں مُر، مصبر، حتیت، کبریت اور بصل کا چھلکا لہسن کا چھلکا وغیرہ۔

خاتم یہ ہے

ھیوا ھیوا	ھیوروہ ھیوروہ	ھتہ ھیتہ
طنوہ طنوہ	طیطوہ طنطوہ	عمارش عمارش
کمارش کمارش	عطارش عطارش	کیروش کیروش

15. اگر مطلوب کو حاضر کرنا چاہیں

تو نقش مندرجہ ذیل صورت میں سرخ کاغذ پر تحریر کریں اور درمیان کے خانہ میں ایک سوئی چبھودے اور اس کو انار کی شاخ میں آویزاں کردے اور بخور دے اعمال خیر کا مگر اس سے قبل اس پر 21 مرتبہ قسم ناصور پڑھکر دم کریں اور پھر آویزاں کریں۔ اگر مطلوب اسی شہر میں ہے تو اسی روز طالب کے پاس حاضر ہو جائے گا۔ اگر دُور ہے تو سہولت کے مطابق ضرور حاضر ہوگا۔ نقش کی صورت یہ ہے۔




نقش کی مندرجہ بالا صورت اعمال شر میں استعمال ہوتی ہے۔ اور اسے اعمال خیر میں ترش پھل دار درخت پر آویزاں کیا جاتا ہے اور اعمال خیر میں شیریں پھل دار درخت پر آویزاں کیا جاتا ہے۔ بشرطِ کہ عمل بادی ہو۔ اگر عمل ترابی ہو تو مٹی یعنی پرانی قبر یا مطلوب کے گھر کی چوکھٹ وغیرہ میں دفن کریں۔ اگر عمل مائی ہو تو پانی میں دھوکر چھڑک دیا جائے یا دھوکر پلایا جائے۔ اور اگر عمل ناری ہو تو آگ کے قریب دفن کیا جائے۔

16. دعوت ناصور تاکہ قسم کا خادم مسخر ہو جائے

جب آپ اس قسم کے خادم کی تسخیر کا ارادہ کریں تو ایک مکان خلوت کا تلاش کریں۔ جس میں آپ کے علاوہ کوئی دوسرا فرد نہ جائے۔ بخور اعمال خیر و شر کا روزانہ بوقت ریاضت روشن کرنا ہوگا۔ اور روزانہ نصف رات کے وقت قسم ناصور ایک ہزار 1000 مرتبہ پڑھنا ہوگی۔ اس سے قبل اصراف عامر کا عمل سات روز تک اس مکان میں ضرور تلاوت کریں تاکہ اصراف آپ کے عمل میں کسی طرح کی مداخلت نہ کریں۔ یہی اساتذہ اعظام کا مستند طریقہ ہے۔ قسم ناصور اور اس کے جملہ اعمال سے کماحقہٗ فائدہ حاصل کرنے کے لئے اس کی خاص شرط ہے۔ جس کے بغیر اس کے اعمال میں کامیابی ممکن نہیں۔ اگر اس شرط کا خیال نہ رکھا جائے تو عمل کی رجعت بھی یقینی ہے۔ یہاں نا اہل سے پوشیدہ رکھنے کے لئے درج نہیں کر رہا کیونکہ نا اہل کو اچھے بُرے کی تمیز نہیں ہوا کرتی۔ جو احباب ناصور کے جملہ اعمال میں مکمل کامیابی حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ وہ بندہ ناچیز سے اجازت اور خاص شرط حاصل کرلیں۔ تاکہ ان کی شب و روز کی محنت ضائع نہ ہو۔ ایکس 21 روز تک تلاوت کریں۔ کسی بھی روز ناصور حاضر ہوگا اور پوچھے گا۔ کہ تو کیا چاہتا ہے۔ آپ اس سے اپنے اور دیگر لوگوں کے کاموں میں مدد اور معاونت کا معاہدہ کرلیں۔ اور پھر اس کے معاہدہ کا پاس رکھیں۔ اور کبھی بھی خلاف ورزی نہ کریں۔ پس وہ ہمیشہ مددگار اور معاون رہے گا۔ قسم ناصور کے جملہ اعمال و نقوش میں اور تمام خواتم کے جملہ فوائد فوراً حاصل ہوں گے۔

17. کسی کو اپنی طرف متوجہ کرنا

اگر کسی کو اپنی محبت میں دیوانہ کر کے اپنی طرف متوجہ کرنا اور حاضر کرنا چاہیں۔ تو مندرجہ ذیل طلسم ایک سرخ کاغذ پر تحریر کریں اور اس پر 21 اکیس مرتبہ قسم ناصور پڑھ کر دم کریں۔ اور اسے آگ کے قریب دفن کر دیں تا کہ آگ کی گرمی اسے برابر پہنچتی رہے پس مطلوب بہت جلد حاضر ہوگا آپ کی محبت میں دیوانہ اور پاگل ہو کر حاضر ہوگا۔ پس جب حاضر ہو جائے تو مندرجہ ذیل خاتم جو پہلے ہی ایک کاغذ پر لکھی ہو۔ پانی سے دھو کر مطلوب کے چہرے پر چھڑک دیں بے شک اسے افاقہ ہوگا۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو مطلوب پاگل ہو جائیگا۔ طلسم اور خاتم یہ ہے۔



اتریوش

روت

۳۰	۱۰۰	۸	۷۴۰
۸۰	۱۰	۲	۴۰
۴۰	۸۰	۱۱	۲۰
و	۷	۸	۲۰

18. جب لوگوں میں عداوت پیدا کرنا چاہیں

تو ان لوگوں کے مستعمل کپڑے کا ٹکڑا لے کر اس پر مندرجہ ذیل خاتم تحریر کریں اور

مندرجہ ذیل طلسم کاغذ کے تین ٹکڑوں پر تحریر کریں۔ اب ... م اور تینوں تعویذوں کو جلا دیں اور جلاتے وقت تین مرتبہ قسم ناصور پڑھ کر راکھ پر دم کریں۔ اور ہر ... تبہ یہ توکیل بھی تلاوت کریں۔ توکیل یہ ہے۔

"تَوَکَّلُوْا یَا نَاصُوْرُ بِالْفِرَاقِ بَیْنَ کذا و کذاوَ کَذَاوَ شَتِّتْ شَمْلَهُمْ وَفَرِّقْ جَمْعَهُمْ"

پھر اس راکھ کو پانی میں بھگو کر ان کے گھروں میں ڈال دیں۔ اللہ کے حکم سے جدائی اور عداوت پیدا ہو جائے گی۔ ان تمام لوگوں میں جن کا نام اس عمل میں شامل ہوگا۔ خاتم یہ ہے۔

اتریوش

روت

۳۰	۱۰۰	۸	۷۴۰
۸۰	۱۰	۲	۴۰
۴۰	۸۰	۱۱	۲۰
و	۷	۸	۲۰

طلسم یہ ہے

N ۷ ۰ ۴۲۲۷ ۸۷۶۴

ع م و ۹ ۹ ع X

صم

صم حہ ۹۹۱

توکلوا یا خدام هذه الاسماء بحل هذا المال المرصوزة المطلسم

19.کسی غائب کو حاضر کرنے کے لئے

اس کے مستعمل کپڑے پر خاتم تحریر کریں اور اس پر قسم ناصور 6 مرتبہ پڑھ کر دم کریں پھر اسے آگ لگا کر جلائیں مگر شعلہ نہ بنے بلکہ سلگتا رہے اور جب تک کپڑا سلگتا رہے آپ یہ توکیل پڑھتے رہیں۔توکیل یہ ہے۔اَجِیْبُوْا فلاں ابن فلاں مِنَ الْبَلَدِ الْفُلَانِیَۃِ اَوْ مِنَ الْمَکَانِ الْفُلَانِ۔اور بخور اس عمل کا لوبان اور تفاح الجان ہے۔

20.کسی زانی کی شہوت باندھنے کے لئے

جب کسی زانی مرد کی شہوت باندھنا چاہیں تو اس مرد کا مستعمل کپڑا لیں۔اور سات عدد سوتی دھاگے کے تار لیں اور ان کو اکٹھا کر کے بٹ لیں یعنی ساتوں کا ایک کرلیں اور اس میں سات گرہیں لگائیں اور ہر گرہ پر سات مرتبہ قسم ناصور تلاوت کریں اور پڑھتے وقت اسے خنزیر کے بالوں کا بخور دیں۔پھر اس دھاگہ کو کسی پرانی قبر میں دفن کر دیں۔پس وہ مربوط ہو جائے گا۔اور کسی بھی عورت کی شرمگاہ تک نہ پہنچ سکے گا۔

21.مرد کے ساتھ عورت محبت کرنے لگے

اگر کسی عورت کو کسی دور مقام سے اپنے پاس بلانا چاہیں تاکہ وہ آپ کی محبت میں بیقرار ہو کر حاضر ہو تو اس کے نام کے اعداد کے مطابق قسم ناصور تلاوت کریں اور ہر مرتبہ ساتھ توکیل بھی تلاوت کریں۔سات راتوں میں مطلوب محبت میں بیقرار ہو کر حاضر ہو گا۔توکیل یہ ہے۔

اَجِیْبُوْا وَهَیِّجُوْا فُلَانَةَ بِنْتِ فُلَانَةِ اِلٰی فُلَانِ بِن فُلَانَةِ

22.کسی ظالم دشمن کو اس کے مکان سے بھگانے کے لئے

دشمن کا مستعمل کپڑا لے کر اس پر مندرجہ ذیل طلسم تحریر کریں اور اسے بخور مندرجہ ذیل دیں۔مُر، مصبر۔موئے سر سگ و خنزیر۔اور پھر اس پر 18 مرتبہ قسم ناصور پڑھ کر دم کریں اور ہر مرتبہ یہ توکیل ساتھ تلاوت کریں۔

"تَوَکَّلُوْا اَیُّهَا الْاَعْوَانُ بِخُرُوْجِ فُلَانِ بِن فُلَانَةِ مِنْ مَکَانِهٖ اَوْ بَلَدِهٖ۔"


پھر اس کپڑے کو کسی جنگلی پرندے کے گلے میں باندھ کر اسے اُڑا دیں پس دشمن حیران و پریشاں ہو کر اپنا گھر چھوڑ جائے گا۔طلسم یہ ہے۔

۱۱ ۲ د۱۱ ط ع مع ۳ ۸ ۸
۸ ۹ ۱ ۱ ۹ ۸ ح و ع ۱۱ ط ۱۴
۴ صہ و صہ ط ۴ ۴ مہ ۹
ع ھم ح ۱۱ک ۲ ۳ ۴ ۲
سو ۵ ۱ ۱ مہ سم سم

تَوَکَّلُوا یَا خُدَّامَ ھٰذِہِ الاَسمَاءِ بِھِجَاجِ فُلانِ ابنِ فُلانَۃِ

23. جب کسی پر مرض مسلط کرنا چاہیں یا بیمار کرنا چاہیں

جب کسی پر بیماری مسلط کرنا چاہیں تو کسی قصائی کے پاس جنبی حالت میں جا کر اس سے مینڈھے کی دُم لیں اور پھر اس پر حالت جب میں ہی مندرجہ ذیل طلسم تحریر کریں اور پھر اسے مُر مصبر اور حنتیت کا بخور دیں پھر اس پر قسم ناصور 14 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اور ہر مرتبہ ساتھ یہ توکیل بھی پڑھیں۔ تَوَکَّلُوا بِسُقمِ فُلاں ابنِ فُلانَۃِ۔ اور ہر مرتبہ ایک سوئی پر دم کر کے وہ سوئی دُم میں چبھو دیا کریں۔ پھر اس دُم کو کسی پرانی قبر میں دفن کر دیں۔ جیسے جیسے دُم خشک ہوتی جائے گی اسی طرح دشمن بیمار ہوتا جائے گا۔ اور سوکھ کر کانٹا بن جائے گا۔ طلسم یہ ہے۔



24. اگر کسی ظالم دشمن کے گھر پر سنگ باری کرانا چاہیں

تو کسی پرانے قبرستان جا کر وہاں سے کسی نامعلوم کی قبروں سے 21 کنکریاں لے آئیں اور ہر ایک کنکری پر 21 مرتبہ قسم ناصور اور اس کے ساتھ ایک مرتبہ یہ توکیل پڑھ کر دم کریں۔ تَوَکَّلُوا بِرَجمِ دَارِ وَتَرمِیھِم فِی الھَوَاءِ اِلٰی جِھَۃِ الدَّارِ فُلاں بن فُلاں۔ اور پڑھتے وقت لوبان ذکر اور مقل ارزق کا بخور روشن کریں۔ ناصور کی خاص شرط کے ساتھ۔ پھر ان کنکریوں کو دشمن کے گھر کا تصور کے اس طرف فضا میں زور سے پھینک دیں۔ بیشک دشمن کے گھر میں سنگ باری شروع ہو جائے گی اور ہوتی رہے گی۔

25. کسی ظالم دشمن پر مارنے والا موکل مسلط کرنا

اگر کسی ظالم پر مارنے والا مسلط کرنا چاہیں تو ایک تانبے کی تختی پر مندرجہ ذیل طلسم کندہ کریں۔ نحس اوقات کا انتخاب کریں۔ قسم ناصور کی خاص شرط پوری کریں اور اس پر قسم ناصور 21 مرتبہ پڑھ کر دم کریں پڑھتے وقت حنتیت اور چھلکا بصل کا بخور دیں۔ پھر اس تختی کو لوہاروں

کی آہرن کے نیچے دفن کر دیں تا کہ لوہار اس پر اپنا کام کرتا رہے یعنی اس آہرن پر ضرب لگتی رہے۔ پس جوں جوں آہرن پر ضرب لگے گی اسی طرح دشمن کو تکلیف پہنچے گی۔ اور اس کی تکلیف میں کبھی افاقہ نہ ہوگا۔ اس بات کی وضاحت بھی ضروری ہے۔ کہ اس دنیا میں مکافات عمل بھی ہوا کرتا ہے۔ اہل دانش کا قول ہے کہ "جیسا کرو گے ویسا بھرو گے" اس قول کو کبھی نہ بھولیں۔ ناجائز کسی کو تنگ نہ کریں۔

٩ ء	١١٥	#۴	مجلش	اصدعوا
٨٨	٢٣ک	٢م	رواش	راش
٧و	اوح	٦١٨	واهش	فلاں
٦ع	١٧م	٨١٦	عطور	ابن فلاں

١م٥٥٩٩ ١١١ ٨

26. اگر کسی کا خون جاری کرنا ہو تو

فَهْماً وَّ مِنْ بَصَرِكَ كَشْفاً وَّمِنْ اَحَاطَتِكَ قِیَاماً وَّ امْنَحْنِی		فہم اور اپنی بینائی سے بصیرت اور اپنی احاطہ علم قدرت سے کھڑا ہونا اور عطا کر مجھے
مِنْكَ بِكَ سِرّاً تَخْضَعُ لَهُ اَعْنَاقُ الْمُتَكَبِّرِیْنَ		اپنی جانب سے اپنی ذات کے ذریعے سے ایسا راز کہ جھک جائیں جس کے لیئے متکبرین کی گردنیں
وَ تَنْقَادُ اِلَیْهِ نُفُوْسُ الْجَبَّارِیْنَ فَلَكَ الْحَمْدُ		اور تابع فرمان ہو جائیں تنقید (ظلم) کرنے والون نفوس۔ پس تیرے لیئے ہی تعریف ہے
یَا رَبِّ عَلٰی كُلِّ بِدَایَةٍ وَّلَكَ الشُّكْرُ عَلٰی كُلِّ نِهَایَةٍ		اے میرے پالنے والے ہر ابتدائی اور انتھائی کام پر تیرے لیئے ہی شکر گزاری ہے
اِنَّكَ اَنْتَ الْغَنِیُّ الْحَمِید		بے شک تو ہی (مال کی طرف سے بے نیاز کر دینے والا۔ اپنے مال کے ذریعے سے) مالدار کر دینے والے تعریف کیئے گئے تصرف حاصل کرنے کے لیئے مندرجہ ذیل کہ معانی پر غور کر کے پڑھو اور کم از کم 20 مرتبہ تکرار کرو
اَللّٰهُمَّ اٰمِنِّی (آ ن م نی)		اے میرے اللہ سُلا مجھ کو

عَلٰی فِرَاشِ رَحْمَتِكَ بِمَنِّكَ (بِ م نِّ كَ)		اپنی رحمت کے بستر پر اپنے احسان کے ساتھ
وَاحْرُسْنِیْ بِحَارِسِ حِفْظِكَ وَصَوْتِكَ		اور اسم حفیظ والی جہت کے ساتھ میری حفاظت فرما
وَرَدِّنِیْ بِرِدَاءِ الْهَیْبَةِ		اور مجھے اوڑھا ہیبت کی چادر
وَاَجْلِسْنِیْ عَلٰی سَرِیْرِ الْعَظَمَةِ		اور مجھے بٹھا عظمت کے تخت پر
مُتَوَّجاً بِتَاجِ الْبَهَاءِ وَاضْرِبْ عَلَیَّ سُرَادِقَاتِ الْحِفْظِ		کہ میں نے خوبصورتی کا تاج پہنا ہو۔اور ڈال دے مجھ پر اپنی حفاظت کے شامیانے
وَانْشُرْ عَلَیَّ لِوَاءَ الْعِزِّ وَیَسِّرْ لِیَ الرِّزْقَ		اور پھیلا دے مجھ پر عزت کا جھنڈا۔اور آسان کردے میرے لیئے رزق کو
وَامْلَأْ بَاطِنِیْ خَشْیَةً وَّرَحْمَةً وَظَاهِرِیْ عَظَمَةً		اور بھر دے میرا باطن خشیت اور رحمت سے۔ اور میرا ظاہر عظمت سے۔
وَهَیْبَةً وَّمَلِّكْنِیْ (ہ ی ب ۃ و م ل ك ن ی)		اور ہیبت سے۔اور میری ملکیت میں دیدے
نَاصِیَةَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ وَّشَیْطَانٍ مَّرِیْدٍ وَاعْصِمْنِیْ		ہر سرکش اور ظالم کی پیشانی اور سرکش شیطان کی اور محفوظ رکھ مجھے
مِنَ الْخَطَاءِ وَالذَّالِ وَاَیِّدْنِیْ (اَ یِّ دْ نِیْ)		غلطی سے اور گستاخی سے اور دستگیری فرما میری
فِی الْقَوْلِ وَالْعَمَلِ		قول عمل میں (تاکہ میرے قول اور عمل میں تضاد نہ رہے)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِكَ		اے اللہ میں آپ سے آپ کی ذات کے حوالے سے سوال کرتا ہوں
وَبِمَا اشْتَمَلَتْ (وَ بِ مَ شْ تَ مَ لَتْ)		اور اس چیز کے واسطے سے جس پر تیری ذات مشتمل ہے
عَلَیْهِ ذَاتُكَ مِمَّا لَا عِلْمَہٗ اَحَدٌ سِوَاكَ		ان چیزوں سے جنہیں تیرے سوا کوئی بھی نہیں جانتا ہے
اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی سَیِّدِنَا محمدِنِ الذَّاتِ الْمُحَمَّدِیَّةِ		درود بھیج ہمارے سردار محمد ﷺ پر یعنی محمدی ذات پر
وَاللَّطِیْفَةِ الْاَحْمَدِیَّةِ		اور احمدی ﷺ لطیفہ پر
شَمْسِ سَمَاءِ الْاَسْرَارِ		جو آفتاب ہیں رازوں کے آسمان کے
وَمَظْهَرِ الْاَنْوَارِ		اور انوار کے مظہر ہیں
وَمَرْكَزِ مَدَارِ الْجَلَالِ		اور مرکز ہیں جلال کے قیام یا گردش کے
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ		اے اللہ میں آپ سے سوال کرتا ہوں
بِسِرِّهٖ لَدَیْكَ		آپ کے اسرار کے ساتھ
وَبِسِرِّكَ لَدَیْهِ۔		اور آپ کا اسرار اسکے پاس (یعنی حدیث شریف کی طرف اشارہ ہے کہ اللہ تبارک تعالی فرماتے ہیں کہ اے بندے تو میرا اور میں تیرا بھید ہوں)
تَامَنْ خَوْفِیْ		امن دیدے میرے خوف کو
وَتَقَبَّلْ عَثْرَتِیْ		اور قبول کر میری انکساری و عاجزی کو

وَ اَذْهِبْ حِرْصِی		اور دفع کر میری حرص
وَ حُزْنِی		اور میرا رنج
وَ کَمِّلْ نَقْصِی		اور پورا کردے (یعنی دور کردے) میرا نقص
وَاجْذِبْنِیْ اِلَیْكَ		اور لے لے (کھینچ لے) مجھے اپنی طرف
وَارْزُقْنِی الْقَنَاعَةَ		اور عطا کر مجھے قناعت
وَلَا تَجْعَلْنِی		اور نہ ڈال
مَفْتُوحًا بِنَفْسِی		مجھے فتنہ نفس
(م ح ج و با) بِحَجْبِی		اور نہ گھیر حجاب کے جس میں اسکی 20 مرتبہ تکرار کرو
وَاکْشِفْ لِیْ عَنْ کُلِّ سِرٍّ مَکْتُوْمٍ۔		اور کھول دے میرے لیئے ہر وہ راز جو پوشیدہ کیا گیا ہو
یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ		اے زندہ۔اے قائم
وَاکْفِنِیْ بِلُطْفٍ تَرْتَاحُ اِلَیْهِ اَرْوَاحُ الْاَوْلِیَاءِ		اور کافی فرما (مجھے) ایسی مہربانی جس سمت اولیاء کی ارواح جاتی ہیں
وَتَنْبَسِطُ لَهٗ نُفُوْسُ السُّعَدَآءِ فَلَكَ الْمَجْدُ الْاَوْسَعُ		اور بسیط ہوجاتے ہیں (جس مہربانی) جس سے بخت آور لوگوں کے نفوس۔پس تیرے لیئے ہی وسعت والی عزت وبزرگی ہے
وَالْمُلْكُ الْاَجْمَعُ		اور جمیع بادشاہت۔
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ		اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

بِکُلِّ اسْمٍ سَبَقَ فِیْ عِلْمِكَ	ہر ایسے علم کے واسطے سے کہ گزری ہو تیرے علم میں یہ بات
اِنَّكَ لَا تَمْنَعُ مِنَ السُّوَالِ	کہ جس سے تو منع نہیں فرمائے گا جس کے واسطے سے سوال کرنے سے
بِهٖ طَالِبًا وَلَا تَرُدُّ مَنْ سَئَلَ بِهٖ خَائِبًا	کسی طالب کو اور آپ رد نہیں فرمائیں گے سوالی کو محروم کرکے
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ	اے اللہ میں آپ سے سوال کرتا ہوں کہ آپ میری حاجت کو پورا فرمائیں
فِیْمَا اُرِیْدُ وَ اَنْ تُصْحِبَنِیْ	اس کام کا جس کا میں ارادہ کرتا ہوں۔اور یہ کہ آپ ساتھ فرمادیں
فِیْ ذَالِكَ بِحُسْنِ الْعَاقِبَةِ	میرے اس معاملے کو اچھے انجام سے
اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا اُرِیْدُ وَلَكَ مَقَالِیْدُ الْاُمُوْرِ	بیشک آپ جانتے ہیں جو میری چاہت ہے۔اور تمام امور کی کنجیاں آپ کے پاس ہی ہیں
وَ اَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر	اور آپ ہر چیز پر قادر ہیں۔اسکی 20 مرتبہ تکرار کرو
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَسَّلُ اِلَیْكَ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	اے اللہ میں آپ سے سوال کرتا ہوں اور اور آپ کی طرف بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو بطور وسیلہ لاتا ہوں
اَنْ تُفِیْضَ (تَفِیْ ض) عَلَیَّ مِنْ مَلَابِسِ بِسِ اَنْوَارِكَ	کہ آپ بہادیں مجھ پر اپنے انوار کے پردوں سے وہ خلعت

مَا یَرُدُّ (مَا۔ یَ رُ دْ دُ)۔		جو ہٹادے
عَنِّی اَبْصَارَ الْاَعْدَآءِ		مجھ سے دشمنوں کی آنکھیں
خَاسِئَةً وَّ اَیْدِیْهِمْ خَاسِرَةً		جو کہ چندھیائی ہوئیں (خلعت کی برکت سے) اور ہاتھ جو خسارے والے ہیں
وَاَنْ تَكْسُوْنِی		اور اس بات کا کہ تو مجھے پہنائے
فِی كُلِّ مَا اُحَاوِلُ بَهْجَةً مِّنْكَ تَرْتَاحُ		ہر اس معاملے کا جس کا میں ارادہ کرتا ہوں
اِلَیْهَا اَرْوَاحُ الْمُدْرِكِیْنَ		جس کی طرف روحیں آپ کی ذات کا درک لگانے والوں کی
وَ تَشْخَصُ لَهَا اَبْصَارُ النَّاظِرِیْنَ		اور دکھائی دیتی ہیں جس کے لیئے دیکھنے والوں کی آنکھیں
وَ تَسِیْرُ بِهَا اَسْرَارُ الْعَارِفِیْنَ		اور سیر کرتے ہیں جس کے ذریعے عارفوں کے راز
اِنَّكَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ		بیشک تو غیب کا جاننے والا ہے
وَ مُعَلِّمُهَا وَ كَاشِفُ الْاَسْرَارِ		اور غیب کی باتیں بتانے والا اور ازاوں کو کھولنے والا ہے
وَ مُفَهِّمُهَا فَلَكَ الْحَمْدُ		اور ان کا سمجھانے والا ہے۔ پس آپ ہی کے لیئے تمام تعریفیں ہیں
وَالْمَدْحُ وَ بِیَدِكَ الْخَیْرُ وَالْفَتْحُ		اور آپ ہی کے دست قدرت میں خیر اور فتح ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی اَنْبِیَائِكَ وَالْمُرْسَلِیْنَ		اے میرے اللہ آپ درود بھیجئے انبیاء و مرسلین پر
وَمَلَائِكَتِكَ الْمُقَرَّبِیْنَ		اور ملائکہ مقربین پر
وَاَوْلِیَائِكَ الصّٰلِحِیْنَ		اور اپنے نیک بندوں پر
وَ عَلٰی اَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِیْنَ		اور جمیع آپ کے اطاعت گزاروں پر
وَبَلِّغْهُمْ سَلَامَنَا		اور پہنچادے ان کو ہمراہ سلام
وَ تَحِیَّتَنَا		اور نیک خواہشات
وَبَلِّغْنَا شَفَاعَتَهُمْ		اور پہنچادے ہمیں ان کی سفارش
بِسُئُوْلِنَا		ہمارے سوال کے ذریعے
وَ اُمْنِیَّتِنَا (وَ اُ مْ نِ یَّ تِنَا)		اور خواہشات کے ذریعے
اَللّٰهُمَّ اِنِّی صَرَفْتُ رَجَآئِی اِلٰی وَجْهِكَ الْكَرِیْمِ		اے میرے اللہ۔ میں نے خرچ کیا اپنی امید پر تیرے معزز چہرے کی طرف
وَ اَحْسَنْتُ ظَنِّی فِی عَفْوِكَ الْعَظِیْمِ		اور اچھا گمان کیا آپ کی عظیم معافی کے بارے میں
فَارْحَمْنِی وَ ارْحَمْ وَالِدَیَّ		پس آپ مجھ پر رحم فرمائیے بمعہ میرے والدین
وَاغْفِرْلِی وَ لِلْمُسْلِمِیْنَ		اور بخش دیجئے۔ اور تمام مسلمانوں کو
وَلَا تَصْرِفْ رَجَائِی عَنْ وَجْهِكَ خَائِبًا		اور نہ پھیریئے میری امید اپنی ذات سے ۔ ناامید کرتے ہوئے
وَلَا تَجْعَلْ حُسْنَ ظَنِّی فِی عَفْوِكَ كَاذِبًا		اور نہ بنا (مجھ کو جلد باز) میرے اچھے گمان کو معافی کے بارے میں جھوٹا
اَللّٰهُمَّ كَیْفَ اَصْدُرُ		اے میرے اللہ کیسے واپس ہو جاؤں

عَنْ بَابِكَ نَجِيَّةً		تیرے دروازے سے اس حال میں
وَ قَدْ (ا م ر ت ن ی) اَمَرْتَنِی		کہ آپ میرے حال سے واقف ہیں
بِدُعَائِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِين		حالانکہ آپ نے حکم دیا مجھ کو اپنی نہایت ہی رحم کردینے والی جہت سے
اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْئَلُكَ اَنْ تَرْحَمَنِی		اے میرے اللہ میں آپ سے سوال کرتا ہوں کہ آپ مجھ پر رحم کیجیے
اِذَا انْقَضٰى اَجَلِی		جب پورا ہو جائے میری موت کا وقت
وَ انْقَطَعَ عَمَلِی		اور ختم ہو جائے میرا عمل
وَلَبِسْتُ كَفَنِی		اور پہنا دیا جائے کفن
وَفَارَقْتُ سَكَنِی		اور جدا ہو جاؤں اپنی دنیاوی رہائش گاہ سے
يَا رَبَّ الْاَرْبَابِ		اے پالنے والوں کے پالنے والے
يَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ		اے اسباب کے پیدا کرنے والے
يَا مُعْتِقَ الرِّقَابِ		اے آزاد کرنے والے گردنوں کے
وَ يَا كَاشِفَ الْعَذَابِ مَسَّنِیَ الضُّرُّ		اور اے کھولنے والے (یہاں پر نکالنے والے) عذاب سے نقصان زدوں کو
وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ		اور بیشک آپ سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الشَّافِی۔ بِسْمِ اللّٰهِ الْكَافِی ۔بِسْمِ اللّٰهِ الْمُعَافِی۔ الم۔ المر۔ کھیٰعص۔ حمعسق۔ طسم۔ طس۔ حم۔ ق۔ ن۔ وَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَ هُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِين۔		
لا اله الا الله۔1000 مرتبہ۔		
یا لطیفُ 129 مرتبہ۔ یا کافیُ 111 مرتبہ۔ یا حلیمُ 88 مرتبہ۔ یا مجیبُ 55 مرتبہ۔ یا سلام 131 مرتبہ۔ یا حفیظ 998 مرتبہ۔		

جو غلام اس کو ورد میں رکھے گا آزاد ہو جائے گا۔

باب نمبر 11

اس باب میں آپ حاضرات ارواح، ارسال ہاتف اور تسخیر ارواح کے صدری اور نایاب اعمال سے واقفیت حاصل کریں گے

1۔ ارسال ہاتف

اگر آپ کسی انسان پر ہاتف بھیجنا چاہیں تا کہ وہ ظاہر کرے عجائبات اور قضا کرے تمہاری حاجت اور اُس انسان کو عاجز اور ذلیل کر کے تمہارے پاس حاضر کرے۔ تو اس مقصد کے حصول کے لیے روزہ رکھیں اس حال میں کہ لباس جگہ پاک وصاف ہو۔ اب نماز عشاء کے بعد خلوت میں داخل ہو کر وہاں دو رکعت نماز نفل ادا کریں کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے ساتھ سورہ الھمزہ اور دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد سورہ فیل تلاوت کریں۔ نفل نماز کے بعد ان اسماء کو ایک ہزار (1000) مرتبہ تلاوت کریں۔

اسماء شریفہ یہ ہیں۔ "کُوشِ۔ کَمُلَمُوشِ۔ اَھیُشِ۔ اَقُشِ۔"

جب ایک سو (100) مرتبہ ان اسماء کو پڑھ چکیں تو پھر سات مرتبہ یہ توکیل تلاوت کریں۔

"تَوَکَّلُوایَا خُدَّامَ ھٰذِہِ الْاَسْمَاءِ وَادْخُلُوا عَلٰی (اس فرد کا نام مع والدہ) فِیْ صِفَتِیْ وَھَیْبَتِیْ وَعَرِّفُوْہُ بِاِسْمِیْ وَکُنْیَتِیْ وَ مَحَلِّیْ وَاَضْرِبُوْہُ وَاَزْعِجُوْہُ وَاَقْلِقُوْہُ حَتّٰی اِنَّہٗ یُصْبِحُ وَیَقْضِیْ حَاجَتِیْ خَاضِعًا ذَلِیْلًا۔

اسی طرح ہر سو کے بعد سات مرتبہ یہ توکیل کو پڑھتے ہوئے ایک ہزار کی تعداد کو پورا کریں۔ عمل پڑھتے وقت اِن اشیاء کا بخور روشن کریں کیوں کہ ہاتف ان کی خوشبو کو پسند کرتا ہے۔ مثلاً لوبان، جاوی، کزبرہ، سندروس وغیرہ۔ اگر آپ کا تصور کامل اور پختہ ہوا، تو صبح ہوتے ہی وہ فرد تمہارے پاس عاجز اور ذلیل ہو کر حاضر ہو جائے گا۔ اگر تصور بھٹکتا رہے تو پھر دوبارہ پختہ تصور سے عمل کو حسب سابق اگلی رات بجالا۔ سات راتوں میں عمل بجالانے سے دلی مراد پوری ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کیوں کہ ان اسماء کے خدام زبردست طاقت ور ہیں۔ مطلوبہ فرد کو آپ کے لیے مرعوب کر کے زبردستی مار پیٹ کر حاضر کر دیں گے۔ اور وہ فرد عاجز ہو کر تمہاری حاجت پوری کرے گا۔ اور ہمیشہ خوف زدہ رہے گا۔ اس عمل کا اصراف سورہ کا فرون ہے۔

2. عملِ ارسالِ ہاتف

ایک خلوت کے مکان میں داخل ہو جائیں اور بعد نماز عشاء رات کو مندرجہ ذیل آیت مبارکہ ایک ہزار مرتبہ 1000 تلاوت کریں اور ہر سینکڑہ کے بعد اکیس مرتبہ یہ توکیل تلاوت کریں۔ بے شک ہاتف تمہاری حاجت قضا کرے گا مطلوب کے جسم پر نشانات ہوں گے ضرب کے اللہ تعالیٰ کے حکم سے۔

ایک ہزار مرتبہ پڑھنے والی آیت شریفہ یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَلَمْ تَرَ اَنَّا اَرْسَلْنَا الشَّیٰطِیْنَ عَلَی الْکٰفِرِیْنَ تَؤُزُّهُمْ اَزًّا۔ اور توکیل یہ ہے جو ہر سینکڑہ کے بعد اکیس مرتبہ پڑھنا ہے۔ تَوَکَّلُوْا یَا خُدَّامَ هٰذِهِ الْاٰیَةِ الشَّرِیْفَةِ وَادْخُلُوْا عَلٰی فلان ابن فلان فِیْ صِفَتِیْ وَهَیْبَتِیْ وَعَرِّفُوْهُ بِاِسْمِیْ وَحِلْیَتِیْ وَاضْرِبُوْهُ بِالدَّبَابِیْسِ وَالْحِرَابِ وَازْعِجُوْهُ وَاَقْلِقُوْهُ حَتّٰی یُصْبِحَ یَقْضِیْ حَاجَتِیْ خَاضِعًا ذَلِیْلًا۔

عمل کی مدت صرف ایک ہفتہ یعنی سات یوم ہے پس بے شک ہاتف آپ کی حاجت قضا کرے گا اور مطلوب کے جسم پر نشانات ہوں گے ضرب کے جیسے آپ چاہیں گے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے ایسا ہی ہوگا۔ بخور اس عمل کا مصطگی، لوبان اور جاوی ہے۔ اور اصراف اس کا سورہ کافرون ہے۔

3. ہاتف ارسال کرنا

جب تم اپنے کسی بھی مقصد کے لیے ہاتف ارسال کرنے کا ارادہ کرو، تو کسی خلوت کے مکان میں داخل ہو کر عشاء کے بعد ایک ہزار (1000) مرتبہ ان اسماء شریفہ کی تلاوت کریں۔ اور ہر سو مرتبہ کے بعد سات مرتبہ خدام کی توکیل تلاوت کریں۔

اسماء شریفہ یہ ہیں۔ "سَلْسَلْ۔ هَکَش۔ لَاشِیْ۔"

اور خدام کی توکیل یہ ہے۔ "تَوَکَّلُوْا یَا خُدَّامَ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ وَادْخُلُوْا علی (نام مع والدہ) فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلَةِ فِیْ صِفَتِیْ وَعَرِّفُوْهُ بِاِسْمِیْ وَمَحَلِّیْ وَاضْرِبُوْهُ وَازْعِجُوْهُ وَاتْعِبُوْهُ حَتّٰی اِنَّهٗ یُصْبِحُ یَاتِیْ اِلَیَّ خَاضِعًا ذَلِیْلًا وَیَقْضِیْ حَاجَتِیْ۔

پس جب تم یہ عمل بجا لاؤ گے تو ضرور ہاتف مطلوبہ فرد پر مسلط ہو کر تمہاری حاجت پوری کرے گا۔ اور اُس فرد کو تمہارے پاس اللہ تعالیٰ کے حکم سے عاجز اور ذلیل کر کے حاضر کر دے گا۔

عمل کا بخور یہ ہے جاوی، لوبان، حنا اور اصرف سورہ الزلزلۃ ہے۔

4. ہاتف کو کسی پر مسلط کر کے کام لینا

جب تو کسی پر ہاتف کو مسلط کر کے کام لینا چاہئے تو خلوت کی پاک وصاف جگہ پر ایک سو (100) مرتبہ پڑھ "اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِیْمَ۔" اور پھر حضور نبی کریم ﷺ پر ایک سو (100) مرتبہ درود پڑھ، پھر خالص اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے دو رکعت نماز نفل ادا کر۔ پھر ایک سو (100) مرتبہ سورہ الھمزۃ پڑھ اور ایک تمثیل ضارب کی بنا جیسے تو چاہتا ہے اور خدام کو مسلط کر اس فرد پر جس سے کوئی غرض ہے۔ پس ہاتف تمہاری مرضی کے مطابق اُس فرد پر مسلط ہو جائے گا اور اُسے تمہارے پاس حاضر کر دے گا۔ اس عمل کا بخور لوبان، مقل ارزق، جاوی اور کزبرہ خشک ہے۔ ہاتف کا یہ عمل مخفی اسرار میں سے ایک ہے۔

5. کسی جابر ظالم پر ہاتف بھیجنا

جب کسی جابر ظالم پر ہاتف بھیجنے کا ارادہ کریں تو جمعرات کو روزہ رکھیں۔ اور افطار کریں انگور، کشمش، انجیر وغیرہ سے اور ایسی چیز سے افطار نہ کریں جو ذی رُوح سے نکلی ہو۔ مثلاً گوشت، انڈہ، مچھلی وغیرہ پھر بعد از نماز عشاء پاک وصاف خلوت کی جگہ میں پاکیزہ و معطر سفید لباس زیب تن کر کے دو رکعت نماز نفل ادا کریں کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ کافرون اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص تلاوت کریں۔ بعد نمازِ نفل ایک ہزار (1000) مرتبہ مندرجہ ذیل اسماء کی تلاوت کریں۔

اسماء شریفہ یہ ہیں۔ "یَا سَطِیْعُ النُّوْرِ اَنْتَ الَّذِیْ وَضَعْتَ الْمَذَلَّۃَ فِیْ قُلُوْبِ الْجَبَابِرَۃِ بِاسْطِیْعُ۔"

مگر ہر سو مرتبہ کے بعد سات مرتبہ یہ توکیل تلاوت کریں۔ "تَوَكَّلُوْا یَا خُدَّامَ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ الشَّرِیْفَۃِ وَادْخُلُوْا عَلٰی (نام فرد مع والدہ) فِیْ صِفَتِیْ وَهَیْبَتِیْ وَعَرِّفُوْهُ بِاِسْمِیْ وَخُلُقِیْ وَضَرِّبُوْهُ وَازْعِجُوْهُ وَاَقْلِقُوْهُ حَتّٰی اِنَّهٗ یُصْبِحُ وَیَقْضِیْ حَاجَتِیْ خَاضِعًا ذَلِیْلًا۔"

جب تم ایسا کرو گے تو خدام اس اسم شریفہ کے اُس فرد پر مسلط ہو جائیں گے۔ اور اُسے کہیں گے کہ ہمیں قسم ہے حق کی جس نے بھیجا ہے ہم کو تیری طرف اگر نہ پوری کرے گا تو حاجت (فلاں بن فلاں) کی تو لوٹیں ہم تیری طرف اور غائب کریں گے ہم تجھ کو اس دنیا سے۔

پس تحقیق وہ صبح ہوتے ہی آئے گا تمہارے پاس عاجز و ذلیل ہو کر اور تمہاری حاجت پوری کرے گا۔ اس عمل کا بخور لوبان، جاوی، مصطگی ہے۔ اور اصراف سورہ الجمعہ آخری رکوع ہے

6. کسی بھی غرض سے طاقتور ہاتف بھیجنا

سوموار کی رات کو خلوت کی پاک صاف جگہ پاکیزہ لباس سے لوبان اور جاوی کا بخور روشن کر کے مندرجہ ذیل عمل کو ایک ہزار مرتبہ تلاوت کریں۔ اور جس فرد پر ہاتف بھیجنا چاہیں اُس کا پختہ تصور رکھیں۔ اور جو مقصد ہو وہ بھی ذہن میں رکھیں۔ انشاء اللہ ہاتف تمہاری مرضی کے مطابق اُس فرد پر مسلط ہو کر اُسے فرمانبردار کر کے تمہارے پاس حاضر کر دے گا۔ عمل یہ ہے۔

"اَنُوْخٍ۔ شَنْشُوْخٍ۔ نُوْخٍ۔ اَجِبْ یَا اَبَا نُوْخٍ وَاَرْسِلْ خَادِمًا مِنْ اَعْوَانِكَ اِلٰی (نام فرد مع والدہ اور مقصد) اَلْوَحَا یَا اَبَا نُوْخٍ وَعَجِّلْ بِقَضَاءِ حَاجَتِیْ بِحَقِّ اِسْمِ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ اِنَّ اللّٰهَ مُنَزِّلُ الْبَرَكَاتِ وَمُبْدِئُ الْحَرَكَاتِ اَلْوَحَا یَا اَبَا نُوْخٍ وَوَكِّلْ اَعْوَانَكَ بِقَضَاءِ حَاجَتِیْ اَلْوَحَا الْعَجَلُ السَّاعَۃَ۔"

7. سورہ فیل کے ذریعے ہاتف بھیجنا

اگر آپ سورہ فیل کے ذریعے ہاتف بھیجنا چاہیں تو عشاء کے بعد خلوت کی جگہ دو رکعت نماز نفل ادا کریں۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ فیل کی تلاوت کریں۔ بعد از نماز نفل ایک سو ایک مرتبہ سورہ فیل کی تلاوت کریں۔ ہر عشرہ کے بعد سات مرتبہ یہ توکیل تلاوت کریں۔

"وَاذْهَبُوْا اِلٰی (مقصد) فِیْ صِفَتِیْ وَهَیْبَتِیْ وَمِثَالِیْ وَهِیَ سُوْرَۃُ الْفِیْلِ وَافْزِعُوْا عَلَیْهِ بِجَمِیْعِ السِّلَاحِ وَالْقَتْلِ وَكُلَّمَا تَفْزَعُوْا عَلَیْهِ وَتَقُوْلُوْا لَهٗ (نام فرد مع والدہ) اِقْضِیْ حَاجَتَہٗ وَهِیَ (مقصد) بِحَقِّ سُوْرَۃِ الْفِیْلِ۔ اَلْوَحَا۔ اَلْعَجَلُ۔ السَّاعَۃَ۔"

بخور اس عمل کا لوبان اور کزبرہ خشک ہے۔ ناجائز کسی انسان کو تنگ نہ کیا جائے۔ یہ اعمال تیر بہدف ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہیں۔

8. سورہ الناس کے ذریعے ہاتف بھیجنا

اگر سورہ الناس کے ذریعے ہاتف بھیجنا چاہیں تو خلوت کی جگہ بعد از نماز عشاء ایک ہزار (1000) مرتبہ سورہ الناس کی تلاوت کریں۔ اور ہر سو مرتبہ کے بعد یہ توکیل اکیس مرتبہ تلاوت کریں۔ توکیل یہ ہے۔ "تَوَکَّلْ یَا وَسْوَاسُ وَیَا خَنَّاسُ وَیَا خُدَّامَ السُّوْرَۃِ النَّاسِ اِذْھَبُوْا اِلٰی (نام فرد مع والدہ) فِیْ صِفَتِیْ وَ اَخْبِرُوْہُ بِخَبَرِیْ وَحُلْیَتِیْ وَاْمُرُوْہُ اَنْ یَّقْضِیْ حَاجَتِیْ وَھِیَ (مقصد)۔

یہ عمل اُس وقت کیا جاتا ہے جب کوئی فرد قرض لے کر واپس نہ کر رہا ہو۔ یا کسی کے پاس کوئی چیز امانت رکھی گئی ہو اور وہ واپس نہ کر رہا ہو۔ یا اگر کسی سے کوئی چیز لینا مقصود ہو تو بھی ہاتف اُس فرد کو عاجز کر کے آپ کے پاس حاضر کر دے گا۔

اگر کسی کو اپنی جائز محبت میں گرفتار کر کے بلانا مقصود ہو تو اس مقصد کے لیے توکیل خدام یہ ہوگی۔ "تَوَکَّلْ یَا وَسْوَاسُ وَیَا خَنَّاسُ وَادْخُلُوْا عَلَیْہِ فِیْ صِفَتِیْ وَحُلْیَتِیْ وَافْزَعُوْا عَلَیْہِ بِالسُّیُوْفِ وَالْخَنَاجِرِ وَھَیِّجُوْہُ بِمُحَبَّتِیْ حَتّٰی تَاتِیَ اِلَیَّ (نام فرد مع والدہ) خَاضِعًا ذَلِیْلًا حِیْنَکَ تَقْضِیْ مِنْ ثَلَاثِ لَیَالٍ یَبْلُغَ الْمُرَادَ۔

9. ہاتف سے ہر قسم کی خبر حاصل کرنا

اگر آپ کسی بھی طرح کی خفیہ معلومات یا دُور دراز کی کوئی خبر حاصل کرنا چاہیں تو پاک وصاف خلوت کی جگہ پاکیزہ لباس سے دو رکعت نماز نفل ادا کریں۔

پھر "سَلَامٌ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ" آٹھ سو (800) مرتبہ تلاوت کریں۔ پھر اس کے بعد "اَللّٰھُمَّ یَا سَاطِعَ النُّوْرِ الَّذِیْ وَضَعَ الْمَذِلَّۃَ عَلٰی رِقَابِ الْجَبَابِرَۃِ فَلَا تَسْتَطِیْعُوْنَ رَفْعَ رُؤُوْسِھِمْ مِنْ خَوْفِ سَطْوَتِہٖ۔" کو ایک سو پچانوے (195) مرتبہ تلاوت کریں۔ پس ہاتف تمہارے پاس حاضر ہوگا اور تجھے خبر دے گا جو کچھ تمہارے دل میں ہے۔ خواب یا بیداری میں کیونکہ یہ ہاتف خبروں کے لیے ہی چلتا ہے۔ بخور اس عمل کا لوبان ہے۔

10. ارسال ہاتف کا ایک اور عمل

جب کسی کی طرف ہاتف بھیجنا چاہیں تو خلوت کی جگہ سورۃ والضحیٰ ستر (70) مرتبہ تلاوت کریں۔ اور پھر مندرجہ ذیل اسمائے شریفہ کو تین سو (300) مرتبہ تلاوت کریں۔ اسمائے شریفہ یہ ہیں۔ "یَا حَمِیْثَا۔ یَا شَھِیْثَا۔ یَا شَھِیْشَا۔" پھر "یَا مَصُوْرُ" تین سو چھتیس (336) مرتبہ تلاوت کریں پھر "اَللّٰھُمَّ سَلِّطْ صُوْرَتِیْ وَھَیْبَتِیْ عَلٰی (نام فرد مع والدہ اور مقصد) حَتّٰی یَاتِیَ بِالْمُحَبَّۃِ الْاَئِمَۃِ بِدَوَامِ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ اَنْتَ مُقَلِّبُ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ۔ ستر (70) مرتبہ تلاوت کریں۔ پس ہاتف اُس فرد کو آپ کی محبت میں بے قرار کر کے آپ کے پاس حاضر کر دے گا۔

کسی دشمن پر ہاتف بشکل چیتا بھیجنا

ہاتف کے اس عمل کے قوی ترین اثرات ہیں اور خوب کام کرتا ہے۔ جب کسی پر ہاتف ارسال کرنے کا ارادہ ہو تو سات یوم ریاضت کریں۔ اور ریاضت کی ابتدا اتوار کی رات سے کریں۔ ہر رات دعوت کو ستر (70) مرتبہ تلاوت کریں اور ریاضت شروع کرنے سے قبل ایک سوتی کپڑا سفید لے کر اور اُسے چار تہوں میں کر لیں اور اس پر سورہ عادیات الگ الگ حرفوں میں لکھیں۔ اور ایک نئی انگیٹھی اپنے پاس رکھ لیں۔ اور اُس انگیٹھی میں انگور کی بیل کے کوئلے ہوں اس عمل کا بخور سرخ صندل انگیٹھی میں ڈال کر عمل کی ریاضت شروع کریں۔ اور اپنا ارادہ پختہ کریں۔ اس لیے کہ یہ بہت زیادہ مددگار ہے۔ ہاتف کے حاضر ہونے کی علامت یہ ہے کہ انگیٹھی گھومنے لگے گی۔ جس وقت وہ حرکت کرے۔ اس کے اوپر لکھے ہوئے کپڑے کو رکھ دیں۔ اور اپنے مقصد اور ارادے پر کامل یقین رکھیں۔ اور جان لیں کہ پہلی علامت ریاضت کے بعد تمہارے لیے زرد رنگ کا دھواں ستون کی شکل میں ظاہر ہوگا۔ زمین سے آسمان کی طرف اور تیرے مکان میں زلزلہ آئے گا۔ اور اس کے بعد تو نہیں دیکھے گا کبھی ایسی حرکت لیکن انگیٹھی حرکت کرے گی۔ اور وہ جواب کی جلدی کے لیے تصرف کرے گا۔ پس جونہی انگیٹھی میں حرکت پیدا ہو تو اپنے مقصد کا اظہار کریں۔ ہاتف مطلوبہ فرد پر مسلط ہو جائے گا۔ بخار کی شکل میں یا زخم پیدا

کردے گا اُس کے جسم پر یا بیمار کردے گا۔ یا ہلاک کردے گا۔ مگر جیسا تمہارا ارادہ ہوگا ہاتف ویسا ہی کرے گا۔ یہی اس کا تصرف ہے۔ دعوت یہ ہے۔

سَرِیعُ۔ رَفِیعُ۔ مَنِیعُ۔ بِخَلَقشِ۔ اَیکَمُوشِ۔ اَسَغطِ۔ رَغمِیَاخِ۔ اَجِب یَاَنمُورُ وَتَوکَّلُ (بکذا) دِیمُوجِ۔ اَنزِلُوا یَامَلَائِکَۃُ الغَضَبِ عَلٰی مَن عَصَی اللّٰہَ وَمَن یُّشرِکُ بِاللّٰہِ فَکَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَاءِ فَتَخطَفُہُ الطَّیرُ اَوتَہوِی بِہِ الرِّیحُ فِی مَکَانٍ سَحِیقٍ اَجِب یَاَنمُورُ وَتَوکَّلُ (کذا)۔

تسخیر سرموط التمساح بصورت مگرمچھ

جب سرموط کی حاضری کا ارادہ ہو تو ایک نیا گھڑا لے کر اُسے کنوئیں کے پانی سے بھر لیں۔ اور عمل منگل یا ہفتہ کی رات کو شروع کیا جائے۔ خلوت کی جگہ عمل روزانہ ایک ہزار تین سو پچپن (1355) مرتبہ پڑھا جائے۔ اور مسلسل اکیس (21) یوم تک پڑھا جائے۔ روزانہ گھڑے میں دیکھتے ہوئے۔ ایک ہفتہ جب عمل پڑھتے ہوئے گزرے گا تو آپ کو گھڑے کے اندر پانی میں ایک بالشت کے برابر یا اس کے کم وبیش ایک مگرمچھ دکھائی دے گا۔ اور وہ انسانی آواز میں باتیں کرے گا۔ مگر اس سے بات نہ کریں۔ یہاں تک کہ وہ پیٹھ پھیرے یعنی اپنی پیٹھ پر پھر جائے۔ تب اُس سے بات چیت کی جاسکتی ہے۔ مگر اب بھی وہ خوف ناک باتیں کرے گا۔ مگر آپ کسی قسم کا ڈر نہ رکھیں اور نہ کسی طرح کا خوف کھائیں۔ یہاں تک کہ وہ تجھے اپنی انگوٹھی دکھائے گا۔ ضروری ہے کہ آپ گھڑے کے منہ کے کنارے پر چار موم بتیاں روزانہ روشن کرکے عمل تلاوت کریں۔ سرموط جب عہد اطاعت کرتا ہے تب موم پر اپنی انگوٹھی سے مہر لگاتا ہے۔ جب وہ موم پر اپنی انگوٹھی سے مہر لگادے تب اُسے انگوٹھی واپس کردیں۔ جب وہ پیٹھ پھرے تب اُس سے بات کریں۔ جب سامنے منہ کرکے بات کرے تب بالکل بات نہ کریں۔ تیسرے ہفتے کے آخر میں مکمل تسخیر ہوجائے گا۔ اور عہد دے گا۔ سرموط مسخر ہونے کے بعد لوگوں پر بیماری مسلط کرنے، ظالموں کو سزا دینے، خون جاری کرنے۔ ظالم کو ہلاک کرنے، دشمنان کو تباہ کرنے۔ لوگوں میں جدائی ڈالنے

محبوب کو محبت میں بے قرار کرکے حاضر کرنے، اور دیگر ایسے کاموں میں تمہاری مدد کرے گا جو تم چاہو گے۔ مگر اللہ کا خوف تمہارے دِل میں رہے کہ ناجائز کسی پر ظلم نہ کریں۔ سرموط کو تسخیر اور حاضر کرکے کام لینے والی عزیمت یہ ہے۔

"کَلَامِی اِلَی سَرمُوطِ الجَارِی البَاطِشِ۔ یَومَ نَبطِشُ البَطشَۃَ الکُبرٰی المُنتَقِمُونَ۔ یَاسَرمُوطُ۔ بِحَقِّ آلِ عَالِ۔ وَصَهیَالِ۔ جِیطَالِ۔ هَلشَالِ۔ هُوطَالِ۔ غَلِیطَالِ۔ هُومَثَالِ۔ هُوطَشَالِ۔ هُوطَالِ۔ مُشرُوشِ۔ هَیهیَالِ۔ عَلطَاهُوۂ۔ هِینَۃُ الفِیَا مُشلُولِ۔ عَطشیَا فِشِ۔ لُوکَ لَوکَ هَشمَالِ۔ آکَ کَلکِیَالِ۔ هُوطِیَالِ۔ شَلمَاطِیلِ۔ عَزمَایَائِیلِ۔ شَرهَانِیَائِیلِ۔ کَمیَائِیلِ۔ مُونِیَالِ۔ شَلشَلَالِ۔ یَنصَلَاهِیَۃ۔ هَیصَلَا مَنشُولِ۔ یَا سَرمُوطُ التِّمسَاحُ اَجِیبُوا وَاُحضُرُوا۔ اَلوَحَا۔ اَلعَجَلَ۔ اَلسَّاعَۃُ۔"

رُوحانیات سے چیزیں منگوانا

اس مقصد کے لیے مختلف رُوحانیات سے کام لیا جاتا ہے۔ جس روحانیات کی تسخیر کی جاتی ہے وہ آپ کو مختلف چیزیں لاکر دیتی ہے۔ مگر ان اعمال میں کامیابی کے لیے روزہ رکھنا۔ خلوت اختیار کرنا۔ ریاضت کرنا۔ اور مسلسل عمل کو جاری رکھنا ضروری ہے ایسے اعمال کرامات سے تعلق رکھتے ہیں اور ایسے اعمال میں ہر آدمی کامیابی حاصل نہیں کرسکتا۔ ایسے اعمال میں کلی کامیابی حاصل کرنے کے لیے سب سے پہلے کسی عامل کامل کی باقاعدہ شاگردی اختیار کریں۔ اور پیرومرشد سے بیعت کریں۔ تب کامیابی یقینی ہوگی۔ بصورتِ دیگر وقت ضائع کریں گے۔

دستِ غیب حاصل کرنے کے لیے

دستِ غیب کے حصول کے لیے مندرجہ ذیل اسماء کو روزانہ ہر نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ سات یوم تک تلاوت کریں۔ ساتواں دن اتوار کا دن ہونا چاہئے۔ ساتویں یوم عشاء کے بعد ان اسماء کو کثرت کے ساتھ تلاوت کریں۔ اور لوبان کا بخور روشن کریں۔ ان اسماء شریفہ کا خادم حاضر ہوگا۔ جب خادم حاضر ہوجائے تو اُس سے دستِ غیب کا عہد لیں۔ پس وہ سکہ رائج الوقت

کچھ تعداد میں روزانہ لا کر دے گا۔ روزانہ پڑھنے والے اسماء یہ ہیں۔

"کیکموش۔ شراھیا۔ خوشلخ۔ سیطروب وَنُوخ وَبیرُود۔ یا برارش۔ سخرلی یعقوب الازرق یخدمنی فی الخطف۔"

کسی دوسرے کی جیب سے روپے کھینچ لینا

مندرجہ ذیل اسماء کو سات روز تک ہر نماز کے بعد نوسو (900) مرتبہ تلاوت کریں۔ عمل کی ابتدا نوچندے منگل سے کریں۔ خلوت کی جگہ عمل کی ریاضت کی جائے۔ اور آخری یوم عشاء کے بعد ان اسماء کو پانچ ہزار (5000) مرتبہ تلاوت کریں۔ اور بخور قسط اور کستوری کا روشن کریں پس ان اسماء کا خادم حاضر ہوگا اور تجھے ایک درم سونے کا عطا کرے گا۔ جس کسی چیز کو اپنی طرف کھینچنا ہو پس اُس درم کو ہلا اور اسماء کو ایک مرتبہ پڑھ اور تصور کر پس وہ چیز تمہاری جیب میں آجائے گی۔ پڑھنے والے اسماء شریفہ یہ ہیں۔

"سیطروش۔ خوشلخ۔ اَتب اکث۔ لوطاء۔ بنود۔ فرشموش۔"

سونا چاندی اور قیمتی چیزوں کو اُچک لینا

سونے کے ایک سکے پر ایک طرف "شاھوت" اور دوسری طرف "غدوت" اور اپنے داہنے ہاتھ میں اس سکے کو رکھ اور پھر اس پر پڑھ "وَکَذٰلِکَ نُرِیْ اِبْرٰھِیْمَ مَلَکُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِیَکُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِیْنَ" (سورۃ الانعام آیت نمبر 76) ایک لاکھ مرتبہ چالیس یوم میں یعنی روزانہ تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ ایک وقت مقرر پر پڑھا جائے۔ عمل یکم محرم کو شروع کیا جائے۔ اور دوران ریاضت بخور (اگر کی سیاہ لکڑی) کا روشن کریں۔ آخری یوم ایک سونے کا دینا غیب سے ملے گا۔ پس یہ دینا اور سونے کا وہ سکہ جس پر عمل پڑھا ہے دونوں کو اپنے پاس محفوظ رکھ۔ جب ضرورت ہو کسی قیمتی چیز کو اُچک لینے کی اُس چیز کی طرف اشارہ کریں اور آیت کو سات مرتبہ پڑھ اور ایک مرتبہ پڑھ "یاشاھوت یا غدوت" پس وہ چیز تمہاری جیب میں آجائے گی۔

بخیل اور کنجوس آدمی کے مال کو اپنی طرف کھینچ لینا

ایک سونے کا سکہ لے کر اُس کے ایک طرف "برفاس" اور دوسری طرف "شرموش" کندہ کریں۔ پھر اُس پر عزیمت دھروشیہ روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر دم کر دیا کریں۔ اور اکیس یوم تک مسلسل ریاضت کریں۔ ریاضت کے دوران لوبان کا بخور روشن رہے۔ ریاضت مکمل ہونے پر سونے کے سکہ میں ایسی طاقت پیدا ہو جائے گی کہ جب بھی سکے پر سات مرتبہ عزیمت دھروشیہ پڑھ کر دم کریں اور آخر میں ایک مرتبہ "جلبِ مالُ زر یابرفاس یاشرموش" تلاوت کریں۔ اور اُس کا دل میں تصور کریں۔ پس وہ چیز آپ کے پاس ہوگی۔

عفاریت کے ذریعے کوئی چیز اُچک لینا

مندرجہ ذیل عزیمت ہر نماز کے بعد پانچ سو (500) مرتبہ تلاوت کریں اور چالیس یوم تک مسلسل ریاضت کو جاری رکھیں۔ عمل کے دوران بخور (اگر کی سیاہ لکڑی) اور لوبان کا روشن کریں۔ چالیسویں یا اکتالیسویں روز اس عمل کی عفاریت تمہارے سامنے حاضر ہوگی۔ پس اُس سے چیزیں اُچک لینے کا عہد لیں۔ جب ضرورت جو سات مرتبہ عزیمت پڑھ اور اپنا مقصد عفاریت کو بتا دے جو چیز چاہیں گے تمہارے لیے عفاریت وہی چیز اُچک لائے گی۔ عزیمت یہ ہے۔

"یَامَیْمُوْنُ الْاَسْوَدُ وَیَامَیْمُوْنُ الطَّیَّارُ وَیَا مَیْمُوْنَ الْاَزْرَقُ اِعْمَلُوْا اَیُّھَا الْعَفَارِیْتُ یَخْطَفُ (مقصد) بِحَقِّ نوہ نموہ۔ نموشلخ وعبرودو طیفوغ۔ یابریھا و مسلقیم سَخِّرْلِیْ ھٰذِہِ الْمُلُوْکَ۔"

دفن شدہ جادو اور تعویذات کی جگہ معلوم کرنا

جب کسی جگہ جادو تعویذات دفن ہوں اور آپ نکالنے کا ارادہ کریں تو ان آیات کو ایک تانبے کے کٹورے پر لکھیں اور اُس میں پانی ڈال دیں اور اوپر صاف رُومال رکھ دیں۔ اور پھر سات مرتبہ اُس پر مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر دم کر دیں۔ پس وہ تانبے کا کٹورا چلنا شروع

ہو جائے گا اور اُس جگہ پانی گرا دے گا جہاں جادو تعویذات دفن ہوں گے۔ اگر وہاں جادو نہ ہوگا تو واپس ہوگا اور پانی انڈیل دے گا۔ کٹورا میں لکھنے والی آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَيٰقَوْمَنَا اَجِيْبُوْا دَاعِىَ اللّٰهِ تا مُّبِيْن۔ تک پھر يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا پھر اِذْ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ رَبِّ اَرِنِىْ كَيْفَ تُحْىِ الْمَوْتٰى سے سَعْيًا۔ تک

اور عزیمت پڑھنے والی یہ ہے۔ "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ وَ مِنَ اللّٰهِ وَلَا غَالِبَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ اَيُّهَا الْاَرْوَاحُ الرُّوْحَانِيَةُ وَالْمُلُوْكُ الْاَرْضِيَةُ الطَّاهِرَةُ بِحَقِّ اللّٰهِ وَ بِقُدْرَةِ قُدْرَةِ اللّٰهِ وَبِعَظْمَةِ عَظْمَةِ اللّٰهِ وَ بِسُلْطَانِ اللّٰهِ وَبِعِزِّ عِزِّ اللّٰهِ وَبِنُوْرِ وَجْهِ اللّٰهِ وَبِمَا جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدٌ خَيْرُ خَلْقِ اللّٰهِ وَ اِبْنِ عَبْدِ اللّٰهِ تَبَارَكَ اِسْمُ اللّٰهِ وَجَلَّ ثَنَاؤُهٗ وَجَلَّتْ قُدْرَتُهٗ۔

سحر جادو تعویذات کو حاضر کرنا

جب سحر جادو تعویذات کو حاضر کرنا مطلوب ہو تو ایک سفید تانبے کی چھوٹی دیگ لے کر اُس کے باہر اوپر کی طرف اٹھائیس اضمار الحروف لکھ اور اندر گلے کے یہ آیت تحریر کریں۔

"وَلَوْ تَرٰى اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ" (سورہ سبا، آیت نمبر 51)

پھر سفید نیا کپڑا لے کر اُس دیگ کے منہ پر اُس کی گردن تک باندھ دیں۔ اور لوبان کا بخور روشن کریں۔ پھر مندرجہ ذیل دعوت تلاوت کریں یہاں تک کہ تو سُنے گا دیگ سے باریک سی آواز پس جب آواز سنائی دے تو سفید کپڑے کو کھول دیں پس سحر جادو تعویذات سب کو دیگ کے اندر حاضر پائے گا۔ سحر جادو تعویذات کی حاضری کا یہ عمل نایاب ترین اعمال میں سے ایک ہے۔ ہمیں بڑی کوشش ومحنت سے حاصل ہوا ہے۔ اس دعوت کو عاملین وکاملین دعوۃ الاحراق اور جامعۃ القبائل الجنات کے نام سے جانتے ہیں۔ پڑھنے والی دعوت یہ ہے۔

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَىَّ وَاْتُوْنِىْ مُسْلِمِيْنَ مُسْرِعِيْنَ طَائِعِيْنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ عَزِيْمَةٌ مِنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ اِلٰى كُلِّ جَانٍّ وَجِنِّيَّةٍ وَشَيْطَانِيَةٍ وَمَارِدٍ وَمَارِدَةٍ وَغِيْلٍ وَغِيْلَانِيَّةٍ مِنَ الدَّنَاهِشَةِ وَالْاَبَالِيْسِ وَالْقَطَاطِلَةِ وَالزَّوَابِعِ وَالْعَفَارِيْتِ وَالسَّحَالِنَةِ وَالْخَوَاطِفِ وَالْمُسْتَرِقِيْنَ لِلسَّمْعِ مِنَ السَّمَاءِ وَالنَّوَاصِيْنَ تَحْتَ الثَّرٰى صَغِيْرِكُمْ وَكَبِيْرِكُمْ وَحُرِّكُمْ وَعَبْدِكُمْ وَذُكُوْرِكُمْ وَاِنَاثِكُمْ وَصَحِيْحِكُمْ وَاَعْمَامِكُمْ وَبَصِيْرِكُمْ وَسُكَّانِ الْبَوَادِىْ وَالْقِفَارِ وَالْكُهُوْفِ وَالتُّلُوْكِ وَرُؤُسِ الْجِبَالِ وَمَنْ كَانَ اَعْجَمِيًّا اَوْ عَرَبِيًّا اِلَّا مَا جِئْتُمْ وَاَسْرَعْتُمْ اِلٰى مَجْلِسِىْ هٰذِهِ السَّاعَةَ وَحَلَلْتُمْ هٰذَا الظَّالِمَ الْمُتَمَرِّدَ وَعَلٰى هٰذَا الْاٰدَمِىِّ وَاَخْبَرْتُمُوْنِىْ بِاسْمِهٖ وَشَانِهٖ وَرَهْطِهٖ وَمَذْهَبِهٖ وَمِنْ اَىِّ الْاَجْنَاسِ وَالْحَاكِمِ عَلَيْهِ فَاِنَّ لَنَا وَلَكُمْ عَنِ الْحَقِّ سِعَةً اَعْزِمُ عَلَيْكُمْ يَا هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ سَمَّيْتُ مِنْهُمْ وَمَنْ لَّمْ اُسَمِّهٖ فِىْ عَزِيْمَتِىْ هٰذِهٖ بِحَقِّ الْاِسْمِ الَّذِىْ يَنْطِقُ بِهٖ رَبُّنَا فِىْ سَمَاءِ الْغُيُوْبِ عَلٰى بُرُوْجِ السَّمَاءِ وَمُبْتَدَأً خَلْقَ الْاَرْضِ فِىْ لُجَجِ الْبِحَارِ وَاَذْعَنَتْ لَهُ الْمَلَائِكَةُ فَخَرُّوْا وَاللّٰهِ سَاجِدِيْنَ وَبِاَوَّلِ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَ بِهَا الرَّبُّ عَزَّوَجَلَّ وَقَهَرَبِهَا خَلْقَهٗ حِيْنَ اِسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ وَحَمِدَ نَفْسَهٗ بِنَفْسِهٖ قَبْلَ خَلْقِ الْخَلْقِ وَقَالَ لِكُلِّ شَىْءٍ خَلَقَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ وَاَحَاطَ بِكُلِّ شَىْءٍ عِلْمًا وَقُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا اَعْزِمُ عَلَيْكُمْ بِالْاِسْمِ الَّذِىْ تَزَلْزَلَتْ بِهِ الْاَقْدَامُ وَتَدَكْدَكَتْ بِهِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَارْتَفَعَتْ بِهٖ وَمِنْهُ الْاَجْسَادُ وَخَرِسَتْ مِنْهُ الْاَلْسُنُ وَاقْشَعَرَّتْ مِنْهُ الْجُلُوْدُ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ وُجُوْهُ الْخَلَائِقِ لِعَظَمَتِهٖ وَخَضَعَتْ رِقَابُ الْجَبَابِرَةِ وَخَرَّتِ الْجِبَالُ الصِّلَابُ لِهَيْبَتِهٖ وَاَقَرَّتْ جَمِيْعُ الْخَلَائِقِ بِرُبُوْبِيَّتِهٖ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا۔ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَعَاشِرَ الْجِنِّ وَالشَّيَاطِيْنِ وَالْاَعْوَانِ اَوَّلِكُمْ وَاٰخِرِكُمْ تَحْضُرُوْنَ السَّاعَةَ وَتَتَوَكَّلُوْا بِهٰذَا الْعَاصِىِّ الْمُتَمَرِّدِ اَيْنَ مَيْمُوْنُ الْفَحَّاصُ اَيْنَ اَبُوالْوَلِيْدِ صَاحِبُ الْعَذَابِ اَيْنَ يَخِيْلِيْتُ السَّيْفُ اَيْنَ بِخَلْقِ النَّصْرَانِىِّ السَّحَابِىِّ السَّيْفِ فَقَرْقَرُوْا كَتِّفُوْهُ وَاَوْثِقُوْهُ وَاَعْلِمُوْهُ بِحَقِّ الْاَسْمَاءِ الْعَظِيْمَةِ خُذُوْهُ بِحَقِّ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ عِبَادَهٗ

لصّالِحِین آمین یا رَبّ العَالمِین۔

تَقَدَّمْ یَا مُذْھِبُ اِلٰی بَسَدْطِی ھٰذَا وَ اَنْتَ یَا مُرَّۃُ وَاَنْتَ یَا مَیْمُوْنُ وَاَنْتَ یَا ذَشْھَشِ وَاَنْتَ یَا مَھْیَا کَلِ اَنْتُمْ وَخُدّامُکُمْ وَاَعْوَانُکُمْ فَاِذْ اَبَیْتُمْ وَعَصَیْتُمْ رُجِمْتُمْ بِشِھَابٍ ثَاقِبٍ وَشِھَابٍ مُّبِیْنٍ وَاَجِیْبُوْا بَارَکَ اللّٰہِ فِیْکُمْ وَاَعِیْنُوْنِیْ عَلٰی ھٰذَا الْمُتَمَرِّدِ عَلَی اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ وَ اقْنَعُوْھُمْ اِنَّھُمْ مَسْئُوْلُوْنَ۔

جنات کو حاضر کرنے کے لیے

جب کسی فرد پر جنات کے اثرات ہوں۔اور طرح طرح کی امراض میں مبتلا رہتا ہو، اور جنات کسی طرح حاضر نہ ہوتے ہوں تو ایسے مریض کے لیے ایک مرتبہ مندرجہ بالا دعوۃ الاحراق تلاوت کریں اور ایک مرتبہ اسمائے سلیمانیہ تلاوت کریں جنات مریض کے بدن میں حاضر ہو کر جل جائیں گے۔اسمائے سلیمانیہ یہ ہیں۔"مُشْلَمُوْہُ۔ وَوَصِیْلِ۔ وَاَیَاہُ۔ لَامُوْنَافِیَۃِ۔ کَمُوْدَا۔ بَاوَہُ۔ اَجِبْ اَیُّھَا الْمَلَکُ الْاَعْظَمُ شَرْنَاطِیْلَ۔ بِحَقِّ ھٰذِہِ الْاَسْمَاءِ الَّتِیْ خَلَقَکَ اللّٰہُ مِنْ لَمْعَانِ نُوْرِھَا وَاَحْضُرْلِیْ (نام مریض وآسیب زدہ) اَلرُّوْح اَسْرَعُ مِنَ الْبَرْقِ وَکَلَمْحِ الْبَصَرِ۔

کشف کی صلاحیت حاصل کرنے کے لیے

جب کسی بھی امر کے لیے کشف کی ضرورت ہو تو مندرجہ ذیل اسمائے شریفہ کو ایک ہزار مرتبہ روزانہ بعد از نماز عشاء پڑھا جائے۔پہلے ہی ہفتہ میں ہلکی ہلکی آوازیں آنا شروع ہو جائیں گی مگر اُن کی سمجھ نہ آئے گی۔دوسرے ہفتے میں آوزیں معلوم ہوں گی اور صاف ہوں گی مگر کون سی زبان ہے یہ سمجھ نہ آئے گی۔تیسرے ہفتے دُور دراز کے مناظر نظر آنا شروع ہوں گے کچھ دیکھے ہوئے اور کچھ اَن دیکھے مناظر ہوں گے۔چوتھے ہفتے مناظر اور آوازوں کی سمجھ آنا شروع ہو جائے گی۔پانچویں ہفتے میں کشف کھل جائے گا۔ماضی اور مستقبل کے بارے میں آگاہی ہو گی۔یہ صلاحیت کرامت سے کم نہیں ہوا کرتی۔عمل سے قبل تزکیہ نفس ضروری ہے۔اس لیے کسی کامل

مرشد سے بیعت کر کے پہلے تزکیہ نفس کریں پھر اس عمل کی ریاضت کریں تو کلی کامیابی ہو گی۔

اسمائے شریفہ یہ ہیں۔"اَغْلَیُوْبِ۔ اَغْلَایُوْبِ۔ اَغْیَلِ۔ تَامِ۔ تَمُوْمِ۔ صَبِیْنَا۔ اَیُوْمِ۔ فَوْمِ۔ فَاقِمِ۔ بَھْشِ۔ یُوْفَاتِ۔ مَحْصِیَۃِ۔ یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَا کَاشِفُ اَکْشِفْنِیْ مِنَ الْاُسْرَارِ غَیْبِ۔

عمل کشف القلوب یعنی رُوحانی وائرلیس

بعد ہر نماز یَا ھَادِیُ یَا خَبِیْرُ یَا مَتِیْنُ یَا عَلَّامَ الْغُیُوْبِ۔ایک ہزار مرتبہ تلاوت کریں۔اور سجدہ میں اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ۔ تین بار تلاوت کریں۔اور پھر کہیں (اے اللہ آسمان و زمین کے خزانے مجھ پر کھول دے) انشاءاللہ صرف سات روز کے اندر زمین و آسمان کے حالات منکشف ہو جائیں گے۔وائرلیس کی طرح خبریں دِل پر اترا کریں گی۔اگر پورا ماہ رمضان عمل جاری رکھیں تو خوب ہے۔

کاغذ کو کرنسی نوٹ میں تبدیل کرنا

جب کاغذ کے روپے بنانے کا ارادہ ہو تو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے جمعۃ المبارک کا روزہ رکھیں اور افطار کسی غیر رُوحی چیز سے کریں۔دودھ گوشت اور ترک حیوانات سے مکمل پرہیز کرتے ہوئے۔نماز مغرب کے بعد چالیس کاغذ اُس کرنسی نوٹ کے برابر کاٹ کر ایک نوٹ اُن کے نیچے اور ایک نوٹ اُن کے اُوپر رکھ دے اور پر نیچے شیشے کا ٹکڑا رکھ کر اچھے طریقے سے باندھ دے اور اسے اپنی جائے نماز کے نیچے رکھیں اور پھر عمل کو پڑھنا شروع کریں اور بخور جاوی اور لوبان کا روشن کریں۔نماز فجر تک اپنے عمل کو جاری رکھیں۔پس نماز فجر ادا کرنے کے بعد اُسے اُٹھا کر دیکھے تمام کاغذ روپوں میں تبدیل ہو چکے ہوں گے۔اگر پہلی رات ایسا نہ ہوں تو دوبارہ ایسا ہی کریں سات یوم تک مسلسل اور روزانہ نماز فجر کے بعد دیکھیں۔ساتویں یوم مراد حاصل ہو جائے گی۔پڑھنے والا عمل یہ ہے۔"یَا اَعْمَادَائِیْلُ دَرْیَرَۃُ وَدَرَارِشِ۔ ھُمْ لَیُوَۃُ خَاخَادَمْلِیُوَۃُ۔ اَجِبْ یَا اَعْمَادَائِیْلُ وَیَا عَمْھَائِیْلُ وَبَدِّلْ ھٰذَا الْکَاغَذِ بِکَرَنْسِیْ عَلٰی سِکَّۃِ رَائِجِ الْوَقْتِ وَھٰذَا

مُلْکِہٖ ھٰذَا کَاغَذَۃِ قَدَّرُوْھَا تَقْدِیْراً۔

حاضرات وتسخیر بابا عبدالرحمن

نوچندی جمعرات سے اس عمل کا آغاز کریں۔اور بعد از نماز عشاء باوضو قبلہ رُخ ہو کر عمل کرنا ہوگا۔دوران عمل طہارت وپاکیزگی کا خیال رکھیں۔قبلہ سمت سامنے والی دیوار پر سفید چادر لگادیں۔اس کمرے میں گلاب کے پھول رکھیں۔روزانہ کی تعداد عمل 406 مرتبہ ہے اور اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھنا ہوگا۔دوران ریاضت دیوار پر لگی سفید چادر پر اپنی نظر اور توجہ رکھیں۔عمل کے ابتدائی دنوں میں عامل کو چادر پر پرچھائیاں اور سائے سے نظر آئیں گے۔اور پھر آہستہ آہستہ واضح ہو جائیں گے۔اور پھر بابا عبدالرحمٰن حاضر ہوں گے۔بعض اوقات عمدہ قسم کی خوشبو بھی آتی ہے جو کامیابی کی دلیل ہے۔اکیس یوم کا عمل ہے۔آخری دن اگر باباجی حاضر نہ ہو تو اقامت نماز والی بعد از عمل چند مرتبہ کہیں فوراً حاضری ہو جائے گی۔مداومت کے طور پر روزانہ اکیس مرتبہ عمل کو پڑھتے رہیں۔اور جب حاضری کرنا مطلوب ہو تو سفید چادر پر نظر مرتکز کر کے درود پاک کے ورد کے ساتھ عبارت عمل اکیس مرتبہ تلاوت کرنے سے حاضری ہوگی۔جو پوچھنا ہو پوچھ لیں اور شرعی حدود میں رہ کر آپ کے جائز کام بابا عبدالرحمٰن کریں گے۔جب بھی حاضری کریں۔چند گلاب کے پھول ساتھ رکھیں۔اور بعد ازاں شکریہ کے ساتھ باباجی کو رخصت کر دیں۔عبارت عمل یہ ہے۔

"یا اللہ یا رحیم یا رحمٰن۔مشکل میری سب کر دے آسان۔بحکم حضرت سلیمان۔حاضر ہو بابا عبدالرحمٰن۔"

ابا الکلب کی وقتی حاضری کا خاص طریقہ

یہ خادم خفیہ چیز کو ظاہر کرتا ہے۔جادو کی حاضری، کسی پر بخار مسلط کرنا، جگہ اور گھر خالی کرنا، وصل وفراق پیدا کرنا، خون جاری کرنا، کسی پر بیماری مسلط کرنا۔ایسے تمام کاموں میں عامل کی مدد کرتا ہے۔

اس عمل کا طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں منگل یا بدھ کے علاوہ کسی بھی دن شروع کر سکتے ہیں۔مدت عمل تین سے پانچ یوم ہے جب بھی حاضر ہو یا تیسرے دن پرچھائیں سے آئے تو بعد ازاں پڑھائی جو کام ہو اُسے کہہ دیں۔کہ

"جاؤ میرا یہ کام کردو تھوڑی سی تفصیل بھی بیان کردیں"

عمل پڑھتے وقت لوبان جلائیں ایک کتا حاضر ہوگا۔بعض اوقات کتے کی پرچھائیاں ہی نظر آتی ہیں۔اور بعض اوقات کتا سرخ آنکھیں نکالے گھورتا ہوا حاضر ہوتا ہے۔عارضی حاضری کے لیے تین سے پانچ یوم عمل پڑھنا ہوتا ہے اور روزانہ عمل کی عبارت ایک ہزار مرتبہ تلاوت کریں۔جب کبھی دوبارہ ضرورت ہو تو پھر حسب سابق اسی طرح ریاضت کریں۔جو کام کہیں گے فوری کردے گا۔عبارت عمل یہ ہے۔

شَرْیُوْدِ۔شَرْیُوْدِ۔بَنُوْخ۔بَنُوْخ۔عَاجُوْلِ۔عَاجُوْلِ۔طَمْیُوْلِ۔طَمْیُوْلِ۔اَقْبَلْ یَا اَبُوْ الْکَلْبَ وَاُحْضُرُوْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ بِحَقِّ اِنْ کَانَتْ اِلَّا صَیْحَۃً وَّاحِدَۃً فَاِذَا ھُمْ جَمِیْعٌ لَّدَیْنَا مُحْضَرُوْنَ۔

اگر آپ مستقل تسخیر کرنا چاہیں تو اس کے لیے ہماری دوسری تصنیف "مصباح الارواح" کا مطالعہ فرمائیں جو تسخیر ارواح کے لیے ایک جامع کتاب ہے جس میں کافی سارے اعمال تسخیر ارواح کے تفصیل سے درج کئے گئے ہیں۔اور ان اعمال سے متعلقہ تمام تر معلومات بھی ساتھ درج کردی گئی ہیں۔

حاضری گربہ سیاہ

مندرجہ ذیل اسم کو ایک ہزار مرتبہ روزانہ ایک ہفتہ تک تلاوت کریں۔اور پڑھتے وقت لوبان کزبرہ اور کف مریم کا بخور روشن کریں۔ہفتہ کی رات سے شروع کریں۔آئندہ ہفتہ کی رات آپ کے سامنے گربہ سیاہ ظاہر ہوگی جو انسانی زبان میں گفتگو کرے گی۔پس استعمال کریں آپ اُسے یہ صرف شر کے کاموں کو فوراً سرانجام دے گی۔روزانہ پڑھنے والا اسم یہ ہے۔

"سلسلعکمش۔لاش۔"

حاضری گربہ سیاہ کا دوسرا طریقہ

مندرجہ ذیل اسم کو ایک ہزار مرتبہ روزانہ ایک ہفتہ تک تلاوت کریں۔اور پڑھتے وقت لوبان کز برہ اور کف مریم کا بخور روشن کریں۔ہفتہ کی رات سے شروع کریں۔آئندہ ہفتہ کی رات آپ کے سامنے گربہ سیاہ ظاہر ہوگی جو انسانی زبان میں گفتگو کرے گی۔پس استعمال کریں آپ اُسے یہ صرف شر کے کاموں کو فوراً سرانجام دے گی۔کیونکہ فساد کے علاوہ اسے کوئی کام نہیں ہے۔

روزانہ پڑھنے والے اسماء یہ ہیں۔ "ھیطل۔سیطوس۔طیطوس۔"

حاضری مرد سیاہ فام

روزانہ ایک ہزار مرتبہ مندرجہ ذیل اسماء کی تلاوت کریں۔آٹھ راتوں تک مسلسل مگر آٹھویں رات کو دو ہزار مرتبہ تلاوت کریں۔آٹھویں رات کسی بھی وقت ایک سیاہ فام آدمی چیخ مارے گا اور آپ کے سامنے حاضر ہو جائے گا۔آپ تو ہرگز ڈر خوف نہ کھائیں۔بلکہ کہیں کہ آپ کے ہاتھ میں جو انگوٹھی ہے۔وہ مجھے دے دیں۔پس وہ کچھ شرائط پر آپ کو انگوٹھی دیدے گا۔وہ انگوٹھی خالص سونے کی منقش ہوگی۔جب اُس مرد سیاہ فام کو حاضر کرنا چاہیں تو اُس انگوٹھی کو آگ کے قریب کریں۔اور اسماء کی تلاوت کریں۔پس مرد سیاہ فام چیخ مار کر حاضر ہوگا۔اور خیر و شر کے کاموں میں مدد کرے گا۔اسماء جو روزانہ آٹھ راتوں تک پڑھنے ہیں وہ یہ ہیں۔

"کرنموشلخ۔حلنموشلخ۔"

حاضری ابوک بشکل مرد سیاہ

کسی خلوت کی جگہ روزانہ رات کو چار ہزار مرتبہ مندرجہ ذیل عزیمت کو تلاوت کریں۔اور پڑھتے وقت پیاز کے چھلکوں کا بخور روشن کریں۔اور سات راتوں تک مسلسل تلاوت کریں۔تیسری رات یا پانچویں یا پھر ساتویں رات آپ کے سامنے دھواں سا اُٹھے گا۔اور اس دھوئیں سے پست قد کا ایک سیاہ رنگ کا آدمی ظاہر ہوگا۔جس کے سر پر ایک تاج نما ٹوپی ہوگی۔وہ حاضر ہو کر

آپ سے پوچھے گا تم کیا چاہتے ہو۔پس آپ ہاتھ لمبا کر کے اُس کے سر سے وہ ٹوپی اُچک لیں۔اور کہیں کہ میں یہی چاہتا تھا۔وہ ٹوپی کی واپسی کا مطالبہ کرے گا۔مگر آپ اُسے اُس وقت تک ٹوپی واپس نہ کریں جب تک کہ وہ آپ کو متبادل کوئی ایسی چیز نہ دیدے جس سے آپ اُسے حاضر کریں گے۔پس وہ کوئی ایسی نشانی دے گا اور اپنی حاضری کا طریقہ بھی بتائے گا۔پس جب ضرورت ہو اُسے حاضر کریں۔شر اور فساد لڑائی جھگڑے نفرت عداوت کے کاموں میں معاونت کرے گا۔مگر اللہ سے ڈرتے ہیں۔پڑھنے والی عزیمت یہ ہے۔

"یَا صَرْصَارُ یَا عَامِرُ ھٰذَا الدَّارِ حَلَفْتُکَ بِالْبَغْلَةِ وَحَافِرِ الْحِمَارِ وَحَیَاةِ اَبُوْکَ اِبْلِیْسَ اللَّعِیْنِ النَّبَّارِ اِلَّا مَا کَشَفْتَ تَحْضُرُ وَحَضْرَتِیْ وَتَقْضِیْ حَاجَتِیْ وَاِلَّا تُحْرَقُ فِی النَّارِ وَتُحْشَرُ مَعَ الْاَبْرَارِ فِیْ جَنَّةِ رِضْوَانِ۔"

جنات کے بادشاہ کی تسخیر کا ایک نایاب عمل

جنات کے بادشاہ کی تسخیر کا یہ عمل شروع کرنے سے پہلے ترک جمالی وجلالی کے ساتھ سات یوم روزے رکھیں۔اور پھر ترک حیوانات جلالی و جمالی پرہیز کے ساتھ اس عمل کی ریاضت شروع کریں۔ایک خلوت کے مکان میں جو صاف و پاکیزہ ہو۔ایک مربع کھینچ کر کھلا سا حصار بنائیں۔مربع کے چاروں کونوں پر چار فولادی میخیں گاڑ دیں۔اور بخور جلائیں۔پھر روزانہ نماز عشاء کے بعد عزیمت کو تین ہزار اکسٹھ (3061) بار پڑھیں۔اور سوائے رفع حاجت کے حصار سے باہر نہ نکلیں۔اگر چوبیس گھنٹوں میں ایک یا دو بار حصار سے باہر نکلیں تو زیادہ بہتر ہے۔اور عبارت عمل پڑھنے کے بعد روزانہ اکسٹھ (61) مرتبہ سورہ جن کی تلاوت کریں۔اور ہر روز دو رکعت نفل ادا کریں۔اکیس یوم تک مسلسل ریاضت کو جاری رکھیں۔

جب ریاضت کرتے ہوئے سات یوم گزر جائیں گے تو آٹھویں روز ایک اژدھا ظاہر ہوگا۔اور عامل کو سخت خوف ناک صورت سے ڈرائے گا۔لیکن خوف نہ کھائیں۔اور عامل کی طبیعت میں خوف آنا عامل کے حق میں موت کے مترادف ہے۔اگر ذرہ بھر بھی خوف پیدا ہوا تو

بس خاتمہ ہے۔ اس لیے لازم ہے کہ ہرگز ہرگز خوف نہ کھائیں۔ اور دل کو مضبوط رکھیں۔ اور زیادہ توجہ سے عبارت عمل کو پڑھتے رہیں۔ بعدازاں روزانہ اسی قسم کے خوف ناک نظارے نگاہوں کے سامنے آتے رہیں گے۔ کبھی ہاتھی کبھی شیر اور کبھی خوف ناک دیو اور جنات کے جھنڈ کے جھنڈ خوف ناک صورتیں لیے ہوئے سامنے آئیں گے۔ اور ایسے محسوس ہوگا جیسے کہ مکان کی چھت ابھی گر پڑے گی۔ مگر آپ بالکل خوف نہ کھائیں۔ کیونکہ ایسا حقیقت میں کچھ بھی نہ ہوگا۔ بعض اوقات شیر منہ پھاڑ کر حصار کے قریب بھی آجاتے ہیں۔ اژدھے منہ پھیلاتے اور منہ سے آگ پھینکتے ہیں مگر یہ سب ڈرانے کی باتیں ہیں۔ ان کی طرف توجہ نہ کریں۔ جب مسلسل ریاضت کرتے ہوئے اکیسواں روز آئے گا تو نمونہ حشر برپا ہوگا۔ اور تخت جواہر نگار اور یاقوت پر جنات سوار ہوں گے اور ایک ہزار جنات برہنہ تلواریں ہاتھوں میں لیے دکھائی دیں گے۔ مگر عامل کے لیے ضروری ہے کہ عبارت عمل کو اور توجہ سے پڑھے اور ان مناظر میں نہ کھو جائے۔ اگر عبارت عمل کی تعداد مکمل ہو جائے تو سورہ جن کی تلاوت کرتا رہے۔ پھر جب تمام لشکر جنات آکر کھڑا ہو جائے گا تو ہر ایک سردار اپنی اپنی جگہ کھڑا ہو جائے گا۔ سب سے آخر میں جنات کا بادشاہ اپنے یاقوتی تخت پر سوار ہو کر آئے گا۔ اور اُس کے تخت کو چار قوی ہیکل دیو اُٹھائے ہوئے ہوں گے۔ پھر تمام جنات بادشاہ کو سلامی دیں گے۔ پھر بادشاہ جنات عامل کو مخاطب ہو کر سوال کرے گا۔ اے شخص تو کیا چاہتا ہے؟ اس وقت عامل کہے کہ میں آپ کو اپنے قبضہ تصرف میں کرنا چاہتا ہوں۔ اور جو کام میں بتاؤں وہ تجھے ضرور کرنا ہوں گے۔ شاہ جنات کچھ شرائط پر اطاعت قبول کرے گا۔ اور نشانی بھی دے گا۔ اور عہد کرے گا کہ میں تمہاری خدمت میں حاضر رہوں۔ جب بھی ضرورت ہو مجھے فوراً طلب کریں۔ پھر جب ضرورت ہو شاہ جنات کو حاضر کریں اور اپنے کاموں میں معاونت حاصل کریں۔ روزانہ پڑھنے والی عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ وَعَلٰى اَبْنَائِكُمْ وَاِخْوَانِكُمْ بِحَقِّ ظَهِرٍ وَنَافِتٍ عَهْد طُوْرِيْثَا۔ عَلُوْثَاثٍ۔ عَلُشَهُدُوْشٍ۔ طُوْطِيَاتٍ۔ هَلُطُوْثٍ۔ طُوْلِشٍ۔

فَضُفَرُثٍ۔ وَعَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يَاعَبْدَ الْقَاهِرِ الْجِنِّى وَيَاعَبْدَ الرَّحْمٰنِ الْجِنِّى بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ وَبِعِزَّةِ وَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَقِّ طَاعَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ الْكَرِيْمِ وَبِحُرْمَةِ هٰذِهِ الْعَزِيْمَتِ اَجِيْبُوْنِى وَاَطِيْعُوْنِى يَا مَالِكَ الْاَرْوَاحِ الزَّهَادُ وَالْجِنِّ يَااِلٰهَ الْعَالَمِيْنَ وَيَااَنْتَ خَيْرُ النَّاصِرِيْنَ۔

☆☆☆☆☆

باب نمبر 12

باب الطلسمات عجیبہ

اس باب میں

ابن عربی

اور

ابن سیناء

کے طلسمات درج کئے گئے ہیں۔

تیس طلسمات منسوبہ ابن العربی و ابن سیناؒ

ابن عربی اور ابن سینا نے اپنے رسائل میں ان تیس طلسمات کا تذکرہ فرمایا ہے۔ یہاں پر ہم ان طلسمات کو تفصیلاً تحریر کرتے ہیں۔ تاکہ قارئین ان سے عظیم فوائد حاصل کر سکیں۔

1۔ اس طلسم کو بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر زعفران سے لکھیں۔ جاوی اور لوبان کا بخور روشن کریں۔ نیز گیارہ مرتبہ دعوت کی تلاوت کریں۔ پھر اس ہتھیلی سے جس کو بھی آپ چھوئیں گے وہی آپ کی اتباع کرے گا۔ یقیناً فرطِ محبت سے دیوانہ ہو جائے گا۔ طلسم یہ ہے۔

IIII ۹ ط ط ۳ ۳ ۷ ۹ IIII
۹ ۱ ۱ ۱ ۱ ۱ ۱ ۹ ۱ ۸ ۸ ٤ ۷ ۹
۹ ۱ IIII IIII۹ ۱ ۱ ۱ ۹ IIII IIII ۹II۹

2۔ زعفران اور گلاب سے کاسہ پر لکھیں پھر اس میں پانی ڈال دیں۔ پھر اس پانی پر گیارہ مرتبہ عزیمت تلاوت کریں۔ پھر اس پانی سے اپنا چہرہ اور ہاتھ دھوئیں۔ پھر آپ جس سے بھی مخاطب ہوں گے یا جس سے سلام لیں گے۔ وہی آپ کا مطیع ہو جائے گا۔ حتیٰ کہ فرطِ محبت سے پاگل ہو جائے گا۔ اور ایک ساعت کی بھی جدائی برداشت نہ کرے گا۔ یا اسی طرح لکھ کر پلائیں تو بھی مطلوب مجنون بن جائے گا۔ طلسم یہ ہے۔

۱۱۱۱ مہ مہ ۱۱ مہ مہ ۵ م

3۔ اس طلسم کا تعلق عجائباتِ روحانیات سے ہے۔ اسے کاسہ پر تحریر کریں پھر اسے پانی سے دھو دیں اور قسم کو گیارہ مرتبہ تلاوت کریں اور اس پانی سے اپنا چہرہ اور ہاتھ دھوئیں جس کے پاس بھی جائیں گے۔ اور جس مقصد کے لیے بھی جائیں گے۔ وہ فوراً پورا کرے گا۔ طلسم یہ ہے۔

۱۱۳۔۱۱۳۔۱۱۳۔۱۱٤۔۱۳۔۱۱۱۱۳۔٦۱۱۔۱۱۱۔
۱٦۔۱٦۱۱۔۱٦۱۱۔۱۱۱۳۔۱۱۳٥۔۱۱۳٥۔۱۱۳۔

4۔ اس طلسم کا تعلق بھی عجائبات سے ہے اسے شمع اسکندرانی پر تحریر کر کے روشن کریں

اور عمل کا بخور جلائیں۔ نیز گیارہ مرتبہ عزیمت تلاوت کریں ابھی تعداد پوری نہ ہوگی کہ مطلوب حیران ہو کر حاضر ہو جائے گا۔ طلسم یہ ہے۔

١٣زرءٌ ٤١١١ ف_٥٩_٥٤٩٣_١٩:///
اسم ءٌ ہ ب احضرو ازاتم حصرة ءٌ اااا
١٤٠ اهة اااا٧٦ وررا١٣ك ل مافيتة ع الدف اع ر١٠٩
وتكلوا ياخدام هذاالطلسم وهيجوا كذا بمحبة كذا

5۔ اس طلسم کو کاغذ پر تحریر کر کے اس میں لوبان رکھ کر شب جمعہ کو جلائیں۔ اور اس پر اکیس مرتبہ عزیمت تلاوت کریں۔ مطلوب دیوانہ وار حاضر ہوگا۔ طلسم یہ ہے۔

هه مممم هههه ل ل م م ٧٧م م
وتكلوا ياخدام هذاالطلسم وهيجوا كذا بمحبة كذا

6۔ اس طلسم کو سات عدد کاغذوں پر تحریر کریں۔ ان میں تھوڑا تھوڑا لوبان رکھ کر ایک ایک کر کے جلائیں۔ اور ہر کاغذ پر تین تین مرتبہ عزیمت تلاوت کریں مطلوب محبت میں بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔ طلسم یہ ہے۔

م م مه مه ٤_٧٣_٥٥٥٥٥١و و

7۔ اپنی ہتھیلی پر اس طلسم کو لکھیں۔ ہتھیلی کے نیچے بخور جلائیں اور گیارہ مرتبہ عزیمت تلاوت کریں۔ پھر اس ہتھیلی سے جس کو بھی چھوئیں گے۔ وہی آپ کی اتباع کرے گا۔ طلسم یہ ہے۔

بكلكوا ااا //// طر اها اه اهاه اه اا
وتكلوا ياخدام هذاالطلسم وهيجوا كذا بمحبة كذا

8۔ نیک ساعت میں جس دن چاہیں یہ طلسم کاغذ پر لکھیں پھر درخت انار پر معلق کر دیں۔ اور اکیس مرتبہ عزیمت تلاوت کریں۔ پھر اس طلسم کو پاس رکھیں اور جس کے بھی مخاطب

ہوں گے وہ آپ سے محبت سے پیش آئے گا۔ اور ہر حاجت پوری کرے گا۔ طلسم یہ ہے۔

٥١١٩ اااا١١١٨ ٤٤ ١١١٥ ١٤الا واها
٤٥اا اااا١٦ ١وو ٥اا ٩ ح٢ م م٤ ١٤١الح
وتكلوا ياخدام هذاالطلسم وهيجوا كذا بمحبة كذا

